Provincial Assembly of West Pakistan Debates

8th May, 1968

9th Safar-ul-Muzaffar, 1388 A.H.

Vol. VII—No. 6

OFFICIAL REPORT

CONTENTS

Wednesday, the 8th May, 1968.

	Page
Recitation from the Holy Qur'an	1365
Starred Questions and Answers	1366
Answers to Starred Questions laid on the Table	1415
Unstarred Questions and Answers	1451
Questions of Privilege—	
re : incorrect statement by the Minister for Health about the supply of food to the Arab students of K.E. Medical College, Lahore	1453
re : remarks of the Minister for Information about Haji Sardar Atta Muhammad being a 'ghair' as well as 'ghair-zuroori'	1455
Presentation of the Report of the Special Committee on the Question of Privilege raised by Mr. Hamza about the statement of Mr. G. Yazdani Malik, C. S. P. ...	1465

SEVENTH SESSION OF THE SECOND PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN

Wednesday, the 8th May, 1968.

The Assembly met at the Assembly Chamber, Lahore at 8-00 a.m. of the clock. Mr. Speaker, Chaudhri Muhammad Anwar in the Chair.

Recitation from the Holy Qur'an by Qari Ali Hussain Siddiqi (Qari of the Assembly) and its translation.

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُلْهِكُمْ اَمْوَالُكُمْ وَلَآ اَوْلَادُكُمْ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ۝ وَاَنْفِقُوْا مِنْ مَّا رَزَقْنٰكُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَ اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ فَيَقُوْلَ رَبِّ لَوْلَآ اَخَّرْتَنِيْٓ اِلٰٓى اَجَلٍ قَرِيْبٍ فَاَصَّدَّقَ وَاَكُنْ مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ ۝ وَلَنْ يُّؤَخِّرَ اللّٰهُ نَفْسًا اِذَا جَآءَ اَجَلُهَا ۭ وَاللّٰهُ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ۝

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يُسَبِّحُ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۚ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ ۚ وَهُوَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝ هُوَ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ فَمِنْكُمْ كَافِرٌ وَّمِنْكُمْ مُّؤْمِنٌ ۭ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ۝

(پ ۲۸۔ ص ۶۳ و ۶۴۔ رکوع ۱۴ و ۱۵۔ آیات ۹ تا ۱۱ و ۱ تا ۲)

اے ایمان والو تمہارا مال اور اولاد تم کو اللہ کی یاد سے غافل نہ کر دے اور جو ایسا کریگا تو وہ لوگ خسارہ اٹھانے والے ہیں۔ اور جو کچھ ہم نے تم کو عطا کیا ہے اس میں سے اس وقت سے پیشتر خرچ کر لو کہ تم میں سے کسی کے پاس نوشتہ اجل آجائے تو اس وقت کہنے لگے کہ اے میرے پروردگار تو نے مجھے تھوڑی سی مہلت اور کیوں نہ دی تاکہ میں خیرات کر لیتا اور نیک لوگوں میں شامل ہو جاتا اور جب کسی کے پاس پروانۂ اجل آجاتا ہے۔ تو اللہ اس کو ہرگز مہلت نہیں دیتا اور جو بھی تم کرتے ہو اللہ اس سے خبردار ہے۔ جو چیز آسمانوں میں ہے اور جو زمین میں ہے ہر ایک اللہ کی تسبیح کرتی ہے اس کی بھی بادشاہت ہے اور اسی کی تعریف سزاوار ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے ۝ وہی تو ہے جس نے تم کو پیدا کیا پھر کوئی تم میں کافر ہے اور کوئی مومن۔ اور اللہ تو جو کچھ تم کرتے ہو اس کو دیکھ رہا ہے۔ وصلی اللہ علیہ الا البلاغ

STARRED QUESTIONS AND ANSWERS

Mr. Speaker : Now the Question Hour. Mr. Zain Noorani.

DISTRICT HOSPITAL, THATTA

***10015. Mr. Zain Noorani** : Will the Minister for Health be pleased to state :—

(a) what is the total number of beds in the District Hospital, Thatta ;

(b) what is the total amount sanctioned during 1967-68 for supplying food to the patients admitted to the said Hospital ?

Parliamentary Secretary (Mr. Abdul Qayyum) : (a) 100 (70 male and 30 female).

(b) Total budget under contingencies is Rs. 52,080 out of this Rs. 8,000 is meant for diet to patients.

قاضی محمد اعظم عباسی - کیا جناب پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب بتائیں گے کہ جو رقم انہوں نے خوراک کے لئے رکھی ہے اس حساب سے ایک بیڈ پر آٹھ روپے بیٹھتے ہیں - وہ فرمائیں کہ آٹھ روپے ماہانہ میں وہ کیا غذا دے سکتے ہیں ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری - غذا جو ہے وہ صرف مستحق مریضوں کو دی جاتی ہے ہر ایک مریض کو نہیں دی جاتی -

قاضی محمد اعظم عباسی - مگر آٹھ روپے سے کیا غذا خریدی جا سکتی ہے -

پارلیمنٹری سیکرٹری - اگر زیادہ کی ضرورت ہو تو کنٹنجنسی میں سے لئے جا سکتے ہیں - جو مستحق بیمار ہوتے ہیں ہم صرف ان کو خوراک دیتے ہیں -

خان اجون خان جدون - کیا آٹھ روپے فی بستر خرچ سارے سرکاری ہسپتالوں میں ہے یا صرف اسی ہسپتال میں ایسا ہے -

پارلیمنٹری سیکرٹری - یہ سوال صرف ٹھٹھہ کے ہسپتال کے متعلق تھا - اگر وہ باقی ہسپتالوں کے متعلق معلوم کرنا چاہتے ہیں تو نئے سوال کا نوٹس دے دیں -

ڈاکٹر مسز اشرف عباسی - کیا وہ اس پر غور فرمائیں گے کہ کنٹنجنسی میں سے آٹھ ہزار سے زیادہ رقم غذا کے لئے رکھی جائے -

پارلیمنٹری سیکرٹری - جیسا کہ جواب میں عرض کر دیا گیا ہے - ۵۲ ہزار ساری کنٹنجنسی کی رقم ہے - جس میں سے میڈیسن - بیڈنگ - کلودنگ اور خوراک وغیرہ پر خرچ کیا جاتا ہے - اس وقت اس میں سے صرف آٹھ ہزار خوراک کے لئے مختص کئے جا سکتے تھے - اگر بجٹ میں زیادہ رقم کنٹنجنسی کے لئے مختص کر دی گئی تو خوراک کے لئے رقم بڑھانے پر غور کریں گے -

قاضی محمد اعظم عباسی - کیا وہ خود محسوس نہیں کرتے کہ یہ رقم ناکافی ہے -

پارلیمنٹری سیکرٹری - ہمیں ضرور یہ احساس ہے - مگر ساتھ ہی یہ بھی احساس ہے کہ حکومت کے پاس زیادہ رقم نہیں ہے -

---

INSTALLATION OF X-RAY MACHINE IN DISTRICT HOSPITAL, THATTA

***10016. Mr. Zain Noorani :** Will the Minister for Health please refer to the answer to my supplementary question to question No. 7969 given on the floor of the House on 26th October, 1967 and state :—

(a) whether the X-Ray machine has been sent to Thatta from somewhere else as promised by the Minister ; if so, the date on which it started working at Thatta ;

(b) whether an order for the supply of spare parts required for the repair of the original X-Ray plant of the District Hospital, Thatta has been placed ; if so, by when the said spare parts are expected to be received ?

Parliamentary Secretary (Mr. Abdul Qayyum) : (a) Yes. An X-Ray machine has been shifted to and installed at District Headquarters Hospital, Thatta. It started functioning there since 20th November, 1967.

(b) The Director of Industries and Commerce (S.W.) Lahore has placed contract with the firm on 20th April, 1968 for the supply of spare parts of X-Ray Unit at Civil Hospital, Thatta. The date of despatch as assured by the contracting firm is 31st August 1968 and the goods have to be air lifted and as such will be in hand in the 1st week of September.

CHILDREN STAYING IN WELFARE HOMES AND INSTITUTIONS

*10026. **Chaudhri Muhammad Idrees** : Will the Minister for Social Welfare be pleased to state :—

(a) the number of children below seventeen years of age, male and female separately, staying in Welfare Homes and Institutions run by the Social Welfare Department in the Province ;

(b) the expenditure incurred on each of the said Welfare Homes and Institutions during the year 1966-67 ?

Parliamentary Secretary (Mr. Abdul Qayyum) : (a) The number of children varied from time to time.

The number of children in these Institutions on 30th April, 1968 was as under :—

	Male	*Female*	*Total*
(i) Mothers and Children's Home, Sialkot.	10	17	27
(ii) Home for Destitute and Under-Privileged Women, Rawalpindi.	4	13	17
(iii) Home for Destitute and Under-Privileged Women, Karachi.	5	8	13
(iv) Beggars Welfare Home, Lahore.	2	—	2

	Rs.
(b) (i) Mothers and Children's Home, Sialkot	30,449·55
(ii) Home for Destitute and Under-Privileged Women, Rawalpindi.	50,365·83
(iii) Home for Destitute and Under-Privileged Women, Karachi.	52,359·00
(iv) Beggars Welfare Home, Lahore	85,038·04

بیگم اشرف برنی - کیا جناب پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب یہ فرمائیں گے کہ لاہور کے محتاج خانے میں صرف دو بچے ہیں اور صرفہ پچاسی ہزار اڑتیس روپے ہے - اس کی کیا وجہ ہے - گویا یہاں سات ہزار روپیہ ماہانہ صرف ہو رہا ہے - یہ کس پر ہوتا ہے ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری - بچوں کے علاوہ وہاں پر اور بھی بھکاری اور محتاج ہیں مگر چونکہ اس سوال میں بچوں کے متعلق پوچھا گیا تھا اس لئے صرف بچوں کی تعداد بتائی گئی ہے - ورنہ محتاج خانے میں اور بھی محتاج موجود ہیں -

بیگم اشرف برنی - کیا آپ ان کی تعداد بتا سکیں گے -

پارلیمنٹری سیکرٹری - شروع میں ان کی تعداد ٦٧ تھی اب کچھ چلے گئے ہیں باقی ٣٦ رہ گئے ہیں -

بیگم اشرف برنی - کیا میں یہ پوچھ سکتی ہوں کہ ٣٦ فقیروں پر سات ہزار روپے ماہانہ کا صرفہ زیادہ نہیں ہے - اتنا خرچ تو ایک متوسط خاندان بھی برداشت نہیں کر سکتا -

پارلیمنٹری سیکرٹری - شروع میں وہاں تعداد ٦٧ تھی کبھی زیادہ ہو جاتی ہے کبھی کم ہو جاتی ہے -

چودھری محمد نواز - کیا وہ فرمائیں گے کہ اگر وہ تعداد ٦٧ کی بجائے اوسطاً ٧٠ لگائی جائے پھر بھی یہ جو ٧ ہزار کا خرچ ہے اس کے لئے کوئی جواز ہے ؟

وزیر صحت (بیگم زاہدہ خلیق الزمان) - اصل میں کبھی ان کی تعداد ١٠٠ ہو جاتی ہے کبھی ٦٠ رہ جاتی ہے کبھی پورے خاندان آ جاتے ہیں کبھی سب بھاگ جاتے ہیں اور ان کو پھر سے لانے میں مختلف دقتیں پیش آتی ہیں - مقررہ تعداد نہیں رہ سکتی - کسی دن ١٠٠ فقیر ہوتے ہیں دوسرے دن دو چار بھاگ جاتے ہیں اس لئے اگر ہم یہ کہیں کہ تعداد مقررہ ہو وہ تو نہیں ہو سکتی - اگر وہ اس سلسلہ میں اور معلومات چاہتے ہیں تو مجھ سے معلوم کر سکتے ہیں یا ڈائرکٹر جنرل صاحب سے دریافت کر سکتے ہیں -

ڈاکٹر مسز اشرف عباسی - یہ کہاں کا انصاف ہے کہ مریضوں پر تو آٹھ ہزار روپے ماہوار خرچ ہے اور فقیروں پر ٦ ہزار روپے ماہوار -

پارلیمنٹری سیکرٹری - یہ سوال محتاج خانوں کے متعلق کیا گیا تھا اس میں ان کے ابتدائی اخراجات بھی شامل ہیں -

چودھری محمد نواز - سوال تو یہ تھا کہ وہاں بچوں پر کیا خرچ ہوتا ہے یا محتاجوں پر کیا خرچ ہوتا ہے - مگر آپ نے اس میں دوسرے اخراجات یعنی کیپیٹل اخراجات وہ بھی شامل کر دئیے ہیں -

وزیر صحت - محتاج خانوں میں ہم ان کا علاج کرتے ہیں - اس کے علاوہ وہاں جو عورتیں ہیں انہیں کام سکھانے کے لئے انتظام کیا گیا ہے تاکہ وہ بھیک نہ مانگیں - اس قسم کی چھوٹی موٹی چیزیں بنا کر فروخت کر سکیں اور ان کی یہ عادت چھوٹ جائے - انہیں وہاں مولوی صاحبان لیکچر دیتے ہیں تاکہ ان میں عزت نفس بڑھے - آپ جانتے ہیں کہ بھیک مانگنے کی عادت چھوڑانا بہت مشکل ہے - ان سہولتوں کے باوجود وہ بھاگ جاتی ہیں -

چودھری محمد نواز - کیا وزیر موصوف ایوان کو یقین دلائیں گی کہ جو باتیں ان کے نوٹس میں لائی گئی ہیں وہ ان کے متعلق تحقیقات کریں گی کہ اتنا روپیہ کہاں خرچ ہوتا ہے - ایک ماہ میں سات ہزار - کیا وہ خود چھان بین کرنے کی زحمت گوارا کریں گی ؟

وزیر صحت - ویسے تو میں اکثر وہاں جاتی ہوں - متعدد وقت جاتی رہتی ہوں - اگر آپ فرماتے ہیں تو مزید تحقیقات بھی کر لونگی -

بیگم اشرف برنی - باقی اداروں کے اخراجات بھی زیادہ ہیں میں وزیر موصوف سے گزارش کرونگی کہ وہ ان تمام کے متعلق چھان بین کریں کیونکہ جتنی تعداد وہاں بچوں کی دکھائی گئی ہے - اس حساب سے اخراجات بہت زیادہ ہیں ؟

GOVERNMENT SERVANTS IN MENTAL HOSPITALS

*I0027. **Chaudhri Muhammad Idrees** : Will the Minister for Health be pleased to state the number of Government Servants admitted in the Mental Hospitals in the Province during the year 1966-67 ?

Parliamentary Secretary (Mr. Abdul Qayyum) : The required information according to the calandar year is as follows :—

(1) Mental Hospital, Peshawar	...	14
(2) Mental Hospital, Dhodial	...	12
(3) Mental Hospital, Hyderabad	...	13
(4) Mental Hospital, Lahore	...	102
Total	...	141

بیگم اشرف برنی - کیا میں پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب سے پوچھ سکتی ہوں کہ لاہور کی سر زمین میں کیا اثر ہے کہ یہاں ۱۰۲ Govt. Servants ہر سال پاگل ہو جاتے ہیں - اگر یہی حال رہا تو آئیندہ پانچ سال میں یہاں کے سارے Govt. Servants پاگل ہو جائیں گے -

مسٹر سپیکر - یہ ہر سال کے لئے نہیں ہے یہ صرف ۶۷—۱۹۶۶ء کے لئے ہے -

وزیر صحت (بیگم زاہدہ خلیق الزمان) - ان کی تعداد ایک سال کے اندر ضرور بڑھی ہے چونکہ یہ شہر صوبے کا ہیڈ کوارٹر ہے یہاں دفاتر زیادہ ہیں اس لئے یہاں افسران کی تعداد بھی زیادہ ہے - کبھی ان کی تعداد زیادہ ہو جاتی ہے کبھی کم ہو جاتی ہے - ظاہر ہے کہ دماغ مختلف وجوہات سے خراب ہوتے ہیں -

قاضی محمد اعظم عباسی - کیا وزیر صاحب بتائیں گی کہ راولپنڈی میں کوئی افسر پاگل نہیں ہوا ؟

مسٹر سپیکر - ظاہر ہے -

ایک ممبر - کیا کراچی میں کوئی افسر پاگل نہیں ہوا ؟

وزیر صحت - کراچی کے پاگل اب یہاں آ گئے ہیں -

بیگم اشرف برنی - جناب والا - کیا میں پوچھ سکتی ہوں کہ آیا یہ تشویش ناک صورت حال نہیں ہے - اس چیز کا تدارک کیا جائے ورنہ یہاں افسران کا رہنا اور جینا محال ہو جائے گا ؟

وزیر صحت - جیسا کہ سپیکر صاحب نے بھی فرمایا ہے کہ ایک سال کے اندر تعداد زیادہ ہو گئی ہے -

چودھری محمد نواز - حضور والا - وزیر موصوف نے جو فرمایا ہے وہ میں سن نہیں سکا - کیا وہ کراچی کے متعلق تھا یا راولپنڈی کے متعلق تھا - وہاں کے پاگل یہاں آ گئے ہیں یا راولپنڈی کے وہاں چلے گئے ہیں -

Mr. Speaker : Next supplementary if any.

خان اجون خان جدون - جناب والا - افسران سے متعلق زیادہ بحث شروع ہو گئی ہے - کیا بیگم صاحبہ بتائیں گی کہ ان مریضوں میں افسر کتنے ہیں ؟

مسٹر سپیکر - یہ سوال ہی افسران سے متعلق ہے -

ملک محمد اسلم خان - کیا وزیر صحت بتائیں گی کہ ۱۴۱ میزان کم ہے زیادہ ہونا چاہئے ؟

Mr. Speaker : Disallowed.

مسٹر حمزہ - جناب والا - یہ سوال سرکاری ملازمین کے بارے میں ہے افسران کے بارے میں نہیں - کیا آپ مجھے بتا سکتی ہیں کہ ان میں سے کتنے گزیٹڈ افسران ہیں اور کتنے درجہ سوئم اور درجہ چہارم کے ملازمین ہیں ؟

وزیر صحت - اگر آپ اس کے لئے نیا سوال دے دیں تو اسکے متعلق جواب دینے کی کوشش کروں گی -

مسٹر حمزہ - جناب والا - میں نے یہ ضمنی سوال محض اس لئے کیا ہے تاکہ یہ عرض کر سکوں کہ دماغی امراض کی تکلیف محض پریشانی کی بنا پر ہوتی ہے - مالی بد حالی کی وجہ سے ہوتی ہے اور یہ چیز ماتحت عملہ میں خاص طور پر درجہ سوئم اور درجہ چہارم کے ملازمین میں زیادہ ہے - آپ کا یہ خیال کہ اس تکلیف میں تمام کے تمام افسران مبتلا ہیں غلط ہے ؟

وزیر صحت - ممکن ہے جیسا کہ آپ فرماتے ہیں ٹھیک ہو لیکن جیسا کہ میں نے عرض کیا ہے کہ اگر آپ اس کے متعلق دوسرا سوال دے دیں تو میں اسکے متعلق صحیح جواب دے دوں گی -

---

CLASH BETWEEN DOCTORS IN CIVIL HOSPITAL, KARACHI

***10031. Chaudhri Muhammad Idrees :** Will the Minister for Health be pleased to state :—

(a) whether it is a fact that a clash between the Doctors in Civil Hospital, Karachi took place in the first week of October last year as a result of which several of them were injured ;

(b) if answer to (a) above be in the affirmative, (i) the nature of the said scuffle, (ii) the reasons and background thereof, (iii) the names of the doctors who received injuries alongwith the nature of injuries sustained by them and (iv) the steps taken by Government in the matter ?

Parliamentary Secretary (Mr. Abdul Qayyum) : (a) Yes there was a minor scuffle between two junior doctors of Civil Hospital on one side and one outside doctor and a final year medical student on the other side, after normal working hours, in the hospital cafeteria, and not in any Ward/Department of the hospital. Both the doctors were injured.

(b) The scuffle was due to (i) some personal matter of the persons involved (ii) due to misunderstanding (iii) Dr. Riaz Ahmad Ch. got a fracture of nasal bone and (iv) the matter was amicably settled by the Medical Superintendent.

This being a personal affair, Government did not deem it necessary to interfere.

BEDS IN HOSPITALS IN DIFFERENT REGIONS

***10043. Chaudhri Muhammad Idrees** : Will the Minister of Health be pleased to state the number of beds as were available in Government hospitals in each of the following regions in October, 1955 and October, 1967, separately :—

(i) Peshawar ;

(ii) Hyderabad ;

(iii) Sargodha ; and

(iv) Lahore ?

Parliamentary Secretary (Mr. Abdul Qayyum) : The necessary information is given below :—

	1955	1967
(i) Peshawar	3,280	4,373

	1955	1967
(ii) Hyderabad	1,345	3,153
(iii) Sargodha	1,217	1,865
(iv) Lahore	3,391	4,526

چودھری محمد نواز- کیا جناب پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب یہ فرمائیں گے کہ سرگودھا کے متعلق جو اعداد و شمار دئیے گئے ھیں اس میں بستروں کی تعداد ۱۹۵۵ء میں ۱،۲۰۰ کے قریب تھی اور ۱۹۶۷ء میں ۱،۸۶۵ ھو گئی تھی - اسکے مقابلہ میں اگر آپ دوسرے شہروں مثلاً پشاور - حیدرآباد اور لاھور کو دیکھیں وھاں بستروں کی بہت ایزادی ھوئی ھے - باوجود اسکے کہ سرگودھا اس وقت ڈویژنل ھیڈ کوارٹر بن چکا ھے وھاں بستروں میں ۶۰۰ کی ایزادی کی گئی ھے - اسکی کیا وجہ ھے ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری - جناب والا - وھاں بستروں کی ۵۰ فیصد ایزادی ھوئی ھے - ھسپتال میں بستر ضرورت کے مطابق ھیں - مالی وسائل کے اندر اندر بستر بڑھائے جاتے ھیں -

خان اجون خان جدون - جناب والا - آپ نے فرمایا ھے کہ ۵۰ فیصد سے زیادہ بستر بڑھائے ھیں - لیکن پشاور ریجن میں ساڑھے تیں فیصد بستر بڑھائے ھیں ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری - جناب والا - آپ کا حساب غلط ھے وھاں ۳۳ فیصد بستر بڑھائے گئے ھیں - ۱۹۵۵ء میں بستروں کی تعداد ۳۲۸ تھی اور ۱۹۶۷ء میں ۴،۳۷۲ ھے -

Major Muhammad Ali Malik : I would like to draw the attention of the Parliamentary Secretary to the fact that the population in Hyderabad is 32,61,000 and that of Sargodha 58 lacs and yet the disparity in the beds provided for human beings for Hyderabad is

2½% increase in 12 years. Could he give reasons for this step-motherly treatment for Sargodha ?

وزیر صحت (بیگم زاهده خلیق الزمان) - جناب والا - اسکی وجه یه هے اور غالباً آپکو معلوم هے که کراچی اور سنده کی آبادی ملا کر ۸۰ لاکھ سے زیاده هے اس لئے ان کو زیاده بستر مہیا کئے گئے هیں - ان دو ڈویژن کو ملا کر ایسا کیا گیا هے -

قاضی محمد اعظم عباسی - جناب والا - جیسا که وزیر موصوف نے فرمایا هے که آبادی کے لحاظ سے بستروں کی تعداد بڑھائی هے - حیدرآباد اور Southern Region میں جو ٹی - بی کیلئے هسپتال هے کیا اس کے متعلق غور فرمائیں گی که وهاں بستروں کی تعداد بڑھائی جائے ؟

وزیر صحت - انشاء الله جیسے هی همیں وسائل اجازت دیں گے هم کوشش کریں گے -

---

HOSPITALS AND DISPENSARIES IN VARIOUS REGIONS

*10044. **Chaudhri Muhammad Idrees** : Will the Minister for Health be pleased to state the number of Government hospitals, dispensaries, rural health centres and T. B. clinics as were functioning in each of the regions of Peshawar, Hyderabad, Lahore and Sargodha in October, 1955 and October, 1967 ?

Parliamentary Secretary (Mr. Abdul Qayyum): The necessary information is given below :—

REGION	1955				1967			
	Hosp	Disp	R.H.C	T.B. Clinics	Hosp	Disp	R.H.C	T.B. Clinics
esPhawar	87	158	—	—	109	277	15	4
Lahore	44	54	—	1	53	75	17	6
Sargodha	31	61	—	—	34	83	16	12
Hyderabad	11	31	—	1	17	37	13	5

Note : The information is as on the 31st Dec. 1955 and 31st Dec. 1967.

---

*10143. **Mr. Hamza** : Will the Minister for Health be pleased to state :—

(*a*) the number of matriculate and F.A. pass bearers in the Mayo Hospital, Lahore alongwith the duties entrusted to each one of them and their pay scales ;

(*b*) in case the said bearers are doing clerical work, reasons for not allowing them the pay scales of clerical posts ?

Parliamentary Secretary (Mr. Abdul Qayyum) : (*a*) (*i*) Number of bearers who are F. A. ... 1

(*ii*) Number of bearers who are matriculates ... 14

The type of duty entrusted to each one of them is shown against their names as under :—

(1) Ghulam Sarwar, F.A.	...	Chowkidar.
(2) Muhammad Aslam	...	Bearer, Eye Outdoor.
(3) Muhammad Ishaq	...	Bearer, Eye Outdoor.
(4) Aziz-ur-Rehman	...	Bearer, M. I. Room.
(5) Qamar-ud-Din	...	Bearer, M. I. Room.
(6) Rashid Ahmed	...	Cook, Enquiry Offices.
(7) Riaz Ahmed	...	Bearer, Laboratory.
(8) Muhammad Amin	...	Bearer, Outdoor Laboratory.

(9) Abdul Hamid	...	Bearer, Outdoor Laboratory.
(10) Arshad Latif	...	Bearer, R. M. O. Office.
(11) Rehmat Ali	...	Bearer, C. O. D.
(12) Qamar-ud-Din	...	Bearer, C. O. D.
(13) Ijaz-ul-Haq	...	Bearer, C. O. D.
(14) Munshi Khan	...	Skin Outdoor.
(15) Muhammad Ismail		Laundry Department.

(*b*) Although for purposes of pay their designation varies but they are all engaged in work which is to be done by a clerk, except Mr. Ghulam Sarwar who was engaged as a Chowkidar and is still working as such. It may be mentioned here that besides writing tickets in the Out-patients Department they have to keep the place clean to which they are appointed. There are no vacant sanctioned posts of clerks against which additional clerks could be appointed and posted in the Out-patients Department and as such the work has been entrusted to the literate bearers. The pay given to them is according to the rates fixed by the Commissioner every year. They can draw pay in the ministerial scale only if sufficient posts in those scales are sanctioned.

مسٹر حمزہ - کیا جناب وزیر صحت صاحبہ مجھے یہ بتائیں گی کہ یہ تمام کے تمام پڑھے لکھے لوگ جن میں چند ایف - اے اور باقی میٹرک ہیں آپ نے ان کی تعیناتی بطور چوکیدار بیئرر کے کی ہے اور ان سے کام آپ کلرک کا لیتے ہیں - کیا میو ہسپتال میں مزید کلرکوں کی گنجائش نہیں ؟

وزیر صحت (بیگم زاہدہ خلیق‌الزمان) - رات کی ڈیوٹی میں چوکیدار کا کام لیا جاتا ہے - اس نے خوشی کے ساتھ چوکیدار کیلئے درخواست دی - وہاں شائد اسکو اور سہولتیں حاصل ہونگی - دن کو غالباً وہ پڑھتا لکھتا ہوگا - اگر وہاں پر مزید کوئی جگہ خالی ہوئی اور اس نے خوشی کے ساتھ درخواست دی تو ہم اسکو ضرور کلرک کی جگہ پر لے لیں گے - اس نے خود ہی چوکیداری قبول کی ہے -

مسٹر حمزہ - وزیر صحت صاحبہ اتفاق سے وزیر سماجی و بہبود بھی ھیں - میں نے ان سے جو سوال دریافت کیا ھے اس سے کسی فرد کی حمایت مقصود نہیں - میں نے صرف احساس دلانے کیلئےسوال کیا تھا کہ اس وقت معاشرے میں اس حد تک بے روز گاری ھے کہ ایف - اے پاس چوکیدار ھے اگر آپ اس وقت نئی اسامیاں پر کرنا چاھیں تو آپکو بی - اے پاس بھی چوکیدار مل جائیں گے - کیا ان حالات میں آپ ھسپتالوں میں لوگوں کا علاج کر سکتی ھیں یا سماجی و بہبود کے ادارے لوگوں کی تکالیف اور پریشانی کا ازالہ کر سکتے ھیں ؟

وزیر صحت - جناب والا - مینٹل ھسپتال کے متعلق جو بات کر رھے ھیں یہ غیر ضروری ھے - میں عرض کرتی ھوں کہ یہ چیز تکلیف دہ ھے کہ ایف - اے پاس چوکیدار ھو - آپکی ھمدردی قابل ستائش ھے اور مجھے بھی ان سے ھمدردی ھے - آپکو معلوم ھے جیسے میں نے عرض کیا ھے کہ اس نے بخوشی درخواست دی - ھم کوشش کریں گے کہ اس کے لئے کوئی اچھی جگہ مہیا ھو سکے - ھم ضرور کوشش کریں گے -

---

PAYMENT OF ARREARS AND RE-INSTATEMENT OF DR. SAJJAD-UL-HAQ, POSTED IN DUNGA BHUNGA, DISTRICT BAHAWALNAGAR

*10144. **Mr. Hamza** : Will the Minister for Health be pleased to state :—

(a) whether it is a fact that a case of payment of arrears and re-instatement of Dr. Sajjad-ul-Haq, who was posted in Dunga Bhunga, District Bahawalnagar is pending with the Health Department since long ;

(b) whether it is a fact that the said Doctor represented to the Governor, West Pakistan and the President of Pakistan through registered letters ;

(c) if answer to (a) and (b) above be in the affirmative, whether the said case has been disposed of ; if so, when and if not, reasons for the same ?

Parliamentary Secretary (Mr. Abdul Qayyum) : (a) His pay for the month of June, 1959, was withheld by the Canal Authorities due to a case of shortage of medicines in the Canal Dispensary, Bahawalnagar, as the case was under investigation with the Police. Dr. Sajjad-ul-Haq was screened out under the Provisions of Public Conduct (Scrutiny) Ordinance (III of 1959). After hearing from the Police, the Director Health Services, Khairpur Region, Bahawalpur, asked the doctor to forward his bill for the month of June, 1959, but he refused to receive payment.

(b) Yes ; he represented to the Governor of West Pakistan.

(c) The Department is prepared to pay him for the month of June, 1959, which he refuses to accept. The Director Health Services has been wired to examine the rest of his grievances already pas ed on to him and supply a reply within a week.

مسٹر حمزہ ۔ کیا جناب وزیر صحت از راہ کرم مجھے یہ بتائیں گی کہ انہوں نے اپنے جواب کے آخری حصے میں جو فرمایا ہے کہ آپ نے محکمہ صحت کے ڈائریکٹر کو اس مضمون کا ایک تار بھیجا ہے کہ اس کی جو بقایا شکایات ہیں ان کو رفع کریں ، وہ شکایات کیا ہیں اور ان کی نوعیت کیا تھی ؟

وزیر صحت (بیگم زاہدہ خلیق‌الزمان) ۔ جناب والا ۔ اس سلسلے میں جہانتک ہماری اطلاع کا تعلق ہے وہ یہی ہے کہ اس کی ایک ماہ کی تنخواہ حکومت کے ذمے ہے لیکن ہمارے کہنے کے باوجود وہ اس

تنخواہ کے لینے سے انکاری ہے ۔ ان کے خلاف تحقیقات ہو رہی تھیں جن کے دوران ان کو screen out کر دیا گیا اب اگر ان کو کوئی شکایات ہیں تو وہ ان کے علم میں ہوں گی کم از کم مجھے اس کا علم نہیں ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب والا ۔ میرے سوال کے جواب میں انہوں نے جو کچھ ارشاد فرمایا ہے اسکے حصہ ''ب'' میں انہوں نے یہ اطلاع بہم پہنچائی ہے کہ مذکورہ ڈاکٹر صاحب نے گورنر مغربی پاکستان کے سامنے ایک عرضداشت بھی پیش کی تھی اور اسکے ساتھ ہی ساتھ اپنے جواب کے آخری حصے میں وہ فرماتی ہیں کہ انہوں نے ڈائریکٹر محکمہ صحت کو کہا ہے کہ وہ ڈاکٹر موصوف کی بقایا شکایات معلوم کریں اور ان کا ازالہ کریں ۔ تو اگر وہ شکایات ہمیں بھی بتا دیں تو ان کی مہربانی ہوگی ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ جناب والا ۔ یہ معاملہ محکمہ صحت کے ڈائریکٹر کی سطح پر deal ہوا اس کے بعد اس نے عرضداشت کی جو کہ ہمارے پاس آئی اور ہم نے اسے deal کیا ۔ اور میرا خیال بھی یہی ہے کہ وہ اسی سطح پر deal ہونا چاہئے تھا ۔ لیکن جب یہ سوال ہمارے سامنے آیا تو ہم نے یہ سوچا کہ شاید اس پر کوئی مزید غور و خوض بھی کیا جا سکتا ہے اس لئے ہم نے ڈائریکٹرمحکمہ صحت کو تار دیا کہ اسکی شکایات کے متعلق تحقیقات کریں ۔ اسکی شکایات یہ تھیں کہ اسے screen out ہونے کے بعد ایک ہفتہ کے اندر اندر عرضداشت کرنی چاہئے تھی جو اس نے نہ کی اب وہ ایک ماہ کی بقایا تنخواہ اس لئے نہیں لے رہا ہے شاید وہ بحال ہو جائے حالانکہ سات آٹھ سال کے بعد تو اسے بحال نہیں کیا جا سکتا ۔ اور اس حقیقت کا اسے بھی علم ہے ۔

*10197. **Kazi Muhammad Azam Abbasi** : Will the Minister for Health be pleased to state whether it is a fact that the Social Welfare Co-operative Council, Kali Road, Hyderabad has been requesting the Health Department for the establishment of a Hospital on Kali Road, Hyderabad, since 1964 ; if so, the action Government have taken in this respect ?

Parliamentary Secretary (Mr. Abdul Qayyum) : The Social Welfare Co-operative Council, Kali, Road, Hyderabad had approached for the opening of a medical institution to the Director, Health Services, Hyderabad Region, Hyderabad but they were every time informed by the Director that since Kali Road comes within the Municipal limits it is for Municipal Authorities to provide such facilities for them.

The President of Social Welfare Council, Kali Road, Hyderabad addressed the Health Minister, Government of West Pakistan,—*vide* his letter No. 786/SWCC-H-Est. of 1965, dated 20th June 1965. In this letter he intimated that the Director, Health Services, Hyderabad Region, Hyderabad on approach to open a hospital on Kali Road and to appoint one lady doctor and a qualified doctor, etc., had declared his reluctance on the ground that the Government had not provided any amount at his disposal to give aid or to sanction any staff. The President requested to place funds at the disposal of the Director, Health Services for the appointment of the staff for this area. The demand was examined and it was found that a 75 bedded Zenana Hospital and the City Branch of Liaquat Medical College Hospital are about 2/3 miles from Kali Road where treatment is provided for the female and male patients by the Government, there seems no justification under the circumstances for a Hospital at Government expense on the Kali Road. The President of the Council was informed that it will not be possible to meet his demand at this stage. He was advised that the medical facilities available near Kali Road may be availed for the present.

قاضی محمد اعظم عباسی - کیا پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب
از راہ کرم یہ فرمائیں گے کہ یہ زنانہ ہسپتال جو کہ آپ نے اپنے

جواب میں ہمیں بتایا ہے ۔ یہ کونسا ہے اور حیدرآباد میں کہاں پر واقع ہے ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ آپ تو حیدرآباد کے رہنے والے ہیں اور اس لئے آپ کو معلوم ہونا چاہئے کہ یہ پچھتر بستروں پر مشتمل ہسپتال کی جگہ پر واقع ہے ۔ یہ وہیں کالی روڈ پر ہی کہیں ہوگا ۔

قاضی محمد اعظم عباسی ۔ جی ہاں ۔ میں وہیں کا رہنے والا ہوں اور اسی لئے میں یہ جانتا ہوں کہ ایسا کوئی ہسپتال وہاں پر موجود نہیں ہے ۔ اسی لئے آپ سے دریافت کر رہا ہوں کہ یہ ہسپتال کہاں پر واقع ہے ؟

Parliamentary Secretary : It is in the reply.

> "The demand was examined and it was found that a 75 bedded Zenana Hospital and the City Branch of Liaquat Medical College Hospital are about 2/3 miles from Kali Road..."

So Sir, it is clear.

قاضی محمد اعظم عباسی ۔ جناب والا ۔ میرا سوال یہ ہے کہ مجھے یہ بتایا جائے کہ یہ ہسپتال کہاں پر واقع ہے کیونکہ جہاں تک میرے علم کا تعلق ہے وہاں پر کوئی بھی پچھتر بستروں پر مشتمل زنانہ ہسپتال نہیں ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ لیکن کالی روڈ تو ہے ۔

قاضی محمد اعظم عباسی ۔ کالی روڈ تو ہے اور لیاقت میڈیکل کالج سٹی برانچ بھی ہے ۔ یہ دونوں ہیں لیکن پچھتر بستروں پر مشتمل

زنانہ ہسپتال نہیں ہے ۔ اور یہ جو حیدرآباد سے دو تین میل کے فاصلے پر فرما رہے ہیں یہ بھی غلط ہے ۔

Parliamentary Secretary : It is a very important question Sir, regarding the situation.

چودھری محمد نواز ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ جناب پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب نے یہ بھی فرمایا ہے کہ یہ بڑا اہم سوال ہے کیونکہ یہ ایک ایسے ہسپتال کا معاملہ ہے جو کہ locate نہیں ہو رہا ۔ تو میں اس سلسلے میں یہ عرض کروں گا کہ چند ممبروں پر مشتمل ایک کمیٹی بنائی جائے تاکہ وہ اس سلسلے میں تحقیقات کر کے اس ہسپتال کو locate کریں کیونکہ حکومت سے تو یہ ہسپتال locate نہیں ہو رہا ہے ۔

Parliamentary Secretary : Sir, it is like this the City Hospital has a big Zenana Hospital and I think in the City Hospital there is a section of it.

وزیر صحت ۔ جناب والا ۔ یہ درست ہے کہ یہ ہسپتال وہاں پر موجود ہے اور ہماری کوشش ہے کہ اب لیاقت ہسپتال میں بھی ایک زنانہ وارڈ تعمیر کر دیا جائے ۔

چودھری محمد سرور خان ۔ جناب والا ۔ بیگم صاحبہ کے اس بیان کی روشنی میں تو پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب کا وہ پہلا جواب غلط ثابت ہوتا ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ بیگم صاحبہ ۔ آپ کو اس ہسپتال کے متعلق قطعی طور پر معلوم ہونا چاہئے کہ آیا یہ موجود ہے ۔ کام کر رہا ہے یا کب کھلنے والا ہے ۔

The Minister's information should be definite and the reply should be positive.

Parliamentary Secretary : Sir, this question may kindly be deferred for the next turn.

چودھری محمد سرور خان - در اصل پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب علم نجوم سے بھی کام لیتے ہیں اسی لئے وہ کہہ رہے ہیں کہ یہ ہسپتال موجود ہوگا - (قطع کلامیاں) -

Mr. Speaker : Does Kazi Sahib want this question to be repeated on the next turn ?

Kazi Muhammad Azam Abbasi : Yes Sir, and the reply should be definite to enable me to put supplementaries.

Mr. Speaker : This question will be repeated on the next turn. Next question.

INDUSTRIAL HOMES IN HYDERABAD

***10198. Kazi Muhammad Azam Abbasi** : Will the Minister for Social Welfare be pleased to state the number of Industrial Homes as are presently functioning in Hyderabad Division alongwith the nature of help given to them by Government ?

Parliamentary Secretary (Mr. Abdul Qayyum) : According to the information available there are 11 agencies functioning in Hyderabad Division who are operating industrial centres. The West Pakistan Social Welfare Council has given financial assistance to 10 of them.

قاضی محمد اعظم عباسی - کیا آپ بتائیں گے - کہ جن ایجنسیوں کو امداد نہیں دی گئی - ان کے نام کیا ہیں ؟ اور ان کو aid کیوں نہیں دی گئی ؟

Parliamentary Secretary : 1. Urban Community Development Project No. 2, Liaquat Colony, Hyderabad.

2. Urban Community Development Project, Dadu.

چونکہ یہ دونوں ابھی حال ھی میں شروع ھوئی ھیں ۔ اسلئے ان کو ابھی تک ایڈ نہیں دی گئی ۔

قاضی محمد اعظم عباسی ۔ کیا ان کو aid نہیں دی گئی اور جن کو aid دی گئی ھے وہ کتنی ھے ۔

Parliamentary Secretary : Ranging between three thousand to six thousand.

MEDICAL FACILITIES FOR RETIRED GOVERNMENT SERVANTS

***10215. Diwan Syed Ghulam Abbas Bokhari :** Will the Minister fo Health be pleased to state :—

(a) whether it is a fact that in-service Government employees are entitled to the reimbursement of the amount spent by them on the purchase of medicines for their own treatment and also for the treatment of their dependents ;

(b) whether it is a fact that the said facility has not been given to the retired Government employees ;

(c) if answer to (a) and (b) above be in the affirmative, whether Government intend to give the said medical facility to the retired officials ?

Parliamentary Secretary (Mr. Abdul Qayyum) : (a) Yes.

(b) Yes.

(c) No specific proposal for the grant of reimbursement of cost of medicines is under consideration at present. Before sanctioning any new concession, consultation with the Central Government is necessary as a rule. A reference has already been made to the Central Government to

ascertain whether they contemplate extending any further medical concession to the retired Government servants.

Major Muhammad Ali : If the Provincial Government feels that such a concession should be extended to the retired personnel will they make a recommendation to the Central Government ?

Parliamentary Secretary : It is clear from the answer. A reference has already been made.

Major Muhammad Ali : A reference in the shape of a recommendation ?

Parliamentary Secretary : I don't follow.

Mr. Speaker : He wants to know whether this reference was in the shape of a recommendation or not.

Parliamentary Secretary : I cannot say. I need a fresh notice for that.

Malik Muhammad Aslam Khan : When was that reference made to the Central Government. May I know the exact date ?

Parliamentary Secretary : This is a fresh question.

Major Muhammad Ali : Will the Minister say whether the Government positively feels that there is need for extending such a concession or not ?

Mr. Speaker : Does the Member want to know the personal opinion of the Minister ?

Major Muhammad Ali : I want to know whether the Provincial Government feels whether there is need to give additional concession to the retired personnel or not.

وزیر صحت (بیگم زاهده خلیق الزمان) ۔ جیسا که ابھی ھمارے پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب نے بتایا ھے اگر یه جواب آپ کیلئے ناکافی ھو ۔ تو ھم اپنی رائے اس پر دے سکتے ھیں ۔ جب ھمارے

پاس اس قسم کی کوئی چیز پیش کی جائیگی - اور اس کیلئے کچھ وسائل ہمارے پاس ہونگے - - - - - -

مسٹر سپیکر - بیگم صاحبہ آپ کے جواب سے واضح ہے کہ آپ نے گورنمنٹ کو ایک reference کیا ہوا ہے - اور اس کے پیش نظر یہ فاضل ممبر معلوم کرنا چاہتے ہیں کہ اس معاملہ میں گورنمنٹ کی پوزیشن کیا ہے - اور کیا گورنمنٹ نے recommend کیا ہے - یا گورنمنٹ کا کیا خیال ہے یا کیا ارادہ ہے یا کیا پالیسی ہے - جب آپ نے reference کیا ہے تو اس کا مطلب یہ ہے کہ گورنمنٹ فیصلہ لے چکی ہے - اور اس کے مطابق reference کر دیا گیا ہے -

وزیر صحت - میں نے تو پہلے ہی عرض کیا ہے کہ اگر یہ منظور ہوگیا تو ہماری ہمدردیاں ان کے ساتھ ہونگی - اور ہم اپنی پوری پوری کوشش کریں گے -

حاجی سردار عطا محمد - جناب والا - اس سوال کے حصہ ''الف'' میں بتایا گیا ہے - کہ سرکاری ملازمین جتنے روپے ادویات کے خریدنے پر خرچ کریں گے وہ اس رقم کی ادائیگی کے مستحق ہونگے - میں آپ سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ آپ کلاس تین اور کلاس چار والے ملازمین کو یہ رعایت دیتے ہیں یا نہیں ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری - جی ہاں -

مسٹر سپیکر - حاجی صاحب یہ سوال ریٹائر شدہ سرکاری ملازمین کے متعلق ہے -

حاجی سردار عطا محمد - میرے سوال کے حصہ ''الف'' میں کیا یہ امر واقع نہیں کہ سرکاری ملازمین اپنی ملازمت کے دوران اپنے لئے اور اپنی اولاد کیلئے بیماری پر خرچ کی گئی رقومات کی ادائیگی کے مستحق ہیں - تو انہوں نے جواب دیا ہے ہاں - میں ان سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ درجہ سوم اور درجہ چہارم کے ملازمین بھی مستحق ہیں اور ان کو بھی دیتے ہیں ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری - تمام گورنمنٹ ملازمین پر یہ apply کرینگے -

Major Malik Muhammad Ali : Sir, it is an important issue. It affects the morale of the employees of this Province. As I understand from the reply of the Minister the position remains frightfully vague. I would request her if she could kindly give us a statement whether the Provincial Government feels that the retired personnel at that age would positively need further medicinal concessions or not and whether they are prepared to make, in future, a recommendation to the Government.

وزیر صحت - ضرورت تو ہے - جیسا کہ میں نے ابھی عرض کیا ہے اگر وسائل اجازت دیں گے - تو ہم انشاء اللہ ضرور ان کیلئے اس قسم کی چیزیں مہیا کریں گے -

حاجی سردار عطا محمد - میں پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں وہ ٹیچروں کو بھی یہ سہولتیں کیوں نہیں دیتے ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری - گورنمنٹ ملازم اگر ٹیچر بھی ہو تو اس کو بھی یہ سہولتیں ضرور ملیں گی -

ESTABLISHING A DENTAL COLLEGE IN KARACHI

*10233. **Begum Ashraf Burney** : Will the Minister for Health be pleased to state :—

(a) the number of Dental Colleges in West Pakistan ;

(b) whether it is a fact that there is not a single Dental College at Karachi :

(c) if answer to (b) above be in the affirmative, whether Government intend to consider the advisability of establishing a Dental College in Karachi ?

Parliamentary Secretary (Mr. Abdul Qayyum) : (a) There is only one full-fledged Dental College at Lahore admitting 30 students annually for the B. D. S. course. Two Dental Training Sections at Khyber Medical College, Peshawar and Liaquat Medical College, Hyderabad admit 16 and 20 students, respectively for this course every year.

(b) Yes, there is no Dental College in Karachi.

(c) At present there is no scheme under consideration of Government to open a Dental College anywhere in the Province. However, these 3 institutions are catering for the dental needs of Southern Central and Northern areas of the Province.

بیگم اشرف برنی - کیا محترم وزیر صحت مجھ سے اتفاق فرمائیں گی کہ معدے اور ھاضمے کی بیشتر بیماریاں دانتوں کی خرابی کی وجہ سے ھوتی ھیں - کیا وزیر صحت اس پر غور فرمائیں گی - کہ ڈینٹل کالج لاھور ، حیدرآباد اور پشاور ریجن میں نشستیں بڑھائی جائیں اور کراچی میں بھی اس قسم کا ڈینٹل کالج کھولا جائے -

وزیر صحت - یقیناً ضرورت تو ھے - کہ ھم ڈینٹل کالج اور جنرل میڈیکل کالج کھولیں مگر سارا انحصار ھمارے مالی وسائل پر ھے - اگر مالی وسائل نے اجازت دی - تو یقیناً اس قسم کے کالج کھولے جائیں گے -

ARRANGEMENT FOR THE CUSTODY AND CARE OF MENTALLY DERANGED PERSONS

*10238. **Begum Ashraf Burney** : Will the Minister for Health be pleased to state :—

(a) whether it is a fact that there is no arrangement for the custody and care of mentally deranged persons and a number of them are allowed to loiter in the streets of all big cities in the Province ;

(b) if so, what steps does the Government intend to take in this respect ?

Parliamentary Secretary (Mr. Abdul Qayyum) : (a) No it is not a fact. Arrangements for the custody and care of mentally deranged persons are there in the Province. Those who may have been loitering about in the streets have probably not volunteered themselves for admission or have not been referred to by the Magistrates for the same purpose.

(b) The Government have already taken steps to meet the situation and have established hospitals at Lahore, Dhodial, Peshawar and Hyderabad. However, to meet with the extra demand of mentally deranged persons, a provision has been made in the 3rd Plan to extend these facilities.

Major Muhammad Ali : May I know if there are going to be any arrangements in the Third Plan for the Sargodha Division ?

وزیر صحت (بیگم زاهده خلیق الزمان) ۔ اگر ہمارے مالی وسائل نے اجازت دی ۔ تو سب جگہوں پر مینٹل ہسپتال قائم کریں گے ۔

چودھری عبدالغنی ۔ کیا محکمہ کے زیر غور یہ تجویز ہے کہ ننکانہ صاحب یا ٹوبہ ٹیک سنگھ میں دماغی امراض کے ہسپتال کھولے جائیں ؟

حاجی سردار عطا محمد - آپ کے علاج کے لئے حمزہ صاحب ہی کافی ڈاکٹر ہیں - ان کی طرف رجوع کیجئے -

---

HOSTELS ATTACHED TO MEDICAL COLLEGES

*10240. **Begum Ashraf Burney** : Will the Minister of Health be pleased to state :—

(a) whether hostels are attached to all the Medical Colleges in the Province ;

(b) whether there are separate hostels for girl students of the said Colleges ;

(c) if answer to (b) above be in the affirmative, the number of girl students for which hostel accommodation is provided in each said College and the number of girl students from outside the town of location on roll in each said College during the academic year 1967-68 ?

Parliamentary Secretary (Mr. Abdul Qayyum) : (a) Yes.

(b) Yes.

(c) As follows :—

Serial No.	Name of College	No. of Girl Students for which Hostel accommodation is provided during the year 1967-68	No. of Girl Students from outside the town of location on roll during academic year 1967-68
1	2	3	4
1	K. E. Medical College, Lahore	78	101
2	Fatima Jinnah Medical College for Women, Lahore.	345	410
3	Nishtar Medical College, Multan	50	57
4	Dow Medical College, Karachi	79	100
5	Liaquat Medical College, Jamshoro	100	61
6	Khyber Medical College, Peshawar	42	40

SOCIAL WELFARE ORGANIZATIONS REGISTERED IN KARACHI

*10246. **Begum Ashraf Burney** : Will the Minister for Social Welfare be pleased to state :—

(a) the total number and names of Social Welfare Organizations registered in Karachi upto 30th June 1967 ;

(b) the names of Social Welfare Organizations, out of those mentioned in (a) above, which are receiving grants-in-aid from the Government and the amount of such grant given to each since its registration, yearwise ;

(c) the date on which each of the aforesaid Social Welfare Organizations was registered in Karachi ;

(d) the formula adopted for determining the amount of grant-in-aid to such Social Welfare Organizations and the conditions attached to the said grant-in-aid ;

(e) action taken, if any, against any of the said Social Welfare Organizations for not fulfilling the conditions of the grant-in-aid or otherwise coming up to the Government's expectations as regards its performance or activities ?

Parliamentary Secretary (Mr. Abdul Qayyum) : The required information is laid on the table of the Assembly.*

بیگم اشرف برنی - کیونکہ مجھے اس سوال کا جواب بڑی دیر سے ملا ہے - اس لئے میں کوئی سوال نہیں پوچھ سکتی - " لیکن سوال گندم جواب چنے " سوال کچھ پوچھا گیا ہے اور جواب بالکل کچھ اور ہی دیا گیا ہے -

Mr. Speaker : What is the inconsistency or contradiction ?

بیگم اشرف برنی - اگر پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب اس جواب کو دوبارہ پڑھ دیں تو انہیں خود اندازہ ہو جائیگا -

Mr. Speaker : We pass on to the next question. Mr. Hamza.

**Please see Appendix I at the end.*

CLASS I CLASS II OFFICERS UNDER THE ADMINISTRATIVE CONTROL OF HEALTH DEPARTMENT RETIRED AND GRANTED EXTENSION IN SERVICE

*10254 **Mr. Hamza :** Will the Minister for Health be pleased to state the names and designations of Class I and Class II Officers under the administrative control of the Health Department who were (i) retired and (ii) granted extension in service from time to time, after attaining the age of retirement, from lst January 1963 to 31st December 1967 alongwith reasons for granting extension each time ?

Parliamentary Secretary (M. Abdul Qayyum) : The information is given in the statements placed on the table of the House.*

مسٹر حمزہ - کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ وہ افراد جن کو آپ نے ملازمت میں توسیع دی ہے - کیا ان کی غیر موجودگی میں متبادل افراد ان کی اہلیت اور قابلیت کے میسر نہ تھے -

پارلیمنٹری سیکرٹری - آپ کو معلوم ہے کہ یہاں ڈاکٹروں کی کافی shortage ہے - خاص طور پر تجربہ کار لوگوں کی - جن کا سروس ریکارڈ اچھا ہے ان کو extension دے دی گئی ہے -

---

CLASS I AND CLASS II OFFICERS OF THE SOCIAL WELFARE ORGANIZATION RETIRED AND GRANTED EXTENSION IN SERVICE.

*10257. **Mr. Hamza :** Will the Minister for Social Welfare be pleased to state the names and designations of Class I and Class II Officers of the Social Welfare Organization who were *(i)* retired and *(ii)* granted extension in service from time to time after attaining the age of retirement, from 1st January 1963 to 31st December 1967 alongwith reasons for granting extension each time ?

Please see Appendix II at the end.

Parliamentary Secretary (Mr. Abdul Qayyum) : (*i*) *Nil.*
(*ii*) *Nil.*

SOCIAL WELFARE SCHEMES

***10326. Haji Sardar Atta Muhammad** : Will the Minister for Social Welfare be pleased to state the amount incurred on the various schemes in each division of the Province by the Social Welfare Department during 1965-66, 1966-67, and from 1st June 1967 to 31st December 1967 ?

Parliamentary Secretary (Mr. Abdul Qayyum) : The amount incurred on various schemes is given below Divisionwise :—

Name of Division	EXPENDITURE		
	1965-66	1966-67	1-7-67 to 31-12-67
	Rs.	Rs.	Rs.
Peshawar ...	62,706	74,752	56,334
D. I. Khan ...	12,974	10,800	8,063
Rawalpindi ...	1,48,601	1,73,736	1,26,193
Sargodha ...	47,988	58,597	62,929
Lahore ...	1,96,340	4,21,059	3,18,848
Multan ...	39,594	99,422	91,590
Bahawalpur ...	42,939	55,617	30,453
Karachi ...	2,68,706	2,99,222	1,66,827
Hyderabad ...	45,030	59,418	57,425
Quetta ...	20,099	17,740	7,763
Khairpur ...	38,057	47,366	38,774
Total ...	9,23,034	13,17,729	9,65,199

حاجی سردار عطا محمد - جناب سپیکر صاحب یہ جو اعداد و شمار دیئے گئے ہیں ان سے پتہ چلتا ہے کہ ڈیرہ غازی خان - کوئٹہ اور

خیرپور کو بہت کم رقم دی گئی ہے ۔ اس کی کیا وجہ ہے ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ حاجی صاحب یہ جو سوشل ویلفیر کے کاموں کے لئے پیسہ دیا جاتا ہے ۔ اس کا بہت سے امر پر انحصار ہوتا ہے پہلے تو ان علاقوں کے افسران سفارش کرتے ہیں پھر جو لیڈر صاحبان ہوتے ہیں وہ اپنی سکیمیں بھیجتے ہیں اور ایجنسیاں قائم کرتے ہیں ۔ ایسی رقوم دینے کا انحصار لیڈر صاحبان ۔ افسران اور ضروریات پر ہوتا ہے ۔

حاجی سردار عطا محمد ۔ آپ یہ بتائیں کہ وہاں کے افسران نااہل ہیں یا ضرورت کم ہے ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ جیسا کہ میں نے عرض کیا ہے صرف افسران پر منحصر نہیں ان میں لیڈران کی طرف سے بھی سکیمیں آتی ہیں اگر کوئی سکیم نہ آئے تو غور نہیں ہو سکے گا ۔ جتنی آتی ہیں ان پر غور ہوا ہے ۔

حاجی سردار عطا محمد ۔ کیا اب یہ توقع کی جائے کہ اگر کوئی سکیم آپ کے پاس آئے تو ضرور غور کیا جائے گا ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ جی ہاں ۔ استحقاق کی بنا پر یقیناً غور کیا جائے گا ۔

ARRANGEMENTS FOR MEDICAL TREATMENT OF WOMEN AND CHILDREN AT DISTRICT HEADQUARTERS

***10397. Chaudhri Muhammad Nawaz** : Will the Minister for Health be pleased to state whether adequate arrangements for the medical treatment of women and children exist at the District Headquarters in the Province ; if not, the action Government intend to take in the matter ?

Parliamentary Secretary (Mr. Abdul Qayyum) : Yes, for the first part. However, the Government intend to further improve these facilities in a phased manner, determined by the funds made available for this programme by the Provincial Assembly. Four posts of Gynaecologists and four posts each of Physicians and Surgeons, with complementary staff, were sanctioned for District Headquarter Hospitals, Dera Ismail Khan, Rawalpindi, Sargodha and Sukkur during 1966-67 and for another four District Headquarter Hospitals of Mardan, Sialkot, Lyallpur and Rahimyar Khan from lst July 1967. Additional four District Headquarter Hospitals are proposed to be provided these facilities from 1968-69 subject to allocation of funds by the Finance Department/Provincial Assembly.

In addition, a 50 bedded Women and Children Hospital has been established in the old premises of Civil Hospital, Sialkot and a similar Hospital started functioning at Gujrat from April this year. The sanction on the expansion of the District Headquarter Hospital, Mardan, includes funds for improving out door treatment facilities for Women and Children at the Zenana Hospital, Mardan. Other Hospitals will be improved as and when funds are made available for this programme by the Finance Department/Provincial Assembly.

چودھری محمد نواز - جواب کے پہلے پیرا کے آخری فقرے میں لکھا ہے "Additional four" - - - - - -

کیا پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب فرمائیں گے کہ ان کے نام کیا ہیں -

Parliamentary Secretary : Sir, may I read the supplementary information ; it is a lengthy one. Places where new hospitals have been or are proposed to be constructed are Jhelum, Sahiwal and Abbottabad.

چودھری محمد نواز - میرا یہ سوال تھا کہ

> "... whether arrangements [for medical treatment of women and children existing at the district headquarters in the Province are adequate."

آپ نے اس کا جواب اثبات میں دیا ہے پھر جواب کے آخری حصہ میں اسے نفی میں بدل دیا ہے ۔

"Other hospitals will be improved as and when funds are made available for this programme by the Finance Department."

آپ نے پہلے تسلیم کیا ہے کہ arrangements صحیح ہیں ۔ آخر میں کہتے ہیں کہ arrangements صحیح نہیں ہیں ۔ جب فنڈز مہیا ہوں گے ۔ صحیح کئے جائیں گے ۔ اس کی کیا وجوہات ہیں ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ دونوں باتیں درست ہیں ۔ دراصل ہمارے مالی وسائل کے مطابق کام ہوتا ہے ۔ اگر یہ کہا ہے کہ adequate arrangements ہیں تو یہ مطلب نہیں کہ improvement کی گنجائش نہیں ۔ جیسا کہ جواب دیا گیا ہے اسی کے مطابق کام ہو رہا ہے ۔

HOSPITALS AND DISPENSARIES IN SAHIWAL AND MULTAN DISTRICTS

*10398. **Chaudhri Muhammad Nawaz** : Will the Minister for Health be pleased to state :—

(a) the total number of hospitals and dispensaries in Sahiwal and Multan Districts ;

(b) the number of hospitals and dispensaries, out of those mentioned in (a) above, as are without qualified Doctors ;

(c) the capacity of the Civil Hospital, Sahiwal to accommodate indoor patients ;

(d) whether it is a fact that some indoor patients are provided beds in the verandahs of the Sahiwal Civil Hospital for lack of accommodation ; if so, the action Government intend to take in the matter ?

Parliamentary Secretary (Mr. Abdul Qayyum) :

(a) Sahiwal	.. .. ..	66
Multan	.. .. ..	93
(b) (i) Sahiwal	.. .. ..	30
Multan	.. .. ..	48

Hospitals and dispensaries without doctors in Sahiwal District :—

District Council	.. ..	24
Departmental (Canal)	.. ..	2
Departmental (Forest)	.. ..	1
Government	.. .. ..	2
Private aided	.. .. ..	1
Total	..	30

(ii) Hospitals and Dispensaries without doctors in Multan District :—

District Council	.. ..	31
Departmental (Canal)	.. ..	7
Departmental (Forest)	.. ..	1
Town Committee	.. ..	1
Private aided	.. ..	4
Government	.. ..	4
Total	..	48

(c) 75 beds.

(d) Yes. It is a fact that Medical Superintendent, District Headquarters Hospital, Sahiwal, has arranged for some extra beds in the verandahs of the hospital for lack of accommodation.

Government intend to expand the indoor facilities of the District Headquarters Hospital, for which a scheme has been prepared at a total cost of Rs. 6,23,100 which has been sanctioned. A sum of Rs. one lac for the said project has already been placed at the disposal of the Public Works Department authorities for the current financial year. The work on the project has since been started.

GRANT-IN-AID TO TIBBIYA COLLEGE, LAHORE.

*10399. **Chaudhri Muhammad Nawaz** : Will the Minister for Health be pleased to state :—

(a) the grant-in-aid given to the Tibbiya College, Lahore run by Anjuman-i-Himayat -i-Islam;

(b) whether Government intend to increase this grant ?

Parliamentary Secretary (Mr. Abdul Qayyum) : (a) A sum of Rs. 2,625 is being paid annually to the Tibbiya College, Anjuman-i-Himayat-i-Islam, Lahore, as grant-in-aid;

(b) There is no proposal under consideration of Government for increasing this grant. However, the Tibbiya College may submit a proposal if they so desire and it will be examined on basis of merit of the case availability of finances.

EXTENSION OF THE BUILDING OF CIVIL HOSPITAL, SHEIKHUPURA

*10400. **Chaudhri Muhammad Nawaz** : Will the Minister for Health be pleased to state whether it is a fact that an amount for Rs. 2 lac was sanctioned some time ago for extending the buildings of Civil Hospital, Sheikhupura but the amount has not so far been spent on the said work; if so, reasons for not spending the said amount alongwith the action Government intend to take in the matter ?

Parliamentary Secretary (Mr. Abdul Qayyum): No for the first part; question does not arise for the second part.

The proposal to upgrade the District Headquarter Hospital, Sheikhupura is now programmed for 1968-69. The Director, Health Services, Lahore Region, has now submitted a proposal which is under examination. Necessary initial provision is included for it in the proposed A. D. P. 1968-69 and the implementation of the scheme will be taken in hand early next financial year if the Provincial Assembly approves the budgetary proposal for it.

ADDITIONAL ACCOMMODATION IN CIVIL HOSPITAL, GUJRANWALA

***10401. Chaudhri Muhammad Nawaz**: Will the Minister for Health be pleased to state :—

Malik Muhammad Akhtar : Not pressed.

Mr. Speaker : The motion is not pressed.

DISCHARGING BEFORE RECOVERY, OF AN INJURED PERSON FROM THE MAYO HOSPITAL, LAHORE

Mr. Speaker : Next. 89—Malik Muhammad Akhtar.

Malik Muhammad Akhtar : Sir I ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent and urgent public importance namely an injured person, Muhammad Sharif, who was admitted in Mayo Hospital, Lahore, was discharged after fifteen day before recovery. The condition of the patient deteriorated at his residence and he was re-admitted in the United Christian Hospital where he died. The negligence of the hospital authorities in discharging a seriously-injured person resulting in his death has perturbed the minds of the public of West Pakistan.

وزیر صحت (بیگم زاهده خلیق الزمان) - جناب والا - محمد شریف

کو داخل کیا گیا تھا اور وہ تیرہ دن تک ایک ڈاکٹر کے زیر علاج رہا ہے - ۱۳ دن کے بعد ورثا نے کہا کہ ہم لے جانا چاہتے ہیں کیونکہ اس کی حالت بہتر ہوچکی ہے - اس کے اعزاء نے force کیا اور ہسپتال سے باہر لے جاکر کسی عطائی وغیرہ سے علاج کرایا -

Malik Muhammad Akhtar : Sir the facts are not that. The real fact is that the patient was discharged from the hospital and he was admitted to another hospital, that is, the United Christian Hospital, and within two days of his admission he died. Sir, there is no gap between his discharge and admission in the United Christian Hospital. Had there been a gap of a couple of days, then the assertion of the Minister would have been correct.

مسٹر سپیکر - لیکن ملک صاحب آپ یہ فرمائیے کہ میو ہسپتال سے اسے زبردستی discharge کیا گیا تھا ؟

Malik Muhammad Akhtar : Sir, he was discharged ; discharge means ordered to quit the hospital, and, Sir, they generally do it. It is my experience that in order to accommodate some more serious patients . . . .

Mr. Speaker : Was he discharged in spite of his deteriorating condition ?

Malik Muhammad Akhtar : He was, Sir, and that has resulted in his death.

مسٹر حمزہ - پوائنٹ آف آرڈر - جناب محکمہ صحت کی وزیر صاحبہ سے یہ دریافت کرنا چاہئے کہ عزرائیل سے کیا انکا رابطہ ہے کہ انکو وقت سے پہلے پتہ رہتا ہے کہ فلاں شخص کو دو دن کے بعد مر جانا چاہئے ؟

مسٹر سپیکر - یہ پوائنٹ آف آرڈر نہیں ہے -

وزیر صحت - ڈسچارج نہیں کیا گیا بلکہ انکی خود یہ خواہش تھی کہ انکو ہسپتال سے رخصت کردیا جائے جہاں تک میری اطلاع ہے اور صحیح اطلاع ہے اور میرے پاس انکا تحریری ثبوت موجود ہے اگر اختر صاحب چاہیں تو وہ دیکھ سکتے ہیں ۔

مسٹر سپیکر - کیا آپ کے پاس انکی تحریر ہے ؟

Malik Muhammad Akhtar : If there is any evidence, it can be read out in the House. It may be produced, Sir, and I will not press the motion.

وزیر صحت - میرے پاس اسوقت وہ تحریری ثبوت نہیں ہے لیکن میں کل دکھا سکتی ہوں ۔

مسٹر سپیکر - لیکن ملک صاحب کیا آپ بیگم صاحبہ کے اس بیان سے مطمئن نہیں ہیں ؟

Malik Muhammad Akhtar : My information is correct. Let the evidence be produced Sir.

Mr. Speaker : Alright, we will take up this adjournment motion tomorrow, and the rest of the adjournment motions will also be taken up tomorrow.

(*At this stage Mr. Senior Deputy Speaker, Syed Yusuf Ali Shah, took the Chair*).

ORDINANCES

THE WEST PAKISTAN INDUSTRIAL AND COMMERCIAL EMPLOYMENTS (STANDING ORDERS) ORDINANCE, 1968

(*resumption of discussion*)

Mr. Senior Deputy Speaker : The House will now resume discussion

on the motion that the Assembly do approve of the West Pakistan Industrial and Commercial Employment (Standing Orders) Ordinance, 1968. Mr. Hamza was on his legs when the House rose for the day yesterday. The Member may please continue with his speech.

مسٹر حمزہ (لائلپور - ۶) - جناب سپیکر - کل میں یہ عرض کر رہا تھا کہ یہ ہنگامی قانون کارخانہ داروں اور کاروباری لوگوں کیلئے اور انکے ناجائز مفادات کے تحفظ کیلئے جاری کیا گیا ہے - میری ایک تقریر کے جواب میں جناب وزیر محنت نے یہ فرمایا تھا کہ اس ہنگامی قانون کی دفعہ ۸ کے تحت انتظامیہ کو جو انتہائی وسیع اور بے تحاشا اختیارات دئے جا رہے ہیں انکی غرض و غایت یہ ہے کہ جنگ کے دوران کارخانہ داروں یا کاروباری اداروں کے مالکان کو ان احکامات کا پابند نہیں کیا جا سکتا میں نے جواب میں یہ عرض کیا تھا کہ اس ملک کی انتہائی بدقسمتی ہے کہ ہماری حکومت نے یا حکمرانوں نے بے سوچے سمجھے جنگ لڑی - اور بلا مقصد لڑی -

وزیر محنت (ملک اللہ یار خان) - پوائنٹ آف آرڈر - جنگ لڑنا چاہئے تھی یا نہیں لڑنا چاہئے تھی - یہ مسئلہ زیر بحث نہیں ہے یہ غیر ضروری ہے - میں معزز رکن کی خدمت میں یہ درخواست کروں گا کہ وہ اس سے پرہیز کریں -

مسٹر حمزہ - جناب سپیکر - میں اسی کے بارے میں عرض کر رہا ہوں جو کچھ جناب وزیر فرمانے رہے ہیں -

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر - حمزہ صاحب آپ relevant نہیں تھے -

مسٹر حمزہ - جناب سپیکر - میں یہ عرض کر رہا تھا کہ اس جنگ کا ثمر ہمارے عوام کو نہیں بلکہ ہماری حکومت نے عوام کو کچلنے کی صورت میں حاصل کیا ہے حکومت کو اس جنگ سے بہانہ مل گیا اور وہ عوام کو کچلنے لگ -

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر - حمزہ صاحب آپ کو relevant ہونا چاہئے -

مسٹر حمزہ - جناب سپیکر - وہ مزدور جو اتفاق سے سابقہ فوجی تھے انکے لئے حکومت نے جنگ کے ایام میں محاذ پر فرائض سرانجام دینے کیلئے احکامات جاری کئے اور وہ حکومت کے احکامات کے تحت اپنے ملک و قوم کی خدمت کیلئے فرائض انجام دینے لگے اور یہ احکامات حکومت کی ایک واضح پالیسی کے تحت تحریری طور پر جاری کئے گئے تھے کہ وہ مزدور جو کہ جنگ میں حصہ لیں گے انکی تنخواہ میں جو فرق ہوگا وہ تنخواہ جو کہ وہ بحیثیت مزدور حاصل کر رہے تھے اور وہ تنخواہ جو کہ انہیں بحیثیت سپاہی یا مختلف عہدوں پر جن پر وہ کام کرتے رہے مل رہی تھی اگر اسمیں کوئی فرق ہوگا تو اسے کارخانہ دار اور مالکان ادا کریں گے - لیکن ان احکامات کے باوجود کارخانہ داروں اور کاروباری اداروں کے مالکوں نے انکو وہ رقم ادا نہیں کی - میں وزیر محنت کو یہ چیلنج کرتا ہوں کہ وہ ستم رسیدہ افراد جنکے حقوق سلب کئے گئے اور محض اس جرم میں سلب کئے گئے کہ انہوں نے قوم و ملک کی خدمت کیلئے اپنی جان پیش کی ان کے بیشتر مقدمات آج صنعتی اداروں کے سامنے پیش ہیں اور محکمہ محنت انکی امداد کو نہیں آیا - مجھے علم نہیں کہ اس ملک میں صوبائی خود مختاری کہاں ہے آپ کو علم ہوگا کہ موجودہ نظام کے تحت گورنر جناب صدر کا ایک نامزد کردہ فرد ہوتا ہے - مغربی پاکستان اسمبلی میں جب بعض قوانین اور ترمیمی قوانین یا مسودات قانون پیش کئے گئے تو حکومت کی جانب سے یہ اعتراض کیا جاتا رہا کہ ہم مشرقی اور مغربی پاکستان میں ایک ہی قسم کے قوانین چاہتے ہیں اور اسی بناء پر ہماری حکومت نے ان ترمیمی قوانین کی مخالفت کی بلکہ ان کو ردی کی ٹوکری میں پھینک دیا -

وزیر محنت - کون سے قوانین ؟

مسٹر حمزہ - بہت سے قوانین جو کہ مغربی پاکستان اسمبلی کے دائرہ اختیار میں تھے اگر انکو ہمنے ترمیم کرنیکی کوشش کی تو حکومت کی جانب سے یہ اعتراض کیا گیا کہ مرکزی حکومت یہ چاہتی ہے کہ ایک ہی قسم کے قوانین مشرقی اور مغربی پاکستان میں رائج ہوں - میں نہیں سمجھتا کہ جبکہ ۱۹۶۰ء کے احکامات جاریہ مشرقی اور مغربی پاکستان میں ایک ہی تھے اور ایک ہی بنیاد پر جاری کئے گئے تو پھر ہماری حکومت نے اس سلسلے میں مشرقی پاکستان کی حکومت کی نقل کرنے کی کوشش کیوں نہیں کی اور اسکی محض ایک ہی وجہ ہے کہ مغربی پاکستان کی حکومت مشرقی پاکستان کی حکومت سے زیادہ سنگدل ثابت ہوئی ہے اور مزدوروں اور محنت کشوں کے مفادات سے بالکل بے نیاز ہے -

جناب سپیکر - جب میں نے دفعہ ۸ کے تحت اختیارات دینے پر اعتراض کیا تو جناب وزیر محنت نے فرمایا کہ جنگ میں ایسے حالات پیدا ہو جاتے ہیں کہ اس قسم کے اختیارات انتظامیہ کو دئے جائیں لیکن میں جناب وزیر محنت کی اطلاع کیلئے عرض کرتا ہوں کہ منگلا بند کئی سال زیر تعمیر رہا کوئی بھی مزدور قوانین جنکے بارے میں آپ کا فرمان ہے کہ مزدوروں کے حقوق کی حفاظت کیلئے انکو نافذ کیا گیا یا جاری کیا گیا وہاں پر لاگو نہ تھا - جناب سپیکر - آپ کو یہ بھی علم ہوگا کہ منگلا کی مقررہ وقت سے ایک سال قبل تعمیر ہونیکی وجہ سے غیر ملکی ٹھیکیداروں کو حکومت نے کروڑوں روپے بونس کی صورت میں دیئے لیکن وہ کروڑوں روپے محض ٹھیکیداروں نے وصول کئے - مزدور تہی دامن رہے - حالانکہ منگلا بند تعمیر کرتے ہوئے بیسیوں مزدور ہلاک اور زخمی ہوئے تھے ان کی محنت شاقہ سے یہ بند تعمیر

ھوا لیکن اس کا تمام ثمرہ غیر ملکی ٹھیکیدار لے گئے ۔ ھماری حکومت نے ان قوانین کو وھاں نافذ کرنا یا لاگو کرنا پسند نہیں کیا اور اس طرح واپڈا کا ادارہ بہت بڑا ھے ۔ اور میرے اندازے کے مطابق ھزاروں مزدور اس کے ماتحت کام کرتے ھیں ۔ لیکن محکمہ محنت کا کوئی بھی قانون واپڈا پر لاگو نہیں اور یہی حال سٹیٹ بینک ۔ نیشنل بینک اور دوسرے بہت سے اداروں کا ھے ۔ جناب سپیکر ۔ جیسا کہ کل میں نے ضمناً عرض کیا تھا کہ سرمایہ دار با رسوخ ھوتا ھے اور اس کا با رسوخ ھونا ایک قدرتی امر ھے اور اس کے ساتھ ساتھ یہ غریب مزدور یا محنت کش اگر منظم ھو کر اپنے حقوق کو حاصل کرنے کے لئے جدوجہد کرتے ھیں تو حکومت کی جانب سے احکامات جاری ھو جاتے ھیں کہ یہ کاروباری ادارہ یا کارخانہ کو Essential Services Maintenance Act of 1952 کے تحت اس کو لازمی قرار دیا گیا ھے اور اس میں کام کرنے والے افراد کو وہ حقوق حاصل نہیں ھیں جو کہ دوسرے اداروں میں (سرکاری یا غیر سرکاری اداروں میں) محنت کرنے والوں کو حاصل ھوتے ھیں ۔ مندرجہ بالا ایکٹ کی دفعہ ۷ ۔ الف میں یہ درج ھے ۔ میں اس کا انگریزی ترجمہ پڑھ کر سناتا ھوں ۔

"The provisions of this Act shall have effect notwithstanding to the contrary contained in the Trade Unions Act, 1926 or the Industrial Disputes Ordinance, 1959, or any other law."

جناب سپیکر ۔ اس کا مطلب یہ ھے کہ جس کاروباری ادارے کو یا صنعت کو لازمی قرار دیا جائے اس میں محکمہ محنت کے تمام کے تمام قوانین معطل ھو کر رہ جاتے ھیں ۔ میں جناب وزیر محنت سے یہ دریافت کرتا ھوں کہ ایک جانب تو آپ نے یہ فرمایا ھے کہ ھم ان لوگوں کے حقوق کی حفاظت کے لئے پریشان نہیں ھیں کیونکہ سرکاری اداروں میں سروس کانڈیکٹ رولز

لاگو ہوتے ہیں ۔ بقول ان کے ان کے حقوق عام مزدوروں کے مقابلہ میں زیادہ ہیں ۔ میں ان سے دریافت کرتا ہوں کہ آپ نے غیر سرکاری اداروں کے ہزاروں مزدوروں اور محنت کشوں کو اس قانون کی حفاظت سے کیوں محروم کیا ان کا کیا گناہ تھا اور کیا یہ تمام کے تمام ادارے جنکو آپ نے اس قانون سے مستثنیٰ قرار دیا ہے جنگ کے ایام میں کام کر رہے تھے حالانکہ ان کو جنگ سے پہلے یا بعد مستثنیٰ قرار دیا گیا ۔ جناب سپیکر حکومت کے طرز عمل سے یہ حقیقت پایہ ثبوت کو پہنچ جاتی ہے کہ حکومت محض جنگ کو بطور ڈھال کے استعمال کرتی ہے حکومت جنگ سے پہلے یا بعد مزدوروں کو کچلنے کی پالیسی پر عمل پیرا ہے ۔ لوگوں کو دھوکہ دینے کے لئے اخبارات میں بیان جاری کر دیتی ہے یا پھر ایوان میں اس قسم کے ہنگامی قوانین لے آتی ہے ۔ جناب سپیکر ۔ اس کے ساتھ ساتھ میں جناب وزیر محنت کی توجہ Payment of Wages Act of 1936 کے سب سیکشن ۲ (٦) کی طرف دلاتا ہوں ۔ میرے خیال میں ان کو یہ علم ہوگا کہ اس دفعہ کے تحت مزدوروں یا محنت کشوں کو گریچوئٹی یا پراویڈنٹ فنڈ دیا جاتا ہے وہ تنخواہ کا حصہ تصور نہیں کیا جاتا اور اگر مالکان کارخانہ کے ساتھ مزدوروں کا ان کی وصولی کی بابت جھگڑا ہو جائے تو ان کو دیوانی عدالت کا دروازہ کھٹکھٹانا پڑتا ہے اور دیوانی عدالتوں کے دروازوں پر جانے کے لئے مزدوروں کے لئے کورٹ فیس کا ادا کرنا انتہائی کٹھن مرحلہ ہوتا ہے ۔ اور اگر ایک مزدور کو ایک کارخانہ دار سے مقدمہ بازی کرنی پڑے تو آپ جانتے ہیں کہ پلہ کس کا بھاری ہوگا ۔ ان حالات میں مزدور کے حقوق کی حفاظت کیسے کی جا سکتی ہے ۔ جناب وزیر محنت نے کل ہماری تقاریر کا جواب دیتے ہوئے یہ فرمایا تھا کہ اب متواتر ۹ مہینے کام کرنے والے مزدور کو مستقل قرار دیدیا ہے وہ اس سے یہ ثابت کرتے ہیں کہ اس سے مزدوروں کو فائدہ پہنچا ہے لیکن میں یہ

کہتا ہوں کہ مستقل ملازم کی کوئی حیثیت نہیں بلکہ مستقل ملازم کا کوئی وجود نہیں ہے ۔ ان احکامات جاریہ میں یہ دیا گیا ہے کہ کسی مستقل ملازم کو وجہ بتائے بغیر ایک ماہ کا نوٹس یا ایک ماہ کی تنخواہ دیکر نوکری سے علیحدہ کیا جا سکتا ہے اور وہ مزدور جو اس سے متاثر ہوگا اس کے پاس چارہ جوئی کے لئے کوئی راستہ نہیں وہ کسی جگہ سے انصاف حاصل نہیں کر سکتا بلکہ اس کے لئے صنعتی عدالتوں کے دروازے بھی بند ہیں ۔ یہ قانون اس حد تک ظالمانہ ہے کہ جب ایک مزدور ایک ادارے میں ۲۰ سال کام کرے یا کام کرتا رہے آپ نے اس قانون میں یہ گنجائش رکھی ہے کہ اس کو ایک ماہ کا نوٹس دے کر علیحدہ کیا جا سکتا ہے ۔ مزدوروں کے ساتھ مذاق کرنے کے سوا اس قانون کی کوئی حیثیت نہیں ۔ جناب سپیکر ۔ ایک جانب تو وزیر محنت یہ فرماتے ہیں کہ ہم نے سرکاری اداروں میں کام کرنے والے افراد کے حقوق کی حفاظت کی ہے کیونکہ وہاں سروس کانڈیکٹ رولز لاگو ہیں لیکن اس کے ساتھ ہی ساتھ ان کو یہ علم ہوگا کہ سرکاری اداروں میں کام کرنے والے افراد کو منظم ہونے کے حق سے محروم کیا گیا ہے اور وہ افراد جو سرکاری اداروں میں کام کرتے ہیں وہ اپنے حقوق کو حاصل کرنے کے لئے اپنی تکالیف کا ازالہ کرنے کے لئے صنعتی عدالتوں کے سامنے اپنے مقدمات نہیں لیجا سکتے ۔ اور حکومت کے رحم و کرم پر ہوتے ہیں اور حکومت سروس کانڈیکٹ رولز جس طرح استعمال کرتی ہے اس کا علم آپ کو اچھی طرح ہوگا ۔ میں جناب وزیر محنت کی توجہ محکمہ تعمیرات کی ورکشاپ کے work-charged, contingent staff, casual labour کی حالت زار کی طرف دلاتا ہوں ۔ کیا ان کو یہ علم نہیں ہے کہ اس سرکاری محکمہ میں کام کرنے والے افسر لوگ لاکھوں روپیہ بطور رشوت کے اکٹھا کرتے ہیں اس محکمہ کے ورک چارج contingent سٹاف جو کہ کئی سال سے کام کر

رہا ہے ان کو کوئی تحفظ حاصل نہیں ہے ۔ ان کے ملازموں کو کوئی تحفظ حاصل نہیں ہے اور آپ کا یہ قانون ان کے لئے کوئی خوشگوار تبدیلی نہیں لا سکا ۔ یہی حال محکمہ آبپاشی میں کام کرنے والے اس قسم کے مزدوروں کا ہے ۔ میں جناب وزیر محنت سے یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ آپ نے ان بے شمار مزدوروں کے لئے جو آپ کے سرکاری محکموں میں کام کرتے ہیں کو حقوق دلانے کے لئے محنت کیوں نہیں کی ۔ جناب سپیکر ۔ کیفیت تو یہ ہے کہ اس قانون میں بے ضابطگی کی تعریف میں ایک مزدور کا سست روی اختیار کرنا یا ہڑتال پر جانا بھی شمار کیا گیا ہے جو اس سے پہلے اس میں شامل نہ تھا ۔ جناب وزیر محنت کے نزدیک مزدور کے لئے قانون کی حدود و قیود میں رہ کر اپنے مطالبات منوانے کے لئے سست روی اختیار کرنا یا ہڑتال پر جانا ایک سنگین جرم ہے ۔ میں جناب وزیر محنت سے پوچھتا ہوں ۔ سنا گیا ہے کہ ہمارے اس ملک کے تعزیرات کے قوانین کا ایک مسلمہ اصول ۔ ایک تسلیم شدہ ، مسلمہ اور زرین اصول یہ ہے کہ کسی شخص پر کسی قانون کا زمانہ ماسبق سے اطلاق نہ ہو اسے اس کے سابقہ افعال یا قانون شکنی کی سزا نہیں دی جا سکے گی ۔ اسی طرح اگر کوئی مزدور آج قانون شکنی کرتا ہے (اگرچہ میں اسے قانون شکنی نہیں سمجھتا) ہماری حکومت اسے قانون شکنی تصور کرتی ہے حالانکہ یہ مہذب دنیا کے تسلیم شدہ زرین اصول انصاف کے خلاف ہے ۔ مزدور کا یہ حق تسلیم شدہ ہے کہ وہ اپنے مطالبات منوانے کے لئے اپنے حقوق حاصل کرنے کے لئے ہڑتال اور سست روی اختیار کرے ۔ ہماری حکومت نے بین الاقوامی ادارۂ محنت (انٹرنیشنل لیبر آرگنائزیشن) کی کنونشن کی توثیق کی ہے ۔ لیکن اس کے باوجود وہ ان مزدوروں کو جائز حقوق دینے کے لئے تیار نہیں ۔ آپ کا رویہ یہ ہے کہ ان احکامات میں جو کہ حکومت کی جانب سے جاری کئے گئے ہیں جن کا ڈھنڈورا پچھلے سات آٹھ سال سے پیٹا جا رہا ہے ،

ان میں بے ضابطگی کی تعریف میں سست روی اور ہڑتال کو بھی شامل کر دیا گیا ہے ۔ اور سب سے بڑھ کر ظلم یہ ہے کہ ایک مزدور جو اپنے حقوق حاصل کرنے کے لئے سست روی اختیار کرتا ہے یا ہڑتال کر دیتا ہے ۔ اسے گریچوئٹی کے حق سے بھی جو کہ اسے سابقہ خدمت کے عوض میں ملنا تھا محروم کر دیا گیا ہے ۔ جناب وزیر محنت نے ان سٹینڈنگ آرڈرز یا احکامات جاریہ میں مندرجہ ۱۶ نمبر حکم پڑھا ہوگا ۔ اس میں یہ واضح طور پر دیا گیا ہے کہ وہ اہلکار جو بے ضابطگی کا مرتکب ہوگا اس کی گریچوئٹی بھی ضبط کر لی جائیگی ۔ کیفیت یہ ہے کہ اگر ایک کارخانہ دار اپنے ملازم کو بے ضابطگی کا مرتکب گردانتا ہے تو ان احکامات میں اسے یہ اختیار دیا گیا ہے کہ وہ اس فرد کو ، اس غریب کو ، اس محنت کش کو ، اس کمزور انسان کو جو کہ اس دنیا میں بے سہارا ہے کان سے پکڑ کر ملازمت سے علیحدہ کر دے ۔ چاہے وہ اس ادارے کا پچھلے بیس سال کا خادم ہی کیوں نہ ہو ۔

جناب سپیکر ۔ جناب وزیر محنت یہ فرما سکتے ہیں کہ ہمارے اس قانون میں یہ گنجائش رکھی گئی ہے کہ اس سے متاثر ہونے والے محنت کش کو نوٹس دیا جائے گا ۔ اس کی جواب طلبی کی جائے گی ۔ وہ عذر داری کر سکتا ہے ۔ وہ پیش ہو کر معروضات پیش کر سکتا ہے اس کے بعد ہی اس قسم کے احکام جاری کیے جائیں گے ۔ میں جناب وزیر محنت سے یہ دریافت کرتا ہوں کہ کیا وہ عذر داری جناب وزیر محنت کے سامنے پیش ہوگی یا ان کی مقرر کردہ صنعتی عدالت کے سامنے ۔ مجھے افسوس کے ساتھ یہ کہنا پڑتا ہے کہ بجائے اس کے کہ وہ کسی غیر جانب دار فرد یا ادارہ کے سامنے یہ عذر داری پیش کرے جو صنعتی عدالت ہی ہوسکتی ہے ۔یہ عذر داری یا جواب اس کارخانہ یا کاروباری ادارے کے مالک کے سامنے پیش کی جائے گی آپ جانتے ہیں جو آدمی خود ہی الزام لگانے والا ہو اور خود ہی منصف

ہو اس سے انصاف حاصل نہیں ہوسکتا ۔ جناب وزیر محنت نے یہ بہت ہی اچھا ہنگامی قانون اس ایوان میں پیش کیا ہے ۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ اس قسم کا قانون ہے جوکہ پاکستان جیسےمہذب ملک ہی میں پیش کیا جا سکتا ہے ۔کل جناب خواجہ محمد صفدرصاحب نے میرے قابل صد احترام لیڈر نے وزیر محنت کو جو لقب دیا تھا کہ وہ اس ایوان میں یا اس سے باہر مزدوروں ، محنت کشوں ، کمزوروں اور افلاس زدہ یا غریب انسانوں کی نمائندگی نہیں کرتے بلکہ کارخانہ داروں کی نمائندگی کرتے ہیں ۔ ان کے ناجائز حقوق کی حفاظت کرتے ہیں ۔ میں سمجھتا ہوں انہوں نے یہ لقب بہت ہی موزوں اور مناسب دیا تھا اور میں ان کو مبارک باد پیش کرتا ہوں ۔

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ ۔ ۱) ۔ جناب والا ۔ گذشتہ تین روز سے ان احکام جاریہ سے متعلق ہنگامی ترامیم کی شکل میں یا اس کے بعد محترم حمزہ صاحب کی تقریر کے دوران یہ ثابت کرنے کی کوشش کی گئی ہے کہ یہ احکام جاریہ درحقیقت کسی لحاظ سے بھی محنت کشوں اور مزدوروں کے حقوق کی حفاظت نہیں کرتے ۔ بلکہ ان کے حقوق کو پامال کرتے ہیں ۔ جو باتیں اس ایوان میں کہی جا چکی ہیں میں ان کا اعادہ قطعی طور پر مناسب نہیں سمجھتا ۔ صرف دو تین باتیں عرض کرنے پو اکتفا کروں گا ۔ سب سے پہلے یہ کہ کل میرے واجب الاحترام دوست جناب وزیر محنت صاحب نے یہ ارشاد فرمایا تھا کہ اس آرڈیننس کو موجودہ شکل میں نافذ کرنے کی وجہ یہ تھی کہ ہم ایک لمحہ بھی تاخیر گوارہ نہیں کر سکتے تھے ۔ کیونکہ تاخیر کے نتیجہ کے طور پر اس صوبہ کے مزدوروں کو نقصان پہنچنے کا اندیشہ تھا ۔

اسی ضمن میں انہوں نے مثال دیتے ہوئے لانڈی کی ربر اینڈ ٹائرز کمپنی کے متعلق کہا تھا کہ اس کمپنی نے اڑھائی تین سو مزدوروں کو ملازمت

سے ہٹا دیا ۔ اگر یہ قانون نافذ نہ ہوتا ان کو وہ مراعات جو اس قانون کے ذریعے آج ملی ہیں نہ ملتیں ۔ میں بصد ادب ان کی خدمت میں گذارش کروں گا کہ جہاں تک مجھے علم ہے جب سے محترم وزیر محنت صاحب نے وزارت محنت کا قلم دان سنبھالا ہے تب سے وہ کراچی سے لے کر پشاور تک مختلف تقاریب میں ۔ مختلف اجتماعات میں نہایت فخر سے یہ ارشاد فرماتے رہے ہیں کہ ہم محنت کشوں کی فلاح و بہبود کے لئے نئے قوانین اس صوبہ میں نافذ کرنے والے ہیں ۔ یہ بات کم از کم تین سال کے طویل عرصہ سے سن رہا ہوں ۔ کیا میں ان کی خدمت میں یہ گزارش کر سکتا ہوں یا کیا میں ان سے یہ پوچھ سکتا ہوں کہ وہ کون سی وجوہات تھیں ۔ وہ کون سے واقعات تھے جس کی وجہ سے وہ تین سال تک صبر سے ۔ اطمینان سے بیٹھے رہے صرف گاہے گاہے مہینہ میں ایک آدھ بار یہ مژدہ سناتے رہے کہ ایسے قوانین آ رہے ہیں لیکن کیا آپ نے اپنی محکمانہ مشینری کو اپنے اس دعوے کے مطابق اسے جلد از جلد نافذ کرنے یا اس بسرعت تمام اس قانون کو آخری شکل دینے کی ہدایات جاری کی تھیں ۔ اگر کی تھیں تو اس کے نتیجہ میں تین سال یا اس سے زیادہ لمبا عرصہ کیوں صرف ہوگیا ۔ اگر تین سال تک وزیر محنت صاحب اطمینان سے بیٹھے رہے اور اس قانون کا مسودہ تیار کراتے رہے یا اس کی نوک پلک درست کرتے رہے تو کیا پھر وزیر محنت کو یہ زیب دیتا ہے کہ اپنی تین سال کی سستی اور کم کوشی کے باوجود اس طرح ہم پر قانون مسلط کریں کہ وہ چند دنوں تک یا ایک مہینہ یا ڈیڑھ مہینہ کے لیے مزید صبر نہ کر سکیں اور صبر کا دامن ان کے ہاتھ سے اس طرح چھوٹ جائے کہ وہ اس قانون کو ایک ہنگامی قانون کی شکل میں صوبے میں نافذ کر دیں ۔

جناب والا ۔ حقیقت یہ ہے کہ اس کی اصل وجہ یہ نہیں ہے کہ محترم

وزیر محنت کا یہ خیال تھا کہ جلد از جلد یہ قانون نافذ کیا جائے اگر ایسا ہوتا تو تین سال تک کبھی یہ چین سے نہ بیٹھتے ۔ بلکہ اس کی اصل وجہ یہ ہے کہ یہ حکومت اپنے خود بنائے ہوئے آئین کو ایک ردی کے کاغذ کے برابر وقعت نہیں دیتی ۔ اس آئین میں یہ درج ہے کہ اس صوبہ کے قوانین یہ معزز ایوان وضع کرے گا یہ معزز ایوان معرض وجود محض اور محض اس ہی لیے لایا گیا تھا کہ چند اور ذمہداریوں کے علاوہ ۶ کروڑ افراد جو اس صوبہ میں بستے ہیں ان کے لیے قوانین وضع کرے ۔ لیکن اس حکومت کو یہ کسی طرح بھی گوارا نہیں کہ قانون سازی کرنا جو کہ اس ایوان کے اولین فرائض میں ہے وہ یہ ایوان ادا کرے ۔

Minister for Law : Question !

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب والا ۔ میں ابھی ثابت کرتا ہوں ۔ میرے فاضل اور محترم دوست وزیر قانون صاحب ارشاد فرماتے ہیں کہ یہ درست نہیں ہے ۔ اس آئین میں یہ درج ہے کہ جہاں اس معزز ایوان کا اولین فرض ہے کہ وہ قانون سازی کرے وہاں جناب گورنر صاحب کو مخصوص اور ہنگامی حالات میں یہ اختیار دیا گیا ہے کہ وہ اس ایوان کی جانب سے قانون سازی کر لیں ۔ لیکن کس طرح جب کہ حالات اس صوبہ یا اس ملک کے مفاد کے مدنظر ناگزیر ہوں اور اس بات کے متقاضی ہوں کہ فوری طور پر قانون نافذ کیا جائے اور اسمبلی کو بلانے یا اس کے مل بیٹھنے کا انتظار نہ کیا جائے ۔ کیا میں جناب وزیر محنت صاحب اور محترم وزیر قانون صاحب سے یہ دریافت کرسکتا ہوں کہ وہ کون سے حالات تھے جن حالات کے تحت یہ مجبوری ہوئی کہ جناب وزیر محنت صاحب نے جناب گورنر صاحب کو مشورہ دیا کہ فوری طور پر اس صوبہ میں ایک ہنگامی قانون کی صورت میں یہ قانون نافذ کیا جائے ۔ کیا وہ بھول گئے کہ وہ خود تین سال تک اس

قانون پر پڑے سوئے رہے ۔ شائد یہ قانون ان کے تکیہ کے نیچے تین سال کے طویل عرصہ تک پڑھا رہا ۔ یکایک ان کو خیال آیا کہ یہ معزز ایوان اپنے اختیارات درست طور پر استعمال نہ کر لے ۔ اور انہوں نے ایک ہنگامی قانون نافذ کر دیا ۔ اس گورنمنٹ کو ، اس حکومت کے ارباب اقتدار کو اختیارات کی اتنی بھوک ہے کہ وہ سیر نہیں ہو سکتے ۔ ان کی بھوک مٹ نہیں سکتی اس لیے وہ ایسا راستہ نکالتے ہیں جس کے ذریعے اس قسم کے قوانین کو ہنگامی قانون کی شکل دے دی جائے ۔

جناب والا ۔ میں مانتا ہوں کہ ۱۹۵۶ء کے آئین میں بھی دفعہ ۸۶ موجود تھی جس کے ذریعہ یا جس کے تحت جناب گورنر صاحب نے یہاں ہنگامی قوانین نافذ کئے ہیں ۔ باوجود اس بات کے میرے نزدیک وہ آئین اس سے کہیں کہیں زیادہ بہتر تھا اور عوام کی امنگوں اور خواہشات کے مطابق تھا اور میں ان لوگوں میں سے ہوں جو یہ چاہتے ہیں کہ اس آئین کو بحال کیا جائے ۔ انڈیا ایکٹ ۱۹۳۵ء میں بھی اس قسم کی شق موجود تھی لیکن وہ شق محض اس لیے رکھی جاتی تھی کہ کبھی کبھے کبھے سال میں کبھی ایک آدھ بار کبھی دو تین سال بعد ایسے ہنگامی حالات پیدا ہو جائیں تو ہنگامی قانون نافذ کیا جائے ۔ یہ بڑی واضح اور صاف بات ہے کہ اس قانون کا نام ہی ہنگامی قانون ہے ۔ ہمیشہ ہم کہتے چلے آئے ہیں کہ جب ہنگامی حالات ہوں پھر گورنر صاحب یہ اختیارات استعمال کریں ۔

مسٹر حمزہ ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ ہنگامی حالات میں کیا کوئی شک و شبہ ہے ۔ ملک میں ہنگامی حالات مسلط اور ٹھونسے گئے ہیں ۔

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر ۔ یہ کوئی پوائنٹ آف آرڈر نہیں ہے ۔

خواجہ محمد صفدر - جناب والا - جس آئین کو میں بہتر سمجھتا ہوں اس میں بھی یہ شق موجود تھی لیکن وہ استعمال کیسے ہوتی تھی - میں اس کے متعلق وزیر محنت صاحب کی خدمت میں نہایت ادب کے ساتھ اعداد و شمار پیش کرنے چاہتا ہوں - میں پہلے کچھ سالوں کے سابقہ صوبہ پنجاب اور اس کے بعد مغربی پاکستان کے اعداد و شمار پیش کروں گا - ۱۹۵۱ء سے پہلے آپ کو معلوم ہے کہ سابقہ صوبہ پنجاب میں گورنری راج تھا اس لیے وہ عرصہ غیر متعلقہ ہے اور میں اس دوران کے اعداد و شمار پیش نہیں کر سکتا - ۱۹۵۸ء سے ۱۹۶۲ء تک کے اعداد و شمار بھی پیش نہیں کروں گا کیوں کہ اس وقت بھی اسمبلی نہ تھی میں اس وقت کے اعداد و شمار پیش کروں گا کہ جس وقت اسمبلی موجود تھیں اور موجودہ گورنر صاحب یا سابقہ گورنر صاحب کس طور پر اپنے اختیارات استعمال کرتے رہے ہیں آیا درست طور پر اختیارات استعمال کرتے رہے ہیں - یا نا درست طور پر استعمال کرتے رہے ہیں اسی چیز کو میرے دوست نے چیلنج کیا ہے -

سابقہ پنجاب میں ۱۹۵۱ء میں تین آرڈیننس پیش ہوئے یا جاری کیے گئے - ۱۹۵۲ء میں ایک - ۱۹۵۳ء میں دو - ۱۹۵۴ء میں تین اور اب ۱۹۵۵ء میں دو صورتیں پیدا ہوگئیں - ایک تو پنجاب کی اور پھر اس کے تین چار ماہ بعد جب وحدت مغربی پاکستان معرض وجود میں آ گئی - تو اس وقت اس صورت میں چوں کہ اسمبلی کچھ عرصہ کے لیے prorogue بھی رہی تھی اس لیے اس عرصہ میں سابق پنجاب میں چھ اور مغربی پاکستان میں تین آرڈیننس جاری کیے گئے - ۱۹۵۶ء اور ۱۹۵۷ء میں کوئی آرڈیننس جاری نہیں ہوا - اس کے بعد ۱۹۶۲ء سے ۱۹۶۸ء تک آ جائیے - تو ۱۹۶۲ء کے چھ ماہ میں پانچ - ۱۹۶۳ء میں چوالیس - ۱۹۶۴ء میں چھبیس - ۱۹۶۵ء میں چالیس - ۱۹۶۶ء میں انیس -

۱۹۶۷ء میں بارہ اور سال رواں میں اب تک سات آرڈیننس جاری کیے گئے ۔ اب اگر اس کے بعد میرے محترم دوست جناب وزیر قانون یہ ارشاد فرمائیں کہ میں نے جو گزارشات پیش کی ہیں ان میں کوئی شک و شبہ ہے تو یہ ان کی مرضی ہے ۔ میں تو ثبوت کے طور پر اعداد و شمار پیش کر رہا ہوں کہ آج صورت حال یہ ہے کہ آئین کی رو سے جو اختیارات اسمبلی کو حاصل ہیں وہ گورنر صاحب کے قبضے میں چلے گئے ہیں اور قانون سازی کے جو محدود اختیارات گورنر صاحب کو حاصل تھے ۔ وہ اس اسمبلی کو منتقل کر دئیے گئے ہیں ۔ یعنی ہم نے آپس میں پوزیشن تبدیل کر لی ہے قانون سازی کے اختیارات بالکل الٹ ہوگئے ہیں ۔ میں پیشتر عرض کر چکا ہوں کہ ہنگامی قانون نافذ کرنےکا اختیار ۱۹۲۱ء - ۱۹۳۵ء اور ۱۹۵۶ء کے قوانین میں بھی تھا ۔ دراصل قانون میں بذات خود کوئی برائی نہیں ہوتی بلکہ برائی اس کو نافذ کرنے والوں میں ہوتی ہے ۔ ایک آدمی ایک قانون کو صحیح طور پر چلاتا ہے اور اس کا نفاذ درست طور پر کرتا ہے لیکن جب اس آدمی کی جگہ دوسرے لوگ آ جاتے ہیں تو وہ اسی قانون کو غلط طور پر استعمال کرتے ہیں ۔ ایک آدمی وہ ہوتا ہے کہ جو ہنگامی حالات کے باوجود اس اسمبلی پر اعتماد کرتے ہوئے اس اختیار کو درست طریقے پر استعمال کرتا ہے تاکہ انتظامیہ کے سربراہ بھی اپنا کام درست طور پر کرتے رہیں ۔ اور اسمبلی بھی اپنے فرائض ٹھیک طور سے انجام دیتی رہی ۔ لیکن آج نہ تو ہماری انتظامیہ خود ہی اپنا کام درست طور پر کر رہی ہے اور نہ ہی اس ایوان کو ہی صحیح طور پر کام کرنے دیتی ہے ۔ انتظامیہ کے اپنے فرائض کا یہ عالم ہے کہ صوبے بھر میں کوئی بھی کام ٹھیک طرح سے نہیں ہو رہا ہے تمام صوبے میں امن و امان کی حالت ابتر ہے ۔ کبھی پٹ فیڈر کے متعلق ہنگامہ ہو رہا ہے تو کبھی بنوں میں کوئی بات پیدا ہو رہی ہے ۔ کبھی

لاهور میں کچھ ہو رہا ہے تو کبھی کسی اور جگہ میں ۔ عجیب سی طوائف الملوکی اور انتشار پھیلا ہوا ہے ۔ حالانکہ اس حکومت کا اولین فرض یہ ہے کہ وہ صوبے میں امن و امان قائم رکھے ۔ لیکن بجائے اس کے کہ وہ وہ اپنے فرائض ٹھیک طور پر انجام دے اس اسمبلی کے فرائض چھینے جاتے ہیں اور اس بھونڈے طریقے سے چھینے جاتے ہیں کہ جس کی کوئی حد نہیں شاید میرے دوستوں کو پہلے سے ہی علم ہو کیوں کہ وہ بڑے عالم فاضل ہیں لیکن پھر بھی میں اسے مناسب خیال کرتا ہوں کہ اس ملک کے بانی بابائے ملت حضرت قائداعظمؒ نے آرڈیننس کے متعلق جو اظہار خیال فرمایا ہے ۔ وہ میں اپنے دوستوں کی خدمت میں پیش کروں ۔ میں آپ کی وساطت سے ان کی ایک تقریر کی تین چار سطریں اس ایوان میں پیش کرنا چاہتا ہوں ۔

جناب والا ۔ آرڈیننس کے متعلق بابائے ملت حضرت قائد آعظمؒ کے خیالات جو انہوں نے ۲۵ اکتوبر ۱۹۳۵ء کو انڈین قانون ساز اسمبلی میں ایک آرڈیننس کے پیش ہونے پر ظاہر کیے تھے ۔ وہ آرڈیننس گورنر جنرل نے جاری کیا تھا اور اس پر بحث میں حصہ لیتے ہوئے بابائے ملت نے ارشاد فرمایا ۔

"The assertion of the existence of the power was hitherto merely a matter of theory."

وہ شروع ہی میں یہ ذکر فرما رہے ہیں کہ آئین کی کتاب میں گورنر جنرل کو یہ اختیار حاصل ہے لیکن وہ یہ ارشاد فرماتے ہیں کہ یہ تو محض ایک علمی سی بات ہے کہ آئین کی کتاب میں یہ بات لکھ دی گئی ہے لیکن اس پر عمل نہیں ہوتا تھا ۔

"The assertion of the existence of the power, which is embodied in section of the Government of India Act, which gives one single man the opportunity to exercise that power, was hitherto

merely a matter to theory. We felt that among other powers of a very autocratic kind, which were given to him, that power was there, but we are face to face today with the enforcement of that power and we are told that the responsibility is not ours."

تو جناب قائد اعظم نے ایک آرڈیننس کے پیش ہونے پر ارشاد فرمایا کہ اگرچہ آئین کی کتاب میں یہ لکھا ہوا ہے کہ گورنر جنرل یہ قانون نافذ کر سکتے ہیں لیکن یہ بالکل ویسا ہی اختیار ہے کہ جیسا اس کتاب میں ان کو دیگر قوتیں ، طاقتیں اور اختیارات حاصل ہیں اور جن پر کبھی بھی عمل نہیں کیا جاتا ۔ وہ ۱۹۴۲ء میں یہ فرماتے ہیں کہ یہ حقیقت پہلی بار ہم پر آشکار ہوئی کہ اس اختیار کو بھی استعمال کیا جا سکتا ہے ۔ تو آرڈیننس کے متعلق حضرت قائد اعظمرح کے یہ خیالات ہیں ۔ لیکن یہاں پر یہ عالم ہے کہ ایک ایک سال میں چالیس چالیس پینتالیس پینتالیس آرڈیننس جاری کیے جاتے ہیں ۔ انہوں نے تو جیسے مشین رکھی ہوئی ہے ۔ ایک آرڈیننس فیکٹری قائم کر رکھی ہوئی ہے ۔ وہ آرڈیننس فیکٹری نہیں جو کہ واہ میں کام کر رہی ہے ۔ ان کو تو توفیق ہی نہیں ہے ۔ اسے تو بنانے والے بنا گئے ہیں ۔ یہ آرڈیننس فیکٹری وہ ہے کہ جس میں یہ حکمران ہنگامی قوانین کی تشکیل کرتے ہیں اور ہر سال دھڑا دھڑ بناتے رہتے ہیں ۔ تو میں یہ عرض کر رہا تھا کہ نہ تو کوئی ایسے حالات پائے جاتے ہیں اور نہ ہی اس بات کی کوئی ضرورت تھی کہ جناب گورنر صاحب یہ ہنگامی قانون جاری کرتے اور اگر اس قسم کا مشورہ جناب وزیر محنت نے ہی جناب گورنر صاحب کو دیا تھا تو یہ انہوں نے حد درجہ غلطی کی ہے اور اس ایوان کے حقوق چھیننے کی انتہائی بری اور ناپاک کوشش کی ہے ۔ اس لیے میں ان سے یہ درخواست کروں گا کہ اگر اس ایوان کے وقار کا کچھ لحاظ ہے ۔ اگر ان کی نظر میں اس ایوان کی کچھ وقعت ہے ۔ تو خدا را وہ اس ایوان کو اپنا کام کرنے دیں ۔ ہوسکتا

ہے کہ وہ اپنے جواب میں یہ فرمائیں کہ اب اس میں کیا فرق رہ گیا ہے - کیوں کہ اب جب ایک آرڈیننس پیش کیا جاتا ہے تو یہ ایوان اس پر بحث کرکے اس میں ترامیم بھی کر سکتا ہے - مجھے بھی یہ تسلیم ہے کہ اب یعنی دسمبر ۱۹۶۶ء کے بعد آئین میں یہ ترمیم کی گئی ہے کہ جو بھی آرڈیننس اس ایوان میں پیش ہو تو اس میں ترمیم کی جا سکتی ہے - لیکن میں بالیقین اور وثوق سے کہہ سکتا ہوں کہ آئین میں اس قسم کی ترمیم لانے کی وجہ یہ نہیں تھی کہ ہمارے ارباب اقتدار عوام کے حقوق سے باخبر تھے یا وہ ان کو ملحوظ خاطر رکھتے تھے یا عوام کی خواہشات کو قبول کرنا ان کے پیش نظر تھا - ایسا ہرگز نہیں تھا - ہمارے ارباب اقتدار تو عوام کو بے شعور - بے عقل اور جاہل سمجھتے ہیں -

Minister for Labour : Question !

خواجہ محمد صفدر - اس لیے وہ بے عقل اور بے شعور لوگوں کو درخود اعتناء ہی نہیں سمجھتے - بلکہ اصل بات تو یہ ہے کہ خود اس حکومت کے کار پردازوں نے یہ محسوس کیا کہ وہ اکثر اوقات اس قسم کے احمقانہ قوانین اس صوبے میں نافذ کرتے ہیں کہ جن میں ترمیم کرنا لازمی ہوتا ہے - اس لیے اپنی حماقتوں پر پردہ ڈالنے کے لیے آرڈیننس میں ترمیم کرنے کی گنجائش پیدا کرنے کے لیے یہ ترمیم لائے - اس لیے یہ ان کا نہ تو اس ایوان پر ہی کوئی احسان ہے - نہ اس ملک پر کوئی احسان ہے اور نہ ہی عوام پر کوئی احسان ہے کہ انہوں نے دسمبر ۱۹۶۶ء میں آئین پاکستان میں ترمیم کرکے ان ہنگامی قوانین کو قابل ترمیم بنا دیا ہے بلکہ میں ان کو یہ یقین دلاتا ہوں کہ ۱۹۵۶ء کے آئین میں اور انگریزوں کے دئیے ہوئے ۱۹۳۵ء کے دستور میں اور ۱۹۲۱ء کے آئین میں یعنی آج سے چھیالیس سال

پہلے ۔ نصف صدی قبل کے آئین میں تو یہ درج تھا کہ جب اسمبلی کا اجلاس طلب کیا جاتا تھا تو ہنگامی قانون اسمبلی کے سامنے ایک بل کی شکل میں پیش کیا جاتا تھا ۔ اس طرح تمام مراحل جس میں سے بل گذرتا ہے ان میں سے ہنگامی قانون بھی گزرتا تھا ۔ خواہ اس کی پہلی خواندگی ہو یا دوسری خواندگی ہو یا تیسری خواندگی ۔ ہنگامی قانون اور عام بل میں پوری پوری مماثلت تھی مگر موجودہ آئین میں ترمیم کے بعد بھی صورت حال ایسی نہیں ۔ حکومت نے اپنی ضروریات کے مطابق اس آئین میں ترامیم کی ہیں ۔ جناب والا ۔ میں اس نقطے کے ساتھ ہی ساتھ یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ نہ صرف ہمارے ارباب اختیار نے اس ایوان کے اختیار یہ ہنگامی قانون نافذ کرکے چھین لیے ہیں ۔ بلکہ وہ اس قسم کا قانون اس صوبے میں نافذ کر رہے ہیں جس سے اس معزز ایوان جسے اس صوبے کا نمایندہ ایوان کہا جاتا ہے کے اختیارات مزید ختم کر رہے ہیں ۔ اس آرڈیننس کو لیجئے دو مقامات اس میں ایسے ہیں جن کے ذریعہ سے اس ایوان کے حقوق اور اختیارات کو مزید چھینا گیا ہے ۔ ایک سیکشن تین ہے جس میں کہا گیا ہے کہ اس قسم کے تجارتی اور صنعتی اداروں کو جسے حکومت پسند کرے ۔ ان کو اس آرڈیننس کی زد میں لایا جا سکے گا ۔ اگر زد سے باہر ہے تو پھر بھی حکومت ان پر اس قانون کا اطلاق کر سکتی ہے ۔

اگر ہمارے ارباب اقتدار کسی وقت بھی اس میں ترمیم کرنے کی ضرورت محسوس کریں تو اس ایوان سے رجوع کرنے کی بجائے وہ خود اس میں ترمیم کر سکتے ہیں اور جن اداروں پر آج یہ نافذ نہیں ان پر اس قانون کا اطلاق کیا جا سکتا ہے حالانکہ اس قسم کی ترمیم کرنے کے لیے حکومت

کو اس معزز ایوان کی منظوری حاصل کرنی چاہیے ۔ مگر وزراء صاحبان کہتے ہیں ہم کیوں بار بار ایوان کے سامنے آئیں ۔ دوسری شق نمبر ۸ ہے ۔ جس میں حکومت کو یہ اختیار حاصل ہے ۔ جس قسم کے بھی ادارے کو جب چاہیں اس قانون سے مستثنیٰ قرار دے دیں ۔ جب بھی حکومت نے اپنے دوست اور لاڈلے کارخانے داروں کو نوازنا ہو تو وہ اس تجارتی ادارے کو جب چاہیں ایک نوٹیفیکیشن کرکے اس قانون سے مستثنیٰ قرار دے دیں ۔ لیکن بعض لوگ یہ بھی کر سکتے ہیں اور خصوصیت سے کر رہے ہیں کہ رشوت لے، کر معاوضہ لے کر حاصل کرکے کسی کارخانہ دار کو یہ رعایت دے دیں اور اسے اس قانون سے مستثنیٰ قرار دے دیں ۔ کیوں کہ میں جانتا ہوں کہ ہمارے وزراء صاحبان بیورو کریسی کے سامنے بے بس ہیں اور وہ ان کے قابو میں نہیں ہیں ۔ دراصل حقیقت یہ ہے کہ اس قسم کے قواعد کار بنائے گئے ہیں جن کی بنا پر ان بے چارے وزراء صاحبان کے پاس یہ اقتدار یہ اختیار ہی نہیں ہے ۔ مجھے ان کی حالت پر رحم آتا ہے ۔ اس لیے اس محکمہ کا عملہ ہر وقت ناجائز فائدہ اٹھا سکتا ہے اور وہ اپنی جیبیں بھر کر کسی کارخانہ کے مزدور کا معاوضہ جو خواہ کتنا ہی قلیل سے قلیل کیوں نہ ہو اس کو اس قانون کے ذریعہ تہی دامن کر دیں گے ۔

جناب والا ۔ میں ایک بات کی طرف آپ کی توجہ دلانا چاہتا ہوں ۔ میری رائے میں یہ ہنگامی قانون ہمارے آئین کے منافی ہے ۔ آئین میں یہ واضح الفاظ میں کہا گیا ہے کہ ہر شخص کو اس بات کی آزادی ہوگی کہ وہ کس جماعت میں شامل ہو جائے یا کوئی جماعت ایسوسی ایشن بنائے ۔ جناب والا میرے خیال میں مناسب ہوگا اور میں متعلقہ آرٹیکل آپ کی خدمت میں اور آپ کی وساطت سے اس ایوان میں پیش کرتا ہوں ۔

Fundamental Rights—Every citizan shall have the right to form associations or Unions subject to any reasonable restrictions imposed by law in the interest of morality or public order.

اب جناب والا ۔ اکثر و بیشتر ہنگامی قانون کے ذریعہ سے ان تمام اداروں کے تمام محنت کش مزدوروں کو جن کا گویا نام ہمارے دوست حمزہ دوست صاحب سے ملتا ہے ۔ خواہ وہ P. W. D. کے ہوں خواہ وہ واپڈا کے ہوں خواہ صوبے کے کسی بھی محکمہ میں کام کرتے ہوں خواہ مرکزی حکومت کے تحت کام کرتے ہوں ان کو مستثنیٰ قرار دے دیں ۔ ان پر یہ قانون لاگو نہیں ہوگا ۔ اگرچہ اس سے پہلے قانون میں ایسا نہیں تھا جب مزدور انجمن یا ٹریڈ یونین معرض وجود میں آئی تو اسے وسیع اختیارات حاصل تھے ۔ یہ حق آئین کے ذریعہ مزدوروں کو ملا ہے ہر قسم کی مزدور یونین بن سکتی تھی ۔ صرف دو شرائط تھیں اور وہ یہ تھیں کہ ایک تو ٹریڈ یونین ایکٹ کے خلاف نہ ہو اور دوسری پبلک آرڈر یا عام نظم و نسق کے خلاف نہ ہو ۔ اب آپ فرمائیے کہ اگر P. W. D. کے ملازمین یا پٹواری یا سکول ٹیچرز اپنی یونین بنائیں تو اس میں کون سی بات خلاف قانون ہے ۔ یا امن عامہ کو کس حد تک اس سے خطرہ لاحق ہے ۔ آپ مجھ سے یقیناً اتفاق فرمائیں گے ۔ پھر کوئی وجہ نہیں جو پابندیاں اس ہنگامی قانون کے ذریعہ سے عاید کی گئی ہیں ۔ ان کو باقی رہنے دیا جائے ۔ ہم نے بہت کوشش کی ہے اور بار بار اس ایوان میں کل پرسوں سے جناب وزیر محنت سے درخواست کی ہے ۔ منت کی ہے سماجت کی ہے کہ ہماری ترامیم قبول فرمائیں ۔ تاکہ اس ہنگامی قانون کی شکل و صورت بہتر ہو جائے ۔

یہ پابندیاں اتنی بے ہنگم نہ رہیں یہ ہنگامی قانون کارخانہ‌داروں کے حق میں اور مزدوروں کے خلاف استعمال نہ ہوسکے ۔ لیکن ہماری ایک نہیں

سنی گئی اور آج میں اس موقع پر جناب وزیر محنت کی خدمت میں عرض کر رہا ہوں کہ وہ اس آئین کو تبدیل کریں جسے صدر مملکت نے از راہ مرحمت خسروانہ اس مملکت کو عطا فرمایا تھا یا پھر اس کا کچھ لحاظ کریں - اس کی کچھ عزت کریں - میں اسی آئین کا واسطہ دیتا ہوں - لیکن کون سنتا ہے جیسے میں نے کہا تھا کہ یہ حکومت تو اپنے مفاد کے لیے قانون بناتی ہے - یا اپنے دوستوں کے مفاد کے لیے - اس صوبے کے عوام سے بہت سے وعدے کیے گئے تھے - وہ کون سا وعدہ ہے جو ایفا ہوا ہے - مواعید کا ذکر کرتے ہوئے مجھے یاد آ گیا ہے کہ ہم بین الاقوامی دنیا سے بھی بہت سے وعدے کر چکے ہیں - ایک وعدہ آئی - ایل - او سے ہم نے اپنے ملک کی جانب سے کیا ہوا ہے کہ یہ مزدوروں کی انجمن سازی کے راستے میں کوئی روکاوٹ نہیں ڈالیں گے -

شاید میرے دوست یہ کہیں کہ میں اپنی جانب سے کچھ کہہ رہا ہوں اس لیے میں مناسب سمجھتا ہوں کہ چند الفاظ پڑھ دوں -

> Workers or employers without distinction what-no-ever, shall have the right to establish and subject only to the Rules of the organization concerned to join the organization of their own choosing without previous authorization.

جناب والا - ہم نے ساری قوم کی جانب سے حتمی وعدہ کیا ہوا ہے اور قول دیا ہوا ہے لیکن ارباب اقتدار بین الاقوامی دنیا میں اس قوم کو رسوا کرنے پر تلے ہوئے ہیں - بین الاقوامی دنیا کے لوگ کیا کہیں گے کہ ہم ان کے سامنے کچھ بات کرتے ہیں اور جب اپنے گھر پہنچتے ہیں تو کچھ اور کہتے ہیں - کیا ان کو اپنے ملک کی عزت کا پاس نہیں - اس وعدہ کو کیے ہوئے اب ۲۰ سال سے زیادہ عرصہ گزر گیا ہے - آپ کو کوئی خیال

نہیں آیا کہ آپ اس وعدہ کو کس طرح توڑ رہے ہیں ۔ یوں تو اور بھی بہت سے وعدے ہیں لیکن میں ان کا ذکر نہیں کروں گا میں صرف ایک ہی شق کے متعلق اس وقت عرض کرنا مناسب سمجھتا ہوں ۔

جناب والا ۔ وقت کافی ہوگیا ہے اور میں آپ کا شکر گزار ہوں اور ایوان کے معزز ارکان کا بھی جنھوں نے میری گذارشات کو سماعت فرمایا ہے آخر میں میں وزیر محنت سے استدعا کرتا ہوں کہ اب ہم اسی دور میں آ چکے ہیں جس میں مزدور کی طرف سے بے توجہی ملک کے لیے بہتر اور مفید ثابت نہیں ہو سکتی ۔ وہ پہلا دور گزر گیا ہے ۔ اب اس دور میں ہم بڑی سرعت سے اس حد تک آ چکے ہیں کہ اس ملک اور صوبہ کے وہ طبقے خصوصیت سے مزدور طبقہ (میں کسی اور طبقہ کا ذکر نہیں کروں گا) اگر اس طبقہ کے حقوق کا آپ نے پورا پورا خیال نہ رکھا تو مجھے خطرہ ہے اور مجھے ڈر ہے کہ وہ لوگ جن کو آج ایک کارخانہ کے بعد دوسرا کارخانہ اور دوسرے کارخانہ کے بعد تیسرا کارخانہ میسر ہے اور سال بھر میں ان کا سرمایہ دوگنا ہو جاتا ہے اور بعض حالات میں اس سے بھی زیادہ ہو جاتا ہے وہ محفوظ نہیں ہوں گے ۔ ان کو یہ غور کرنا چاہئے ۔ کہ اس وقت آنے والے وقت کو پیش نظر رکھتے ہوئے آج اپنی مرضی سے ، خوش دلی سے مزدور کو خوش کریں ۔ اپنی جیب سے کچھ نہ کچھ دیں ۔ سو فیصدی منافع کمانے والے اپنے منافع میں سے دو یا چار فیصد منافع مزدوروں میں بانٹ دیں تو وہ خوش ہو سکتے ہیں ۔ ورنہ وہ وقت دور نہیں جب یہ سو فیصدی منافع کمانے والے ان کے سامنے مجرموں کے کٹہرے میں کھڑے ہوں گے اور ان کا کوئی والی وارث نہیں ہوگا ۔

وزیر محنت (ملک اللہ یار خان) ۔ جناب سپیکر ۔ آپ نے حزب اختلاف

کی جانب سے جناب حمزہ ۔ جناب قائد حزب اختلاف کی تقاریر سنیں ۔ میں نے بھی ان تقاریر کو غور سے سنا ہے ۔ انہوں نے قانون زیر بحث کے بارے میں اپنے چند خیالات کا اظہار فرمایا ہے اور اپنے چند خدشات اور اندیشوں کو بیان کیا ہے ۔ جو ان کی دانست میں شاید درست ہوں لیکن میرے نزدیک اس ہنگامی قانون کے نفاذ کے بارے میں ہمارے صوبہ کے مزدوروں کے لئے مفید ثابت نہیں ہوں گے ۔

جناب والا ۔ کسی بھی جمہوری ملک میں کسی بھی جمہوری نظام کے تحت حذب اختلاف کو یہ حق حاصل ہوتا ہے کہ وہ حکومت کی جانب سے پیش کئے ہوئے مجوزہ قانون یا کسی قانون کی مجوزہ شقوں پر بحث کریں اور نکتہ چینی کریں ۔ اور ان تمام خرابیوں کو روشن اور واضح کرنے کی کوشش کریں جو اس مجوزہ قانون میں پوشیدہ ہیں اور عوام اور اراکین ایوان کی توجہ ان کی طرف دلائیں اور کوشش کریں کہ ان کو دور کیا جائے ۔

جناب والا ۔ یہاں تک تو میں یہ سمجھ سکتا ہوں کہ حزب اختلاف کے ارکان کو یہ حق ہے بلکہ میں سمجھتا ہوں کہ یہ ان کا مقدس فریضہ ہے کہ وہ تمام خامیوں کے بارے میں جو اس قانون میں پائی جائیں ایوان کے ارکان کی توجہ مبذول کرائیں ۔ اس کے لئے تمام ارکان ان کے شکر گزار ہیں اور میں سمجھتا ہوں کہ جہاں تک ایک قانون کی بعض شقیں قابل تحسین ہوں ان کی تعریف کی جائے اور جو خامیاں ہوں ان کو دور کرنے کی کوشش کی جائے ۔ یہاں تک تو میرا خیال ہے کہ ان کا یہ اقدام ان کی کوشش اور ان کی کاوش درست اور مناسب ہے لیکن میں اس بات کے سمجھنے سے قاصر ہوں کہ تمام کا تمام قانون جس میں خامیوں کے علاوہ بعض ایسے امور موجود ہوں ، ایسی شقیں موجود ہوں جن سے صوبہ کے عوام کو بے پناہ مراعات اور فائدے

حاصل ہو رہے ہوں ان مراعات اور فائدوں کو ملحوظ خاطر نہ رکھیں اور تمام کے تمام قانون کو گردن زدنی قرار دے دیں اور نا منظور کر دیں ۔

جناب والا ۔ گذشتہ تین دنوں میں اس قانون کی ہر شق پر سیر حاصل بحث ہو چکی ہے اور حزب اختلاف کے بیشتر ارکان نے مختلف شقوں پر اپنی طرف سے ترامیم پیش کی ہیں ۔ جو ترامیم اس جانب سے مناسب اور مفید سمجھی گئیں ۔ ان کی مخالفت نہ کی گئی اور اس ایوان نے ان کو تسلیم کیا اور ان کی منظوری بھی دے دی ۔ لیکن جناب والا ۔ جو ترامیم ایسی تھیں یا جو اس قانون کی منشاء یا قانون کی غرض و غایت کے منافی تھیں ان ترامیم کو منظور نہیں کیا گیا ۔ لیکن میں جناب والا یہ بات سمجھنے سے قاصر ہوں کہ جب کسی قانون میں بعض خامیوں کے ساتھ اس سے زیادہ مراعات اور آسانیاں مضمر ہوں تو اس قانون کو مجموعی طور پر قابل گردن زدنی کیوں قرار دیا جائے ۔ کیا اسکی وجہ یہ تو نہیں ہو سکتی کہ وہ مزدوروں کی حمایت کے پردے میں کارخانہ داروں اور سرمایہ داروں کی حمایت کرنا چاہتے ہیں ۔ کیا اسکی وجہ یہ تو نہیں ہو سکتی کہ وہ محض حزب اختلاف کے ایک رکن کی حیثیت سے اپنے گھڑے ہوئے جمہوری نظام اور تجربے کے تحت اسکی مخالفت کرتے ہوں اور مخالفت کرنا اپنا فرض سمجھتے ہوں جہاں تک سرمایہ داروں کی حمایت کرنیکا تعلق ہے مجھے یہ یقین نہیں آتا کہ ہمارے یہ تمام دوست جو کارخانہ داروں اور سرمایہ داروں کی حمایت کرتے ہیں اپنے ہزاروں اور لاکھوں مزدور بھائیوں کے حقوق کو بھول جائیں لیکن مجھے اس بات کا رنج ضرور ہے کہ میرے وہ دوست جنکا ایک مخصوص انداز فکر ہے ایک مخصوص جمہوری طریق کار کے پیش نظر ہر اچھی چیز کی مخالفت کرنا اپنا فرض منصبی سمجھتے ہیں جو کہ اس حکومت کیطرف سے اس ایوان میں پیش ہو ۔ جناب والا ۔ جس قانون پر گزشتہ تین دن سے بحث ہو رہی ہے اس میں اس ملک کی تاریخ میں پہلی مرتبہ

مزدوروں کے حقوق کا صحیح معنوں میں تحفظ کیا گیا ہے بلکہ اس ملک کی تاریخ میں مزدوروں کی فلاح و بہبود کے لیے نہایت خلوص اور دیانت داری کیساتھ توجہ دی گئی ہے مگر اس کے باوجود ایوان میں حزب اختلاف کے ارکان نے یہ کہنے کی جسارت کی ہے کہ یہ ہنگامی قانون مزدوروں کی بہبود اور ان کے حقوق کے تحفظ کے لیے نہیں بنایا گیا ہے بلکہ انکے حقوق غصب کرنے کے لیے بنایا گیا ہے ۔ لیکن جو شقیں اس قانون کی گزشتہ تین دن سے زیر بحث رہیں ان سے یہ بات اظہر من الشمس ہے اور واضح ہو جاتی ہے کہ اس قانون کے احکام جاریہ سے جو مراعات مزدوروں کو حاصل ہوئی ہیں وہ اس سے قبل اس ملک میں کبھی بھی مزدوروں کو حاصل نہیں تھیں لیکن جناب والا جیسا کہ میں نے عرض کیا کہ انکا جو مخصوص انداز فکر ہے اسکے پیش نظر وہ شاید اپنا یہ فرض منصبی سمجھتے ہیں کہ ہر اچھی چیز کی مخالفت کریں جو حکومت کیطرف سے تجویز کیجائے ۔ بہر حال یہ انکا اپنا حق ہے اور بطور حزب اختلاف کے ایک رکن کے یہ انکا حق ہے اور مقدس فریضہ ہے کہ وہ اپنے خیالات کے مطابق اپنے انداز فکر کے مطابق اپنے خیالات کا اظہار کریں ۔ لیکن جہاں تک اس قانون کی مجموعی حیثیت کا تعلق ہے مجھے قطعی طور پر ارکان حزب اختلاف سے جو انتہائی منجھے ہوئے اور سلجھے ہوئے ذہن کے مالک ہیں ہرگز یہ توقع نہ تھی کہ وہ اس قانون کو مجموعی صورت میں ایک نا منظوری کی تحریک کی حمایت میں مخالفت کریں گے اور اسکے خلاف تقریریں کریں گے ۔

جناب والا ۔ اس قانون کے بیشتر امور پر گزشتہ تین چار دنوں میں کافی بحث ہو چکی ہے اور فرداً فرداً میں ان تمام اعتراضات کا جواب بھی دے چکا ہوں لیکن چند امور کے بارے میں جن پر حزب اختلاف کے ارکان نے اظہار خیال فرمایا ہے میں ضروری سمجھتا ہوں کہ میں بھی مختصراً کچھ کہنے

کی جسارت کروں ۔ جناب والا ۔ حزب اختلاف نے اس ہنگامی قانون کے نفاذ کے بارے میں طویل تقاریر فرمائی ہیں اور انہوں نے یہ ثابت کرنے کی کوشش کی ہے کہ ہنگامی قانون کا نفاذ صرف اسی صورت میں ہو سکتا ہے جبکہ ملک میں ہنگامی صورت ہو اور یہ کہ انتظامیہ کو یہ حق صرف اسی صورت میں استعمال کرنے کا حق ہے جبکہ حالات ناگزیر ہوں اور وہ مجبور ہوں کہ اس قسم کے قانون کا نفاذ کریں ۔ ورنہ یہ حق مقننہ کا ہے وہ ایسے قانون کو اپنی تحویل میں لیکر اس قانون پر بحث کرکے اس قانون کو اچھی صورت میں پاس کرے ۔ جناب والا کی وساطت سے میں قائد حزب اختلاف اور انکے رفقائے کار اور اس ایوان کے تمام ارکان کو انتہائی خلوص اور دیانتداری سے یہ یقین دلاتا ہوں کہ محنت کے ان قوانین کو اگر ہنگامی صورت میں نافذ کیا گیا ہے تو آپ یقین جانئے کہ اس میں قطعی طور پر یہ مقصد نہیں تھا کہ ہم مقننہ کا حق چھین کر اس حق کو استعمال کریں اور نہ ہی یہ غرض و غایت تھی ۔ اس حکومت نے جب کبھی بھی ہنگامی قانون کا نفاذ کیا ہے تو بعض انتہائی مجبور کرنے والے حالات کے باعث یہ اقدام کیا ہے ورنہ عام طور پر کبھی بھی یہ کوشش نہیں کی گئی کہ اس ایوان کی موجودگی میں کسی ہنگامی قانون کا نفاذ کیا جائے ۔ جناب والا ۔ جہاں تک ان محنت کے قوانین کا تعلق ہے میں خود اس بارے میں عرض کر سکتا ہوں کہ جس وقت سے میں نے اپنے اس فریضہ سے نمٹنے کا عہد کیا ہے اس وقت سے میری انتہائی کوشش اور کاوش رہی ہے کہ جتنا جلد ہو سکے ہم ان قوانین کو نافذ کریں کیونکہ ہم یہ محسوس کرتے ہیں کہ ہمارے وہ قوانین جو اس سے قبل نافذ ہیں ان میں کچھ ایسے امور تھے جو فرسودہ ہو چکے ہیں جن سے مزدوروں کے مفاد کو زک پہنچتی ہے تو میری یہ انتہائی کوشش اور خواہش تھی کہ جتنا جلد ہو سکے ہم ان قوانین کو نافذ کر دیں چنانچہ مارچ میں یہ قانون مختلف

مراحل سے گزر کر ایک آخری مرحلہ پر پہنچ گیا اور اس قابل بن گیا کہ ہم اس کو نافذ کر دیں ۔ تو جناب والا ۔ جیسا میں نے عرض کیا ہماری صوبائی حکومت کی خواہش اور کوشش تھی کہ ہم ان قوانین کے ذریعہ جو مراعات اور جو فوائد ان کو حاصل ہونا ہیں جلد سے جلد ان تک پہنچا دیں ۔ اس کے علاوہ ایک سب سے بڑی وجہ جس نے ہمیں ان ہنگامی قوانین کے نفاذ پر مجبور کیا وہ یہ تھی کہ ان میں سے بعض شقیں ایسی تھیں جن سے کارخانہ داروں کے مفاد کو زک پہنچی تھی ۔ مثال کے طور gratuity کی ایک خاص شق اس میں موجود ہے جس کے تحت صنعتی اور تجارتی اداروں کے مالکان کو اپنے تمام ملازمین کو جن کو اپنی ملازمت سے علیحدہ کرنا ہو ان کو گریچوٹی کی صورت میں بھاری رقم ادا کرنی تھی تو جناب والا ۔ جب انہوں نے دیکھا کہ یہ قانون نافذ ہو رہا ہے تو انہوں نے مختلف بہانوں سے مزدوروں کو ملازمت سے علیحدہ کرنا شروع کر دیا ۔ یہی وجہ تھی کہ اس قانون میں ہم نے ایک شق with retrospective effect رکھ دی ۔ آپ حکومت کی نیت سے باخبر ہیں کہ یہ حکومت مزدوروں کے حقوق کے تحفظ کے بارے میں کس قدر نیک نیتی سے اور خلوص سے سوچتی ہے محض اس وجہ سے بعض مالکان صنعت و تجارت نے گریچوٹی کے ڈر سے اپنے لوگوں کو ملازمت سے علیحدہ کرنا شروع کر دیا اس بنا پر ہم نے ایک ایسی شق رکھ دی جس سے گزشتہ تین ماہ قبل تک وہ تمام مزدور اس گریچوٹی کے حقدار قرار دئے گئے جو اپنی ملازمت سے علیحدہ بھی کر دئے گئے تھے ۔ تو آپ اندازہ لگا سکتے ہیں کہ آیا ایسے ہنگامی قانون کے نفاذ سے حکومت خلوص سے یا نیک نیتی سے مزدوروں کے حقوق کا تحفظ کرنا چاہتی تھی یا یہ کہ وہ ان مزدوروں کے حقوق کو سلب کرنا چاہتی تھی ۔ پھر جناب والا اس کے علاوہ جیسا کہ جناب قائد حزب اختلاف نے خود اپنی تقریر میں فرمایا کہ ۱۹۶۶ء میں آئین

کی ترمیم کے بعد ہنگامی قوانین یعنی آرڈیننسوں میں ترمیم کرنے کا حق ایوانوں کو دیا گیا ۔ تو جناب والا جب ایوان کو آرڈیننس کی ہر شق پر ترمیم پیش کرنیکا حق حاصل ہے اور پھر جب ہنگامی قوانین اس ایوان میں پیش ہوتے ہیں اور جب ان کی ہر شق کو اس ایوان نے اپنی کثرت رائے سے پاس کرنا ہے تو میں سمجھتا ہوں کہ ان ہنگامی قوانین کا نفاذ قطعی طور پر اس ایوان کے حقوق کو چھیننے کے لیے نہیں کیا گیا بلکہ ہماری کوشش ، ہماری نیت اور غرض و غایت یہ تھی کہ ہم جلد از جلد مزدوروں کے حقوق ان کو پہنچائیں اور ان کے حقوق کا تحفظ کر سکیں ۔ جناب والا ۔ قائد حزب اختلاف نے اس قانون میں ایک اور شق پر بڑی کڑی نکتہ چینی کی ہے اور وہ حکومت کے ملازمین کو اس قانون کی مراعات یا اس قانون کی شقوں سے بچانے کیلئے ان کو علیحدہ رکھنے کے بارے میں ہے لیکن حکومت کے ملازمین جو کہ حکومت کے مختلف شعبوں میں کام کرتے ہیں ان سے تعلق رکھتے ہیں ان کو وہ حقوق اور مراعات پہلے ہی سے حاصل ہیں جو اس قانون کے ذریعے صنعتی اور تجارتی اداروں کے ملازمین کو حاصل ہو رہے ہیں ۔ جناب والا ۔ اس سلسلے میں میں نے کل بھی ان کے ایک اعتراض کے جواب میں یا اس کا جواب دیتے ہوئے یہ گزارش کی تھی کہ حکومت کے ملازمین کے بارے میں ضابطۂ کار و دیگر مراعات کے بارے میں قانونی طور پر قواعد مرتب کیے گئے ہیں اور ان قواعد کے تحت ان کو جو حقوق دئے گئے یا ان کے حقوق کا جو تحفظ کیا گیا ہے وہ اتنا کافی ہے کہ میں سمجھتا ہوں کہ اس قانون کے تحت دئے گئے تحفظ سے وہ کہیں زیادہ موثر ہیں ۔ اس کے علاوہ وہ مراعات جو حکومت کے ان ملازمین کو سالانہ چھٹیوں ، انکی گریچوٹی ، پراویڈنٹ فنڈ کی صورت میں جو مراعات حاصل ہیں وہ پنشن کے ضمن میں اور طبی سہولتوں کے ضمن میں میں سمجھتا ہوں کہ وہ مراعات جو اس قانون کے ذریعے

صنعتی نجی اداروں کے ملازمین کو دی گئی ہیں وہ ان سے کہیں زیادہ ہیں ۔ اس لئے میں سمجھتا ہوں ان پر اس قانون کا لاگو کرنا ان کے مفاد کے منافی ہوتا ۔ اس کے علاوہ جناب والا انہوں نے یہ بات ثابت کرنیکی کوشش کی ہے کہ بین الاقوامی معاہدہ کے تحت ہر انسان کو ہر شہری کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ اپنی ایسوسی ایشن یا یونین بنائے انہوں نے آئین کا بھی حوالہ دیا ہے جس میں یہ درج کیا گیا ہے کہ ہر ایک شہری کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ اپنی ایسوسی ایشن آزادانہ طور پر بنائے لیکن ساتھ ہی یہ الفاظ کہے ہیں "subject to reasonable restrictions" تو جناب والا میری گزارش ہے کہ حکومت کے جو ملازمین ہیں ان کو بھی حق حاصل ہے اور بہت سے شعبوں میں ملازمین نے اپنی ایسوسی ایشن بنا رکھی ہیں جن کے ذریعے وہ اپنے مسائل کے متعلق حکام متعلقہ سے رابطہ قائم کر سکتے ہیں اور اپنی مشکلات سے ان کو آگاہ اور روشناس کر سکتے ہیں ۔ اس طرح جناب والا دونوں حکومتوں کے اداروں پر اور بہت سے نجی اداروں پر یہ پابندی عائد کی گئی ہے جیسا کہ اس قانون میں دیا گیا ہے اور جس کی طرف جناب قائد حزب اختلاف نے اپنی تقریر میں اشارہ فرمایا ہے اور انہوں نے کافی بحث کی کہ بعض اداروں پر یہ قانون لاگو نہیں ہوتا اور ان اداروں کے ملازمین اپنی یونین یا ایسوسی ایشن نہیں بنا سکتے ۔

Malik Muhammad Akhtar : On a point of order, Sir. I consider my learned friend is off the track. We are not discussing Trade Union Act at this stage.

اس طرح تو یہ اپنے آرڈیننس کو یہاں ڈسکس کر رہے ہیں ۔

Mr. Senior Deputy Speaker : Malik Sahib, the Minister was quite relevant.

وزیر محنت - میں جناب والا ان باتوں کا جواب دے رہا ہوں جنکے بارے میں اس ایوان میں مجھ سے پیشتر حزب اختلاف کے ارکان فرما چکے ہیں - تو جناب والا اس ضمن میں میری یہ گزارش ہے اور میں یہ گزارش کرنی ضروری سمجھتا ہوں کہ بعض ہنگامی حالات میں یہ اختیارات حکومت کی انتظامیہ کو استعمال کرنیکا حق دینا چاہئے اور اس کے پاس رہنا چاہئے اور یہ حق جناب والا صرف ہم آج ہی نہیں دے رہے بلکہ یہ حق آج سے پیشتر بھی تمام حکومتوں نے مختلف قوانین میں انتظامیہ کو دئے ہیں - لیکن یہ حقوق سلب نہیں کیے جا رہے - یہ ایوان کے حق کو سلب نہیں کر رہے ہیں بلکہ یہ ایوان اپنی اکثرت رائے سے یہ حق انتظامیہ کو دے رہا ہے اور اگر ایوان کی اکثریت اس حق میں نہیں ہے تو وہ بے شک اس امر کی حمایت نہ کریں - یہ بے ضرر سا حق ہے اور اگر یہ انتظامیہ کو نہ دیا جائے تو انتظامیہ کے پاس کوئی ایسا آلہ نہیں جس کے ذریعے وہ ان حقوق کو سلب کر لے - یہ حقوق یا یہ اختیار صرف مقننہ یا ایوان ہی دے سکتا ہے ، اور جس وقت تک اس ایوان کی اکثریت اس کے حق میں نہ ہو گی یہ حق ان کو نہیں دیا جاتا اور جناب والا یہ کوئی نئی بات نہیں ہے اس سے قبل پیشتر قوانین مختلف حکومتوں نے مختلف قوانین کو پیش کرتے وقت اس قسم کی شقیں اور کلازیں ان قوانین میں تجویز کی ہیں - واضح ہنگامی حالات کے پیش نظر - ایسے حالات کے پیش نظر وہ اختیارات انتظامیہ کو سونپے جاتے ہیں تا کہ انہیں وہ انتہائی دیانتداری اور نیک نیتی سے استعمال کرے - جناب والا - میں اس ایوان کا زیادہ وقت نہیں لینا چاہتا - زیادہ تر امور پر جیسا کہ میں نے پہلے عرض کیا ہے گزشتہ تین چار دن میں بحث ہو چکی ہے اور میں تمام اعتراضات کا جواب دیتا رہا - حزب اختلاف کے بعض معزز اراکین نے جو اعتراضات آج کئے ہیں ان میں سے بیشتر کا جواب میں اس سے قبل دے چکا ہوں -

مجھے دوبارہ بھی ان کا جواب دینے سے گریز نہیں مگر وہ محض تضیع اوقات ہوگی ۔ اس لیے میں ان الفاظ کے ساتھ اپنی تقریر کو ختم کرنے کی اجازت چاہوں گا کہ حزب اختلاف کے اراکین پر جہاں یہ فرض عائد ہوتا ہے کہ وہ کسی بھی مجوزہ قانون کی خامیوں کو روشن کریں تاکہ انھیں دور کرکے اسے بہتر بنایا جائے وہاں ان پر یہ فرض بھی عائد ہوتا ہے کہ اگر وہ ایمانداری اور دیانتداری سے محسوس کریں کہ یہ قوانین اس صوبہ کے مزدوروں اور عوام کی بہتری اور فلاح و بہبود کے لیے ہیں تو وہ اپنے مخصوص جمہوری انداز فکر کو بدلتے ہوئے ان کی حمایت فرمائیں ۔ ہم ان سے یہ بھی توقع رکھتے ہیں ۔ (تالیاں) ۔

Mr. Senior Deputy Speaker : I will now put the motion to the vote of the House.

The question is—

> **That the Assembly do approve of the West Pakistan Industrial and Commercial Employment (Standing Orders) Ordinance, 1968 (W.P. Ordinance No. VI of 1968), as amended, promulgated by the Governor of West Pakistan on 8th March, 1968.**

The motion was carried.

Mr. Senior Deputy Speaker : Next motion by the Minister for Law.

Khawaja Muhammad Safdar : There are two or three resolutions disapproving this Ordinance and, I think, they stand rejected.

Mr. Senior Deputy Speaker : The resolutions disapproving the Ordinance stand rejected under rule 79. Next motion.

THE CIVIL PROCEDURE (SPECIAL PROVISIONS) ORDINANCE, 1968

Minister for Law : I beg to move—

> That the Assembly do approve of the Civil Procedure (Special Provisions) Ordinance, 1968 (W.P. Ordinance No. I of 1968), promulgated by the Governor of West Pakistan on 16th January, 1968.

Mr. Senior Deputy Speaker : Motion moved is—

> That the Assembly do approve of the Civil Procedure (Special Provisions) Ordinance, 1968 (W.P. Ordinance No. I of 1968), promulgated by the Governor of West Pakistan on 16th January, 1968.

Malik Muhammad Akhtar : Opposed.

Malik Muhammad Akhtar : Sir I ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent and urgent public importance, namely, the failure of the Health Department to eradicate Cholera in Multan. 133 patients have been admitted in the infectious diseases hospital and Nishtar Hospital Camp on 28th April 1968. One of the patients has died. The news has perturbed the mind of the public of West Pakistan.

وزیر صحت ۔ Opposed ملتان میں جناب والا جس دن ۔ ۔ ۔

Malik Muhammad Akhtar : On a point of order, Sir. Two motions have been taken together and I would like the Minister to explain the overall position because the first is a motion of the total deaths uptil the 17th of April, and the second motion is of the situation on 28th April. So it would be in public interest if the Minister in all fairness would make the statement so far as both the adjournment motions are concerned.

وزیر صحت ۔ میں ان کی motion no. 94 کا پہلے جواب دیتی ہوں اور اس کے بعد ان دوسری motions کا جواب دوں گی ۔ (قطع کلامی) ملک صاحب ہم آپ کو اتنی دیر صبر سے سنتے رہتے ہیں مگر آپ ذرا بھی صبر نہیں کرتے ۔ تو ملتان میں جیسا کہ ہمارے ملک کے اخبارات میں آ چکا ہے ۔ کہ وہاں ہیضہ کی وبا پھیلی ۔ جبھی ہم نے اس کا تدارک کرنا شروع کر دیا ۔ اور ملتان کی میونسپل کمیٹی نے وہاں اپنا کردار بہت احسن طریق سے ادا کیا ۔ (تالیاں) اور کسی قسم کی کوئی غفلت نہیں برتی گئی ۔ بلکہ ان لوگوں کا علاج معالجہ کرنے میں پوری پوری کوشش کی اور کسی قسم کی کوتاہی نہیں کی گئی ۔ اس وبا کو روکنے کے لئے بہت سی تدابیر اختیار کیں ۔ آپ کو معلوم ہے کہ جونہی وہاں یہ وبا شروع ہوئی ہم نے سٹیشن وغیرہ پر برابر ٹیکے لگانے شروع کر دیئے ۔ اور ہماری احتیاطی تدابیر کی وجہ سے صوبے میں ابھی تک ملتان کے علاوہ لاہور ، اور کراچی جیسے بڑے بڑے شہروں میں ہیضہ کی وبا نہیں پھیلی ۔ آپ کو معلوم ہے کہ گرمی کے موسم میں بدہضمی کے cases ہوتے رہتے ہیں ۔ جس کی وجہ سے ہیضہ ہو جاتا ہے ۔ اور ملتان میں اس وبا کے پھیلنے کی صرف یہی وجہ ہے ۔ ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ نے اپنی پوری کوشش سے بہت ٹیکے لگائے اور لاکھوں کی تعداد میں لاہور میں بھی ، اور ملتان شہر کے ایک ایک گاؤں میں ٹیکے لگائے گئے ہمارے پاس اس وقت بھی ویکسین موجود تھی اور اب بھی خاصی تعداد میں موجود ہے ۔ اور وہاں برابر ٹیکے لگتے رہے ہیں ۔ میں آپ کی وساطت سے ملک محمد اختر صاحب سے استدعا کروں گی ۔ بجائے اس کے کہ آپ ہماری اس قسم کی مخالفت کریں ۔ آپ کو کم از کم ہماری ہمت افزائی کرنا چاہئے تھی کہ ہم نے اس وبا کو روکا ہے جو بہت سرعت کے ساتھ پھیلنا شروع ہو گئی تھی اس بات کے لئے انہیں کم از کم ہمت افزائی کرنی چاہئے تھی ۔ اور آپ ہماری برائی کر رہے ہیں ۔

Malik Muhammad Akhtar : Sir, certainly I would have praised if their work had been commenable. Sir, there have been so many deaths in the province and they want our commendation and our praise.

جناب والا قصہ یہ ہے کہ ان کے حکم کے مطابق ۱۷ - اپریل تک دو سو اموات ہو چکی تھیں اس کے بعد ہیضہ میں بتدریج کمی ضروع ہوئی لیکن جب last motion لگائی گئی تو اس وقت جناب والا - ۱۳۳ مریض ہیضہ ہو جانے کی وجہ سے نشتر کیمپ ہسپتال میں اور دوسرے میونسپل کمیٹی کے ہسپتال میں داخل ہوئے اور ان میں ایک موت بھی نہیں ہوئی - جناب والا - گذشتہ چند سالوں سے ملیریا جیسی وبائیں دوبارہ پیدا ہو رہی ہے - اور مجھے وزیر صحت سے یہ گزارش کرنا ہے - کہ اس طرح غیر ملکی لوگ بھی آنا بند کر دیں گے جب انہیں یہ پتہ لگ جائے گا کہ اس ملک میں cholera کی وبا ہے - آپ اسے معمولی بات نہ سمجھیں -

Being a Member of the Corporation, I am fully aware that how seriously steps are taken.

جناب والا - ایک بار جب کسی ملک میں ہیضے کا ایک بھی کیس ہو جائے - تو بیرونی ممالک سے آنے والے مسافروں کو یا تو روک دیا جاتا ہے یا خاص تدابیر ان کو اختیار کرنے کیلئے کہا جاتا ہے - ہمارے ہاں ان دنوں معزز شخصیتیں آئیں اور آتی رہتی ہیں - (قطع کلامیاں اور شور) ان دنوں cholera میں ہیضہ تھا - - - - - - (قہقہہ) - - - ان دنوں ملتان میں ہیضہ تھا - جناب سپیکر - یہ کوئی اچھی چیز نہیں ہے -

Mr. Speaker : It has been stated by the Minister for Health that adequate steps were taken by the Health Department to prevent the spread of Cholera. Moreover, the learned mover of this motion has not been able to substantiate his case as to how the Health Authorities

have failed to direct the Municipal Committee to take adequate steps. The motion is, therefore, ruled out of order.

DECISION OF THE PROV. GOVT. TO INTRODUCE FAMILY PLANNING AS A COURSE OF STUDIES IN THE 9TH AND 10TH CLASSES

Mr. Speaker : Next motion, Khawaja Muhammad Safdar.

Khawaja Muhammad Safdar : I ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent occurrence and urgent public importance, namely, the most ill-conceived and harmful decision of the Provincial Government to introduce Family Planning as a course of studies in the IX and X classes from the next academic year, as disclosed by Begum Jamila Siddiqi, Deputy Directoress, Education, Lahore Region, in the last session of the Seminar on Family Planning, presided over by the Minister for Basic Democracies. This decision of the Government has sent a wave of resentment throughout the Province.

Mr. Speaker : There is another adjournment motion No. 101 on the same subject. Yes, Malik Akhtar.

DECISION TO INCLUDE FAMILY PLANNING IN THE SYLLABUS OF SECONDARY EDUCATION IN SCHOOLS

Malik Muhammad Akhtar : I ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent occurrence and urgent public importance, namely, the course of family planning will be included in the syllabus of Secondary Education in schools as revealed by the Deputy Directoress of Education, Lahore. Such education to immature students would increase immorality and the news has perturbed the minds of the public of West Pakistan.

Minister for Education (Mr. Muhammad Ali Khan) : Opposed. The facts of the case are that no course of family planning has been introduced

in any class Only a lesson in the demographic aspect of population expansion and its related problems, as far as the individual or the family or the nation is concerned, has been included in the course and we have seen to it that there is no hint as far as the family planning is concerned. All the biological facts of family planning and its methods have been completely eliminated from this course. It is only concerned with increase in population as to what are the problems which are going to be faced by the nations. I have got a pamphlet of this Chapter, which has been included in the course, in English and its Urdu translation as wel and I am prepared to supply these to the movers of the motions. I am definite that after having read these two pamphlets they would be completely satisfied and would ask your permission to withdraw these two adjournment motions.

Mr. Speaker : Will you please on these pamphlets to the movers of these adjournment motions? We will take up these adjournment motions tomorrow and the rest of the adjournment motions will also be taken up tomorrow.

Khawaja Muhammad Safdar : What about adjournment motion No. 96 ? Has it been disposed of ?

Mr. Speaker : Leave was refused.

QUESTIONS OF PRIVILEGE

MOTION REGARDING AGREEMENT OF THE ASSEMBLY WITH THE RECOMMENDATIONS OF THE REPORT OF THE SPECIAL COMMITTEE ON THE QUESTION OF PRIVILEGE ABOUT THE NON-OBSERVANCE OF THE WARRANT OF PRECEDENCE AT A FUNCTION AT 'AL-HAMRA,' LAHORE.

Mr. Speaker : We will now take up Orders of the Day and the first motion is by Mr. Soomro.

Mr. Ahmed Mian Soomro : I beg to move—

That this Assembly agrees with the recommen-

dations contained in the Report of Special Committee on the Question of Privilege, presented to the House on 1st May, 1968 and in respect of which a motion under sub-rule (1) of Rule 182 has been agreed to by the Assembly on 8th May, 1968.

Mr. Speaker : Motion moved is—

That this Assembly agrees with the recommendations contained in the Report of Special Committee on the Question of Privilege, presented to the House on 1st May, 1968 and in respect of which a motion under sub-rule (1) of Rule 182 has been agreed to by the Assembly on 8th May, 1968.]

Malik Muhammad Akhtar : Opposed.

Mr. Ahmed Mian Soomro : The Special Committee at its meetings held on 20th November, 5th December, 1967 and 26th April, 1968, had decided, in the first instance, to record the statement of Malik Miraj Khalid, M.P.A., who was present in the function and who came out as a protest. His statement in the Report is shown as Annexure 'A' and I don't think it would be necessary to go through the whole statement unless it is so desired by you.

Mr. Speaker : It is not necessary.

Mr. Ahmed Mian Soomro : The Committee then recorded the statement of Mr. Mukhtar Masood, C.S.P. Commissioner, Lahore Division, who had issued the invitation cards to M.P.As. His statement is at Annexure 'B'. I would just go on to make a reference to the relevant portions in the two statements for giving this House the background of our reasons for arriving at the present recommendation. The relevant portion in our colleague, Mr. Miraj Khalid's statement is when a question was put to him by the Leader of the Opposition, Khawaja Muhammad Safdar. It runs as follows :—

"Q. You have stated in reply to the question by Chaudhri Muhammad Idrees that you saw cer-

tain gentlemen sitting in the special enclosure who ranked below in the warrant of precedence, may I know the name of any one of those or the rank of any one of those persons ?"

The answer was—

"A. I do not recollect the name or rank of any one of those persons."

Then our worthy colleague, Rai Mansab Ali Khan put him a question—

"Q. When I met you at the outer gate of the Pakistan Arts Council do you recollect having told me that the Commissioner was actually sorry for all t' at had happened and it was because of the shortness of time and on account of the Governor that the Commissioner could not do anything to mend matters ?"

And the reply was—

"I do recollect having told this to you as one of my impressions."

As far as the Commissioner's statement is concerned, he stated—

"I looked at the plan as approved by the Military Secretary in regard to the security arrangements of the Governor. Thereafter, it was decided that in so far as the VIP guests mentioned in the Warrant of Precedence were concerned they should be provided seats in accordance with the Warrant of Precedence at least up to the point which includes the Members of the Provincial Assembly. A general plan was prepared and it was in accordance with the Warrant of Precedence and it was duly approved . . ."

Sir, he goes on to say—

"Next came a man running to tell me that there was notice board showing M.N. As/M.P. As. and I asked him to remove that notice board at

once and see that the people are seated respectively according to the warrant of precedence."

Then Sir, in the end, he went on to describe the difficulties that they face in the various functions to see that everyone is given his proper place. He says—

"I have given above to the Committee the background of the arrangements and the difficulties experienced by the administration. I take full responsibility for all the arrangements under the present circumstances. If the arrangements were good, the credit goes to the staff, and if there was any shortcoming or lapse or any inconvenience caused to any guest, including such respected guests as the legislators of the Provincial Assembly, it is a matter of great disappointment and grief to me personally, I have, as stated above, directed that there should be no recurrence of any such thing in future and whenever we invite the Members of the Provincial Assembly while it is in Session, the administration would inevitably associate in the seating plan and the reception of the staff of the Provincial Assembly".

So Sir, in view of this, the Committee unanimously, including my friend Malik Muhammad Akhtar, recommended that the matter might not be proceeded with further subject to Malik Muhammad Akhtar's remarks that in view of the Commissioner to sign his statement and non-observance of procedure under Rule 178, the report is incomplete. Sir, he did not disagree actually with the recommendations and all the Members signed it.

So far as the refusal of the Commissioner to sign his statement is concerned, the Committee feels that it does not make any differency Sir, we as Members of the Assembly deliver speeches in the Assembel and get copies of the speeches which are recorded by the Reporters of the Assembly, for correction, if any. In case we find any error or mistake, we correct it and send it back to the office. If we don't send it

within 24 hours—or whatever the prescribed period is-it is presumed that whatever the Reporters have recorded, is correct. So taking this aspect into consideration, the statement of the Commissioner was sent to him for making corrections if any, and return the same to the Assembly Secretariat duly signed. If the Commissioner did not sign and return the statement, it does not, in any way, affect the value of the statement which was recorded by the Committee. Therefore, the fact that he did not return the statement duly corrected and signed, merely takes us to the presumption that the statement is correct. I, therefore, Sir, would request the House that in view of the unanimous recommendations of the Committee . . .

Minister for Finance (Syed Ahmed Saeed Kirmani): Should it be taken that Malik Muhammad Akhtar has also supported the view taken by the other Member ?

Mr. Ahmed Mian Soomro: Yes Sir, his remark that "in view of the refusal of the Commissioner to sign his statement and non-observance of procedure under Rule 178, the report is incomplete", means that he accepts the recommendations of the Committee. I would, therefore, request the House that it would be better if this matter is dropped as there is no point in taking it further.

Mr. Speaker: Yes, Malik Sahib.

ملک محمد اختر (لاہور - ۲) - جناب سپیکر - حقیقتاً بات اسی طرح سے ہوئی ہے جس طرح سے انہوں نے بیان کیا - ہم نے کمشنر لاہور ڈویژن ڈپٹی کمشنر اور ڈائرکٹر پروٹوکول تینوں کو بلایا تھا - میرا اپنا assessment یہ ہے کہ جب ہم نے کمشنر لاہور ڈویژن کو cross examine شروع کیا تو cross examination میں انہوں نے بھی مناسب سمجھا کہ اگلے کسی گواہ کو نہ بلایا جائے چونکہ ان کی تمام سٹیٹمنٹ contradict ہو جاتی کیونکہ میرے پاس کچھ اس قسم کی اطلاع تھی لہذا انہوں نے فراخدلی سے کہا مجھے افسوس ہے میں تاسف کا اظہار کرتا ہوں کہ سمبران

اسمبلی کے وقار کو ٹھیس پہنچی ۔ تو ہم نے اتفاق رائے سے کہا کہ ہم اس سے آگے کوئی بات نہیں کہتے اور نہ مطالبہ کرتے ہیں ۔ لہذا جناب والا ۔ اس وقت خواجہ صاحب نے یہ تجویز کیا کہ ان سے بیان پر دستخط کروا لئے جائیں سٹیٹمنٹ چونکہ لمبا چوڑا تھا اور اس وقت اتنا وقت نہیں تھا ۔ ہم خوش اسلوبی سے تمام مسائل کو طے کرنے کے بعد وہاں سے روانہ ہو گئے ۔ جناب والا ۔ اس کے بعد ہمارے سیکرٹریٹ نے ۲۰ ۔ دسمبر یعنی ۱۵ ۔ دن کے بعد اور ۱۱ جنوری اور پھر ۳۰ ۔ جنوری ۱۹۶۸ء کو کمشنر متعلقہ کو لکھا کہ آپ اپنے سٹیٹمنٹ کو پڑھ لیں کیونکہ یہ agreement تھا ۔ یہ ایک معاہدہ تھا ۔ حالانکہ میں نے اس وقت یہ نہیں کہا تھا کہ میں نے ان کا اظہار افسوس مان لیا ہے ۔ لیکن ان چھٹیوں کے جواب میں ذرا کمشنر صاحب کا نوٹ ملاحظہ فرمائیں جو انہوں نے ۳۰ ۔ جنوری ۱۹۶۸ء کو ہمارے ڈپٹی سیکرٹری کو لکھا :۔

"Will Deputy Secretary, Provincial Assembly, refer to his Unofficial No. PAWP/Com-Legis (154)/67/1110, dated 30th January, 1968?

2. The typed script of my statement is full of mistakes. In view of my pre occupation, I cannot send a corrected copy before the 10th February, 1968.

جناب والا ۔ یہ تھا رویہ اس شخص کا جس نے cross examination سے بچنے کے لئے ایک لمبا چوڑا سٹیٹمنٹ دیا جس نے ذمہ داری قبول کی اور چند شرفا سے وعدہ کیا لیکن جب وہ gentleman's promise سے انحراف کر گئے تو اس کے بعد میں نے جناب چیئرمین متعلقہ کمیٹی سے درخواست کی کہ وعدہ سے انحراف کی صورت میں ہو سکتا ہے کہ وہ کل چیلنج کر دیں ۔ کہ یہ تمام کا تمام سٹیٹمنٹ غلط ہے ۔ ہم لوگ کسی سلسلے سے

پشاور گئے ہوئے تھے میں نے احتجاج کیا اور کہا کہ کمیٹی دوبارہ بلائی جائے ۔

مسٹر سپیکر ۔ لیکن ملک صاحب آپ یہ غور فرمائیں کہ یہ سٹیٹ منٹ جو ریکارڈ کیا گیا ہے اور یہ جو ایوان کی میز پر آیا ہے یہی سٹیٹ منٹ correct سمجھا جائے گا ۔ خواہ اس پر وہ دستخط کریں یا نہ کریں ۔

ملک محمد اختر ۔ میں نے چیئرمین سے کہا کہ مجھے اس بات پر رنج و غم نہیں ہوگا اگر کسی شخص نے مجھے سپورٹ نہ کیا ساتھ ہی ساتھ اب بھی کہتا ہوں کہ اگر کوئی میرے راستے میں مشکلات پیدا کرے گا تو میں اس کا مقابلہ کرنے کے لئے تیار ہوں ۔

Mr. Ahmedmian Soomro : I want to know whether Malik Muhammad Akhtar wants to agree to what he has signed there or he wants to change it ?

Malik Muhammad Akhtar : I am coming to what I want to say ?

جناب والا ۔ میرا پہلا اعتراض یہ ہے کہ شریفانہ معاہدہ جو ہمارے اور مابین کمشنر طے ہوا تھا اس سے انحراف کیا گیا کمشنر کی طرف سے جو ان کو زیب نہیں دیتا ۔ دوسرا میرا قانونی اعتراض یہ ہے کہ کمیٹی کو سیکشن ۱۷۹ (۲) کے تحت یہ کرنا لازم تھا ۔

Sir, I would draw your attention to Rule 178 which reads :

> "Examination of the question by the Committee—(1) The Committee shall examine every question referred to it and determine with reference to the facts of each case whether a breach of privilege is involved and, if so, the nature of the

breach., the circumstances leading to it and make such recommendations as it may deem fit."

یہ ہمارا رول آف پروسیجر ہے ۔

"The Committee shall examine every question referred to it and determine....."

جناب والا ۔ "shall" کا لفظ "determine" کے ساتھ بھی آتا ہے ۔ یعنی "shall determine" ۔

".....with reference to the facts of each case whether a breach of privilege is involved."

جناب والا ۔ میرا مدعا یہ ہے کہ کمیٹی کو یہ چاہئے تھا کہ رپورٹ دیتی ۔ کمشنر صاحب نے اپنی غفلت کا اعتراف کر لیا اور خود ذمہ داری لے لی ۔ تو کمیٹی کی رپورٹ اس طرح ہونی چاہئے تھی کہ کمشنر نے اپنے سٹاف کے خلاف تسلیم کیا ہے کہ اس سے breach of privilege اسمبلی کا ہوا لیکن ان کے اس رویہ کے پیش نظر کہ انہوں نے ذمہ داری لے لی ہے ہم ان proceedings کو آگے نہیں لے جانا چاہتے ۔ یہ میرا کوئی ذاتی مسئلہ نہیں ہے ۔ یہ اس ایوان کے وقار کا سوال ہے ۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ مجھے اس سے آگے نہیں جانا چاہئے بلکہ مجھے ایک فقرہ کہنا ہوگا جناب صدر کی وساطت سے چونکہ اس کے بعد انہوں نے ملک معراج خالد کے خلاف کچھ quote کیا کہ کمشنر یہ کرنا چاہتا ہے تو میں نے ملک خالد سے سوال کیا تھا ۔

"Question (Malik Muhammad Akhtar): Where is your invitation card? Answer: (Malik Miraj Khalid): I tore it up when I came out of the Arts Council enclosure and threw it there:

Question (Malik Muhammad Akhtar): What were the reasons for tearing it?

Answer : That was an expression of my protest and dis-satisfaction with the arrangements made.

تو جناب والا ۔ میں نے ایک حقیقی چیز پیش کر دی ہے ۔ میں اس پر مصر ہوں ۔ ہاؤس نے جو فیصلہ لینا ہے وہ لے لے ۔ اگر ان کا خیال ہے کہ معاملہ ڈراپ کیا جائے تو بے شک کر دیں کمشنر نے regret show کر دیا ہے مجھے کچھ اعتراض نہیں ۔

Mr. Speaker : I will now put the question to the vote of the House.

Minister of Food (Malik Khuda Bakhsh) : Is he pressing the motion ?

Malik Muhammad Akhtar : I am not.

Mr. Speaker : Originally when the motion was proposed by the Chair, the Member had opposed it. Then there were two speeches on this motion. I have now to put the motion to the vote of the House.

The question is :

> "That this Assembly agrees with the recommendations contained in the Report of Special Committee on the Question of Privilege, presented to the House on 1st May, 1968 and in respect of which a motion under sub-rule (1) of Rule 182 has been agreed to by the Assembly on 8th May, 1968."

The motion was carried.

So this matter is dropped.

ORDINANCES

THE CIVIL PROCEDURE (SPECIAL PROVISIONS) ORDINANCE, 1968. (*resumption of discussion*)

Mr. Speaker : The House will now resume discussion on the motion

that the Assembly do approve of the Civil Procedure (Special Provisions) Ordinance, 1968, promulgated by the Governor of West Pakistan on 16th January, 1968.

Khawaja Muhammad Safdar was speaking on his amendment when the House rose for the day yesterday. The Member may please resume his speech.

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ ۔ ۱) ۔ جناب والا ۔ میں نے کل اپنی ترمیم پیش کی تھی کہ سیکشن ۳ کے سب سیکشن (۲) کو اس ہنگامی قانون میں سے حذف کر دیا جائے اس چیز پر میں کل اپنی گزارشات پیش کر رہا تھا ۔ میں متعلقہ سب سیکشن ایوان کی یاد دہانی کے لئے پڑھے دیتا ہوں ۔

"3(2) Except as otherwise provided in this Ordinance, the provisions of the Evidence Act, 1872 (I of 1872), and the Code of Civil Procedure, 1908 (V of 1909), shall not apply to any proceedings under this Ordinance."

جناب والا ۔ میں اس ضمن میں چند گزارشات کر رہا تھا کہ اگر ہم نے یہ فیصلہ کیا کہ ضابطہ دیوانی کا اطلاق اس آرڈیننس کے تحت جن مقدمات کی سماعت ہوگی ان پر نہیں ہوگا تو ہم گوناں گوں مشکلات اور دشواریوں سے دو چار ہو جائیں گے ۔ اس ضمن میں میں یہ عرض کر رہا تھا کہ ایک مقدمے کو ابتدا سے لیجئے کہ فریقین کو کس طرح بلانا ہے اور اگر ایک فریق اس علاقے میں موجود نہیں تو اس پر سمنات کی تعمیل کس طرح ہونی ہے ۔ یہ طریقہ کار اس ہنگامی قانون میں درج نہیں ۔ اس کے علاوہ میں یہ بھی عرض کر رہا تھا کہ اگر مدعا علیہ یا مدعیان میں سے کوئی ایک یا سارے کے سارے مقدمہ کے کسی مرحلہ پر غیر حاضر ہو جاویں تو مقدمے کی نوعیت کیا ہو جائے گی ۔ ٹریبیونل اس پر کیا حکم صادر کریں گے ۔ مثال کے طور

پر مقدمے کی دوسری تاریخ پر مدعی غیر حاضر ہو جاتا ہے تو کیا وہ داخل دفتر ہو جائیگا کچھ معلوم نہیں ۔ اس قانون میں کچھ درج نہیں ۔ اگر چار چھ مدعی ہیں ان میں سے دو غیر حاضر ہو جاتے ہیں اپنی مرضی سے تو پھر کیا صورت ہوگی کچھ معلوم نہیں ۔ اسی طرح مدعا علیہ کو لے لیا جائے ۔ اگر ایک ہے تو اسکی غیر حاضری کی صورت میں سمن تعمیل ہونے کے بعد کیا اس کے خلاف یکطرفہ کارروائی ہوگی اور اگر ایک سے زیادہ مدعا علیہ ہیں تو ان میں سے کسی کے غیر حاضر ہونے سے کیا حکم جاری ہوگا یا یہ کہ یکطرفہ کارروائی ہوگی ۔ مدعی یا مدعا علیہ کی غیر حاضری کی صورت میں ٹریبیونل کیا حکم صادر کرے گا اس کے متعلق یہ ہنگامی قانون خاموش ہے ۔ اور اگر مدعی کی غیر حاضری کی صورت میں مقدمہ داخل دفتر ہو جاتا ہے تو کیا داخل دفتر مقدمہ مقدمہ برآمد بھی کیا جا سکتا ہے اس کے متعلق بھی کچھ اس قانون میں نہیں لکھا ہوا ۔ اور اگر مدعا علیہ یا مدعا علیہم کی غیر حاضری کی وجہ سے ان کے خلاف یکطرفہ کارروائی ہو جائے ۔ اگر وہ ٹریبیونل کے سامنے حاضر نہ ہوں اور ان کے خلاف یکطرفہ کارروائی ہو جائے تو کیا وہ درخواست دے کر اپنے خلاف یکطرفہ کارروائی کے احکام منسوخ کرا سکیں گے یا نہیں ۔ اس قانون میں اس بارے میں کچھ نہیں ۔ آگے چلئے ۔ میں جناب گاہ منسٹر صاحب سے نہایت ادب سے دریافت کرتا ہوں وہ اس کے متعلق ارشاد فرمائیں کہ اگر ایک مقدمہ ایک دفعہ ٹریبونل سے خارج ہو جاتا ہے تو کیا وہی مدعی دوبارہ درخواست دے سکے گا یا نہیں ۔ اس قانون میں اس بارہ میں کچھ نہیں ۔ ضابطہ دیوانی کا مسلمہ اصول ہے کہ اگر ایک مقدمہ ایک بار فیصلہ ہو جائے تو انہی وجوہات کی بنا پر دوبارہ مقدمہ دائر نہیں کیا جا سکتا ۔ مگر اس قانون کے مطابق کسی شخص کو نہیں روکا جا سکے گا کہ وہ دوبارہ درخواست نہ کرے ۔ Res judicata کا مسلمہ اصول اس ہنگامی قانون میں کہاں درج ہے ؟ اور اگر نہیں ہے تو پھر کسی سہیلے

کا کسی صورت میں کسی مدت میں بھی فیصلہ نہیں ہو سکے گا ۔ بار بار درخواستیں آئیں گی ۔ ایک ٹریبونل سے خارج ہوئی دوسرے میں دائر ہوگئی ۔ دوسرے سے خارج ہوا تیسرے میں چلی گئی اور علی ھذالقیاس یہ لا متناھی سلسلہ جاری رہے گا ۔ اس کے علاوہ میں جناب لاء منسٹر صاحب سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ اگر دوران مقدمہ مدعی یا مدعا علیہ میں سے ایک مر جاتا ہے تو کیا اس کے ورثا کو فریق مقدمہ بنایا جائے گا ۔ اس قانون میں اس صورت حال سے نپٹنے کے لئے کچھ بھی درج نہیں ہے ۔ اگر ورثا کو فریق مقدمہ نہیں بنایا جائے گا تو ڈگری کس کے خلاف ہوگی ۔

اس کے علاوہ جناب والا ۔ اگر آپ نے اس قانون کے تحت مقدمات کی سماعت کے لئے ضابطہ دیوانی کا اطلاق نہیں کرنا تو آپ بہت سی الجھنوں میں پڑ جائیں گے ۔ مثال کے طور پر کسی مقدمہ میں فریق مقدمہ مستورات بھی ہو سکتی ہیں ۔ اکثر ایسا ہوتا ہے یہ کوئی نئی بات نہیں ۔ کبھی مدعا علیہ کی صورت میں کبھی مدعیہ کی صورت میں ۔ کیا ان کے لئے حاضری لازمی ہے ۔ کیونکہ ٹریبونل کے سامنے نہ کسی وکیل نے پیش ہونا ہے نہ مختار نے لہذا فریقین مقدمہ خود وہاں پیش ہوں گے ۔ مستورات پردہ نشین بھی ہیں ۔ اب تک بے پناہ اکثریت ہماری ایسی بہنوں کی ہے جو پردہ کرتی ہیں ۔ اور پبلک یا عدالت میں جانا پسند نہیں کرتیں ۔ اگر خدانخواستہ انہیں مقدمہ دائر کرنا پڑے تو اپنے کسی عزیز کو مختار بنا دیتی ہیں ۔ یا کسی وکیل کو وکالت نامہ دے دیتی ہیں ۔ مگر اس ہنگامی قانون کے ذریعہ ایسا نہیں ہو سکے گا ۔ اس لئے وزیر قانون اس ایوان کو بتائیں کہ اگر ضابطہ دیوانی نہیں ہوگا تو کون سا ضابطہ ہوگا ۔ جس کے تحت ان بے شمار مسائل کا جن میں سے چند ایک کا ذکر میں نے یہاں کیا ہے ، فیصلہ کیا جائے گا ۔ اب آئین اس کی دوسری شق پر ۔ اس قانون کے تحت

جس درخواست کی سماعت ہوگی اس پر قانون شہادت کا اطلاق نہیں ہوگا۔ اب جناب والا۔ قانون شہادت کا اطلاق نہ ہونے سے بے پناہ خرابیاں پیدا ہو جائیں گی۔ مثال کے طور پر یہ اس قانون میں کہیں نہیں لکھا ہے کہ دستاویزات کس طرح پیش ہوں گی اور کس طرح شامل مسل کی جائیں گی۔ کون سی وصول کی جائیں گی اور کون سی وصول نہیں کی جائیں گی۔ انہیں پیش کون کرے گا شامل مسل کون کرے گا۔ مدعی کرے گا یا گواہ کرے گا۔ بعض ایسی دستاویزات ہوں گی جو ایک گواہ پیش نہیں کر سکتا دوسرا کر سکتا ہے۔ کون سا گواہ کرے گا۔ وہ تو قانون شہادت کا جب اطلاق ہوگا تو پھر پتہ چلے گا کہ دستاویزات شامل مسل کس طرح کرلی ہیں اور کس گواہ کے ذریعے انہیں پیش کرنا ہے۔ اس کے بعد گواہان پر جرح کیسے کرلی ہے۔ آپ جانتے ہیں کہ قانون شہادت کا بیشتر اہم حصہ اس امر پر مختص ہے کہ جرح کس طرح کرلی چاہئے۔ اگر وہ حدود و قیود نہ ہوں تو ایک فریق دوسرے کو ذلیل اور بے عزت کرنے کے لئے ایسے سوالات پوچھ سکتا ہے جن کا زیر بحث مقدمہ سے قطعاً کوئی تعلق نہ ہو۔ ٹریبیونل کیسے یہ فیصلہ کرے گا کہ کون سی شہادت درست یا نا درست ہے یا کون سی شہادت ضروری یا غیر ضروری ہے۔

جناب لاء منسٹر صاحب نے کل یہاں ارشاد فرمایا تھا کہ جس علاقہ پر اس کا اطلاق ہونا ہے وہ بڑا پسماندہ علاقہ ہے اور وہ لوگ قدامت پرست ہیں اور علیٰہذاالقیاس میں ان سے یہ پوچھتا ہوں کہ وہ اس قانون کے تحت ہر ضلع میں جرگہ کا پینل تو مقرر کریں گے اور آپ جانتے ہیں کہ دیوانی مقدمات کی تعداد فوجداری مقدمات سے ہمیشہ زیادہ ہوتی ہے۔ ہر ضلع میں جرگہ کے ممبران کا پینل بنانے کے لئے پڑھے لکھے لوگ کہاں سے آئیں گے۔ لازم ہوگا کہ آپ ان ان پڑھ لوگوں میں سے وہ پینل بنائیں جس کا ذکر

لاء منسٹر صاحب نے کل اپنی افتتاحی تقریر میں کیا تھا ۔ وہ ان پڑھ لوگ کیا سمجھیں گے ۔ جانچ پڑتال کیسے کریں گے ۔ اس شہادت کا جو ایک فریق نے یا دوسرے نے پیش کی ہوگی وہ کیسے وزن کریں گے ۔ کہ کون سی ضروری ہے اور کون سی غیر ضروری ۔ کون سی ایسی باتیں ہیں جو گواہوں نے خود اپنے علم سے بتائیں ہیں اور کون سی سنی سنائی ہیں ۔ اور ان ان پڑھ جاہل اراکین ٹریبیونل کا چیئرمین نائب تحصیل دار بھی ہو سکتا ہے ۔ میں اس اسمبلی کی اطلاع کے لئے عرض کروں کہ پچھلی اسمبلی کے دوران ایک بل جو ان علاقہ جات کے متعلق تھا ایک سٹینڈنگ کمیٹی کے سپرد ہوا تھا ۔ میں نے اس کمیٹی کے چیئرمین کی حیثیت سے ایک تحصیلدار شہادت کے لئے بلایا ۔ جب ان سے پوچھا گیا کہ آپ کی تعلیم کیا ہے تو انہوں نے کہا مڈل پاس۔ تو آپ ایسے آدمی کو چیئرمین بنائیں گے جو انگریزی پڑھنا بھی نہیں جانتا ہوگا ۔ میں جانتا ہوں کہ کچھ نہ کچھ لوگ ضرور اس قابل ہوں گے ، اچھے پڑھے لکھے ہوں گے مگر چیئرمین کا معیار مڈل پاس ہے جو انگریزی سے نابلد ہوگا ۔ ایسی صورت میں یہ چار ممبران جرگہ جو بقول میرے محترم لاء منسٹر کے جاہل مطلق ہیں ۔

وزیر قانون ۔ میں نے یہ نہیں کہا تھا ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ آپ نے کہا تھا کہ اس علاقہ میں بے پناہ جہالت ہے ۔ اس کا مطلب یہی تھا کہ وہاں کی بہت بڑی اکثریت جاہل ہے میں اکثریت کی بات کرتا ہوں ۔ جناب والا ۔ میری سمجھ سے یہ چیز بالکل ہی بالا ہے کہ یہ کس طرح مقدمات کا فیصلہ کریں گے اور کس طرح لوگوں کے قیمتی حقوق کا تحفظ کریں گے ۔ آپ خود اندازہ کر سکتے ہیں کہ یہ ٹریبیونل کس قسم کے نتائج برآمد کرے گا ۔ مجھے اپنے محترم دوست لاء منسٹر صاحب کی مصلحتوں کا کچھ علم نہیں ۔ مجھے معلوم نہیں کہ حکومت نے کن

مصلحتوں کی بنا پر اس قسم کا سیاہ قانون اس بد بخت علاقہ پر نافذ کرنا ضروری سمجھا ہے جسے کوئٹہ ڈویژن کہتے ہیں ۔ مجھے ان مصلحتوں کا علم نہیں ہے ۔ مجھے افسوس ہے کہ ہمارے بھائی جو اس پسماندہ علاقہ میں رہتے ہیں ۔ یہ حکومت عمداً کوشش کر رہی ہے کہ وہ اس سے بھی زیادہ پسماندہ ہو جائیں حالانکہ آئین میں ان حکمرانوں نے یہ درج کیا ہوا ہے کہ وہ پسماندہ علاقوں کی ترقی کے لئے ہر طرح سے کوشش کریں گے ۔ ہر روز ارباب اقتدار سٹیج سے ریڈیو سے اخبارات کے ذریعہ سے اعلان کرتے رہتے ہیں کہ ہم پسماندہ علاقوں کی ترقی اور ان کی خوشحالی کے لئے ہر وقت کوشاں ہیں ۔ اور کوشاں اس طرح ہیں کہ ان پر جنگل کا قانون کر دیا ہے تاکہ وہ اپنے معاملات سلجھا نہ سکیں ۔ ان کے معاملات جو پہلے ہی الجھے ہوئے ہیں ان کو مزید الجھا دیا جائے ۔ میں اپنے دوست سے نہایت ادب سے درخواست کروں گا کہ اس سیاہ سے سیاہ تر قانون کو واپس لے لیں ۔ ہم اس قسم کے غلط اور حد درجہ نقصان رساں قانون پر انگوٹھا لگا کر اس ایوان کی تاریخ میں ایک سیاہ باب کا اضافہ کریں گے ۔

میجر محمد اسلم جان (راولپنڈی ۔ ۱) ۔ جناب سپیکر ۔ میں جناب خواجہ صفدر صاحب کی ترمیم کی حمایت میں کھڑا ہوا ہوں ۔ خواجہ صاحب نے فرمایا ہے کہ سیکشن ۳ (۲) میں Evidence Act, 1872 اور Code of Civil Procedure, 1908 اس ہنگامی قانون پر لاگو نہیں ہوں گے ان کو حذف کر دیا جائے ۔

جناب والا ۔ خواجہ صاحب نے کافی اچھے طریقے سے اس کے متعلق روشنی ڈالی ہے لیکن کچھ ایسے پوائنٹس ہیں جن کے متعلق میں عرض کرنی چاہتا ہوں کہ یہ کیوں نہایت ضروری ہے ۔ اگر یہ ہنگامی قانون پاس ہو جائے جیسا کہ امید ہے کہ یہ پاس ہو جائے گا کیونکہ ان کی اس وقت زیادہ مجارٹی

ہے ۔ قانون اچھا ہے یا برا ہے اس کی کچھ نہ کچھ وجوہات ہیں جس کی وجہ سے یہ ہنگامی قانون پاس کرنا چاہتے ہیں ۔ آپ نے اپنی brute مجارٹی کے بل بوتے پر قانون پاس کروا لینا ہے ۔ اس میں ایسی خرابیاں ہیں جس کے متعلق ابھی کہا گیا ہے کہ ضابطہ دیوانی اور قانون شہادت کو شامل کیا جائے ۔ جناب والا ۔ تمام دیوانی تنازعات یا مقدمات اس وقت مکمل نہیں ہو سکتے جب تک ان کے متعلق پورا ثبوت مہیا نہ ہو جائے اور جب تک ضابطہ دیوانی اور قانون شہادت کا اطلاق نہ ہو یہ پتہ بھی نہیں لگایا جا سکتا کہ آیا یہ مقدمہ درست ہے یا نا درست ہے ۔ دیوانی مقدمات کے لئے ضروری ہے کہ جب تک تمام مراحل مقرر کردہ ضابطہ دیوانی یا قانون شہادت کے تحت حل نہیں کئے جا سکتے ان کا صحیح پتہ ہونا کہ ان میں کتنے مقدمے سچے ہیں ، کتنے ان میں غلط ہیں اور کتنا اس میں جھوٹ ہے بہت مشکل ہو جاتا ہے ۔ جب کوئی دیوانی مقدمہ دائر کیا جاتا ہے پہلے دعویٰ دائر کیا جاتا ہے ۔ پھر سمن جاری کئے جاتے ہیں ۔ جواب دعویٰ دیا جاتا ہے اگر مناسب سمجھا جائے تو جواب الجواب دیا جاتا ہے ۔ جب preliminary issues کیا جاتا ہے تو preliminary issues کے بعد جو matter under in dispute ہے وہ issues frame کیا جائے ۔ اس ہنگامی قانون میں کہیں نہیں بتایا گیا کہ یہ preliminary issues ہوگا یا نہیں ہوگا ۔ کیا دعویٰ کرنے کے بعد صرف ایک درخواست دے دینے کے بعد پھر جواب دعویٰ کیا جائے گا یا وہ issue frame کیا جائے گا ۔ سمن کس طریقہ سے جاری کیا جائے گا اس کا اس قانون میں کہیں کوئی ذکر نہیں ہے جس کا ذکر ہونا نہایت ضروری ہے ۔

جناب والا ۔ جیسا کہ خواجہ صاحب نے ابھی فرمایا ہے کہ بہت سے نائب تحصیل دار پٹواری سے ترقی کرکے اپنی سینیارٹی کی وجہ سے نائب

تحصیل دار بن جاتے ہیں ان میں اکثر تعداد ایسی ہے جو شائد میٹریکولیٹ ہیں یا ان کی آٹھویں جماعت یا مڈل تک تعلیم ہے۔ فریقین کو آزادی دی جائے کہ وہ اپنا ثبوت پیش کریں ۔ ثبوت پیش کرنے کے لئے قانون شہادت میں hearsay شہادت کو accept کیا جائے گا یا نہیں ۔ ایسے مقدمات جہاں دستاویزات پیش ہونے ہیں دیکھنا ہے کہ کون کون سی دستاویزات کہاں پیش کی گئی ہیں اور ان کو کیسے accept کیا جائے گا ۔ اگر ضابطہ دیوانی کو نکال دیا جائے یا قانون شہادت کو نکال دیا جائے تو burden of proof کس پر ہوگا ۔ آیا یہ بوجھ مدعی پر ہوگا یا مدعا علیہ پر ہوگا ۔ یہ انتہائی ضروری چیز ہے کہ دیکھنا ہے کہ یہ اصلی دستاویزات ہیں یا جعلی دستاویزات ہیں وہ پورے کرائے جائیں گے ۔ یہ غلط دستاویزات ہیں یا غیر ثبوت شدہ ہیں ٹریبیونل اس کو accept کرے گا یہ تمام چیزیں ایسے ہی چھوڑ دی گئی ہیں ۔ وہ نائب تحصیل دار جو نان گزیٹڈ افسر ہے گزیٹڈ بھی نہیں ہے ۔ اگلی ترمیم میں نائب تحصیل دار کے اختیارات دیئے ہوئے ہیں ۔ نائب تحصیل دار تو اسسٹنٹ کلکٹر گریڈ سیکنڈ بھی نہیں ہے ۔ ایک ہزار روپیہ سے زیادہ مقدمہ کلکٹر خود سنتا ہے ۔ ایک ہزار سے کم کا مقدمہ کا اسسٹنٹ کلکٹر گریڈ سیکنڈ سنتا ہے اور نائب تحصیل دار ۵۰۰ روپے سے زیادہ مقدمہ نہیں سن سکتا ۔ لاکھوں روپیہ کے مقدمات اگر آ جائیں تو نائب تحصیل دار اس کا چیئرمین ہوگا اور وہ اس مقدمہ کا فیصلہ کرے گا ۔ اگلی ترمیم پر میں عرض کروں گا کہ کون کون سی شہادت متعلقہ ہے اور کون کون سی شہادت غیر متعلقہ ہے ۔ قانون شہادت میں یہ ہے کہ quality of the evidence ہونی چاہئے نہ کہ quantity of the evidence ممکن ہے کہ نائب تحصیل دار یہ دیکھے کہ ایک آدمی نے پچاس گواہ پیش کر دیئے اور وہ یہ کہے کہ یہ سچ کہتے ہیں یا وہ سب جھوٹ کہہ رہے ہیں صرف cross

examination ہی ضروری نہیں ہے بلکہ re-examination بھی ضروری ہے ۔ اس کے لئے کیا انہوں نے کوئی provision دی ہے اور ایسے گواہان شہادت کی اجازت قانون شہادت نہیں مانتا ہے جو ذہنی طور پر کمزور ہوں ۔ یا بچے ہوں ان کی شہادت خاص شرائط کے تحت لی جاتی ہے ۔ میں تین چار سیکشن قانون شہادت سے پیش کروں گا ۔ پہلے previous judgement relevant to Bar the second suit. کو لیتا ہوں ۔ اگر ایک مقدمہ میں آپ کا پہلے اسی قسم کا مقدمہ آ چکا ہے اور اس کے اوپر سول کورٹ کی judgement ہو چکی ہے ۔ یا جو پہلے فیصلہ ہے اس کو وہ admit کریں گے یا نہیں ؟ نائب تحصیل دار کو حق ہے کہ وہ اس کو admit کرے یا نہ کرے ۔ ایکسپرٹ کی رائے لے گا ۔ جو انگوٹھے لگائے گئے ہیں وہ اس کی تصدیق کرے گا کہ وہ درست ہیں ۔

The facts which Court may not take notice of, need not be proved. For instance, all public Acts and proceedings of the Parliament.

اگر اس قسم کی چیزیں پیش کی جائیں تو کیا ان کو نائب تحصیل دار قبول کرے گا ۔

Facts admitted previously.

اس عدالت میں یا دوسری عدالت میں اس کی کیا پوزیشن ہو گی دستاویزات کے متعلق جیسا کہ خواجہ صاحب نے فرمایا ہے ۔

Proof of the contents of the documents may be proved by primary or secondary evidence.

تو کیا اس کے لئے بھی وہ primary evidence یا secondary evidence کو قبول کریں گے یا نائب تحصیل دار کی اپنی مرضی اور صوابدید پر اس کا انحصار ہوگا ۔ اس کے علاوہ ان attested documents

کی کیا پوزیشن ہو گی ، اور جو تیس سال پرانی دستاویزات ہیں ان کی کیا پوزیشن ہوگی ۔ re-examination کی کیا پوزیشن ہوگی ۔ یہ question جو کہ

are intended only to insult or annoy or indecent kinds of questions, willh ave to be allowed or not allowed irrelevant to that particular case.

اس قسم کی بہت سی چیزیں ہیں which are absolutely relevant to this law.

جب ایک مرتبہ انہوں نے ضابطہ دیوانی اور قانون شہادت کو وہاں سے نکال دیا تو پھر ان سب کے متعلق کیا ہوگا ۔ یہ ایک خلا سا ہے ۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ قانون شہادت جو کہ شاید ۱۸۷۸ء سے تمام عدالتوں میں نافذ ہے اور

has gone through all the tests.

اور اس پر آج تک کام ہو رہا ہے ۔ اب کرمینل لاء امنڈمنٹ ایکٹ کے تحت ایک جرگہ سسٹم بنا دیا گیا ہے ۔ ہم نے دیکھا ہے کہ دیوانی عدالتوں میں لوگ جا جا کر درخواستیں دیتے ہیں کہ فلاں کے ساتھ میرا جو مقدمہ ہے وہ جرگے کے سپرد کر دیا جائے اور وہ جرگے کے سپرد ہو جاتا ہے ۔ قانون بنانے والوں کو یہ بات نہیں بھولنا چاہئے کہ وقت بدلتا رہتا ہے اور کہیں ایسا نہ ہو کہ جو غلط قسم کے قوانین وہ بنا رہے ہیں ۔ کل وہی قوانین ان پر ہی نافذ ہوں ۔ میں جناب وزیر قانون سے نہایت ادب کے ساتھ عرض کروں گا کہ ہم جن نقائص کی نشاندھی کر رہے ہیں وہ ان کی طرف توجہ فرمائیں ۔ یہ قانون جو کہ اس وقت اس معزز ایوان کے سامنے پاس کئے جانے کی غرض سے پیش ہوا ہے اس میں بہت سے نقائص ہیں ۔ لاکھوں کروڑوں روپے کی جائیدادوں کے مقدمات کی سماعت بھی اس کے تحت کی جائے گی اس لئے ضروری

ہے کہ ضابطہ دیوانی اور قانون شہادت کو بھی اس میں شامل کیا جائے اور یا اس سب کلاز نمبر ۲ کو اس سے حذف کر دیا جائے ۔

چودھری انور عزیز (سیالکوٹ ۔ ۴) ۔ جناب والا ۔ جب کوئی بوڑھا باپ اپنے جوان اور تنومند بیٹے سے کالج کے خرچ کا حساب مانگتا ہے تو بیٹا دو سو روپے کا حساب دیتے دیتے ایک سو اکاون روپے تک پہنچ کر رک جاتا ہے ۔ جب باپ پوچھتا ہے کہ باقی پیسے کیا ہوئے تو اسے بتایا جاتا ہے کہ وہ "فیس فائٹ" ہوگئے ۔ تو جب ایسا آرڈیننس ہمارے سامنے پیش ہوتا ہے تو ہمیں فیس کے معنی تو سمجھ میں آتے ہیں کہ یہ اسی کا نام ہے لیکن "فائٹ" کے معنی ہماری سمجھ میں نہیں آتے ۔ جناب والا ۔ یہ وہ قانون ہے کہ جس کے متعلق ہائی کورٹ نے کئی مرتبہ کہا ہے کہ ان پر مہربانی کی جائے اور اس قسم کے قوانین نہ بنائے جائیں لیکن اس کے باوجود بھی یہ قانون اسی طرح بنایا گیا ہے ۔ یہ ایسا قانون ہے کہ جس کے بنانے میں اس ایوان کو اعتماد میں نہیں لیا گیا۔ ہمیں یہ نہیں بتایا گیا کہ اس علاقے میں ایسی تکالیف موجود ہیں کہ جن کو رفع کرنے کے لئے ہمارے پاس سوائے اس قسم کے قوانین بنانے کے کوئی اور چارہ کار نہیں تھا ۔ ہم نے یہی دیکھا ہے کہ جب کبھی بھی یہ قانون بنایا گیا ہے ، ہر مرتبہ ہی اس بات کا انتظار کیا جاتا رہا ہے کہ اسمبلی کا اجلاس نہ ہو رہا ہو تاکہ وہ یہ کہہ سکیں کہ چونکہ اسمبلی کا اجلاس نہیں ہو رہا تھا ، اس لئے اسے ہنگامی قانون کی شکل دی گئی ہے ۔ ہم عوام کے نمائندے ہیں اور ہمیں یہ حق ہے ۔ ۔ ۔ ۔ جناب والا ۔ جب آپ کی توجہ میری طرف نہیں رہتی تو میرا دل ڈوبنے لگتا ہے ۔ چونکہ میں بڑی سوچ بچار کے بعد یہ سب کچھ عرض کر رہا ہوں اس لئے مجھے آپ کی توجہ ، مہربانی اور شفقت کی زیادہ ضرورت ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ آپ اطمینان رکھیں ۔ میں آپ ہی کی طرف متوجہ ہوں

اور میں آپ کی نفسیات بھی سمجھ چکا ہوں کہ جب تک آپ کی طرف پوری پوری توجہ نہ دی جائے آپ کچھ disturb ہوتے ہیں ۔

چودھری انور عزیز ۔ شکریہ ۔ آپ نے بڑی صحیح term استعمال کی ہے کیونکہ زندگی کا درد ہی یہی ہے ۔ جناب والا ۔ آپ غور فرمائیں کہ اس ایوان میں تقریباً ڈیڑھ سو ممبران ہیں جو کہ مختلف علاقوں سے منتخب ہو کر یہاں آئے ہیں ۔ ان کا تعلیمی پس منظر بھی اچھا خاصا ہے اور میرے خیال میں یہ سب کے سب ان پڑھ بھی نہیں ہیں اور میرے خیال میں ان میں سے کوئی بھی ایسا نہیں ہے کہ جسے زندگی کا تجربہ نہ ہو ۔ میرے خیال میں یہاں پر کوئی بھی ، بشمول میری بہنوں کے ، ایسا نہیں ہے کہ جس نے زندگی کا کھٹا میٹھا نہ چکھا ہو ۔ تو ان کو اعتماد میں لینے میں کیا حرج تھا کہ جن علاقوں میں سے انہوں نے علاقے چنے ہیں کہ جس طرح ہم کبھی کبھی یونین کونسلیں بناتے ہیں کہ وہاں پر تو یہ قانون نافذ ہوگا لیکن ان کے ساتھ کی گلیوں میں نافذ نہیں ہوگا ۔ میں یہ پوچھتا ہوں کہ ایسی کیا آفت آ گئی ہے کہ اس قانون کو اس طرح کی شکل دی جا رہی ہے جس سے کہ یہ محسوس ہوتا ہے کہ ان چند علاقوں میں، یہ ضروری ہو گیا ہے کہ ان میں بسنے والوں کو اس طریقے سے انصاف بہم پہنچایا جائے کہ وہاں پر نہ ضابطہ فوجداری ہو اور نہ ہی قانون شہادت اور صرف ایک نائب تحصیل دار وہاں پر پردھان ہو ۔ پنجابی زبان کی ایک مثال ہے کہ "چور اچکا چودھری تے گنڈی رن پردھان" ۔ جس طریقے سے کام کیا جا رہا ہے اس کے متعلق کچھ نہ کچھ تو سوچنا چاہئے ۔ یہ ہمارے لئے ایک لمحۂ فکریہ ہے اور ہماری خوش قسمتی ہے کہ ہمارے سامنے یہ قانون پیش ہوا تاکہ ہم اس پر سوچ لیں اور غور و فکر کر لیں کہ ہم کس جانب جا رہے ہیں اور ہماری منزل کیا

ہے ۔ جناب والا ۔ ایک ہی ملک میں دو قسم کے مختلف قوانین نافذ نہیں ہو سکتے ۔ آپ مجھے لنکن کا وہ مشہور فقرہ کہہ لینے دیجئے کہ

"A House divided against itself can not stand for law."

تو ایک ھی سوسائٹی میں ایک ہی معاشرے میں اگر آپ ان کی تصحیح کرنا چاہتے ہیں تو ان کو ایک ہی قانون کے تحت rule کریں اور ایک ہی ذریعے سے ان کو انصاف بہم پہنچائیں تاکہ وہ یہ محسوس کریں کہ وہ آپس میں بھائی بھائی ہیں ۔ میں آپ کی توجہ اس طرف دلانا چاہتا ہوں کہ آپ اس پر غور فرمائیں کہ اس قانون کی ضرورت کیوں پیش آئی ہے ۔ آپ نے بھی jurisprudence کی کتابوں کا مطالعہ کیا ہوگا اور آپ کو بھی علم ہوگا کہ انسان کے اندر قانون اور انصاف کے حصول کو تین چیزیں جنم دیتی ہیں ۔ سب سے اول تو انسان کے نظریات ہوتے ہیں ۔ دوسری چیز انسان کا اخلاق ہوتا ہے جو کہ انسان کے ان نظریات کو حاصل کرنے کی کوشش کرتا ہے لیکن وہ وہاں تک نہیں پہنچ سکتا ۔ تیسرے نمبر پر قانون آتا ہے کہ جس کی بندش ہم کر سکتے ہیں ۔ مثلاً ایک شخص اپنے دوست کی غیبت کرتا ہے ۔ ۔ ۔ ۔ قانون ہمیشہ یہ کوشش کرتا ہے کہ ہماری رسائی اخلاق تک ہو سکے اور اخلاق ہمیشہ یہ کوشش کرتا ہے کہ ہم اپنے نظریات تک پہنچ سکیں ۔ تو جیسا کہ میں عرض کر رہا تھا کہ ایک شخص اپنے کسی دوست کی غیبت کرتا ہے تو قانون اس سلسلے میں اس کا کوئی محاسبہ نہیں کر سکتا ۔ جب آپ کسی سے دغا کرتے ہیں یا زبانی وعدہ کرکے اس وعدے کو ایفا نہیں کرتے تو اس صورت میں قانون آپ کا کوئی محاسبہ نہیں کر سکتا ۔ حالانکہ یہ ایک بہت بڑا اخلاقی عیب ہے گو کہ یہ کوئی قانونی عیب نہیں ہے ۔ اسی لئے قانون اس کا کوئی محاسبہ نہیں کر سکتا ۔

جناب والا ۔ اس وقت جو قوم اس ملک میں آباد ہے اور ان کے جو نظریات اور اخلاق ہیں ، ان کے لئے جو قانون نافذ ہونا چاہئے وہ موجود نہیں ہے ۔ ہمارے نظریات اور ہمارا اخلاق ہمارے قوانین سے بالکل مختلف ہیں ۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ جو قوانین ہمیں دیئے گئے ہیں وہ انگریزوں کی طرف سے ہمیں دیئے گئے ہیں اور جو نظریات اور اخلاق ہمیں دیئے گئے ہیں وہ یا تو ہم نے عربوں سے ورثے میں لئے ہیں اور روایات یا اخلاقی قدریں ہم نے تاریخ سے مستعار لی ہیں ۔

جناب والا ۔ اس مصیبت کو رفع کرنے کے لئے ضرورت پڑتی ہے کہ ہم اس قسم کے قوانین لائیں کیونکہ ہم دیکھ رہے ہیں کہ ہمارے عام قوانین ہمیں انصاف بہم پہنچانے کے ویسے ہی ناقابل ہیں ۔ تو کیوں بڑے سے بڑا آدمی یا جج یا وکیل اس بات کی جرأت نہیں کرتا کہ وہ یہ برملا کہے کہ قانون کی بنیادوں کو ہلا کر نئی راہیں استوار کریں ۔ وہ اس لئے ایسا نہیں کرتے کہ ہمارے بہت سے جج اور وکلاء بھائی اس قسم کے اداروں سے اپنی روزی کماتے ہیں ۔ یہ ایک ایسا سلسلہ چل چکا ہے کہ کسی کو بھی ہمت نہیں پڑتی کہ وہ اس سلسلے کو توڑ کر دیکھ سکے اور یہی وجہ ہے کہ جھوٹے مقدمے ، جھوٹے گواہ ، فریقین اور جھوٹی اپیلیں پیش ہوتی ہیں ۔ غرضیکہ ایک کے بعد دوسرا جھوٹ چلتا رہتا ہے ۔ اور ان سب چیزوں کو کتابوں میں لا کر اس طرح بند کیا جاتا ہے کہ جیسے یہ حرف آخر ہوں ۔ جناب والا ۔ ذرا غور فرمائیں ۔ آپ جانتے ہیں ہمارے معاشرے کی حالت ۔ ہم کو قانون کی بنیادوں تک پہنچنا ہے اور ہم کو وہاں جا کر یہ دیکھنا ہے کہ کہاں سے برائی شروع ہوئی ہے اور کہاں سے ہم نے اس کو درست کرنا ہے ۔

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ انور عزیز تو بیخ کنی کرنا چاہتے ہیں ۔

(قطع کلامیاں)

چودھری انور عزیز ۔ جناب والا ۔ اگر میرا بس چلے تو میں اختر صاحب کی بھی ضرور بیخ کنی کروں ۔ (قہقہہ) (قطع کلامیاں)

Mr. Speaker : Order, please.

مسٹر حمزہ ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ ملک اختر صاحب کے ان الفاظ کو اس ایوان کی کارروائی سے حذف کیا جائے کیونکہ کہ انہوں نے جو الفاظ استعمال کئے ہیں وہ ٹھیک نہیں ہیں ۔

چودھری انور عزیز ۔ جناب والا ۔ حمزہ صاحب کا پوائنٹ آف آرڈر ۔ بڑا ضروری ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ میرے خیال میں ملک اختر کو اس سے مستثنیٰ قرار دیا جاتا ہے ۔ (قہقہہ)

چودھری انور عزیز ۔ جناب والا ۔ میں آپ کی اجازت سے تھوڑی سی گزارشات کرنا چاہتا ہوں ۔ میں ایک عرض آپ کے سامنے کروں گا ۔ کہ قانون کی بنیادوں کو درست کرنا ضروری ہو گیا ہے ۔ اس کی وجہ سے ایسے قانون ہمارے سامنے آ رہے ہیں ۔ اور تیسری بات جناب والا ۔ آج ہم کو یہ بھی سوچ لینا چاہئے کہ قانون کا مقصد کیا ہوتا ہے جناب والا ۔ قانون کا مقصد ہوتا ہے کہ سوسائٹی میں سماج میں امن قائم کیا جائے اور عدل دیا جائے ہمارے جو قوانین اسوقت ملک میں ہیں یا تو وہ یہ کام کر رہے ہیں ۔ یا وہ یہ کام نہیں کر رہے ہیں اگر وہ امن رکھ رہے ہیں انصاف دے رہے ہیں ۔ تو پھر ایسے قانون کی ضرورت پیش نہیں آنی چاہئے ، اور اگر وہ امن نہیں رکھ رہے ہیں اور انصاف نہیں دے رہے ہیں ۔ تو پھر سارے ملک میں یہ قانون رائج ہونا چاہئے جناب والا ۔ یہ نہیں ہو سکتا کہ آپ اس طرح پر جرگہ سسٹم بنائیں کہ اگر رات کا واقعہ ہو تو ۳۰۷ جرگہ میں جائے گا ۔ اگر دن کا واقعہ ہو تو ۳۰۷ عدالت میں

جائے گا ۔ اگر پتہ نہیں چل رہا ہے تو ہمارا عام قانون تو فیل ہوچکا ہے ۔ لہذا جرگہ سسٹم سے ایک ایکس رے لگا کر دماغوں کا فوراً پتہ کر لیں کہ کون گناہ گار ہے ۔ اور اس کو ۳۰۲ کے تحت جرگہ میں بھیج دیں ۔ اور دن کے وقت واقعہ ہوا ہے ۔ اور دوسرے مل گئے ہیں تو اس وقت اس کو عام عدالت میں بھیج دیں ۔ جناب والا ۔ آپ دیکھیں کہ انصاف کی ضرورت صرف اس کو ہی پیش نہیں آتی جس کے ساتھ ۳۰۲ یا ۳۰۷ ہو یا جو کسی خاص علاقہ میں رہتا ہو بلکہ پاکستان میں انصاف کی ضرورت ہے امن کی ضرورت ہے ۔ جناب والا ۔ جس کے ساتھ ۳۲۳ ہے یا جس کے ساتھ ۳۲۵ ہے ۔ اس کو بھی انصاف کی اتنی ہی ضرورت ہے جتنی کہ اس کو ہوتی ہے جس کے ساتھ ۳۰۷ کا واقعہ پیش آ جاتا ہے ۔ اس قانون کے ذریعہ میں یہ ثابت کرنا چاہتا ہوں ۔ کہ ہم چند باتوں کے اوپر تو انصاف اس طرح کریں گے اور چند باتوں پر انصاف کا دوسرا راستہ تلاش کریں گے ۔ جناب والا ۔ آپ جب ایک ملک میں ایک معاشرے میں ایک ضلع میں ایک تحصیل میں ، ایک گاؤں میں دو قانونوں کے ساتھ انصاف شروع کر دیں گے تو اس وقت یقین کیجئے کہ یہ سوسائٹی دو حصوں میں بٹ کر رہ جائے گی ، اور تاریخ میں ہمیشہ ایسے واقعات ملک میں اس وقت پیش آتے ہیں ۔ آپ تاریخ قانون کو جانتے ہیں ۔ جناب والا ۔ جس وقت پوری کی پوری سوسائٹی ایک ہیجان میں ہوتی ہے اور ایک نیا راستہ تلاش کرنے کی کوشش میں ہوتی ہے لیکن اس کو نیا راستہ نظر نہیں آتا ۔ جیسا کہ اس قانون سے ظاہر ہوتا ہے چار پانچ مرتبہ بتائیں اور چار پانچ مرتبہ ہائی کورٹ نے اسے ٹالا ہے نہ ہائی کورٹ کو پتہ چل رہا ہے کہ ہم صحیح انصاف کس طرح دے سکتے ہیں نہ ہم کو پتہ چل رہا ہے ۔ ۔ ۔ ۔

Minister for Law : This is irrelevant.

چودھری انور عزیز ۔ جناب والا ۔ میں relevant ہوں آپ اس بات کا برا نہ منائیں ۔ یہ باتیں بنیادی ہیں اور درست ہیں ان کو غلط ثابت نہیں کیا جا سکتا ۔ مجھے اس بات کا پتہ ہے ۔ میں نے ان باتوں پر محنت کی ہے ان باتوں کے متعلق ۔ حضور والا ۔ میں گزارش کر رہا تھا ۔ کہ عام قانون سے یہاں ہم کو انصاف مل رہا ہے یہاں کوئی انصاف نہیں مل رہا ہے ۔ جناب والا ۔ ظفر صاحب نے ایک دفعہ بیان دیا تھا ۔ انہوں نے کہا تھا کہ میں نہیں چاہتا کہ Criminal Procedure, Evidence Act اور Civil Procedure Code کو ایسٹ پاکستان میں اور طرح رکھا جائے اور اس جگہ اور طرح سے رکھا جائے ۔ کیونکہ اس طرح ایک ملک کا بٹوارہ ہو جائیگا ۔ اب اس قانون کو سامنے رکھ کر دیکھا جائے تو ہم ایک گاؤں میں بلکہ ایک ضلع میں ایک تحصیل میں یہ بٹوارہ کر رہے ہیں ، جناب والا ۔ میں جیسا کہ عرض کر رہا تھا ۔ جب سوسائٹی ہیجان میں ہوتی ہے ، تو ایسے قانون پیش آتے ہیں ۔ جیسا کہ آپ کو پتہ ہے ۔ کہ فرانس میں people's courts چلتی رہی ہیں ۔ جیسا کہ آپ کو پتہ ہے کہ انگلینڈ میں Equity courts کی ضرورت پیش آئی ۔ اور دو سو سال کے بعد ان کو پتہ چلا کہ Equity اور chancery courts کو آپس میں ملا دینا ہی بہتر ہے ۔ جناب والا ۔ ہم کو بھی ایسے قوانین بنانے کی کیا ضرورت پیش آئی ہے ۔ وہ کون سی کل ہے جو ٹوٹ گئی ہے یا وہ کون سا پرزہ ہے جو ہم کو نہیں مل رہا ۔ جس کی وجہ سے ہم اپنے معاشرے میں انصاف اور امن قائم نہیں کر رہے ۔ جناب والا ۔ روز مرہ کی زندگی میں ایک عام انسان سوسائٹی کو allegiance اس لئے دیتا ہے سٹیٹ کی خدمت اس لئے کرتا ہے ، قربانی اس لئے کرتا ہے لڑتا اور مرتا اس لئے ہے کہ اس کی قوم اور ملک کو امن اور انصاف نصیب ہو ۔ اور اس کی اولاد جو ہے وہ انصاف بغیر تکلیف کے حاصل کو سکے ۔

جناب والا ۔ ہمارے معاشرے پر کیا مصیبت پڑ گئی ہے ۔ اب میں وہ عرض کرتا ہوں ۔ پہلی مصیبت ہمارے معاشرے میں یہ پڑ گئی ہے کہ ہماری عدالتوں کا سسٹم اس وقت کوئی نہیں رہا ۔ جس سے وہ کہہ سکیں کہ

This is the truth.

The determination of facts itself has come in question.

کیونکہ سچ کے لئے جو بھی دلائل پیش ہوتے ہیں ۔ اور وہ جو طریقہ ہمارے پاس رائج ہے ۔ وہ دونوں غلط ہیں ۔ جناب والا ۔ اس کا ثبوت اس ایکٹ سے ملتا ہے ۔ انہوں نے کہا ہے ۔ آپ کسی خاص طریقے سے بنوا سکتے ہیں یعنی اس ایکٹ کے ماتحت چار گاؤں کو اکٹھا کر کے کہتے ہیں کہ تم قرآن کی قسم اٹھا کر پھر بیان دو ۔ کیونکہ وہ ہمارے مزاج کے مطابق ہے ہمارے سماج کی قدروں کے مطابق ہے ۔ کہ ہم اس طرح انصاف حاصل کر سکیں گے ۔ سب سے بڑی مصیبت جو اس وقت عدالتوں پر پڑی ہے ۔ جناب والا ۔ سچ کو ڈھونڈنا ہے سچ کو ڈھونڈنے کے لئے ہم نے ایک نیا طریقہ نکالا ہے ۔ وہ ہے جرگہ سسٹم ۔ جرگہ سسٹم ایسی بدنام اور بری چیز نہیں ہے ۔ کہ اس کا نام لیتے ہی ہمیں گھبراہٹ شروع ہو جائے ۔ اور جیسا کہ ہمارے آپوزیشن کے پہلوان ہمیشہ یہ ثابت کرنے کی کوشش کرتے رہتے ہیں کہ جرگہ سسٹم بذات خود بڑی بری چیز ہے ۔ یہ غلط بات ہے ۔ جناب والا ۔ آپ جانتے ہیں ۔ کہ انگلستان میں جیوری سسٹم ہے ۔ امریکہ میں جیوری سسٹم ہے فرانس میں جیوری سسٹم ہے ۔ غرضیکہ ہر ایک advanced ملک میں جیوری سسٹم رہا ہے ۔ ہمارے ملک میں بھی قاضی وقتاً فوقتاً آپ تاریخ میں جانتے ہیں کہ لوگوں کو بلاتے رہے ہیں ۔ ان کو پوچھتے رہے ہیں کہ یہ دیکھ کر بتائیں کہ یہ جو گواہ ہمارے سامنے پیش کیا ہے یہ کس قسم

کا ہے جیوری کا کام صرف یہ ہوتا ہے ۔ جرگہ کا کام صرف یہ ہونا چاہیئے کہ وہ انصاف ڈھونڈ لیں ۔ کیونکہ جو انسان کرسی پر نہ بیٹھا ہو بلکہ عام انسانوں سے عام اس کا رویہ نہ ہو . . . .

Minister of Law : I am unable to understand whether the Member is supporting the amendment or he is opposing the amendment.

Chaudhri Anwar Aziz : I am trying to give some truth.

Mr. Speaker : I think it is a mixed speech. *(laughter)*

Minister of Law : Like a misfit.

Chaudhri Anwar Aziz : I don't know whether that is a slur or a compliment.

جناب والا ۔ میری گذارش یہ ہے کہ اس ملک میں ہم نے ابھی تک وہ طریقہ دریافت نہیں کیا ہے ۔ اپنے اخلاق اپنے نظریات کے مطابق کہ ہم سچ کو عدالت میں ڈھونڈ سکیں اگر جرگہ سسٹم وہ سچ ڈھونڈ سکتا ہے تو آئیے ہم جرگہ سسٹم کو تمام پاکستان کے لئے اپنا لیں ۔ اور اگر ہمارے پرانے codes جو کہ ہم کو انگریز دے گئے ہیں ۔ ان کے ذریعہ سچ ڈھونڈا جا سکتا ہے ۔ تو ان کو اپنا لیں ۔ اور اگر ان دونوں کے مابین اور کوئی بات کر کے بات ہو سکتی ہے ۔ تو وہ کر لیں ۔ لیکن یہ نہ کریں کہ ایک حصہ کے لئے تو ایک قانون بن جائے اور دوسرے حصہ کے لئے دوسرا قانون بن جائے جناب والا ۔ انہوں نے Civil Procedure Code کو discard کر دیا ہے Evidence Act کو بھی discard کر دیا ہے ۔ آگے چل کر کہتے ہیں کہ گواہوں کو بلانے کے لئے CPC کی ضرورت ہے پھر کہتے ہیں کہ تھوڑے سے سیکشن کی بھی ضرورت ہے ۔ ان کی مثال بالکل اس طرح ہے ۔

بتوں کو قول دیتا ہوں وفا کا

قسم اپنے خدا کی کھا رہا ہوں

جب آپ discard کرتے ہیں تو پھر پوری طرح discard کرنے کی ہمت کیوں نہیں ۔ ہمارے سیکشن افسروں کو اس کے ڈرافٹ کرنے کی ہمت تو ہے لیکن اتنی ہمت نہیں کہ پوری Civil Procedure Code کو ڈرافٹ کر دیں کہ جرگہ ان لائینز پر چلا کرے گا ۔ یا اس طرح گواہ پیش ہوں گے اس طرح issues کو حل کیا جائے گا ۔ یہ ضروری ہے لیکن یہاں تو محنت کرنے اور جی چرانے کا نام جرگہ رکھ دیا ہے ۔ اس وقت ہم ایسے کئی قانون دان ٹکے ٹکے پر بازاروں میں پھر رہے ہیں ان سے کام لینے کی ضرورت ہے اور نیا قانون بنانے کی ضرورت ہے ۔ کیا اس وقت کوئی ایسا قانون ہے جو ۱۸۷۲ء سے اس طرف کا ہو ۔ سب اسی وقت کے چل رہے ہیں ۔ اس وقت سوسائٹی کہاں سے کہاں پہنچ گئی ہے زندگی complicated ہو گئی ہے اور جناب والا ۔ یہ بات یاد رکھیں کہ کبھی کسی complicated problem کا حل simple نہیں ہوتا ۔ آج کل زندگی اس قدر الجھ گئی ہے اس کے لئے الجھے ہوئے قانون چاہئیں جو کہ ہر پچھلے دن کے مطابق ڈھل سکیں ۔ اور یہ ایک کٹھاڑا قسم کا قانون ہے ۔ اور ایک نائب تحصیلدار کے ہاتھ میں دے دیا ہے کہ وہ فیصلہ کرے ۔ جس قسم کی زندگی آج کل بسر ہو رہی ہے ایسے قانون میں بہت سی چھوٹی چھوٹی باتیں ہوتی ہیں کہ ثبوت کون دے گا ۔ انگوٹھہ درست لگا ہے یا نہیں ۔ burden of proof کس پر ہو یا پیش کون کرے گا ۔ یہ ساری باتیں آپ نے نکال دی ہیں اور اس کے بدلے میں ایک عقل کل نائب تحصیلدار اس پر بٹھا دیا ہے ۔ جو کچھ وہ کر دے درست سمجھا جائے گا ۔ جناب والا ۔ قانون ہمیشہ ایک perfect science بننے کی کوشش میں لگا رہتا ہے ۔ اس لئے ہر وہ بات اور ہر وہ نکتہ ہر وہ

چیز جو پیدا ہو سکتی ہے اس کو اپنے مطابق ڈھال لیں ۔ تا کہ اس کے مطابق کنٹرول کر سکیں ۔ لہذا اتنی بڑی کوڈ اتنے بڑے فیصلے جو کئے گئے ہیں ان کو اس طرح discard نہیں کرنا چاہئے ۔ پھر یہ خیال رکھیں کہ کن کن چیزوں کو رکھیں گے اور کن کن چیزوں کو دور کریں گے جو ملک کے لئے اہم اور ضروری ہوں ۔ یا نہ ہوں ۔

آخر میں صرف اتنا عرض کروں گا کہ قانون ایسا ہو جو common law کے فلسفہ پر based ہو common law کا فلسفہ یہ ہے کہ ہر آدمی اپنے حق کی خود حفاظت کرے ۔ یہاں ہمارے ملک پر یہ لاگو نہیں ہوتا کیونکہ ہم بڑے کمزور ہیں ۔ اور ہمیں ہر وقت حکومت کی مدد اور aid کی ضرورت ہوتی ہے ۔

جناب والا ۔ اس کی ایک بڑی اعلیٰ مثال شیر شاہ سوری کے زمانہ سے مل سکتی ہے ۔ اس وقت جب کسی کا بیل چوری ہو جاتا تھا تو یہ سمجھا جاتا تھا کہ اس کا بیل چوری نہیں ہوا بلکہ تھانہ دار کا بیل چوری ہوا ہے ۔ چنانچہ وہ اس کا بیل لے آتا تھا اور پھر تھانیدار کا کام ہوتا تھا کہ خود بیل تلاش کرے ۔ جناب والا ۔ اگر یہی سسٹم یہاں بھی کر دیا جائے گا تو یہ ہمارے مزاج کے مطابق ہو گا ۔ یعنی اگر کسی شخص کی بھینس چوری ہو جائے تو وہ یوں سمجھا جائے کہ تھانیدار کی بھینس چوری ہوئی ہے ۔ پھر آپ دیکھیں گے کہ پانچ دن کے اندر چوری ختم ہو جائے گی ۔

آج آپ نے ہاؤس میں دیکھا ہے کہ یہاں یہ بیان دیا گیا ہے کہ ہمارے پاس police force ہے اور ہم سفر کرتے وقت عورتوں کے ٹرین کے ڈبوں کی حفاظت نہیں کر سکتے جناب والا ۔ معلوم ہوتا ہے کہ آپ میری تقریر سے تنگ آ گئے ہیں لیکن میں بات تو درست کہہ رہا ہوں ۔

مسٹر سپیکر ۔ آپ کی تقریر میں بھی فلسفہ ہے اور آپ فلسفیانہ انداز میں میرے تاثرات بھی معلوم کرنے کی کوشش کرتے ہیں ۔

چودھری انور عزیز ۔ کیوں نہ کروں ۔ آپ کی مہربانی سے میں تقریر کر رہا ہوں ۔

جناب والا ۔ اگر آپ کسی پولیس افسر کے متعلق کہیں کہ اس کے پاس عملہ کی تعداد کم ہے تو یہ کوئی اتنی بڑی بات نہیں لیکن اگر اس کے ذمہ یہ بات ڈال دیں کہ کسی کا کوئی زیور چوری ہو گیا یا کسی کی بہن کی بے عزتی ہو گئی تو وہ اس کی نہیں بلکہ تمہاری ہوئی ہے تو آپ دیکھ لیں کہ اس کا نتیجہ کیا ہوتا ہے ۔

حضور والا ۔ میں ایک بنیادی فلسفہ پیش کر رہا ہوں ۔ اس کمزور ملک میں common law کے مطابق آپ لوگوں سے توقع نہ رکھیں کہ وہ اپنی حفاظت خود کر سکیں گے ۔ یہ لوگ تو اپنی زمین کا قبضہ خود نہیں لے سکتے اور ہم جانتے ہیں کہ ہر روز یہ مصیبت ہوتی ہے ۔ فصل بوتا کوئی ہے اور کاٹتا کوئی ہے ۔ اس لئے ضرورت اس بات کی ہے کہ individual پر responsibility ڈالنے کی بجائے state پر ڈالیں ۔ اور یہ آپ کا فرض ہے کہ آپ ہر آدمی کی حفاظت کریں ۔

جناب والا ۔ آپ کی مہربانی ہے اور میں آپ کا بہت مشکور ہوں کہ آپ نے میری فریاد کو غور سے سنا ۔ گذشتہ رات میں نے آپ کے لئے شعر نوٹ کیا تھا ۔ جو میں آپ کی خدمت میں عرض کرتا ہوں ۔

رات بھر شمع سر کو دھنتی رہی
کیا پتنگے نے التماس کیا

(اس مرحلہ پر مسٹر ڈپٹی سپیکر ، مسٹر احمد میاں سمرو کرسئی صدارت پر متمکن ہوئے) ۔

سردار منظور احمد خان قیصرانی (ڈیرہ غازی خان ۔ ۱) ۔ جناب والا ۔ اس Civil Procedure Ordinance پر بہت سے اعتراضات ہوئے ہیں ۔ بلکہ اعتراضات کی بارشیں کی گئی ہیں بلکہ اولے برسائے گئے ہیں ۔ لیکن جو اعتراضات ہوئے ہیں وہ ان حضرات کی جانب سے تھے جو نہایت ہی مہذب ۔ نہایت ہی تعلیم یافتہ اور تہذیب یافتہ اور بہترین علاقوں کی نمائندگی کرتے ہیں ۔ مثال کے طور پر میں یہ عرض کروں گا کہ خواجہ صاحب نے اس پر اعتراضات کئے ہیں ۔ وہ سیالکوٹ جیسے ترقی یافتہ علاقہ سے تعلق رکھتے ہیں ۔ ان کا ضلع ایسا ہے کہ وہاں کی انڈسٹری اب غیر ممالک تک پہنچ گئی ہے ۔ وہاں کافی تعلیم ہے ۔ ایک وقت تھا جب ۱۹۴۷ء میں میں مسلم لیگ کی سول نافرمانی کی تحریک میں شامل ہوا تو وہاں جیل میں گیا ۔ اس وقت میں نے دیکھا تھا کہ وہاں ہر فرد خواہ کسی طبقے سے تعلق رکھتا تھا کمی ہو ۔ میراثی ہو زمیندار ہو یا وکیل ہو سب کے سب کسی ایک سیاسی جماعت سے تعلق رکھتے تھے ۱۹۴۷ء کے زمانہ میں ہر فرد یہ مناسب سمجھتا تھا کہ اس کی زندگی اس کا معاشرہ تب ہی محفوظ رہ سکتا ہے جب وہ کسی سیاسی جماعت سے تعلق رکھتا ہو ۔

اس کے بعد ہمارے دوست میجر اسلم صاحب نے ارشادات فرمائے ۔ وہ راولپنڈی کے رہنے والے ہیں ۔ راولپنڈی دارالخلافہ ہے ۔ وہاں کی تہذیب بہتر ہے وہاں کا معاشرہ بہترین ہے وہ جگہ ہمارے علاقہ سے بہت زیادہ ترقی یافتہ ہے ۔ پھر ہمارے بھائی اور مخلص دوست انور عزیز نے اعتراضات کئے وہ ایک اچھے علاقے کے رہنے والے ہیں ۔ اس کے مقابلہ میں یہ بندہ ناچیز ایک تلخ حقیقت لے کر اس وقت ایوان میں کھڑا ہوا ہے اور بڑی جرات سے اپنی

چند گذارشات پیش کر رہا ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ آپ میری معروضات کی طرف اپنی پوری توجہ مبذول فرمائیں گے اور میں یقین کرتا ہوں کہ آپ انصاف کو ہاتھ سے جانے نہیں دیں گے تو پھر آپ اس آرڈیننس کے حق میں ہو جائیں گے ۔

جناب والا ۔ میں اس علاقہ سے تعلق رکھتا ہوں جہاں اس قانون کا اطلاق ۱۹۶۵ء تک ہوتا رہا ہے ۔ اسی قانون کے تحت ہم فیصلے کرتے رہے اسی قانون کے تحت دیوانی مقدمات بھی چلتے رہے ۔ اسی قانون کے تحت اسی صورت میں جرگے ہوتے تھے اور ان میں وہ لوگ جن کو جاہل کہا جاتا ہے ممبران جرگہ ہوتے تھے اور انصاف اور امن کو بر قرار رکھتے تھے ۔

۱۹۶۵ء سے جب ایف سی آر کا اطلاق ختم ہو گیا یا ایف سی آر کی قانونی حیثیت ختم ہو گئی تو متبادل قانون کوئٹہ قلات آرڈیننس آیا جو وہاں کے عوام کے حالات سے مطابقت نہ رکھ سکا ۔ اس کا مطالبہ ایوان میں اٹھایا گیا ۔ عوام حکومت تک پہنچے ۔ میرے علاقے کے لوگ مجھ تک آئے اور پھر میں جناب وزیر قانون صاحب کے پاس گیا ۔ پھر گورنر صاحب کے پاس گیا ۔ پریذیڈنٹ صاحب کے پاس بھی مطالبہ کیا گیا اور کہا گیا کہ پہلا قانون اچھا تھا اس کا طریق کار سہل تھا ۔ اس سے بہتر انصاف کی توقع تھی اور وہ مناسب حال تھا ۔ اسی چیز کی بناء پر آج یہ آرڈیننس اس صورت میں لایا گیا ہے تا کہ کوئی سقم نہ رہے اور عوام کی تکالیف رفع ہوں ۔

جناب والا ۔ میں نے جو بات کہنی تھی وہ یہ تھی کہ اس علاقہ کی تعمیر و ترقی کی صورت حال ایسی ہو کہ وہاں ایسے قانون کے اطلاق کی ضرورت نہ پڑے اس علاقہ کی اصلاح ہو وہاں تعلیم کا دور دورہ ہو اور اس علاقہ کے معاشی حالات کو مضبوط کیا جائے اور اس سطح پر لایا جائے جس

ہر آپ کے دیگر علاقہ جات ہیں ۔ پھر وہ قانون یکساں ہو سکتا ہے ۔ لیکن اگر آپ یہ کہیں کہ قوانین تو ایک ہوں اور ان کا اطلاق ان علاقوں پر ہو جہاں ایک آدمی فی دس میل پر بیٹھا ہے اور وہ بھی انتہائی پستی میں وہاں آپ کا قانون کارگر نہیں ۔ جہاں رجسٹریشن نہیں ۔ جہاں پر نقل وغیرہ کا انتظام نہیں ۔ جہاں پر انتقالات نہیں ۔ پھر آپ ہی بتائیے کہ اس قسم کا ثبوت جو کہ آپ کا قانون چاہتا ہے کہاں سے مہیا ہو گا اور کہاں سے وہ لوگ جا کر اپنی داد رسی کریں گے ۔

جناب والا ۔ یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس علاقہ میں ان پڑھ لوگوں کو جرگہ کا ممبر بنانا پڑے گا اور اس کا چیئرمین نائب تحصیلدار ہو گا میں سمجھتا ہوں کہ یہی ہمارے ان پڑھ عوام تھے جنہوں نے پاکستان حاصل کیا یہی ان پڑھ عوام نے سنہ ۱۹۶۵ کی جنگ جیت لی تھی تو یہی لوگ اپنے رسم و رواج کے مطابق اپنے فیصلے بھی خود کرنا چاہتے ہیں ۔ جناب والا ۔ قانون خواہ کتنا ہی اچھی بنیادوں پر ہو لیکن اس کا اثر تب ہی ہو گا کہ قانون کے چلانے والے صحیح معنوں میں وہ حکام ہوں جو صحیح طریقہ سے چلا سکیں ۔ میں اس وقت دعوی سے اور بہت وثوق سے یہ عرض کرتا ہوں کہ اگر خواجہ صفدر صاحب ڈیرہ غازی خان میں تشریف لائیں اور قبائلی علاقوں کے لوگوں سے ملیں تو وہ دیکھیں گے کہ ۹۹ فیصدی اس علاقے کے عوام اس قانون کے حق میں ہیں تو وہ بھی ہمارا ساتھ دیں اور سمجھ لیں کہ یہ عوامی مطالبہ ہے ۔ ڈیرہ غازی خان وہ ضلع ہے جہاں دو قسم کے قانون رائج ہیں ۔ پہاڑی علاقہ میں ایف ۔ سی ۔ آر ہے اور میدانی علاقہ میں وہی قانون رائج ہے جو پنجاب اور باقی دوسرے علاقوں میں رائج ہے ۔ ان دونوں قوانین کی تفریق کا اندازہ ڈیرہ غازی خان والے ہی لگا سکتے ہیں شاید یہ باہر کے لوگ نہ لگا سکیں ۔ لہذا میں بجا طور پر کہہ سکتا ہوں کہ موجودہ قانون میں کیا

خامیاں ہیں اور اس سے ہمارے علاقے کے لوگوں کے لئے کیا کیا مشکلات پیدا ہوتی ہیں ۔ میں کہتا ہوں کہ جو قانون زیر بحث ہے یہ اس علاقہ کے لوگوں کے مطابق ہے اور ان کے حالات کے مطابق ہے ۔ اس قانون کے نفاذ کے بعد اگر وہاں پر ترقی کا دور دورہ ہو جائے اور جہاں کا کاروبار ٹھیک طور پر باقی صوبے کی مانند چلنے لگے تو میں پہلا شخص ہوں گا جو اس قانون کی مخالفت کروں گا یہ بھی اعتراض کیا گیا ہے کہ ضابطہ دیوانی کی تنسیخ سے کام کیسے چلے گا ۔ تو انہوں نے اس کے لئے ایک شق لگا دی ہے کہ رواجات کے تحت اس طرح کارروائی ہو گی در اصل ہمارے ہر معاملے کے لیے مسلم ضابطہ موجود ہے ہمارا لین دین بھی اسلامی ضابطہ سے ہوتا ہے اور تنازعات کا حل بھی اسلامی ضابطہ میں مضمر ہے تو یہ سب چیزیں ایسی ہیں جو مسلم ضابطہ میں موجود ہیں اور کوئی دقت اس معاملہ میں نہیں پیش آئے گی اور ہم اسی طریقہ پر جرگہ کا اطلاق کریں گے ۔

میرے دوست انور عزیز صاحب نے ایک بہت اچھی بات کہی کہ اگر کسی کی چوری ہو جائے تو ہمیں وہاں کے سب انسپکٹر سے مطالبہ کرنا چاہئے اس طرح سے پولیس خود مال کو ڈھونڈ کر لے آئے گی ۔ ہمارے ڈیرہ غازی خان میں یہ چیز پہلے ہی سے چلی آ رہی ہے ۔ ہمارے یہاں ایک قتل ہو گیا تھا تو اس قتل کے سلسلے میں معاوضہ کے طور پر ۷۰ ۔ ہزار روپیہ ہمارے پاس موجود ہے ۔ جس سسٹم پر اعتراض کیا جا رہا ہے اس سسٹم کے تحت یہ سزا تجویز کی گئی ہے اگر ایک علاقہ میں چوری ہو جائے تو دوسرے لوگ اس کے ذمہ دار ہیں اور وہ اس کا معاوضہ ادا کر دیں گے اگر قتل ہو جائے گا تو ملزم کو ڈھونڈ لائیں گے تو جو کچھ وہ چاہتے ہیں وہ اس میں ہے ۔

میجر محمد اسلم جان ۔ وہ کون سی شق میں ہے؟

سردار منظور احمد خان قیصرانی - ان الفاظ کے ساتھ میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں اور توقع کرتا ہوں کہ ایوان اس کو پاس کرے گا -

وزیر قانون (مسٹر اللہ بچائیو غلام علی اخوند) - جناب والا - اس سلسلے میں کافی تقریریں ہوئیں اور اس پر بہت نکتہ چینی کی گئی - مجھے خیال آیا کہ میں بھی اردو میں تقریر کروں مگر کسی فارسی والے کے بقول

زبان یار من ترکی و من ترکی نمی دانم

جناب والا - مجھے اردو میں تقریر کرنے کی مہارت نہیں ہے -

ایک آواز - آپ ترکی میں تقریر کیجئے -

وزیر قانون - انشاء اللہ میں ترکی اور اردو دونوں سیکھ لوں گا - اور پھر تقریر کروں گا -

سک محمد اختر - بشرط زندگی -

وزیر قانون - جی ہاں وہ تو اللہ تعالیٰ کے اختیار میں ہے - بہر حال مجھے اس میں چند گذارشات کرنا ہیں اور وہ یہ ہیں کہ خواجہ صاحب کی امنڈمنٹ یہ ہے کہ سول پروسیجر کوڈ اور قانون شہادت کو نکالنے کی جو شق ہے اس کو delete کیا جائے - میں نے کل پھر سول پروسیجر کوڈ کا مطالعہ کیا تو میں نے دیکھا اور شاید خواجہ صاحب نے بھی مطالعہ کیا ہو گا کہ اس میں کتنے رولز ہیں اور کتنے سیکشن ہیں جناب والا - سول پروسیجر کوڈ میں ۱۵۸ - تو سیکشن ہیں اس کے علاوہ ۵۰ - آرڈرز ہیں اور ہر ایک آرڈر میں کئی رول ہیں کسی آرڈر میں ۳۷ - رولز ہیں کسی میں ۴۱ - رولز ہیں کچھ ایسے ہیں جن میں ۱۰ ہیں کچھ ایسے ہیں جن میں ۱۶ - ہیں کچھ میں ۱۵ - ہیں کچھ

میں ۱۳ ہیں کچھ ایسے ہیں جن میں ۶ - ہیں اسی طرح سے اگر اوسط ۶ - رولز کا بھی رکھا جائے تو ۵۰ - آرڈرز کے تین سو رولز ہو جاتے ہیں -

ملک محمد اختر - پوائنٹ آف آرڈر - جناب آپ کی تو لکڑی رول ہے آپ کو دوسرے رولز بنانے کی کیا ضرورت ہے

وزیر قانون - وہ آپ کے لئے نہیں ہے وہ غنڈوں کے لئے ہے تو میں یہ عرض کر رہا تھا کہ تین سو رولز ہیں اور ۱۵۸ - سیکشن ہیں تو اس طرح سول پروسیجر کے ۴۵۰ - رولز ہو جاتے ہیں اگر ان کا غور سے مطالعہ کیا جائے اور میں نے ان کو غور سے پڑھا ہے -

The Code of Civil Procedure, Order VIII—

1. The defendant may, and, if so required by the Court, shall, at or before the first hearing or within such time as the Court may permit, present a written statement of his defence.

2. The defendant must raise by his pleadings all matters which show the suit not to be maintainable, voidable in point of law, and all such grounds of defence as, if not raised, would be likely to take the opposite party by surprise, or would raise issue of fact not arising out of the plaint, as, for instance, fraud, limitation, release, payment, performance, or facts showing illegality.

3. It shall not be sufficientf or a defendant in his written statement to deny generally the grounds alleged by the plaintiff, but the defendant must deal specifically with each allegation of fact of which he does not admit the truth, except damages.

اسی طرح سے اگر ان سارے رولز کو پڑھ لیا جائے تب بھی کسی وکیل

کو ان پر عبور نہیں حاصل ہو سکتا ۔ میں نے ۲۶ ۔ سال پریکٹس کی ہے تو مجھے یہ نہیں معلوم تھا کہ کتنے رولز ہیں اور کتنے آرڈرز ہیں اور یہ اس قدر intricate اور complicated ہیں کہ کوئی اچھا وکیل جس کے ۵ ۔ یا ۶ ۔ وکیل جونیر ہوں اور وہ اس کام پر لگے رہیں تب بھی یہ کام مکمل نہیں ہو سکتا ۔

ملک محمد اختر ۔ اگر آپ کہیں تو میں ان کو انگلیوں پر گنوا دوں ؟

وزیر قانون ۔ لہذا کہنے کا مقصد یہ ہے کہ سی پی سی جو ہے وہ برٹش گورنمنٹ کے زمانے کا ہے وہ غلامی کی نشانی اور vegtige of slavery ہے ۔ ہمارا اقدام قوم کے مزاج کے مطابق ہے ۔ جہاں قانون نافذ کیا گیا وہاں بڑے وکیل نہیں ہیں نہ وہاں کوئی اتنی مشکلات اور محنت کرکے کوئی وکیل defend کرکے ان کو پراسیکیوٹ کر سکتے ہیں ۔ لہذا سی پی سی کا اطلاق اگر ہو رہا ہے تو لوگوں کے مزاج اور ان کے مفاد کے مطابق ہے ۔ اس میں نقصان نہیں ہے ۔ فائدہ ہی فائدہ ہے ۔ آپ نے سردار منظور احمد خان قیصرانی کی زبانی سن لیا کہ اس علاقے کے حالات کیا ہیں ۔ ادہر لوگوں کی کیا ضروریات ہیں ۔ کون سا قانون وہاں کامیاب ہو سکتا ہے لہذا میری ناقص عقل کے مطابق یہ قانون اور یہ شق جس مقصد کے لئے بنائی گئی ہے وہ بالکل صحیح ہے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ میرا جواب دیجئے ۔

وزیر قانون ۔ میں آپ ہی کا جواب دے رہا ہوں ۔ باقی جو خواجہ صاحب نے اعتراضات کئے ہیں تو اس سلسلے میں بھی میں اپنی گزارشات پیش کر سکتا ہوں ۔ خواجہ صاحب نے فرمایا ہے کہ تحریری بیان کی کوئی

پروویژن نہیں ہے تو اس سلسلے میں میری گزارش ہے -

Evasive denial, fraud etc. must be specifically completed otherwise they will not be taken into consideration.

تو میرا خیال ہے کہ تحریری بیان کامیاب بھی نہیں ہوگا - اس کے بعد خواجہ صاحب فرماتے ہیں -

Appearance of parties and consequence of non-appearance.

وہ اس میں نہیں ہے میں ادب سے عرض کروں گا کہ خواجہ صاحب کو زیادہ ٹائم devote کرنا چاہئے تھا کیونکہ

> "8. (1) For the purpose of coming to a finding on a matter or issue referred to it, the Tribunal shall give opportunity to the parties to appear before it. . . ."

اس میں جہاں ان پر لازم کیا گیا ہے کہ فریقین ضرور حاضر ہوں اور اس کے بعد کیا ہو گا -

'shall give opportunity', this is mandatory, Sir.

> ". . . and take or hear, in such manner as it may think fit, such evidence as may be adduced on behalf of the parties or as may be called for by the Tribunal :"

اس دوران میں اگر وہ تحریری بیان دے دے تو وہ لیا جائیگا کوئی ممانعت نہیں ہے اور اس قانون میں یہ کہیں نہیں لکھا گیا کہ written سٹیٹمنٹ پیش نہیں ہو سکتی ہے - اگر کوئی سٹیٹمنٹ دے دے تو وہ ضرور رکھی جائے گی

The Tribunal shall take or hear evidence such as may be adduced on behalf of the parties.

پھر خواجہ صاحب نے فرمایا مستورات کے متعلق تو اس کے بارے میں یہ ہے کہ ان کو مجبور نہیں کیا جا سکے گا۔ اس سے آگے cross examination کی پرویژن ہے ۔

What about the ladies; will they be compelled to appear ? No Sir, they will not be compelled because the words of this sections are —

> " . . ., such evidence as may be adduced on behalf of the parties . . . "

Any witness can appear on behaf of the parties. A lady can apply to the Court saying that she will not appear as witness but other witnesses may appear and those witnesses may be considered as witnesses on behalf of the parties.

اس کے آگے ۔

> "8. (2) The Tribunal shall give the parties an opportunity of cross-examining the witnesses deposing against them. "

آگے لکھا ہے ۔

> "(3) The Tribunal may administer oath to a witness in such form or manner, consistently with the religion of the witness, as it deems fit."

تو یہ سارے قوانین جو ہیں اور ان کی جو شقیں ہیں وہ اس بات کی ضامن ہیں کہ ہر طرح سے کوشش کی جائے گی کہ فریقین حاضر ہوں ان کی شہادت قلمبند کی جائے ۔ غیر حاضری کے متعلق بھی سوچا جائے گا ۔ خواجہ صاحب کا یہ اعتراض کہ مدعی یا مدعا علیہ اگر عدالت میں پیش ہو جائیں تو اس کے نتائج کیا ہوں گے تو اس کے متعلق یہ ہے ۔

Appearance of parties, taking of evidence, recording of evidence, cross-examination, and even absence of the parties is looked after here

and it will be taken care of. The parties shall be given an opportunity of appearance and the Court shall hear such evidence as they may produce. If on a particular day or hearing, a party does not appear, the Court is not going to preclude it. It will take human factors into consideration; it is not going to act like a dictator.

یہ کہا گیا ہے کہ اگر کوئی شخص نہ پہنچ سکے تو عدالت اس کے مقدمے کو خارج کر دے گی یا اس کی جائداد ضبط کی جائے گی یہ اس میں نہیں ہے ۔ بالفرض ex-parte decision ہو گیا تو :۔

"11. (1) Any party aggrieved by any decision given, decree passed or order made, by the Deputy Commissioner under this Ordinance may, within sixty days of such decision, decree or order, prefer an appeal to the Commissioner.

(2) The Commissioner shall not modify, alter or set aside any decision, decree or order appealed against except after giving the parties an opportunity of being heard.

(3) The Commissioner may, in deciding an appeal under sub-section (1), exercise all or any of the powers conferred on an appellate Court by the Code of Civil Procedure, 1908 (V of 1908)."

So, Sir, even now the appellate Courts have got the powers to remand a case at the stage of appeal for further evidence. It can set aside ex parte orders ; it can order that evidence may be taken and it can give all such orders as are contemplated by the Civil Procedure Code. Therefore, it is wrong to say that no provision has been made and that this will lead to chaos. This is a completely lopsided view and will do no justice. I do not know why my friends are bent upon taking this view.

Then Sir, there was a query about the production & examination of witnesses and production of other material things. For that, Sir, there is Section 9, which reads—

> "9. For the purpose of the performance of its functions under this Ordinance, the Tribunal shall have the same powers as are vested in a Civil Court trying a suit under the Code of Civil Procedure, 1908 (V of 1908), in respect of enforcing attendance of any witness or production of any document or other thing."

This disposes of the objection of my friend as to how the witnesses will be summoned and their attendance enforced. All these have already been taken care of in this law.

Some of my friends, particularly Major Mohammad Aslam Jan, referred to the preliminary issues as to whether these will be allowed and raised or not. Sir, it is very well to consider for a person who has been abroad all these niceties of preliminary issues. My friend has been abroad and he has fortunately the experience of niceties, which, I hope in due course of time, most of the Pakistanis will have. The areas which are covered by this Ordinance, are such areas where these things are not understood. People there will not understand preliminary issues as to what is the use of raising them, and all other things.

Therefor, Sir, all these things can be agitated from the point of law in the High Court, in Lahore or Karachi, but the people of Dera Ghazi Khan or Nushki, will not understand or be able to understand all these things. It is therefore, against the genius of the people of those areas to give them a law which they will not be able to follow and which will only result in creating chaos, intricacies and complicacies.

Then Sir, it has been said that the Naib Tehsildar will only be the Chairman. Sir, where is that law which says that the Naib Tehsildar will only be the Chairman? All that is provided is this that the Tribunal shall be headed by a Government Officer who shall not be

below the rank of Naib Tehsildar. Thus, there is no prohibition that a Civil Judge may be appointed as Chairman of the Tribunal or any other officer well conversent with the law, will be excluded. On the contrary, the door has been left open for all types of officers having all possible working knowledge and experience of the conditions prevailing in those areas. They can be brought in and appointed as Chairmen of the Tribunals as they will be the best suited persons. This is the least qualification that the Chairman of the Tribunal shall not be below the rank of Naib Tehsildar.

And in that area where it is difficult to get officers of other ranks there will be civil judges who might be brought in. There is nothing to prevent them from becoming Chairmen and this impression is erroneous on the part of my friends that Naib Tehsildars and Naib Tehsildars alone will be Chairmen. That is altogether erroneous. This does not flow from the law.

Chaudhri Anwar Aziz made a mixed speech saying that the determination of the truth is the object of law. If determination of truth is the object of law then there is nothing better than this law which will lead to the determination of truth. These points have no force if they look at the Civil Procedure Code provisions relating to discovery and inspection, provisions relating to the interrogatories, provisions relating to the admissions and provisions relating to the production of documents. All these are more as obstructions than as instruments of advancement of quick disposal of the disputes. It is really on account of these obstacles that you find every day and even today it was said on the floor of the House that so many civil appeals are pending. A few hours back a reply was read on the floor of this House which disclosed that thousands of civil appeals are pending in Lahore High Court and the problem is how to dispose of them. It is a national problem – how to dispose of these problems. This is due to the intricacies of law which is not suited to the genius of the people.

With these words I request that this amendment may be rejected.

Just one point. However, keeping in view certain observations which

have been made by my friends I am now moving an amendment which I hope the House will accept and Mr. Speaker will be pleased to allow me to move it at the relevant time that rules will be framed which will not be inconistent with the provisions of this Ordinance and only matters relating to the procedure will be provided for and at that time all the observations and the remarks of my friends on the other side will be taken care of and we will keep them before our mind's eye and while framing the rules notice will be taken of these observations and we will provide for all the difficulties, if any. (*interruptions*)

Minister of Food (Malik Khuda Bakhsh) : I have just to add a few words to what the learned Law Minister has said. That is that it is customary even under the Revenue Law to have the procedure and the principles of the Civil Procedure Code adopted in the Rules. With the result that while the C P.C. is not applicable the principles and procedures are made applicable through the rules. And there is a provision here to which the Law Minister is making a further amendment and I hope that a very valid objection that has been made by my friend, the Leader of the Opposition, will be taken care of by this move. So there will be no lacuna left which might become a source of trouble in the administration of this law. We are endeavouring to meet that point of view to some extent, about which you have said, through the framing of the rules. This is an amendment which will come. . . .

Khawaja Muhammad Safdar : I have received it.

Minister of Food : . . . . and if the House accepts it then we can discuss it. If you can improve upon that—after all your object was to improve the thing,we would like to remove any ambiguity. If that ambiguity has arisen in your mind it will rise in the minds of others also in the Law Courts. It is the object of placing this law before you to have the benefit of the collective wisdom of this House in improving the law in the manner so as to enable us to execute the intention that we have in view. In view of this position, if he wants, I can quote chapters and verses from the Revenue Rules regarding Res Judicata and all this and that, is there,

Khawaja Muhammad Safdar : I know.

Mr. Deputy Speaker : The question is :

That sub-section (2) of section 3 of the Ordinance, be deleted.

The motion was lost.

Mr. Deputy Speaker : Next. Malik Muhammad Akhtar.

Malik Muhammad Akhtar : Not moving.

Mr. Deputy Speaker : Not moved. Next. Khawaja Muhammad Safdar.

Khawaja Muhammad Safdar : Sir, I beg to move :

That section 3 of the Ordinance, be deleted and subsequent sections re-numbered accordingly.

Mr. Deputy Speaker : The amendment moved is :

That section 3 of the Ordinance, be deleted and subsequent sections re-numbered accordingly.

Minister of Law : Opposed.

میاں معراج دین ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب صدر ۔ ابھی میرے فاضل دوست چودھری محمد نواز نے ایک بات بتائی ہے ۔ کہ انہوں نے اخبار "جنگ" اور "کوہستان" میں وہ باتیں پڑھی ہیں جو ملک اختر صاحب نے کل یہاں میرے متعلق کی تھیں ۔ میں نے ملک اختر صاحب کی شان کے خلاف کوئی ایسی بات نہیں کی تھی ۔ لیکن ملک صاحب نے کہا تھا کہ میں لاری ڈرائیور تھا ۔

ملک محمد اختر ۔ میں کل ان سے معافی مانگ چکا ہوں اور آج دوبارہ اس کا اعادہ کرتا ہوں ۔

میاں معراج دین ۔ ویسے جناب والا ۔ میں کبھی لاری ڈرائیور نہیں رہا ۔

وزیر خوراک (ملک خدا بخش) ۔ ملک صاحب نے کل اپنے الفاظ واپس لے لئے تھے یہ مہربانی کرکے اسے قبول فرما لیں ۔ میں حلفیہ کہتا ہوں کہ آپ کبھی ڈرائیور نہیں تھے ۔

چودھری محمد نواز ۔ جناب ملک صاحب کو چاہئے کہ وہ ایسی بات نہ کہیں جو بعد میں انہیں واپس لینی پڑے اور اس کی معافی مانگنی پڑے ۔ وہ پہلے بات کہہ لیتے ہیں پھر معافی مانگ لیتے ہیں ۔

Malik Muhammad Akhtar : That is the Parliamentary way.

وزیر خوراک ۔ دراصل جس وقت معافی دی جاتی ہے اس وقت کچھ تعصب تو پیدا ہو جاتا ہے یہ اسی کی سزا ہے ۔

ملک محمد اختر ۔ میں سی ۔ ایس ۔ پی افسر نہیں ہوں کہ معافی مانگے بغیر چھوٹ جاؤں ۔ (قہقہہ)

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ ۔ ۱) ۔ جناب والا ۔ میں نے اپنی اس ترمیم کے ذریعہ ایوان سے یہ درخواست کی ہے کہ وہ میری ہمنوائی فرماتے ہوئے اس سیاہ قانون سے اس بدلما سیکشن کو حذف کر دیں ۔ اس سیکشن کے تین حصے ہیں ۔ پہلے حصے میں یہ بتایا گیا ہے کہ ہر قسم کے دیوانی مقدمات ماسوا ان مقدمات کے جن کا ذکر مسلم فیملی لاز میں ہے ۔ ہر قسم کے قانون کو جو کہ اس صوبہ میں اس وقت موجود ہے بالائے طاق رکھتے ہوئے اس میں کوئی استثناء نہیں ماسوائے ان کے جن کا میں نے ذکر کیا ہے ۔ ہر قسم کے قانون کو جو اس صوبہ میں رائج ہے اسے بالائے طاق رکھ کر ان مخصوص علاقوں میں جن پر اس قانون کا اطلاق ہو گا محض اور محض اس قانون کے تحت ان دیوانی مقدمات کا ان دیوانی تنازعات کا فیصلہ ہوگا ۔

اس میں یہ تخصیص نہیں کہ کس قسم کا دیوانی مقدمہ یہ ٹریبونل یا جرگہ اس قانون کے تحت سماعت کرے گا ۔ یہاں کسی قسم کی ۔ کسی قسم کی تخصیص نہیں بلکہ ہر قسم کا مقدمہ خواہ وہ جائیداد سے متعلق ہو ۔ وراثت سے متعلق ہو ۔ حکم امتناعی دوامی سے متعلق ہو غرضیکہ کسی قانون کے تحت کوئی تنازعہ ہو بشرطیکہ وہ دیوانی ہو ہر قسم کے تنازعات تمام قوانین کو بالائے طاق رکھتے ہوئے محض اور محض صرف اور صرف اس قانون کے تحت فیصلہ کئے جائیں گے ۔ جناب والا ۔ یہ اس قدر وسیع اور دور رس سیکشن انہوں نے اس قانون میں رکھا ہے کہ جس کے نتائج میرے نقطہ نظر سے انتہائی گھناؤنے اور شائد ناقابل برداشت ہوں ۔ میں جناب وزیر قانون صاحب کی خدمت میں نہایت ادب سے گزارش کروں گا ۔ میں ان کی علمیت اور فضیلت کا قائل ہوں لیکن میں حیران ہوں کہ کس قسم کا قانون اس ملک کے بعض حصوں میں نافذ کرنے کی وزیر قانون صاحب اور یہ حکومت جسارت کر رہی ہے ۔ اس قانون کو قانون کا نام دینا ہی دراصل غلطی ہے ۔ قانون کا فقدان اور لاقانونیت اس کو کہہ سکتے ہیں قانون تو اس کو نہیں کہہ سکتے ۔ میں خوش ہوں کہ میری کل اور آج صبح کی گزارشات کے پیش نظر جناب وزیر قانون صاحب نے ابھی ابھی اس معزز ایوان میں ایک ترمیم پیش کی ہے جس کے متعلق انہوں نے اپنی تقریر کے آخری حصہ میں فرمایا اور جناب محترم قائد ایوان نے بھی اس کے متعلق ارشادات فرمائے کہ جو کچھ کل اور آج اسی سیکشن کے دونوں حصوں کے متعلق اعتراضات کئے گئے ہیں وہ ان کو پیش نظر رکھ کر وزیر قانون صاحب رولز اور قواعد بنائیں گے ۔ اب میں جناب وزیر صاحب سے پوچھتا ہوں کہ ان کے یہ دلائل کدھر گئے ہیں جو وہ دے رہے تھے ۔ کہ ضابطہ دیوانی میں ۱۵۰ سیکشن ہیں اور ۵۰ آرڈر ہیں جن میں سے ہر ایک میں ۳۹ ۔ ۴۰ اور ۴۲ رولز درج ہیں ۔ وزیر موصوف نے ارشاد فرمایا تھا کہ چار سو یا پانچ سو رولز اور ضوابط بجائے کام کو سنوارنے کے

کام کو بگاڑیں گے اس لئے اس ہنگامی قانون کو مختصر کر دیا گیا ہے ۔ پھر اس ترمیم کو جو ابھی وہ پیش کرنے والے تھے جس کا تذکرہ ابھی انہوں فرمایا ہے اور جس کے متعلق قائد ایوان نے بھی ارشاد فرمایا ہے اس کی کیا ضرورت ہے ۔ اگر ضابطہ دیوانی کی تفصیل اور طوالت سے کام بگڑنے کا اندیشہ تھا تو پھر اب مجوزہ ترمیم کے ذریعہ اس قانون کے تحت قواعد مرتب کرنے سے کام نہیں بگڑ گیا۔ اگر قواعد و ضوابط وضع کرنے کی ضرورت محسوس کی گئی ہے تو پھر ضابطہ دیوانی کو ہی قائم رہنے دیا جاتا ۔ اسے منسوخ کرنے کی کیا ضرورت تھی ۔ میں پوچھنے کی جسارت کرتا ہوں کہ اس دس پندرہ سیکشن پر مشتمل قانون سے حکومت کا منشاء یہ تو نہیں کہ دیوانی مقدمات کی سماعت کے دوران نائب تحصیل دار جو چاہے کرے ۔ بعض نائب تحصیل دار اچھے بھی ہوں گے ۔ سیانے بھی ہوں گے ۔ حالات سے واقف ہوں گے ۔ مقدمات سے واقف ہوں گے وہ جو فیصلہ کریں گے ٹھیک ہوگا ۔ مگر کیا عام نائب تحصیل داروں کے متعلق یہ دعویٰ کیا جا سکتا ہے دوسری طرف آپ کہتے ہیں کہ ہم ترمیم لا رہے ہیں اس ترمیم کے ذریعہ دیوانی ضابطہ میں سے جو ضابطے ضروری ہیں وہ اس میں شامل کر دیئے جائیں ۔ میں پوچھتا ہوں کہ اگر وزیر قانون صاحب ضابطہ دیوانی کو دوبارہ رولز کے ذریعہ سے نافذ کریں گے ۔ تو کیا یہ ضروری نہیں کہ ان قواعد کو ہنگامی قانون میں شامل کر دیا جاوے ۔ تاکہ یہ اسمبلی ان قواعد کی چھان بین کر سکے کہ کون سا ضابطہ آپ لاتے ہیں اور اس میں کیا خامیاں ہیں اگر قواعد ہی وضع کرنے ہیں تو پھر یہ مختصر قانون نافذ کرنے کی غلطی کیوں کر رہے ہیں ۔ سیدھی طرح آئیے ۔ جیسا کہ محترم قائد ایوان نے ریونیو ایکٹ کا ذکر کرتے ہوئے ارشاد فرمایا ۔ مگر وہ تو ایک طویل قانون ہے ۔ ابھی پچھلے سیشن میں اس کو پاس کیا گیا ہے اس میں تقریباً دو سو سیکشن تھے اور اس کے باوجود یہ گنجائش رکھی گئی تھی کہ اگر ضرورت پڑی تو رولز کے ذریعہ مزید اس قانون میں

اضافہ کیا جا سکے ۔ مگر زیر بحث ہنگامی قانون تو سرے سے پندرہ بیس دفعات پر مشتمل ہے ۔ انتہائی نا مکمل ہے ۔ اس کی خامیوں کو کہاں تک قواعد کے ذریعہ پر کیا جا سکے گا ۔ زیر بحث قانون تو ریونیو ایکٹ کے برعکس ہر قسم کے دیوانی تنازعات کے حل کے لئے وضع کیا گیا ہے ۔ میں تو مال کے مقدمات کے فیصلہ جات بھی دیوانی عدالتوں سے ڈرانے کے حق میں ہوں ۔ اور یہاں سرے سے دیوانی عدالتیں ہی ختم کی جا رہی ہیں ۔ اس میں کل ۱۸ سیکشن ہیں وزیر قانون بتائیں کہ قواعد کے ذریعہ کہاں تک اس کی خامیاں رفع کی جائیں گی ۔ جو اعتراضات میں نے کئے ہیں اگر درست جائز اور صحیح ہیں ۔ تو پھر وزیر قانون صاحب کیوں اس صوبے کو برباد کرنے پر تلے ہوئے ہیں ۔ ہم کیوں اس قسم کی ڈگر پر چلیں جس کے نتائج سوائے بربادی کے اس ملک میں انتشار کے اس ملک کی پستی اور رذالت کے کچھ نہیں نکل سکتے ۔ اقوام عالم کے سامنے اس قسم کا قانون پیش کر کے اس ملک کو ذلیل کرنا ہے ۔ اس سے ملک کی کوئی خدمت نہیں ہوتی بلکہ ملک سے دشمنی ہے ۔ میں جناب وزیر قانون صاحب سے پوچھتا ہوں کہ آپ مجھے یہ بتائیں کہ کیا اس علاقہ میں یعنی کوئٹہ ڈویژن میں شفعہ کے مقدمات نہیں ہوں گے ۔ یقیناً شفعہ کے مقدمات ہوں گے ۔ مجھے معلوم ہے وہاں شفعہ کے مقدمات ہوتے ہیں ۔ میں دعویٰ سے کہتا ہوں وہاں شفعہ ہے وہاں Pre-emption Act ۱۹۱۳ء سے رائج ہے ۔ اب شفعہ کے مقدمات کا فیصلہ کیسے ہوگا ۔ ۱۹۱۳ء سے کنٹریکٹ ایکٹ اس علاقہ میں موجود ہے ۔ گزشتہ ۵۵ سال سے کنٹریکٹ ایکٹ رائج تھا ۔ اس کنٹریکٹ ایکٹ ۔ ۔ ۔ ۔ کے تحت وہ ایک دوسرے سے سودا یا مواعید کرتے تھے اور ایسے ہوتا رہا ہے ۔ اب اس کا فیصلہ کس قانون کے تحت ہوگا ۔ اب آپ نے کنٹریکٹ ایکٹ ۔ ۔ ۔ ۔ کو منسوخ کر دیا ہے ۔ میں آپ سے پوچھتا ہوں کہ وہاں نابالغ لوگ ہوں گے ۔ اس وقت بھی ہیں ۔ سابقہ زمانوں میں بھی تھے ۔ آئندہ بھی ہوں گے

جن کا کوئی ولی یا وارث نہیں ہوگا ۔ آپ اس کی جائیداد کا انتظام ولی یا وارث کے بغیر کیسے کریں گے ۔ آپ ایک نابالغ اور لاوارث کی جائیداد کا ولی کس طرح مقرر کریں گے میں یہ بھی عرض کئے دیتا ہوں کہ گرڈین اینڈ وارڈز ایکٹ ۱۹۱۳ء کے ریگولیشن نمبر ۲ کے تحت وہاں پر عائد ہے لیکن آپ نے اس قانون کے ذریعے اسے منسوخ کیا ہے ۔ ۵۵ سال وہاں عائد رہا ۔ اب آپ آج اسے منسوخ کر رہے ہیں میں آپ سے پوچھتا ہوں کہ کیا وہاں کے نابالغ لوگ یک لخت تمام کے تمام بالغ ہو گئے ہیں ان کو ولی کی ضرورت نہیں یا ان کو جائداد کی ضرورت نہیں ۔ تو میں آپ سے یہ پوچھنے کی جسارت کرتا ہوں کہ وہاں لوگ مرتے رہے ہیں ، مر رہے ہیں اور آئندہ بھی مرتے رہیں گے اور ان کی جائیدادوں کے لئے ان کے ورثا کو Succession سرٹیفیکیٹ کی ضرورت پڑتی رہے گی ، Administrative سرٹیفیکیٹ کی ضرورت پڑتی رہے گی ۱۹۱۳ء کے ریگولیشن نمبر دو کے تحت وہاں پر Succession Act لاگو تھا جو آپ نے منسوخ کر دیا ہے ۔ مثال کے طور پر زید ، عمر یا بکر کو Succession سرٹیفیکیٹ حاصل کرنا ہے تو وہ کس قانون کے تحت حاصل کیا جائے گا کیونکہ اس قانون میں تو اس کا ذکر ہی نہیں ہے ۔ آپ اس کے لئے کوئی اور قانون لائیں ۔ اسی پر اکتفاء نہیں کی گئی ہے بلکہ میں آپ کو ایسے بیسیوں قانون گنوا سکتا ہوں ۔ اکثر ایسا ہوتا ہے ۔ Land Acquisition Act, 1913 جو کہ اس سرزمین پر پچپن سال سے لاگو ہے ۔ ایک ہی ریگولیشن نمبر ۲ کے ذریعے کم و بیش سو قوانین وہاں پر لاگو کئے گئے تھے ۔ وہاں پر کانیں پائی جاتی ہیں ۔ اللہ تعالیٰ کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ اس نے ہمیں معدنیات کی دولت عطا فرمائی ہے لیکن یہ معدنیات زیادہ تر اسی خطے میں پائی جاتی ہیں کہ جہاں پر یہ قانون لاگو ہو رہا ہے ۔ لوگ وہاں پر کانیں کھودتے ہیں ۔ وہاں سے لوگ لوہا ، کوئلہ اور دیگر

معدنیات نکالتے ہیں اور وہاں پر Leases بھی ہوتی ہیں ۔ وہاں حکومت زمین بھی مالکان سے حاصل کرتی ہے ۔ اس کے تحت اگر کوئی مقدمہ ہوگا تو وہ کس عدالت میں ہوگا اور اس کا فیصلہ کون کرے گا ۔ میں اپنے محترم وزیر قانون سے یہ پوچھتا ہوں کہ اگر Land Acquisition Act کے تحت وہاں پر کوئی مقدمہ ہوا تو اس کا فیصلہ کون کرے گا ۔ اس کے علاوہ اس پر بھی غور فرمائیں کہ اس صوبے کے کسی حصے میں بھی سودی کاروبار بند نہیں ہے ۔ لیکن سود خوروں کے پنجوں سے قرض داروں کو بچانے کے لئے کئی ایک ،فید قانون مثلاً Usurious Loans Act نافذ ہے جو کہ یہاں پر بھی نافذ ہے اور ان علاقوں میں بھی نافذ ہے ۔ بعض ایسے قوانین ہیں کہ اگر میں نے کسی سے قرض لیا ہوا ہے تو وہ مجھ سے اصل رقم سے دگنا ھی وصول کر سکتے ہیں اس سے زیادہ وصول نہیں کر سکتے ۔ لیکن آپ نے اس شق کے تحت ان قوانین کو منسوخ کر دیا ہے جس کا اثر یہ ہوگا کہ اگر وہاں کا کوئی آدمی سود خور کے پنجے میں پھنس جائے تو وہ کس طرح اس سے چھٹکارا حاصل کرے گا یا اسے جو کچھ مفاد بھی ان قوانین کے تحت حاصل تھے ، ان سے کس طرح مستفید ہو سکے گا ۔

جناب والا ۔ محترم وزیر قانون ان الفاظ "Notwithstanding anything contained in any Law" سے اپنے قانون کا آغاز کرتے ہیں ۔ انہوں نے اس سے کسی قانون کو بھی مستثنیٰ نہیں کیا ۔ البتہ یہ دو قوانین اس سے ضرور مستثنیٰ ہیں ۔ اس کے علاوہ اب انہوں نے ایک شق اس سب کلاز نمبر ۱ کے ساتھ رکھ دی ہے اور وہ بھی ایک عجیب و غریب قصہ اور دھندا ہے ۔ میرے محترم دوست جناب انور عزیز صاحب اپنی تقریر میں اس کا سرسری سا ذکر کیا تھا ۔ اب صورت حال کیا ہے ۔ اس شق میں یہ ذکر

کیا جاتا ہے کہ شیڈول نمبر ۱ میں شامل کردہ علاقہ جات میں بسنے والوں کا اگر کوئی تنازعہ ہو تو ان میں سے کوئی فریق اگر ڈپٹی کمشنر کو درخواست دے دے کہ اس کے مقدمے کی سماعت ٹریبونل کے ذریعے کی جائے تو اس کی درخواست منظور ہو جائے گی لیکن شیڈول نمبر ۲ میں دیئے گئے علاقوں میں جو لوگ بستے ہیں ان میں سے دونوں فریقین ڈپٹی کمشنر کو درخواست دیں گے ، تب کہیں جا کر ان کے مقدمے کی سماعت بذریعہ ٹریبونل ہو گی ۔ کیا تقسیم ہے ، محترم وزیر قانون نے کیا بانٹ دی ہے ۔ شیڈول نمبر ۱ میں کوئٹہ ڈویژن ، نصیر آباد ، جیکب آباد ڈسٹرکٹ ، ہزارہ ، مردان ، اپر تناول اور ڈیرہ غازی خان کے شامل کردہ وہ علاقے جن کا الحاق ہو چکا ہے اور جو کہ اب قبائلی علاقے نہیں گنے جاتے اور جن کو اب قبائلی علاقہ نہیں کہا جاتا جن کا شمار اب Settled Districts میں ہوتا ہے، ان پر لاگو ہوگا ۔ تو ان علاقوں میں سے کسی بھی علاقے کے رہنے والے لوگ اگر کسی مقدمے میں الجھے ہوئے ہیں اور فریقین میں سے کوئی ایک اس قسم کی درخواست دے دے تو مقدمہ جرگے کے سپرد ہو جائے گا ، جہاں پر قانون نہیں بلکہ ، لاقانونیت کے تحت اس قضیے یا تنازعے کا فیصلہ ہوگا لیکن جو خوش قسمت لوگ اس قانون کے تحت نہیں آتے ۔ ویسے تو میرے نزدیک وہ بھی انتہائی بدقسمت ہیں جن کے متعلق یہ کہا گیا ہے کہ اگر دونوں فریقین درخواست دیں تو ان کا مقدمہ جرگے کے سپرد کیا جائیگا ۔ وہ کون کون سے علاقے ہیں ۔ ۔ ۔ ۔ وہ علاقے ہیں سبی شہر، زیارت شہر، ہرنائی شہر، تحصیل دکی، نوشکی شہر ، کوئٹہ شہر اور چھاؤنی ، کوئٹہ صدر جن میں دس بارہ مواضعات کا نام دیا ہوا ہے ، ملٹری کیمپ بلیلی ، بلوچستان ٹیکسٹائل ملز سریاب ، پشین شہر ، بوستان شہر ، ریلوے سٹیشن اور ریلوے لائن ۔

جناب والا ۔ مجھے افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ یہ تجویز کچھ

اس قسم کی ہے کہ اسمبلی کی اس عمارت سے اس ایوان کو ایک طرف کر دیا جائے اور باقی حصے کو دوسری طرف کر دیا جائے ۔ بلکہ یہ کہ سپیکر صاحب کے سامنے سے حد بندی کر دی جائے اور اس طرف کے نصف حصے کو تو فی النار کر دیا جائے اور جو نصف حصہ اس طرف باقی بچ رہے گو کہ وہ بھی جنت میں نہیں ہے ۔ لیکن وہ بھی لیم قسم کی جہنم میں رہیگا ۔ جہنم میں تو دونوں ہی ہیں لیکن اس میں تھوڑا سا امتیاز رکھا گیا ہے ۔ تو یہ کس بناء پر کیا گیا ہے ۔ آپ تو اس سے بخوبی واقف ہوں گے لیکن میں آپ کی وساطت سے اس معزز ایوان کی اطلاع کے لئے عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ان علاقوں میں جن کو کہ برٹش بلوچستان کہا جاتا تھا یا جن کو Leased Areas کہا جاتا تھا ۔ ان علاقوں میں نوے سال سے اس صوبے کی سب سے بڑی عدالت کی حاکمیت تھی یعنی وہاں پر جوڈیشل کمشنر ہوا کرتا تھا جس کا رتبہ وہی تھا جو کہ پنجاب ہائی کورٹ کے جج کا تھا اور اس کے اختیارات بھی وہی تھے اور اس پر وہی قانون لاگو ہوتا تھا جو پنجاب یا سندھ ہائی کورٹ پر لاگو ہوتے تھے ۔ نوے سال سے وہاں پر وہی قانون لاگو تھے اور ضابطہ دیوانی اور قانون شہادت ۱۹۱۳ء سے وہاں پر لاگو ہیں ۔ اگر میرے اللہ نے چاہا تو اس قانون کے اختتام پر میں اس سارے قانون پر سیر حاصل تبصرہ کروں گا اور آپ کے سامنے یہ ثابت کروں گا کہ سابقہ برٹش بلوچستان یا Leased Areas یا جیسا کہ اسے نام نہاد طور پر قبائلی علاقہ کہا جاتا ہے ، ان سب میں وہی تمام قوانین گزشتہ پچپن سال سے رائج تھے جو اس وقت صوبے کے باقی حصوں میں رائج ہیں ۔ میں حیران ہوں کہ وہ کون سی وحی اور کونسا الہام ان ارباب اقتدار پر نازل ہوا ہے کہ پچاس ساٹھ سال کے بعد یہ حکومت یہ کہنے کی جسارت کرتی ہے کہ وہ لوگ اس اہل نہیں ہیں کہ ان پر باقی صوبے جیسے قوانین کا اطلاق کیا جا سکے اور

ان پر اس قسم کے جنگل کے قانون کا اطلاق ضروری ہے اور پچاس ساٹھ سال سے وہ تمام متمدن اور ترقی یافتہ قوانین جو کہ وہاں پر رائج تھے وہ سب منسوخ ۔ میرے فاضل دوست نے ہمیں یہ نہیں بتایا کہ وہ کون سی مشکل پیدا ہوگئی ہے ۔ اصل میں مشکل ایک ہی ہے اور وہ یہ کہ ذہن تبدیل ہو گئے ہیں ۔

(اس مرحلہ پر ،مسٹر سپیکر کرسی صدارت پر متمکن ہوئے) ۔

فکر میں تبدیل آ گئی ہے اور پھر فکر یہ ہے جیسے کہ جناب صدر مملکت نے اپنی کتاب "Friends not Masters" میں کہا ہے ۔ کہ اس ملک کے لئے موجودہ جوڈیشل سسٹم مناسب نہیں اور یہاں Judicial cum Jirga System چاہئے اور ہمارے دوستوں نے وہاں سے اشارہ پاتے ہی Judicial cum Jirga تو کیا صرف جرگہ ہی رہنے دیا ہے ۔ پنجابی میں کہتے ہیں ۔

"گرو جناں دے ٹپے چیلے جان شڑپ"

(ایک ممبر : اس کے معنی کیا ہیں ؟)

میں عرض کرتا ہوں ۔ جن کے گرو دانش مند ہوں بڑے عقلمند ہوں ۔ تو ان کے شاگرد ان سے بھی زیادہ سیانے نکلتے ہیں تو غرض یہ ہے کہ ان چیلوں نے اپنے گرو کا یہ اشارہ دیکھتے ہوئے انہوں نے جو حد بندی کی تھی Judicial cum Jirga اس میں سے انہوں نے Judicial کو اس میں سے نکال کر جرگہ رہنے دیا ۔ وہ جب آگے آئیگا تو بات کرونگا ۔ تو میں یہ عرض کر رہا ہوں کہ اس قانون کے ذریعہ سے انہوں نے گذشتہ نوے سال کی وہ Judicial روائت جو کہ برٹش بلوچستان یا Leased area یا

so called ٹرائبل ایریا جس پر اس کا اطلاق ہو رہا ہے ۔ کوئٹہ ڈویژن میں ان پر اطلاق کرکے یہ ثابت کرنے کی کوشش کی ہے کہ یہ ملک اس قابل نہیں کہ یہاں متمدن لوگ رہ سکیں یہ ملک ایسا نہیں جہاں متمدن قوانین رائج کئے جا سکیں یہاں تو ایک ہی قانون ہوگا جو اوپر سے نیچے تک اس وقت مسلط ہے کہ "جس کی لاٹھی اس کی بھینس" ۔

مسٹر حمزہ (لائلپور ۔ ٦) ۔ جناب سپیکر ۔ یہاں بیٹھے تقاریر سنتا رہا ہوں اور خاص طور پر جناب وزیر قانون کی جو کہ کسی زمانہ میں قانون شہادت کے استاد رہے ہیں ۔ انہوں نے جب یہ فرمایا کہ قانون شہادت ۔ ضابطہ دیوانی انصاف کے راستے میں رکاوٹ ہے ۔ کیوں کہ اس پر پابندی سے مقدمات کے فیصلہ میں تاخیر ہوتی ہے ۔ وہ ہنگامی قانون زیر بحث کے حق میں دلیل پیش کر رہے تھے ۔ ان کا فرمانا ہے کہ اس قانون کے تحت عدالتوں میں مقدمات کا جلد از جلد فیصلہ کیا جا سکتا ہے ۔ جیسا کہ میں عرض کر چکا ہوں ۔ مجھے اس سے انتہائی دکھ ہوتا ہے ۔ ہماری حکومت ایک طرف تو یہ راگ الاپتی ہے ۔ کہ یہ ترقی کا دور ہے ۔ اور دوسری جانب ایک فرد کی بابت نہیں بلکہ ساری قوم کے بارے یہ کہا جا رہا ہے کہ یہاں مہذب قوانین پر عمل کرنا دشوار بلکہ نا ممکن ہے ۔ جناب وزیر قانون کے نزدیک قانون شہادت ۔ ضابطہ دیوانی کے ہوتے ہوئے مقدمات کا فیصلہ جلد نہیں ہو سکتا ۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ ان کے نزدیک وہ فیصلے سابقہ پنجاب میں سکھوں کے دور میں ہوتے تھے ۔ جسے سکھا شاہی کے نام سے موسوم کیا جاتا ہے ۔ انتہائی مناسب اور ملک کی حالت کے عین مطابق تھے ۔ آپ کو یاد ہوگا ۔ کہ سکھوں کے زمانے میں اگر مجرم کے بارے میں فیصلہ کرنا ہوتا تھا ۔ اس کا آسان اور بلاخیر فیصلہ پھندے کی اور ملزم کی گردن کی پیمائش پر منحصر تھا ۔ پھندا جس ملزم کی گردن کے ناپ کے مطابق ہوتا اس کو مجرم گردانا جاتا تھا ۔ ایسے

فیصلے کرنے میں تو چند منٹ ہی لگتے ہوں گے ۔ میرے نزدیک اگر حکومت چاہتی ہے کہ فیصلے انصاف اور قانون کے تقاضوں کے مطابق نہ ہوں ۔ تو میں ایسا فیصلہ ماننے کیلئے تیار ہوں ۔ لیکن یہ کسی ترقی پذیر اور مہذب ملک کی نشانی نہیں ہے ۔ اور ہمیں یہ زیب نہیں دیتا ۔ جناب سپیکر ۔ حقیقت میں یہ قانون فرنٹیئر کرائمز ریگولیشن کی نقل ہے ۔ بلکہ میں یہ کہوں گا کہ اس قانون کو اس ایوان میں اس شکل میں لا کر عدلیہ کے اختیارات کو زیادہ محدود کیا گیا ہے اور عدلیہ کے کئے گئے فیصلوں سے روگردانی کی گئی ہے ۔ میں یہ تسلیم کرتا ہوں کہ اس وقت ملک میں ڈیفنس آف پاکستان رولز مسلط ہے ۔ اس قانون کو عدالت میں چیلنج نہیں کیا جا سکتا ۔ کیا ڈیفنس آف پاکستان رولز ہمیشہ کے لئے ہی ہماری قوم پر مسلط رہے گا ۔ میرے نزدیک یہ ڈیفنس آف پاکستان رولز نہیں بلکہ Rulers کی Defence of Pakistan's ہے جس دن سے ڈیفنس آف پاکستان رولز ختم ہو جائیگا اسی روز یہ قانون اپنی موت مر جائیگا میں چیلنج کرتا ہوں کہ یہ قانون بنیادی حقوق کے منافی ہے ۔ جیسا کہ میں عرض کر چکا ہوں کہ یہ F.C.R. کی نقل ہے اور F.C.R. کے بارے میں آج سے ۳۶ سال پہلے انگریزوں کے دور میں جب اس قانون سے متعلق ایک تحقیقاتی کمیٹی مقرر کی تھی ۔ لفٹیننٹ گورنر سرحدی صوبہ نے اس کمیٹی کے رو برو یہ بیان دیا تھا ۔

> "The vice of the system lies in the element of uncertainty which is thereby introduced and which is equalled only by the eccentricities of human nature. The Deputy Commissioner and the Commissioner may be admirable executive officers but, we believe, do not claim to possess such perfect and ready knowledge of civil laws including Hindu and Muhammadan laws, and the legal attributes of a valid custom, as to declare the rights of the parties un-aided by all legal assistance, which is

considered indispensable by the highest Tribunals, and without any trial other than that what is to be had through a Council of Elders. The only reply which we expect to receive this observation is that they do not profess to administer those laws but only justice and equity. This at once brings to the fore-front what we pointed out to be the mischief of the dual system. Are we to let the people of this Province understand that the enforcement of the laws made applicable to them is not guaranteed and that they should not determine their own rights with reference to the laws promulgated for them but should wait till some exponent of justice and equity tells them what they are ?. It is not in many cases that two men agree as to what is in accord with justice, equity and good conscience. Hence arises the necessity of laws without which there can be no uniformity or certainty of title."

جناب سپیکر ۔ ایف ۔ سی ۔ آر میں مارشل لاء جیسی خوبیاں اور خامیاں موجود ہیں ۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ جب ملک کو آزاد ہوئے ۲۱ سال گزر گئے ہیں ۔ آج وزیر قانون یہ فرماتے ہیں یہ علاقے بہت پس ماندہ ہیں اور وہاں کی آبادی تعلیم یافتہ نہیں ۔ ان علاقوں کے رسم و رواج تہذیب اور زبان کا یہ تقاضا ہے کہ اس قانون میں ترمیم کی جائے ۔ یہ ہماری حکومت کی شکست خوردہ ذہنیت یا شکست کا اعتراف ہے اور اس کی ناکامی کا بین ثبوت ۔

ایک طرف تو یہ کہا جاتا ہے کہ ہمارا ملک بہت تیزی سے ترقی کر رہا ہے اور دوسری جانب آج جب کہ ملک کو آزاد ہوئے ۲۱ سال گزر گئے ہیں مہذب دنیا کے قوانین یہ یک جنبش قلم ختم کرکے از منہ وسطیٰ کے قوانین نافذ کرنا چاہتے ہیں ۔ اگر حکومت سے یہ مطالبہ کیا جاتا ہے کہ ہمارے علاقوں کی زبان مختلف اور رسم و رواج مختلف ہیں ۔ ہم پر مختلف قوانین

کے تحت حکمرانی کی جاتی رہی ہے ۔ لہذا ون یونٹ کے معرض وجود میں آنے سے ہماری ترقی رک گئی ہے اور ہمارے ساتھ انصاف نہیں کیا جا رہا تو ہماری حکومت یہ کہتی ہے کہ ملک اور قوم کی ترقی کے لئے ون یونٹ اشد ضروری ہے ۔

جناب سپیکر ۔ جس قسم کے دلائل اور جس قسم کا جواز جناب وزیر قانون نے اس ایوان میں پیش کیا ہے ۔ اگر صورت حال وہی ہے جو وہ بتاتے ہیں تو ان کے یہ دلائل ان لوگوں کے حق میں جاتے ہیں جو یہ نعرہ لگاتے ہیں کہ صوبہ مغربی پاکستان کو مختلف لسانی وحدتوں میں تقسیم کر دیا جائے ۔ حکومت اپنے عمل سے ثابت کر رہی ہے تمام ملک کے حالات ایک جیسے نہیں ۔ ہم یکسانیت کو عملی طور پر اپنا نہیں سکتے ۔ جہاں یکسانیت کی ضرورت ہے وہاں آپ مختلف قسم کے قوانین نافذ کر رہے ہیں ۔ میں یہ عرض کر دوں کہ وہ ملک یا صوبہ جس کے مختلف علاقوں میں مختلف قسم کے قوانین نافذ ہوں وہ مربوط ملک یا صوبہ نہیں بن سکتا ۔ اور وہاں کے لوگوں کی سوچ بچار میں یکسانیت نہیں آ سکتی ۔ اس قسم کے قانون پاس کرکے آپ ایک یونٹ کو کس طرح قائم رکھ سکتے ہیں ۔ اس طرح آپ اس ملک کی جڑیں اکھاڑنے کی کوشش کر رہے ہیں ۔

اس قانون کی دفعہ ۳ میں بتایا گیا ہے کہ دیوانی مقدمات ماسوائے ہنگامی قوانین کے تمام کے تمام کا فیصلہ جرگہ کے ذریعہ کیا جائے گا ۔ میں آپ کے سامنے فرنٹیئر ریگولیشن الکوائری رپورٹ کے بعض اہم حصے پڑھ کر سناتا ہوں آج سے ۳۶ سال پہلے الکوائری کمیٹی نے یہ بتایا تھا کہ دیوانی

مقدمات کا فیصلہ ڈی سی کے سپرد کرنا یا ڈی سی کے مقرر کردہ جرگہ کے سپرد کرنا دانشمندانہ اقدام نہیں ہو گا ۔ مجھے نہایت ہی افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ اس دور میں ہمارے ساتھی یہ جرات رکھتے ہیں کہ اس قانون کی حمایت میں تقاریر کریں ۔

"We are unable to accede to the suggestion that the rules of evidence, contained in the Indian Evidence Act, be made inapplicable to trials by jury. We have not been referred to any particular provision of that Act which is considered to create difficulties or would unduly handicap the jury."

جناب سپیکر ۔ آج سے ۳۶ سال پہلے (جناب وزیر تعلیم بھی آپ کو بتا سکتے ہیں) سابقہ صوبہ سرحد میں تعلیم اتنی عام نہیں تھی جتنی کہ آج ہے ۔ اس وقت آمد و رفت کے وسائل بھی ناپید تھے اور آج جب کہ بیرونی دنیا چاند تک پہنچنے تک کی کوشش میں ہے مصنوعی سیارے چھوڑے جا رہے ہیں ۔ ہمارے ملک کے حکمرانوں کو نظام مملکت چلانے کے لئے پرانے اور دقیانوسی قوانین کی ضرورت ہے ۔ اس سے بڑا اعتراف شکست اور کیا ہو سکتا ہے ۔ جہاں تک قانون شہادت سے بے نیازی کا تعلق ہے حزب اختلاف کے افراد جو حکومت کے نزدیک لوگوں کو گمراہ کرتے ہیں لوگوں میں بد دلی پھیلاتے ہیں اور نیک نام حکومت کو بدنام کرتے ہیں ۔ لیکن ایک طرف حکومت کے دعوے ہیں اور دوسری طرف یہ سیاہ قوانین ۔ آج سے ۳۶ سال پہلے غلامی کے دور میں بھی اس قانون کو ملک کے لئے مفید تصور نہیں کیا گیا جسے آج وزیر قانون تحفہ کے طور پر مشکلات کو حل کرنے کے لئے لے کر آئے ہیں ۔ جناب سپیکر ۔ وہ فرماتے ہیں ۔

"We have ourselves examined the whole Act and we are unable to find any positive rule which excludes evidence of value."

اور ساتھ ہی آگے چل کر وہ یہ فرماتے ہیں ۔

"As observed at another place, rules of evidence are based on sound sense and human experience and any prudent man, who is to act without the aid of law of evidence, would in a large majority of cases exclude all evidence, which is excluded by the Indian Evidence Act. He would characterize it as valueless. In the language of law of evidence, it is "inadmissible."

جناب سپیکر ۔ وہ فرماتے ہیں کہ کوئی معقول آدمی یہ تجویز پیش نہیں کرسکتا کہ قانون شہادت کو بالائے طاق رکھ کر کسی بھی مقدمہ کی کارروائی کی جائے آگے چاکر وہ فرماتے ہیں :۔

"To admit this class of evidence, which will be to open a flood-gate for all sorts of rumours and all manner of idle gossip, the judge and jury would be overwhelmed with a jumble of conflicting tales and the record will be a mass of confusion".

اور پھر فرماتے ہیں :۔

"The only other kind of evidence, which does not in principle differ from the foregoing is compurgation. It is too archaic to find a place in any system of administration of justice in the present age".

جناب والا ۔ یہ ۱۹۳۱ء میں انھوں نے کہا تھا کہ کسی مہذب قوم کے افراد اس قسم کے قوانین کو کبھی تجویز نہیں کریں گے اور یہ

انگریزوں کی مقرر کردہ کمیٹی تھی لیکن افسوس کا مقام ہے کہ وہ چیزیں جو کہ غلامی کے ایام میں آزاد ہونے سے ۱۶ ۔ سال پہلے مناسب نہیں سمجھی گئیں آج ہمارے حکمران ان کو مناسب سمجھتے ہیں اور ان کی یہ جرات ہے کہ ایوان میں آ کر (اس ایوان میں جو کہ اپنے آپ کو عوام کا نمائندہ کہتا ہے) اس قسم کی باتیں کرتے ہیں ۔ اور بڑی اکثریت ایوان کی ایک تماشائی کے طور پر یہ تمام باتیں سنتی رہتی ہے ۔

چودھری محمد نواز ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ حمزہ صاحب نے "تماشائی" کا لفظ جو استعمال کیا ہے یہ میری ناقص عقل میں ٹھیک نہیں ہے ہم تو ان کے خیالات سنتے رہتے ہیں اور اس کے بعد جب ہماری باری آتی ہے . . . . .

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ اگر یہ بات نواز صاحب کے طبع نازک پر گراں گزری ہے تو میں یہ لفظ واپس لیتا ہوں ۔

چودھری محمد نواز ۔ شکریہ مہربانی ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ آخر میں وہ یہ فرماتے ہیں ۔

> "As already stated, these elementary rights are of essence in administration of justice in serious cases in which sentences of lon; terms of imprisonment can be passed but cannot be adjusted in the present system of Jirga trial.

بلکہ آگے جرگہ کے ممبروں کے بارے میں انہوں نے فرمایا ہے ۔ ۔ ۔

خان اچون خان جدون ۔ جرگوں کی باتیں آپ کی سمجھ سے بالا ہیں ۔

مسٹر حمزہ ۔ میری سمجھ سے جرگہ کی بالیں بالا تر ہیں مگر کمیٹی جن افراد پر مشتمل تھی ان کے نام میں پڑھ کر سنائے دیتا ہوں ۔

آنریبل جسٹس نعمت اللہ ۔ پریذیڈنٹ

میجر اے ۔ ای ۔ بی ۔ پارسنس

میجر نواب محمد اکبر خان

خان بہادر خان عبدالغفور خان

میاں شاہ نواز

ڈاکٹر ضیاء الدین

رائے صاحب مہر چند کھنہ

مسٹر حکم چند

مسٹر محمد جان خان

مسٹر ایچ ۔ ڈبلو ۔ ہیل

خان اجون خان جدون ۔ مہر چند کھنہ تو انگریزوں کا بہت بڑا پٹھو تھا ۔

مسٹر حمزہ ۔ اس کمیٹی کی رکنیت سے یا جن افراد نے اس کا رکن ہو کر اپنے فرائض سر انجام دئیے اس سے ظاہر ہے کہ ان میں سے بیشتر مشہور قانون دان تھے جن کا انتظامیہ سے تعلق تھا یا وہ بلند انسان تھے جنہوں نے انگریزوں کے دور میں اور انگریزوں کے ہوتے ہوئے بھی ان کا پٹھو کہلوا کر

سچ بات تو کہہ دی ۔ کاش اس زمانے کے پٹھو ان کی نقل کرنے کی کوشش کریں ۔ جرگہ کے ممبران کی تعریف کرتے ہوئے وہ فرماتے ہیں :۔

> "Except some jirga members, the whole unofficial testimony, even of those who do not desire total repeal of the Frontier Crimes Regulation, speaks in disparaging terms of the ability and character of the jirga members in relation to the functions which they now perform, but we think, most of those objections, will disappear when they sit with the judge, who will guide them and control the bar and the witnesses on either side."

جناب سپیکر ۔ محض یہی نہیں بلکہ ۱۹۵۸ء میں پاکستان بننے کے ۱۱ سال بعد ایک کمیٹی مقرر ہوئی تھی جس کے ذمہ قلات میں نافذ قوانین کا جائزہ لینا اور یہ بتانا تھا کہ یہ قوانین کس حد تک ملک و قوم اور اس علاقہ کے لوگوں کے لئے مفید و مناسب ہیں ۔ اس کمیٹی کی یہ رائے تھی کہ یہ قوانین محض اس علاقہ کے لوگوں کے لئے نا مناسب اور غیر مفید ہی نہیں بلکہ یہ قوانین علاقہ کی ترقی میں بہت بڑی رکاوٹ ہیں ۔ ان قوانین کو جتنا جلد ختم کیا جائے اتنا ہی اس علاقہ کے لوگوں کی فلاح و بہبود کیلئے مناسب ہو گا ۔ جناب سپیکر ۔ اس میں حزب اختلاف کے لوگوں کی طرح لوگوں کو گمراہ کرنیوالے افراد نہیں تھے وہ تو عدالت عالیہ کے جج تھے اور انکا نام عبدالحمید تھا ۔ جناب سپیکر ۔ میں کافی وقت لے چکا ہوں لیکن جو دیگر معروضات ہیں وہ کسی مناسب وقت پر عرض کروں گا لہذا اپنی تقریر ان الفاظ کیساتھ ختم کرتا ہوں ۔ ہماری قوم بہت بڑی مشکل میں گرفتار ہے ہمارے اوپر اس قسم کے حکمران مسلط ہیں جنہیں عوام سے کوئی بھی

واسطہ نہیں لوگ تو امیدوں پر زندہ ہیں لیکن افسوس کا یہ مقام ہے کہ آج ہماری حکومت اس دن کے انتظار میں ہے جبکہ الگے لائے ہوئے ترقی کے دور میں اس قانون اور اس کالے قانون جس کو قانون کہنا قانون کی توہین ہے کو پورے مغربی پاکستان میں رائج کیا جائیگا۔ میں انتہائی دکھ کے ساتھ کہتا ہوں کہ اس ہنگامی قانون کی دفعہ ۱ کی ضمنی دفعہ ۳ ۔ میں یہ ذکر ہے ۔

Mr. Speaker : I will put the amendment to the vote of the House.

Minister of Law (Mr. Allah Bachayo Ghulam Ali Akhund) : Sir, I would like to reply. Mr. Speaker, Sir, I am very much surprised to hear from my friends the speeches and the tone in which they are delivered. It is said that this is black law, which is being thrust on the country. It is said that the law, which is being promulgated or which is brought here for approval, will bring misery and trouble to the areas on which it has been inflicted. I fail to understand the logic of my friends. Perhaps from sophisticated point of view they might be correct but .....

I would request them kindly to go to those areas and see for themselves the conditions of which perhaps they are unaware. I do not think they have taken the trouble of going and studying the conditions of those areas. It may be very well for us, sitting here in Lahore in this air-conditioned hall, to do a little hair splitting and say that this is bad and that is wrong but what do the people want, what are the conditions of the people there, what are the circumstances there, what are the facilities available there and what are the feelings of the people there ? How do they know that this is a law which is against the wishes of the people and which is against the circumstances of the people. I will humbly submit that in the year 1965, as I have already submitted yesterday, the late Governor of West Pakistan, Malik Amir Muhammad Khan, wrote this note to the President that—

"The F.C.R. which was being practiced in the Province for well-over sixty years was very much known to the people of these areas and they had become fully conversant with its working. They are not accustomed to going to courts with its attendence intricacies and inconveniences. Consequently, there is a growing and persistent demand for the re-introduction of F.C.R. All Members of the National and Provincial Assemblies....."

This is very important.

".....All Members of the National and Provincial Assemblies, representing the above-mentioned areas who have been meeting me and the local officers from time to time, have been asking for an immediate reversion to the old practice. That is to say, the re-introduction of the F.C.R. in these areas."

This is not only the opinion but he has suggested the method.

Minister of Law (Mr. Allah Bachayo Ghulam Ali Akhund) : Opposed. The motion is based on incorrect information. For the information of the Member I may submit that there is a permanent arrangement for water supply at these railway stations as well as with the trains. There is a standing complement of persons who supply water in winter and more persons are employed from the 15th of April every year.

In this connection it is also necessary to mention that apart from ordinary drinking water at several railway stations along this iced water is supplied in summer. Wherever there is arrangement for electric supply, electro-mechanical water coolers are also installed providing a constant supply of cool drinking water. Special attention is paid to the supply of water to ladies compartment for ladies and children.

So, there is no negligence on the part of the railway staff and the question of conspiracy does not arise. There is nothing which smacks of any kind of conspiracy between the railway establishment and the aerated water sellers so that opportunities may be provided for augmenting the sale of those people who are selling aerated water. The motion is factually incorrect. All possible arrangements are made for the supply of drinking water.

Malik Muhammad Akhtar : Since the facts have been challenged I would draw his attention to the statement of one Abdul Latif which says :

اس میں جناب والا الزام یہ عائد کیا گیا ہے کہ اس لائین پر سفر کرنے والوں کو پینے کا پانی نہیں ملتا حالانکہ اس کام کے لئے وہاں چار ملازم ہیں ۔

Mr. Speaker : Does the Member consider it to be more reliable than the authentic information given by the Minister.

Malik Muhammad Akhtar : He has given a general answer. He has not specifically mentioned.

Mr. Speaker : The statement of that gentleman is also very general.

Malik Muhammad Akhtar : He has named certain stations which are mentioned in my motion—Samasatta and Bahawalnagar. He has not specifically answered that part of the motion.

Minister of Law : Sir, as far as Samasatta and Bahawalnagar section is concerned the position is that there are electro-mechanical water coolers at Samasatta and Bahawalnagar. Fourteen travelling waterman are deputed to give water on several trains.

Mr. Speaker : All the coolers are in working order.

Malik Muhammad Akhtar : A very pertinent question.

Minister for Law : Yes Sir. Every station on this section has one permanent waterman. In addition eight temporary watermen have been provided on stations on the section for hot weather. Iced cool water is supplied at Chistian, Hasilpar and Bahawalnagar in addition to electro-mechanical coolers. These arrangements are every year enforced and are now in force since the 15th of April, 1968. For winter season, however, the number is less.

Mr. Speaker : The facts have been denied. Therefore, the motion is ruled out of order.

MURDER OF ABDUL HAMID BUTT, A MURDER CASE WITNESS, IN THE PREMISES OF DISTRICT COURT, LAHORE

Mr. Speaker : No : 104. Khawaja Muhammad Safdar.

Khawaja Muhammad Safdar : Sir, I ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent occurrence and urgent public importance, namely, the cowardice, lack of the sense of duty and apathy of the armed police which stood by, while Abdul Hamid Butt a murder case witness was brutally stabbed to death in the premises of the District Court, Lahore, on 29-4-1968. This has shocked the public of the Province.

Mr. Speaker : There is a notice of a similar motion (No. 106) from Mr. Hamza. The Member may also ask for leave to move his motion.

MURDER OF HAMID BUTT IN THE PREMISES OF LAHORE DISTRICT COURTS

Mr. Hamza : Sir, I ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent occurrence and urgent public importance, namely the insecurity of life in West Pakistan as revealed by the murder of Hamid Butt on 29-4-68 in the premises of Lahore District Courts in the open day light in the presence of hundreds of people including police men has shocked the general public all over the Province.

MURDER OF HAMIDA IN THE PREMISES OF LAHORE DISTT. COURTS BY SEVEN PERSONS

مسٹر سپیکر ۔ حاجی صاحب ۔ آپ کی ایک تحریک التوا بھی اسی موضوع پر ہے ۔ آپ بھی اسے پیش کرنے کی اجازت طلب کریں ۔

حاجی سردار عطا محمد ۔ میں یہ تحریک پیش کرنے کی اجازت طلب کرتا ہوں کہ ایک نہایت ہی اہم اور فوری غور طلب مسئلہ کو زیر بحث لانے کے لئے اب اسمبلی کی کارروائی ملتوی کی جائے ۔ معاملہ یہ ہے کہ احاطہ کچہری لاہور میں تاریخ ۲۹ اپریل ۱۹۶۸ء کو صبح سات بجے سات افراد نے چوک متی کے ایک نوجوان حمیدا کو خنجروں کے پے در پے وار کرکے موت کے گھاٹ اتار دیا ۔ اس واقعہ سے جو نہ صرف یہ کہ دن دھاڑے وقوع پذیر ہوا بلکہ قانون کے محافظوں کی موجودگی میں رونما ہوا ہے ۔ پورے شہر بلکہ صوبہ کے تمام علاقوں کے لوگوں میں سخت ہراس پھیل گیا ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ چوک متی کا ایک نوجوان ؟

مسٹر حمزہ ۔ رہنے والا وہاں کا ہوگا ۔

حاجی سردار عطا محمد ۔ اس واقعہ سے جو قانون کے محافظین کی موجودگی میں رو نما ہوا ۔ تمام علاقے کے لوگوں میں سخت ہراس پھیل گیا ہے ۔

Minister for Home (Kazi Fazlullah Obaidullah) : Mr. Speaker, Sir, I oppose all the three motions on the ground that the facts as stated—so far as the presence of the earmed Polic is concerned—are denied by the Government. (*interruptions*). I shall continue in English, Sir, and if it is necessary I will say a few words in Urdu to satisfy my friend.

I was submitting, Sir, that this incident had occurred in the Court premises, just at the western end of the Tehsildari about twentyfive yards away from the road, where, before, two cars were said to have been standing. There they caused this incident and murdered this man and made good their escape. The allegation that armed Police people were standing there and they did not intervene at the time of the incident ; is denied by the Government. On the contrary, I have to say to my shame that so many citizens were there and none of them intervened to save that unfortunate man. The incident has unfortunately occurred, and nine people were involved in that incident Sir. Immediate action was taken ; the Sub-Inspector of Police came at the spot, the Deputy Superintendent of Police rushed to the spot ; investigations were taken up and five persons wer arrested immediately on that day. Then a proclamation wase issued saying that the remaining four persons are proclaimed offenders and proceedings under section 88 Cr. P.C. were taken against them. I am glad to tell the House that those four persons have also been arrested.

Sir, it was a shocking incident and it was as a consequence of that when the Governor ordered that the goondas should be rounded up. And, Mr. Speaker Sir, you know and the entire House knows that several hundreds of them have been rounded up here in Lahore City, and a province-wide action has been taken against bad characters, and several thousands of them have been arrested so far. So, I think, Sir, the case against those nine people is pending investigation. They will be sent up and the police has taken a very vigilant action.

Mr. Speaker : Was there no Police at the time of this occurrence ?

Minister of Home : At that place, no. Sir, where the incident has occurred, according to me, it is just twenty-five paces away from the road, at the western end of the Tehsildari, and there was no armed police there. This is what I have been told, and on the contrary, I understand that.....

Mr. Speaker : It was the Court premises ?

Minister of Home : It is Sir ; I admit Sir ; just at the west end about twenty-five paces away from the road, and those people just stabbed and escaped.

Mr. Speaker : I hold the motion in order. Khawaja Muhammad Safdar asks for leave to discuss a definite matter of recent and urgent public importance, namely, the cowardice, lack of the sense of duty and apathy of the armed police which stood by while Abdul Hamid Butt, a murder case witness, was brutally stabbed to death in the premises of the District Court, Lahore, on 29-4-1968, has shocked the public of the province.

Those Members who are in favour of leave being granted may please rise in their places.

(*As less than twenty-five Members rose in their places, leave to move, the motion was refused*).

DECISION OF THE PROV. GOVT. TO SELL STATE LANDS BY AUCTION OR GIVE THEM ON LONG LEASE TO HIGHEST BIDDERS.

Mr. Speaker : We now pass on to 105. Yes, Khawaja Sahib.

Khawaja Muhammad Safdar : Sir I beg to ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent occurrence and urgent public importance, namely, the decision of the Provincial Government to sell the State lands by auction or give large tracts of land and on long term lease to the highest bidders has caused widespread resentment among the public of the province.

وزیر مال (مسٹر غلام سرور خان) ۔ جناب والا ۔ میں اس کی مخالفت کرتا ہوں ۔ پہلے تو جناب اس میں یہ نہیں دیا ہوا کہ فیصلہ گورنمنٹ کا کب کا ہے ۔ کوئی تاریخ نہیں ہے ۔ ۔ ۔ ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب والا ۔ میں نے اس کے متعلق اخبار میں پڑھا ہے ۔ وہاں تاریخ کوئی نہیں دی ہوئی تھی ۔ یہ کونسل آف منسٹرز کا فیصلہ ہے ۔

وزیر مال ۔ اس لیے یہ مبہم اور vague ہے ۔

Mr. Speaker : What about the decision ? Has Government taken any decision ?

وزیر مال ۔ میں اس کے متعلق وضاحت کر دیتا ہوں ۔ گورنمنٹ نے یہ زمینیں پٹہ پر دینے کا فیصلہ کیا ہے ۔ یہ فروخت کرنے کے متعلق نہیں ہے ۔ یہ زمینیں ہمیشہ پٹہ پر دی جایا کرتی ہیں ۔ پہلے بھی اور اب بھی ۔ ۱۹۶۵ء میں ایک سکیم تھی ۔ آپ نے فرمایا ہے تو میں مختصر طور پر کچھ عرض کر دوں ۔ اس میں یہ تھا کہ آباد زمین کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے ایک سال کے پٹہ پر نیلام کے ذریعے دیے جاتے ہیں ۔ اگر نیلام میں بولی نہ ہو تو پھر پانچ سال کے لئے نیلامی کے ذریعہ دئیے جاتے ہیں ۔ اگر پانچ سال کے لئے بھی بولی نہ ہو تو پھر دس سال تک نیلامی کے ذریعہ پٹہ پر دئے جاتے ہیں ۔ اب اس میں تغیر و تبدل کی وجہ یہ ہے کہ پرانی پنجاب کالونیز میں تو شاید ہی ایسا ٹکڑا ہے جو آباد ہو سکتا ہے ۔ یعنی ایسا رقبہ جو زیر کاشت نہ لایا گیا ہو ۔ یہاں کوئی ایسا ٹکڑا نہیں ہو گا ۔ بہر صورت اگر کوئی ٹکڑے ہیں تو ان کی پٹہ کی مدت بجائے ایک سال کے تین سال تک کر دی گئی ہے ۔ کیوں کہ جو شخص اسے ایک سال کے لئے لیتا ہے وہ دل جمعی کے ساتھ کام نہیں کر سکتا ۔ اس کو یہ ڈر رہتا ہے کہ شائد دوسرے سال کوئی دوسرا شخص لے جائے ۔ اس لئے اب اس مدت کو بڑھا دیا گیا ہے ۔ دوسرا فرق اس میں یہ رکھا

گیا ہے کہ پہلے یہ پٹہ ٹینڈر کے ذریعے ہوتا تھا ۔ اب نیلام کے ذریعے ہوگا ۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ ٹینڈر میں بہت بے ضابطگیاں ہوتی تھیں ۔ بہت شکائیتیں ہمارے پاس آتی تھیں ۔ نیلامی چونکہ ظاہراً اور جلسہ عام میں ہوتی ہے ۔ لوگوں کے سامنے بولی ہوتی ہے اس لئے اس میں دھاندلی کے امکانات کم ہو جاتے ہیں ۔ ٹینڈرز میں وہ زیادہ ہوتی تھی ۔ یہ دو بڑے تغیرات لائے گئے ہیں ۔ مدت ایک سال سے تین سال تک اور بجائے ٹینڈر کے نیلامی کر دی گئی ہے ۔

جہاں تک غیر آباد زمینوں کا تعلق ہے اس کے متعلق یہ کیا گیا ہے کہ پانچ سال اور دس سال کے لئے نیلام پر دی جائیں گی ۔ پہلے بھی نیلام پر دی جاتی تھیں ۔ ان زمینوں کے ٹکڑے ۲۵ ، ۵۰ اور ۱۵۰ ایکڑ تک ہوں گے ۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ یہ زمینیں غیر آباد ہیں ۔ اور انہیں آباد کرنے کے لئے اس شخص کو خرچ کرنا پڑے گا ۔ اس لئے چھوٹا زمیندار اسے زیر کاشت نہیں لا سکے گا ۔ نہ وہ ٹیوب ویل لگا سکتا ہے ۔ نہ دیگر اخراجات برداشت کر سکتا ہے ۔ یہ فیصلہ اس لئے نہیں کیا گیا ۔ ہرگز اس کا مقصد یہ نہیں ہے ۔ کہ چھوٹے کاشت کاروں کو یہ زمین نہ دی جائے ۔ یہ بالکل غلط الزام ہے ۔

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ ۔ ۱) ۔ جناب والا ۔ اس تحریک کے محرکات یہ تھے کہ یہاں ہمارے صوبہ میں لاکھوں کی تعداد میں بے زمین مزارعین موجود ہیں ۔ جو زمین کا سینہ چیر کر خوراک پیدا کرنا چاہتے ہیں ۔ مگر ان کے پاس زمین نہیں ہے ۔ لاکھوں کی تعداد میں یہاں ایسے لوگ ہیں ۔ جن کے پاس زمین ہے مگر گذارہ ہولڈنگ سے کم

اراضی ہے ۔ ان کے ہوتے ہوئے گورنمنٹ ۔ سابقہ پنجاب اور بہاولپور میں اپنی اراضی کو نیلام کر رہی ہے اور بڑے بڑے زمینداروں اور کارخانہ داروں اور شہروں میں بسنے والے ساہوکاروں کو وہ زمینیں دے رہی ہے ۔ جو اپنے تعیش کے لئے وہاں کوئی مکان بنا لیں گے اور باقی زمین اسی طرح پڑی رہے گی ۔

مسٹر سپیکر ۔ خواجہ صاحب انہوں نے فرمایا ہے کہ فروخت کے متعلق کوئی سکیم نہیں ہے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ پڑھ پر ھی سہی ۔

وزیر مال ۔ وہ پرانی سکیم ہے ۔ اور جیسا کہ میں نے عرض کیا ہے ۔ چھوٹے زمیندار ان زمینوں کو زیر کاشت نہیں لا سکتے ۔ یہ ایسی زمینیں ہیں جن کے لئے پانی کا انتظام نہیں ہے ۔

Mr. Speaker : Do you press this motion, Khawaja Sahib ?

Khawaja Muhammad Safdar : Just a few minutes Sir.

بارہ شرائط پر کاشت کاروں کو جو زمینیں دی گئی تھیں ان سے انہیں بے دخل کیا جا رہا ہے ۔ زیادہ اناج اگاؤ سہم کے سلسلہ میں جن کو زمینیں ملی ہوئی تھیں انہیں بھی بے دخل کیا جا رہا ہے۔ اور یہ سب زمین نیلام کی جا رہی ہے اور دوسری سکیموں کے تحت بھی جن کو زمینیں ملی ہوئی تھیں وہ بھی واپس ہوں گی اور یہ سب اراضیات نیلام کر دی جائیں گی ۔

وزیر مال ۔ یہ بالکل نئی باتیں ہیں ۔ اس موشن سے کوئی تعلق نہیں رکھتیں ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ میں تو کیفیت عرض کر رہا ہوں ۔ جناب والا ۔ کہ اس وقت کیفیت کیا ہے ۔ بجائے اس کے کہ آپ کاشت کاروں اور چھوٹے مالکوں کو آسان شرائط پر زمین دیتے تاکہ وہ شب و روز محنت سے اسے آباد کرتے اور آپ کی پیداوار میں بھی اضافہ کرسکتے ۔

Mr. Speaker. It has been stated by the Minister for Revenue that no decision has been taken so far by the Provincial Government to sell the State lands.

وزیر مال ۔ جناب والا ۔ یہ ایک چھوٹی سی بات ہے جو سڑکوں کے کناروں پر ٹکڑے ہوتے ہیں ۔ یہ چھوٹے چھوٹے ٹکڑے ہیں ان کے متعلق فروخت کرنے کا فیصلہ ہوا ہے۔ ان ٹکڑوں کا ان زمین کے ساتھ کوئی تعلق نہیں ہے ۔ یہ میں اس لئے عرض کر رہا ہوں کہ کہیں میری سٹیٹمنٹ غلط نہ ہو جائے ۔

مسٹر حمزہ ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ وزیر مال صاحب نے ابھی یہ فرمایا ہے کہ جو آڑے ٹیڑھے پلاٹ ہیں ۔ اور جن کو کوئی شخص نہیں لیتا وہ ہم نیلام کر رہے ہیں ۔ کیا آپ زمین کے ان قطعات کو ان لوگوں کو دینے کے لئے تیار ہیں جن کے پاس زمین نہیں جو مزارع ہیں ۔ اگر آپ ان کو دینے کے لئے تیار ہوں اور وہ نہ لیں اس کے بعد آپ فرما سکتے ہیں کہ ان قطعات کو کوئی شخص لینے کے لئے تیار نہیں ۔ اگر وہ ان قطعات کو لینے کے لئے تیار ہوں تو آپ کا یہ فرمان کہ ان کو نیلام عام میں فروخت کر رہے ہیں ۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ آپ نے اپنے ہی بیان کی تردید کی ہے اور آپ کے بیان میں تضاد ہے ۔

وزیر مال ۔ وہ نیلامی ہر ایک پلاٹ کے لئے ہے کسی خاص پلاٹ

کے لئے نہیں ہے ۔ اگر کوئی لینا چاہے تو لے سکتا ہے ۔ ایک کنال یا دو کنال کے ٹکڑے ہو سکتے ہیں ۔ اس کو کارخانہ دار کیسے لے گا ۔ یہ صرف سمجھنے کی بات ہے۔ اگر دو تین یا چار کنال کہیں سڑک پر awkward پلاٹ کا ٹکڑا ہے ۔ تو اس کو کارخانہ دار یا بڑا زمیندار لے کر کیا کرے گا ۔ اس کو مقامی آدمی ہی لیں گے ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب وزیر مال صاحب غلط بیانی کر رہے ہیں ۔ کیا وزیر مال صاحب مجھے بتائیں گے کہ awkward پلاٹ یا زمین کا ٹکڑا جس کا انہوں نے ذکر کیا ہے ۔ کیا وہ محض چار کنال تک ہوں گے ۔ مجھے ذاتی طور پر علم ہے کہ ان کا رقبہ بیشتر حالات میں چار کنال سے بھی زیادہ ہوتا ہے ۔ وہ زراعت اور کاشت کاری کی غرض سے دیئے جائیں ۔ ان کا یہ فرمان ہے کہ ہر ایک نیلامی میں حصہ لے سکتا ہے ۔ اس میں شک نہیں ۔ لیکن نیلامی میں وہ حصہ لیتا ہے جس کے پاس دوست ہو ۔

Mr. Speaker : In view of the statement made by the Minister for Revenue, the matter proposed to be discussed is not a single specificm atter of recent occurrence. Therefore, the motion is ruled out of order.

ORDERS OF D.C., JHANG PROHIBITING MAULVI MANZOOR AHMAD FOR MAKING SPEECHES IN THE DISTRICT.

Mr. Speaker : Next motion by Haji Sardar Ata Muhammad.

حاجی سردار عطا محمد ۔ جناب والا ۔ میں یہ تحریک پیش کرنے کی اجازت طلب کرتا ہوں کہ اہمیت عامہ رکھنے والے ایک اہم اور فوری معاملہ کو زیر بحث لانے کے لئے اسمبلی کی کارروائی ملتوی

کی جائے ۔ مسئلہ یہ ہے کہ ضلع جھنگ کے ڈپٹی کمشنر نے مولوی منظور احمد خطیب جامعہ مسجد چنیوٹ ضلع جھنگ کو ۲—اپریل ۱۹۶۸ء سے ضلع میں تقریر کرنے پر پابندی عائد کر دی ہے ۔ حال ہی میں ہائی کورٹ نے مولوی صاحب کے خلاف اس نوعیت کے پچھلے تین احکامات کو خلاف قانون قرار دیا تھا ۔ ایسی پابندی سے شہری آزادی کو اور مولوی صاحب کے جذبات کو مجروح کیا گیا ہے ۔ اس وجہ سے وہاں عوام میں بڑی مایوسی پھیلی ہوئی ہے ۔

Minister for Home (Kazi Fazlullah Ubedullah): Mr. Speaker, I oppose this motion.

I am sorry to say that this Maulvi Manzur Ahmed is a very notorious sectarian and he is in the persistent habit of making very inflamatory speeches against various sects, specially, Shias and Mirzais. He delivered a speech at Chiniot which was found objectionable and action was taken against him. He also spoke at several other meetings in which he attacked the Shias and Mirzais. It is true that action has been taken against him on previous occasions but on technical grounds and irregularities, the High Court held that the orders served on him were invalid because they were not served on Maulvi Sahib simultaneously or immediately. But this time we have seen that this notice is served on him regularly and not irregularly as happend earlier. This was done on the eve of Moharram because it was found that this fellow was in the habit of making very violent speeches against the Shias.

My submission in this behalf is, and I want to make it known very clearly, that we don't want to take any action against any people on political grounds but those who are making these inflamatory speeches creating disaffection between the various sects or between the people of any religion, we shall give them no quarter, we shall hunt them and we shall see that they are brought to book. In this respect I may submit that I may not agree with the views of Mirzais but that does not mean that I should criticise them. Every Pakistani citizen is entitled to believe in any religion or to be the follower of any sect and on that ground he or she will have the utmost protection. I find a tendency in the whole of the Province,

specially in this area, where Khateebs in their Khutbas during the Jumma Prayers have been talking very violently and making very inflamatory, irresponsible speeches against the Parvezis, Maudoodites, Mirzais, Shias, Qadianis, Berailvis and Devbandis. This will not be allowed. We are taking very stern action and our Government has decided not to give any quarter to any one of them. This action has been taken on this ground. There is nothing against Maulvi Manzur Ahmed otherwise but he belongs to Chiniot which is very near to Rabwa and he has been speaking against Mirzais and Shias. His speeches are violent and they cannot be tolerated.

Mr. Speaker : Under what law action has been taken ?

Minister for Home : Maintenance of Public Order.

Mr. Hamza : Which Section ?

Minister for Home : Section 5.

On the contrary, I think, Haji Ata Muhammad and my friends on the opposite side should cooperate with the Government and see that these things are not indulged in and the conditions of 1953 are not repeated.

Mr. Speaker : This order was passed on the 2nd April ?

Minister for Home : Just before the Muharram.

حاجی سردار عطا محمد ۔ جناب والا ۔ پہلی بات تو یہ ہے کہ میں ان کی تقریر کا ایک لفظ نہیں سمجھ سکا ہوں ۔

وزیر داخلہ ۔ جناب والا ۔ مجھے افسوس ہے کہ حاجی صاحب میری تقریر کو نہیں سمجھ سکے ۔ اب میں اپنی گلابی اردو میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ مولوی منظور صاحب نے بڑی اشتعال انگیز تقریریں کیں خصوصاً شیعہ اور مرزائیوں کے خلاف تقریریں کیں ۔ ربوہ وہاں سے بالکل نزدیک ہے ۔ ان کی تقریروں پر پہلے بھی اعتراض کیا گیا ۔ سپرنٹنڈنٹ آف پولیس نے ڈپٹی کمشنر کو کہا کہ یہ اشتعال انگیز تقریریں کرتا ہے ۔

اس کو پہلے بھی تین دفعہ نوٹس دیا جا چکا ہے ۔ اس نے ہائی کورٹ میں رٹ پٹیشن بھی کی اس کے متعلق ڈپٹی کمشنر کو سرکاری طور پر اطلاع نہیں ہوئی ۔ میرا خیال ہے تینوں petitions ہائی کورٹ نے قبول کی ہیں ۔ جن کی بنا پر وہ نوٹس منسوخ ہوئے ۔ ۱۲ اپریل کو محرم کے موقعہ سے پہلے ڈپٹی کمشنر نے ان کو نوٹس serve کیا کہ ان وجوہات کی بنا پر آپ پر بندش عائد کی جاتی ہے ۔ اب مولانا صاحب ہائی کورٹ میں جا سکتے ہیں ۔ اگر یہ آرڈر بھی منسوخ کروا لیں تو ہم بڑے خوش ہیں ۔ میں سمجھتا ہوں کہ سردار عطا محمد صاحب اس معاملہ میں بڑے سمجھ دار ہیں ۔ ہمارا نقطہ نظر یہ ہے کہ کوئی آدمی خواہ وہ کسی سیاسی پارٹی سے اتفاق رکھتا ہو ۔ یا کسی مذہبی پارٹی سے اتفاق رکھتا ہو یا نہ رکھتا ہو لیکن ان چیزوں کا اس کو خیال رکھنا چاہئے اور فرقہ وارانہ منافرت یا مذہبی منافرت میرے خیال میں نہیں پھیلانا چاہئے کیونکہ حالات قابو سے باہر ہو جاتے ہیں ۔ حکومت اس بات کو برداشت کرنے کے لئے قطعی تیار نہیں ہے کہ جو آدمی جو چاہے کرے خواہ وہ کسی بھی مذہب یا فرقہ سے تعلق رکھتا ہو خواہ وہ سنی ہو ۔ خواہ وہ شیعہ ہو ۔ خواہ مرزائی ہو خواہ دیو بندی ہو اور خواہ بریلوی ہو جو بھی ہو اس پر سخت اور کڑی نگاہ رکھی جائے گی ۔

حاجی سردار عطا محمد ۔ جناب سپیکر ۔ میں نے جناب داخلہ کی تقریر سنی اور سمجھی ہے اور ایوان نے بھی سنی ہے ۔ میں بھی اس بات سے نفرت کرتا ہوں کہ کسی کے مذہب یا کسی کے مذہبی ادارے کے

متعلق ان کے جذبات مجروح کئے جائیں - لیکن مجھے یہ پابندی بھی پسند نہیں ہے کہ کوئی اپنے مذہب کی تبلیغ ہی نہ کرے - گورنمنٹ نے عام عدالتیں قائم کر رکھی ہیں اور یہ ان کا کام ہے کہ جو لوگ اس قسم کی اشتعال انگیز تقاریر کریں ان کے خلاف مقدمے دائر کئے جائیں جن کا فیصلہ عام عدالتیں کریں - اگر وہ ایسا کرتے ہیں تو ہمیں اس پر کوئی اعتراض نہیں ہوگا - آپ کو معلوم ہے کہ عیسائیوں کی مشنری یہاں کام کر رہی ہے اور وہ اپنے مذہب کی تبلیغ بھی کرتے ہیں لیکن اس سے کسی جماعت کے جذبات مجروح نہیں ہوتے . . .

مسٹر سپیکر - حاجی صاحب - کیا آپ فاضل وزیر داخلہ کی وضاحت سے مطمئن نہیں ہیں -

حاجی سردار عطا محمد - جی نہیں - میں ان کی اس وضاحت سے مطمئن نہیں ہوں -

مسٹر سپیکر - حاجی سردار عطا محمد نے یہ تحریک التوا پیش کی تھی کہ اس ایوان کی کارروائی اس غرض کے لئے ملتوی کی جائے کہ اہمیت عامہ رکھنے والے ایک اہم اور فوری معاملہ کو زیر بحث لایا جائے اور وہ مسئلہ یہ ہے کہ ضلع جھنگ کے ڈپٹی کمشنر نے مولوی منظور احمد صاحب خطیب جامعہ مسجد چنیوٹ ضلع جھنگ کو دو اپریل ۱۹۶۸ء سے ضلع میں تقریر کرنے سے روک دیا ہے حالانکہ حال ہی میں ہائی کورٹ نے مولوی صاحب کے خلاف اسی نوعیت کے پہلے تین احکامات کو خلاف قانون قرار دیا تھا - اس پابندی سے شہری آزادی اور مولوی صاحب کے جذبات مجروح کئے گئے ہیں اور اس وجہ سے وہاں کے

عوام میں بڑی مایوسی پھیلی ہوئی ہے۔ میں نے حاجی صاحب اور فاضل وزیر داخلہ کے دلائل غور سے سنے ہیں اور ان کو سننے کے بعد میں اس تحریک التوا کو باضابطہ قرار دیتا ہوں۔

جو ممبران اس حق میں ہوں کہ تحریک التوا پیش کرنے کی اجازت دی جائے وہ اپنی نشستوں پر کھڑے ہو جائیں۔

(چونکہ پچیس سے کم ممبر کھڑے ہوئے اس لئے تحریک التوا پیش کرنے کی اجازت نہ دی گئی)

Mr. Speaker : The other adjournment motions will be taken up on Monday, the 13th May, 1968.

ORDINANCES

THE CIVIL PROCEDURE (SPECIAL PROVISIONS) ORDINANCE, 1968.

(resumption of discussion)

Mr. Speaker : The House will now resume discussion on the motion that the Assembly do approve of the Civil Procedure (Special Provisions) Ordinance, 1968.

Malik Muhammad Akhtar to move his amendment No. 12, in Section 4.

Malik Muhammad Akhtar : Not moving Sir.

Mr. Speaker : Next amendment No. 13.

Malik Muhammad Akhtar : Sir, I beg to move :

That section 4 of the Ordinance, be deleted and subsequent sections re-numbered accordingly.

Mr. Speaker : The amendment moved is :

That section 4 of the Ordinance, be deleted and subsequent sections re-numbered accordingly.

Minister for Law : Opposed.

ملک محمد اختر - جناب سپیکر - اس تمام Code of Civil Procedure (Special Provision) Ordinance, 1968 کا جو محور اور روح ہے وہ دفعہ نمبر ۴ میں ہے جس کے ماتحت ٹریبونل constitute کیا جاتا ہے اور reference ٹریبونل کے پاس جاتی ہے -

خواجہ محمد صفدر - پوائنٹ آف آرڈر - جناب والا - میں آپ کی توجہ وزیر قانون صاحب کی پیش کردہ ان دو ترامیم کی طرف دلاتا ہوں جن میں سے ایک کا نوٹس سات تاریخ کو دیا گیا تھا یہ ترمیم سیکشن نمبر ۴ میں تجویز کی گئی تھی اور دوسری ترمیم نو تاریخ کو دی گئی تھی اور وہ بھی سیکشن نمبر ۴ میں تجویز کی گئی تھی اور ملک اختر صاحب نے جو ترمیم ایوان میں پیش کی ہے اگر اس پر فیصلہ ہو جائے تو پھر ہم ان دونوں ترامیم پر بحث نہیں کر سکتے - میرا خیال ہے کہ پہلی ترمیم کے نوٹس کی میعاد پوری ہو چکی ہے اور دوسری ترمیم کے نوٹس کی مدت پوری نہیں ہوئی - یہ دونوں ترامیم وہ ہیں جو کہ کل اور پرسوں کی بحث کا نتیجہ ہیں اس لئے اگر ملک صاحب کی ترامیم قبول کر لی جائیں تو جو اصلاح اور معقولیت اس قانون میں پیدا ہونے کی توقع ہے وہ جاتی رہے گی اس لئے میں یہ درخواست کروں گا کہ جناب وزیر قانون کی ترامیم کو پیش ہونے کی اجازت دی جائے اور پھر اس کے بعد ملک اختر صاحب کو اپنی ترمیم پیش کرنے کی اجازت دینی چاہیئے -

Mr. Speaker : I agree with Khawaja Muhammad Safdar and I allow the Minister for law to move his amendment first.

Minister for Law : Sir, I beg to move :

> That the existing section 4 of the Ordinance be re-numbered as sub-section (1) of that section, and in the sub-section as so re-numbered, between the word "dispute" and the word "not" appearing in the first line, the words "which is required to be adjudicated upon in accordance with the provisions of this Ordinance" shall be inserted.

Malik Muhammad Akhtar : Sir, I have not got this amendment and I would like to oppose it.

مسٹر سپیکر ۔ اخوند صاحب ۔ آپ نے جو ترمیم پیش کی ہے وہ اس ترمیم سے مختلف ہے ۔ جو ہمارے پاس ہے ۔ جو ترمیم ہمارے پاس ہے وہ تو اس طرح سے ہے ۔

> "That section 4 of the Ordinance be re-numbered as sub-section (1) of that section and in sub-section (1) so re-numbered, between the word "dispute" and comma appearing in line 1, the words "which is required to be adjudicated upon in accordance with the provisions of this Ordinance" be interted ; and after sub-section (1) so amended, the following sub-section (2) be added, namely:—"

Minister for Law : I have not moved this amendment. I gave notice of first amendment on the 7th and second amendment also on the 7th and the third on the 9th. I have moved the first one.

Mr. Speaker : Will you please read it again ?

Minister for Law : That the existing section 4 of the Ordinance be re-numbered as sub-section (1) of that section, and in the sub-section as so re-numbered, between the word "dispute" and the word "not".....

Mr. Speaker : Is there not comma as well ?

Minister for Law : Then it will be—

> between the word "dispute", and the word "not", appearing in the first line, the words "which is required to be adjudicated upon in accordance whith the provisions of this Ordinance" shall be inserted.

(*interruptions*)

Malik Muhammad Akhtar : Will I have the right to oppose the entire section.

Khawaja Muhammad Safdar : Yes, yes as amended.

Minister of Law : Sir, I beg to move :

That Section 4 of the Ordinance so re-numbered as sub-section (1) of that Section and in sub-section (1) so re-numbered, between the word "dispute" and comma appearing in line 1, the words 'which is required to be adjudicated upon in accordance with the provisions of this Ordinance' be inserted and for the word "a" occurring between the words "to" and "dispute" in line 3, the word "such" be substituted after sub-section (1) so amended, the following sub-section (2) be added, namely :—

"(2) A dispute, shall not be referred to a Tribunal if a civil suit in respect thereof would be barred by the provisions of the Limitation Act, 1908 (IX of 1908)."

Mr. Speaker : The amendment moved is :

That Section 4 of the Ordinance so re-numbered as sub-section (1) of that Section and in sub-section (1) so re-numbered, between the word "dispute" and comma appearing in line 1, the words 'which is required to be adjudicated upon in accordance with the provisions of this Ordinance' be inserted ; and for the word "a" occurring between the words "to" and "dispute" in line 3, the word "such" be substituted after sub-section (1) so amended, the following sub-section (2) be added, namely :—

"(2) a dispute, shall not be referred to a Tribunal if a civil suit in respect thereof would be barred by the provisions of the Limitation Act, 1908 (IX of 1908)."

I want to make one thing clear. Malik Muhammad Akhtar wants to be able to oppose the Section after the moving of this amendment. But the procedure in respect of Ordinances and Bills would be different. In Bills, the question is put for the decision of the Assembly that this Section should stand part of the Bill and in that case one can oppose the clause as a whole. In case of an Ordinance when discussing amendments one can oppose the amendments not the Section as a whole. If the Member wants to oppose this amendment he can do so.

Malik Muhammad Akhtar : I have moved for the deletion of Section 4 as a whole.

Mr. Speaker : This is an amendment of that Section.

Khawaja Muhammad Safdar : Deletion of the clause is also an amendment.

Minister of Law : Once these two amendments are accepted by the House it will not be possible for him to do so.

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب والا ۔ جہاں تک میں قواعد کو سمجھتا ہوں اس ہنگامی قانون میں ہر قسم کی ترمیم پیش کی جا سکتی ہے ۔ اس ہنگامی قانون میں یہ بھی ترمیم پیش کی جا سکتی ہے کہ فلاں سیکشن کی بجائے نیا سیکشن شامل کیا جائے ۔ اس میں یہ بھی ترمیم پیش کی جا سکتی ہے ۔ کہ فلاں سیکشن حذف کر دیا جائے ۔ اس میں یہ ترمیم بھی پیش کی جا سکتی ہے کہ سارے کا سارا سیکشن حذف کر دیا جائے ۔ اس لئے میں گذارش کرتا ہوں کہ ملک اختر صاحب کی ترمیم جو آئندہ آ رہی ہے وہ باضابطہ ہے وہ اپنی ترمیم آپ کی اجازت سے پیش کر سکیں گے ۔

مسٹر سپیکر ۔ پہلی امنڈمنٹ رکھنی چاہیئے ۔ آپ کا خیال ہے ۔ کہ یہ امنڈمنٹ اس سے پہلے یہاں آنی چاہیئے اور اب ہاؤس کیا فیصلہ دیتا ہے ۔ اگر اس امنڈمنٹ کو ہاؤس accept کرتا ہے تو ظاہر ہے کہ ملک صاحب کی امنڈمنٹ out of order ہو جائے گی اس لئے وہ سیکشن تو اب رہا ہی نہیں ۔ وہ amend ہو چکا . . .

ملک محمد اختر ۔ پھر پہلی امنڈمنٹ لانی چاہیئے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ میں اس سے اتفاق نہیں کرتا ۔ کیونکہ ایک deletion کی امنڈمنٹ ہمیشہ آخر میں آئے گی پہلے نہیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ اگر اس سے پہلے خواجہ صاحب ترمیم ہو جائے . . . .

خواجہ محمد صفدر ۔ ہاں اگر اس میں ترمیم satisfactory ہے تو ہم اس امنڈمنٹ کو قبول کر لیتے ہیں یا یہ جو سیکشن ہے اس میں ترمیم ہو جاتی ہے ۔ اس حد تک جس حد تک جناب لاء منسٹر نے فرمایا ہے ۔ لیکن ملک صاحب کو پھر بھی پسند نہیں ہے وہ سیکشن اس صورت میں تو وہ move کر سکتے ہیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ اس صورت میں میں یہ سمجھوں گا کہ deletion کی کلاز پہلے آنی چاہیئے تاکہ ان کو موقع مل جائے کہ deletion کے کے متعلق فرما دیں ۔ اگر ہاؤس یہ خیال کرتا ہے کہ یہ سارا سیکشن delete ہونا چاہیئے اور ان کی امنڈمنٹ کو مانتا ہے تو وہ فیصلہ دے دے اگر ہاؤس یہ خیال کرتا ہے کہ delete نہیں ہونی چاہیئے تو وہ تجویز کر دے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ آپ کی رائے صائب ہے ۔ اور آپ کا فیصلہ آخری فیصلہ ہے ۔ مگر حذف کرنے کے لئے ترمیم پیش کرنے کا مقصد متعلقہ سیکشن کی مخالفت کرنا ہوتا ہے ۔ اس لئے حذف کرنے سے متعلق ترمیم ہمیشہ آخر میں ایوان کے سامنے پیش ہونی چاہیئے ۔

Minister of Law : I think it is a very ticklish point. If the House is accepting amendments in Section 4 then it would mean that they have accepted it and then to think of deletion would be very difficult. On the other hand there is a difficulty that as the motion of Malik Muhammad Akhtar stands it only says that Section 4 be deleted. It does not visualise any amendments in it. But one could alway say that Section 4 would mean together with amendments. At that stage when it is moved as it is-when the amendment is moved-by Malik Muhammad Akhtar it would mean together with the amendments.

Mr. Speaker : " . . . that section 4 be deleted and subsequent sections renumbered accordingly . . ." . . . you mean to say that while giving notice of this amendment on a particular day Malik Muhammad Akhtar gave notice of this amendment keeping in view that certain amendments would be incorporated and this amendment would cover those eventualities also.

Khawaja Muhammad Safdar : If it is accepted then the point is whether he is satisfied or not ? Whether he wants to delete the section after amendments. If he wants to delete the amended section he can move for the deletion of that Section. But if he is satisfied with the amended section then he won't move his amendment for deletion.

Minister for Law : So far as the academic question is concerned whether an amendment for deletion of Section 4 as it stood at the time when the amendment was submitted to the Assembly Secretariat would mean deletion of Section 4 as it stood then or together with any amendments that may have been introduced thereafter and accepted by the House. In my view he could not visualise that amendments could be moved and accepted and he will be justified in moving and thereby his object would be to wipe out the whole section together with any amendments which may have been accepted even one minute before. Otherwise he can never move for deletion. His amendment could be defeated by any one who moves his amendment in it. The practical way out of it would be that since there is a working difficulty he should be allowed and every Member should be allowed under the circumstances to move for deletion and that would mean deletion of the entire section as it stood at the time when it was submitted to the Assembly Secretariat. It is different that after amendments he is satisfied and he does not think it proper to move his amendment.

Mr. Speaker : Precedents are that deletion amendments are moved at the end. We will allow this amendment after all the amendments are disposed of in the Section. Now the Law Minister has moved this amendment.

Khawaja Muhammad Safdar : Which one ?

Minister of Law : It is regarding addition of words in sub-section (1) and addition of sub-section (2).

Khawaja Muhammad Safdar (Sialkot-1) : I will say a few words about the Limitation clause.

جناب والا ۔ جناب وزیر قانون نے اس ترمیم کو پیش کرکے اس ہنگامی قانون میں یہ مسئلہ شامل کرنے کی کوشش کی ہے کہ اگر کوئی دعویٰ ایکٹ میعاد کے تحت زائد المیعاد ہوگا تو اس کے فیصلہ کے لئے ڈپٹی کمشنر کے سامنے درخواست نہیں دی جا سکے گی ۔ مگر انہوں نے دوسرے مسائل کو نظر انداز کر دیا ہے ۔

ابتدائی درخواستوں کے لیے تو ایکٹ میعاد کو لاگو کرنے کے لئے وزیر قانون صاحب نے ترمیم پیش کر دی ہے ۔ مگر میں یہ عرض کروں گا کہ اس ہنگامی قانون میں صرف revision اور appeal کے لیے میعاد درج ہے میں نے ایک نئی دفعہ شامل کرنے کے لیے ترمیم دی ہوئی ہے ۔ جس کی غرض یہ ہے کہ ماسوائے ۱۱ اور ۱۲ سیکشن میں جو میعادیں درج ہیں ان کے علاوہ تمام ایکٹ میعاد کو اس ہنگامی قانون پر لاگو سمجھنا چاہئے میری ترمیم comprehensive ہے ۔ میری ترمیم کو قبول کرنے کی بجائے وزیر قانون اپنی ترمیم ایوان سے قبول کرانا چاہتے ہیں ۔ میں اپنی ترمیم پڑھتا ہوں ۔

Except as provided in section 11 and section 12, the Limitation Act 1908 (Act IX of 1901) shall apply to all cases under this Ordinance.

میری ترمیم سے یہ سیکشن جامع بن جاتی ہے اور کوئی خامی رہنے کا احتمال نہیں ہو سکتا اور جناب وزیر قانون نے جو ترمیم پیش کی ہے اس سے خامی رہنے کا احتمال ہے ۔ محترم وزیر قانون صاحب اس پر غور فرمائیں اور میری ترمیم اس ہنگامی قانون میں شامل کرکے اس کو اس طرح مکمل بنا لیں تو صحیح ہوگا ۔

Minister of Law (Mr. Allah Bachayo Ghulam Ali Akhund) : The aim of the introduction of provisions of the Limitation Act by my amendment or by the amendment of Khawaja Muhammad Safdar is identical. There is a little difference only. Now the amendment of Khawaja Sahib talks of the Limitation Act applying to all cases under this Ordinance. In the first place, we have not mentioned the cases ; we have said applications, Then it will necessitate changes in so many sections. Probably some of those sections are over. That is one difficulty. Therefore, if you look at my amendment, it says—it talks of a dispute :

> "A dispute shall not be referred to a Tribunal if a civil suit in respect thereof would be barred by the provisions of the Limitation Act 1908."

This would be more proper in view of the phraseology and the work that has been done so far. Otherwise, there is no material difference. But if the amendment of Khawaja Sahib is accepted, it will create so many other consequential changes ; perhaps it will be too late at this stage.

خواجہ محمد صفدر ۔ Limitation Act کے سیکشن ۵ اور ۶ کے متعلق آپ کی کیا رائے ہے ؟

Minister of Law : Those are the sections where limitation is waived.

خواجہ محمد صفدر ۔ اسے اکثر اوقات بڑھانے کی ضرورت پڑتی ہے ۔

Minister of Law: Now, so far as that is concerned, that is not the object of my amendment. The object of my amendment is that if it is within limitation period, then it can he moved ; an application can be made and a dispute can be referred ; otherwise not. That is the whole difference and I don't propose to accept the amendment of Khawaja Safdar as a whole because it will let loose the barrage of many other difficulties which it will be difficult to counteract. Therefore, we have said that if a suit is competent, the dispute may be referred, and if a civil suit is not competent, then it may not be referred. This is a simple law. As we have already said, the conditions of getting lawyers to construe all those things in those areas are difficult. Therefore, here also the simplification of law is one of the main objects in keeping these provisions.

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ میرے خیال میں ہاؤس میں صرف ۱۴ ممبر ہیں اور کورم نہیں ۔

Mr. Speaker : Let there be a count. (*count was taken*). The House is not in quorum. Let the bells be rung. (*bells were rung*.) There is quorum now.

اخوند صاحب ! یہ الفاظ جو پڑھائے گئے ہیں ۔

"which is required to be adjudicated upon in accordance with the provisions of this Ordinance." "Where any party to a dispute."

کے بعد پڑھائے گئے ہیں ۔

It will read like this :

"Where any party to a dispute, which is required to be adjudicated upon in accordance with the provisions of this Ordinance, not being a dispute arising in or relating to any area specified in the Second Schedule, makes, or all parties to a dispute arising in or relating to any area specified in the Second Schedule, make, an application in writing."

لیکن دوسری category کے لیے نہیں ۔

وزیر قانون ۔ سب کے ساتھ ہیں ۔

"Where any party to a dispute, which is required to be adjudicated upon in accordance with the provisions of this Ordinance, not being a dispute arising in or relating to any area specified in the Second Schedule, makes, or all parties to a dispute arising in or relating to any area specified in the Second Schedule, make...."

مسٹر سپیکر ۔ اسکے بعد معلوم نہیں یہ all parties کو cover کر سکتے ہیں یا نہیں ۔

Minister of Law : In that case you will kindly allow me to change it. I suggest the addition of the same words after the word "dispute" in the third line also.

Mr. Speaker : So, it would be like this : between the word "dispute" and comma appearing in line one and line three ; but there is no comma after the word "dispute" in line three.

Minister of Law : Better still, Sir, instead of "all parties to a dispute" in line 3, we might say "all parties to such a dispute".

Mr. Speaker : That means after the word "to" there should be word "such".

Minister of Law : Yes, Sir. Between the words "to" and "dispute" the word "such" may be added.

Mr. Speaker : The question is—

That Section 4 of the Ordinance be re-numbered as sub-section (1) of that Section and in sub-section (1), so re-numbered, between the word "dispute" and comma appearing in line 1, the word "which is required to be adjudicated upon in accordance with the provisions of this Ordinance", be inserted ; and for the word "a" occurring between the words "to" and "dispute" in line 3, the word "such" be substituted ; and after sub-section (1), so amended, the following sub-section (2) be added, namely :—

"(2) A dispute shall not be referred to a Tribunal if a civil suit in respect thereof would be barred by the provisions of the Limitation Act 1908 (IX of 1908)."

The motion was carried.

Minister of Law : May I move another amendment which is given in the Second Supplement to the Revised List of Amendments.

I beg to move-

That after sub-section (2) of section 4 of the Ordinance, the following sub-section (3) be added, namely :—

"(3) An application under sub-section (1) for the adjudication of a dispute shall be made—

(a) in the case of a dispute relating to immovable property, to the Deputy Commissioner within whose jurisdiction such property is situate ; provided that where the property is situated within the jurisdiction of different Deputy Commissioners, it may be made to any one of the Deputy Commissioners within the local limits of whose jurisdiction any portion of the property is situate ; and

(b) in the case of a dispute relating to any other matter, to the Deputy Commissioner within the local limits of whose jurisdiction the cause of action arose."

Mr. Speaker : Amendment moved, the question is –

That after sub-section (2) of section 4 of the Ordinance, the following sub-section (3) be added, namely :—

"(3) An application under sub-section (1) for the adjudication of a dispute shall be made,

(a) in the case of a dispute relating to immovable property, to the Deputy Commissioner within whose jurisdiction such property is situate ; provided within the jurisdiction of different Deputy Commissioners, it may be made to any one of the Deputy Commissioners within the local limits of whose jurisdiction any portion of the property is situate ; and

(b) in the case of a dispute relating to any other matter, to the Deputy Commissioner within the local limits of whose jurisdiction the cause of action arose."

The motion was carried.

Mr. Speaker : Next amendment by Malik Muhammad Akhtar.

Malik Muhammad Akhtar : I beg to move-

That section 4 of the Ordinance be deleted and subsequent sections re-numbered accordingly.

Mr. Speaker : The amendment moved is -

That section 4 of the Ordinance be deleted and subsequent sections re-numbered accordingly.

Minister for Law : Opposed.

ملک محمد اختر (لاہور–۲) - جناب سپیکر۔ اس سے قبل ڈیڑھ دن جو بحث ہوئی وہ در اصل اس سیکشن پر ہونی چاہئے تھی جس پر کئی بار تمام کا تمام آرڈیننس discuss ہوا۔ اور وہ سیکشن یہ ہے اور وہ اس آرڈیننس کی روح ہے جس کے ذریعے کوئٹہ ڈویژن میں بقایا شیڈول ۲ سے ۶ تک اور ہزارہ کے قبائلی علاقہ اور مردان کے قبائلی علاقہ اور دیگر قبائلی علاقوں

میں ضروری طور پر جرگہ سسٹم کا نفاذ کر دیا گیا ہے اور اسی طرح سے دوسرے شیڈول میں یہ قرار دیا گیا ہے کہ وہاں کے لوگ اگر چاہیں تو اپنے دیوانی نوعیت کے مقدمات جرگہ کے سپرد کر دیں اس ہاؤس میں کافی quotations دی گئی ہیں میں quotations پر انحصار نہیں کروں گا میں محض ایک quotation دینا ضروری سمجھتا ہوں

"Consequences of the previous Commission, the Quetta-Kalat Law Commission of 1958 as well as the Frontier Regulation Inquiry Committee of 1931 both condemned the system of trial by Jirga. The former Commission was definitely of the opinion that this system of law which was out-moded should be scrapped in toto. The Naimat Ullah Inquiry Committe of 1931 recommended that under the F.C.R. the Deputy Commissioner should have exclusive jurisdiction to try all suits of civil nature in which one of the party resides in tribal territory and no claim to immovable property is involved provided that the value of the subject matter does not exceed Rs. 500."

۱۹۵۸ء میں جسٹس رحمان صاحب کی سرکردگی میں جو قانونی اصلاحات کا کمیشن بنا اس نے جرگہ سسٹم پر اپنی رپورٹ دی ہے ۔ اور جسٹس نعمت اللہ نے بھی یہ قرار دیا ہے کہ ایف ۔ سی ۔ آر میں صرف وہ مقدمات try کئے جائیں جن میں ایک پارٹی ٹرائیبل علاقہ میں ہو اور دوسری پارٹی settled ایریا میں ہو ۔ ۱۹۵۸ء میں شیخ عبدالحمید کی رپورٹ میں یہ قرار دیا گیا تھا کہ جرگہ سسٹم out of date ہو چکا ہے ۔ جناب والا ۔ یہ حکومت قانون اراضی میں اصلاحات کا دعویٰ کرتی ہے اس وقت تینوں رپورٹیں جو جرگہ سسٹم کے متعلق ہیں ان سے quotations ہاؤس میں دئے جا چکے ہیں ۔ جرگہ سسٹم سے متعلق قانونی اصلاحات کے کمیشنوں نے جو کچھ کہا ہے وہ ظاہر ہے اس کی ہائی کورٹ کے ججوں نے موقع پر انکوائری کی ہے اور جرگہ سسٹم کی برائی کی ہے ۔

Mr. Speaker : But for that discussion the stage is over. The Member should have discussed that when we were discussing Section 3 and not Section 4 because Section 4 refers to the constitution of Tribunals.

ملک محمد اختر ۔ میں یہ عرض کر رہا ہوں کہ کانسٹی ٹیوشن آف ٹریبونل نہ ہونا چاہئے ۔

Mr. Speaker : And what form does the Member suggest ?

ملک محمد اختر ۔ میری رائے میں جو پرانا قانون رائج ہے وہ اس سے بہتر ہوگا ۔

Minister of Law : Point of order, Sir.

Sir, if this amendment succeeds and Section 4 is deleted, then section 3 which talks of reference or adjudication in accordance with this Ordinance, will be a dead letter. Rather the whole law will be like a dead letter. This will render the whole law a redundant piece of legislation. It has been stated in this that it shall be decided in accordance with this Ordinance, and if there is no machinery as to how it will be decided, then the whole law will be, as if, nullified. So this amendment is totally out of order.

Malik Muhammad Akhtar : It may be out of order. The Minister can oppose it. It has been allowed and has been moved.

جناب سپیکر ۔ مجھے یہ گزارش کرنی ہے کہ تین لاء ریفارمز کمیشن مقرر ہوئے اور ۱۸۷۸ء کی افغان وار کے بعد جب بلوچستان انگریزوں کے قبضہ میں آیا تو انہوں نے بھی وہاں کے settled areas میں سول اور کریمینل لا کا نفاذ کیا۔ البتہ یہ لاز جو تھے ان میں یہ تفاوت ضرور تھا کہ جہاں بقایا ہندوستان میں تمام کے تمام قوانین لیجسلیٹو اسمبلیاں لگاتی تھیں وہاں گورنر جنرل کسی آرڈر کے تحت لگاتے تھے ۔ اب اس طرح دفعہ ۹۴ گورنمنٹ آف انڈیا ایکٹ ۱۹۳۵ء کے تحت بھی یہ اختیارات گورنر جنرل کو دئے

گئے - تو جناب والا - ۱۴-اکتوبر ۱۹۵۵ء کو جب کہ وحدت مغربی پاکستان کا قیام عمل میں لایا گیا - تو ۲۲۴ آرٹیکل سابقہ آئین کا جو تھا اس کے تحت یہ قرار دیا گیا کہ وہ قوانین جو انگریزوں نے ۱۸۷۸ء کے بعد ایک فاتح کی حیثیت سے وہاں پر لگائے تھے - تو اسی طرح ۱۹۵۶ء میں بھی ان کو جاری رکھا جائے گا - جناب سپیکر - چونکہ میں کچھ ایریاز کے متعلق کہہ چکا ہوں اور سپیشل ایریاز میں تو نوٹیفیکیشن ایف ۹-۱۷۰-۳۹ کا حوالہ دیا ہے - میں رپورٹ کو دہرا نہیں رہا - میں اپنے ذہن سے رپورٹ کے اقتباسات نکال کر دے رہا ہوں تاکہ ہاؤس کا وقت بچایا جا سکے -

(At this stage, some Members started conversations).

Mr. Speaker : Just a minute ; let the Members be free from conversation. I think that is more important for them to do than the Member's speech if they think so.

(a pause & silence)

Yes, please.

ملک محمد اختر - جناب سپیکر - تو اس وقت بھی سپیشل ایریاز کے لئے جو کہ شیڈول ایک اور دو میں شامل ہیں - نوٹیفیکیشن جو کہ ۲۷-۶-۵۰ کا تھا - اس کے تحت وہاں بھی ہمارا سول اور کریمنل قانون لگایا جا چکا تھا - اب جناب والا - میں نہایت ہی اختصار کے ساتھ گزارش کرتا ہوں - میں صرف حوالہ جات دوں گا - اور کوٹیشنوں کو نہیں پڑھوں گا - کیوں کہ میں اس ہاؤس کے وقت کو زیادہ اہم سمجھتا ہوں - جناب والا - بعض جگہہ شریعت کا قانون بھی نافذ تھا اور اب جناب والا - وہاں پر کم و بیش ۱۳ قاضی تھے اور ان کی اپیل مجلس شورا کے پاس

جاتی تھی - یعنی جو سول لاز کا طریق کار تھا بلکہ ذرا سی غیر متعلقہ بات ہو جاتی ہے - کیوں کہ کوئٹہ قلات اس ڈویژن میں شامل نہیں ہیں - لیکن میں مثال کے طور پر ریفرنس کرتا ہوں کہ قلات میں ضابطہ دیوانی یعنی سی - پی - سی - اور قلات ایکٹ شہادت موجود تھے - ہم قلات ڈویژن نہیں لے رہے بلکہ اس کا ایک ڈسٹرکٹ لے رہے ہیں - میں جناب والا - ریفرنس کے طور پر عرض کرنا چاہتا ہوں - جناب والا - اب یہ کیا گیا ہے کہ تمام کے تمام settled areas میں سول لاز کی provisions تھیں - ان کو ختم کرکے وہ پرووِیژن جو انگریز فاتح نے کم و بیش آج سے سو سال قبل افغان وار کے بعد عطا کی تھیں - ان تمام سے انہوں نے ہمیں محروم کر دیا ہے اور اب جناب والا - میں تھوڑا سا ریفرنس دینا چاہتا ہوں - جیسا کہ جناب لا منسٹر صاحب نے کہا تھا کہ یہ کیوں ضروری قرار دیا گیا - تو بجا طور میں سوال کر سکتا ہوں کہ settled areas میں صرف سی - پی - سی - جو کہ لاگو تھا - انہوں نے جیسا کہ بیان کیا ہے - یہ دفعہ ۸ اور ۱۱ کے ایف - سی - آر - کی تھی اور جو کہ آرٹیکل ۵ سابقہ آئین کے مطابق ہے - جسے خلاف ضابطہ ہائی کورٹ نے قرار دیا تھا - اس لئے میں نے اس lacuna کو دور کرنے کے لئے یعنی ہائی کورٹ پر جا کر کر کہا کہ آپ disparity کر رہے ہیں اور پھانسی لگا رہے ہیں اور باقی صوبہ میں lienency برت رہے ہیں تو جناب والا - انہوں نے کہا کہ اس جگہ پھانسی گاڑ دو - یعنی جناب والا - remedy کو اس طرح انہوں نے اختیار کیا کہ تمام کا تمام جرگہ سسٹم کر دیا - تو جناب والا - جناب لا منسٹر اس سے بھی نہیں نکل سکتے - کیوں کہ dual system اب بھی

جاری ہے ۔ جیسا کہ شیڈول ایک اور دو میں ہے ۔ جناب والا ۔ میں نہایت ہی اختصار کے ساتھ کوٹیشنوں کو نہیں پڑھوں گا بلکہ صرف ریفرنس ہی دوں گا ۔ جناب والا ۔ اس کے بعد انہوں نے یہ جو جرگہ سسٹم قرار دیا ۔ اس میں اگر آپ دیکھیں تو طریقہ کار یہ ہے ۔ جیسے کہ پولیٹیکل پارٹیز بن چکی ہوں ۔ اسی طرح جرگہ کے ممبروں کی پارٹیز بن چکی ہوں ۔ اور ایک tribe کے جرگے کا ممبر دوسرے tribe کے جرگہ کے ممبر کو رہا کرانے کے لئے سودا بازی یا بارٹر سسٹم کرتے ہیں ۔ یہ جناب والا اس میں موجود ہے ۔ جناب والا ۔ یہ شیخ عبدالحمید صاحب کی رپورٹ میں موجود ہے ۔

"They have been selected because they are amenable to dictation from powerful influences.

There are cliques and alliances amongst Jirga members and if a member of a clique happens to be on a Jirga in a case he endeavours to advance the cause of other members of his clique interested in that case in the hope that in his hour of need he would be the recipient of similar treatment in return."

جناب والا ۔ یہ ایک ہائی کورٹ کے جج کی رپورٹ ہے ۔ یہ جناب والا ۔ جو حکومت کے ممبرز ہیں انہوں نے cliques بنائے ہوئے ہیں اور وہ ایسا کرنا چاہتے ہیں کہ انصاف کو بالکل ختم کرکے رکھ دیں ۔ جناب والا ۔ اس کے بعد میں ذرا سا ریفرنس اور دیتا ہوں ۔ جناب والا ۔ اس رپورٹ میں کہا گیا ہے ۔ میں جناب والا رپورٹ کے الفاظ کو نہیں دہراتا میں نے اس کی سمری بڑی کاوش سے تیار کی ہے ۔ تاکہ ہاؤس کا وقت بچایا جا سکے ۔ وہ کہتے ہیں یہ جو بلوچستان کا ایریا ہے ۔ ۔ ۔ ۔

"It is an area of great hidden wealth. Until and unless settlement laws are there, more development in the field of Commerce, Trade and Industry can be undertaken. The main investor of a large capital will met his fortunes fall in the lap and his neck in the grip of the members of tribal Jirgas of the complexion under these laws."

جناب والا۔ اور اب وہ کہتے ہیں اور میں بھی برملا کہتا ہوں۔ ۱۹۵۸ء سے پہلے کی حکومت کے متعلق جس سے آپ کو جوڈیشری کی آزادی کا اندازہ ہو گا۔ وہ کہتے ہیں۔

"There are orders which tribal chiefs are incapable of handling Out of transactions at such places there also emerge disputes involving disputes of such intricate character courts of law, established under the Regular Judicial system, functioning under the supervision of the High Court and the Supreme Court, is also essential."

جناب والا۔ ان کا مطلب یہ ہے کہ جو settled courts ہیں اور جو ان کو ہائی کورٹ اور سپریم کورٹ کی پروٹیکشن حاصل ہے۔ وہ اس طرح اطمینان سے کام کرتے ہیں اور اس طرح سے ان کی ٹریڈ اور کامرس ان کے کہنے کے مطابق وہاں زیادہ flourish کر سکتی ہے۔ جناب والا۔ ان کی رائے یہ ہے۔

"In our view administration of justice based on Jirga system should be terminated in the field in which it is in operation. This is essential not only because that system is founded on provisions which are discriminatory and in conflict with the Constitution, but also because that system is tribal and imposes obstacles in the way of progress. If it is allowed to remain in force the field held by it would be permanently closed to development.

جناب والا۔ یہ ہے ترقی اور ڈویلپمنٹ جس کا ڈھنڈورا ہماری گورنمنٹ پیٹتی ہے۔ یہ اس کا حشر ہو رہا ہے۔ جناب والا۔ میں صرف دو ریفرنس اور دوں گا اور پھر اس کلاز کو چھوڑ دوں گا۔

یعنی انہوں نے شیڈول ایک اور دو والی بات ختم کرکے رکھ دی ہے۔ وہ کہتے ہیں۔

"Our recommendation is that in the territories of the former Province of Baluchistan and in leased and Special Areas of the two Divisions Section 8 and 11 of the Frontier Crimes Regulation should be totally withdrawn and that field should be entrusted to the Regular Judicial system."

جناب والا ۔ اب وہ کہتے ہیں اور ان کے مشاہدات ملاحظہ فرمائیے وہ کہتے ہیں کہ ہم موقع پر گئے تھے۔ یہ جسٹس عبدالحمید کی رپورٹ ہے۔

"Throughout Baluchistan, we came across expressions of satisfaction with the type of justice administered through Courts established under regular law. There is preference in favour of stipendiary magistrates and paid civil judges. They are generally man of education and legal training and their behaviour in their office is under diverse checks. In the event of mis-conduct in the discharge of their duties, their livelihood and honour both are in peril. The party aggrieved has under the regular judicial system opportunities of putting their decisions to test in the High Court and Supreme Court."

جناب والا ۔ اب صرف ایک دو اور ریفرنس دینے کی اجازت دیجئے۔

Mr. Speaker : Two references are over.

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ وہ کہتے ہیں کہ جب ہم نے لوگوں سے اعتراضات طلب کئے تو ۶۰۰ جواب موصول ہوئے ۔ ان میں ۹۳ سرکردہ لوگ تھے جن میں سے ۲۵ نے یہ کہا کہ جرگہ سسٹم ہونا چاہئے ۔ یہ جناب ملک خدا بخش صاحب کے اس سوال کے جواب میں ہے کہ وہاں کے لوگ کیا چاہتے ہیں ۔ ۶۸ لوگوں نے کہا کہ اس سسٹم کو واپس لے لیا جائے ۔ وہاں کے قبائلی سردار اور ملک تو یہ چاہتے ہیں کہ حکومت کے پاس صرف امور خارجہ اور ڈیفنس رہ جائے ۔ اور اندرونی معاملات اور سیاسی اثر ان ملک صاحبان کے پاس رہے ۔

وزیر قانون (مسٹر اللہ بچائیو غلام علی اخوند) ۔ میں تھوڑی سی گذارشات کرونگا ۔ اس پر کل سے کافی بحث ہو چکی ہے ۔ اب میں اس معزز ایوان کی خدمت میں صرف یہ عرض کرنا مناسب سمجھتا ہوں کہ پہلے یہ دو رپورٹیں تھیں ۔ جسٹس نعمت‌اللہ رپورٹ اور جسٹس عبدالحمید رپورٹ ۔

اس لئے یہ ضروری سمجھا گیا کہ پھر سے اور اسیسمنٹ کی جائے اس لئے گورنر صاحب اور پریذیڈنٹ صاحب کے حکم کے مطابق دونوں لامنسٹر وہاں گئے تھے اور مسٹر ایس ایم ظفر کی چیئرمین شپ میں وہاں کے لوگوں سے واسطہ قائم کیا گیا اور ان سے یہ کہا گیا کہ کیا آپ چاہتے ہیں کہ یہاں جرگہ سسٹم رہے ۔ ایک اور ضروری چیز یہ ہے کہ آخر یورپ میں بھی تو جیوری سسٹم ہے ٹریبونل اور جیوری میں کیا فرق ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ زمین آسمان کا فرق ہے ۔

وزیر قانون ۔ یہ بھی ہمارا جیوری سسٹم ہے ۔ وہاں بھی بارہ آدمی بیٹھ کر طے کرتے ہیں ۔ ایک طرف وہ سول پروسیجر کوڈ ہے جو انگریزوں کی دی ہوئی وراثت ہے ۔ وہ اس کو stick کر رہے ہیں ۔ یہ کہاں کی دانش مندی ہے ۔ یہ ٹریبونل ہماری جیوری ہے ۔ ان الفاظ کے ساتھ میں اس ترمیم کی مخالفت کرتا ہوں ۔ اور اس معزز ایوان سے عرض کرتا ہوں کہ یہ ترمیم جو ہے مسترد کی جائے ۔

Mr. Speaker : The question is :

That section 4 of the Ordinance be deleted and subsequent sections re-numbered accordingly.

The motion was lost.

Mr. Speaker : Section 5. The first amendment is from Malik Muhammad Akhtar.

Malik Muhammad Akhtar : Sir, I beg to move :

That for section 5 of the Ordinance, the following be substituted, namely :—

"5. A Tribunal constituted for the purpose of section 4 shall consist of a Session Judge who has served in that capacity for a period of not less than ten years who shall be its President and four other members to be nominated by the parties".

Mr. Speaker : The amendment moved is :

That for section 5 of the Ordinance, the following be substituted, namely :—

"5. A Tribunal constituted for the purpose of section 4 shall consist of a Session Judge who has served in that capacity for a period of not less than ten years who shall be its President and four other members to be nominated by the parties."

Minister of Law : Opposed.

ملک محمد اختر (لاہور - ۲) - جناب صدر - اگر آپ بھی اوریجنل دفعہ دیکھیں تو اس میں وہ یہ فرماتے ہیں کہ اس ٹریبونل کا پریذیڈنٹ ایک گورنمنٹ آفیشل ہو گا جو کہ نائب تحصیلدار سے کم درجہ کا نہیں ہو گا - اور اس کے دیگر چار ممبر ہونگے جو ڈپٹی کمشنر کے نامزد کردہ افراد ہونگے - جناب والا - دنیا میں یہ مسلمہ اصول ہے اور انہوں نے بھی سب سیکشن دو میں یہ قرار دیا ہے کہ کسی شخص کو ٹریبونل کا ممبر مقرر کرتے وقت اس کی دیانتداری تعلیم اور سوشل سٹیٹس کا خیال رکھا جائیگا تو اگر انہوں نے پنچائتی یا ثالثی فیصلے کرانے ہوں تو پھر یہ حق لوگوں کو کیوں نہ دیا جائے یعنی ان لوگوں کو جو کہ کسی مقدمہ کے فریق ہوں کہ وہ ممبروں کو خود نامزد کر لیں - میں سمجھتا ہوں کہ یہ زیادہ بہتر ہو گا - جناب والا - میرے پاس یہ ۱۹۵۸ کی رپورٹ ہے میں اس میں سے ان ممبروں کے متعلق کچھ عرض کر دوں - جناب والا - یہ بڑا ہی دلچسپ جملہ ہے جو میں پڑھنے لگا ہوں :—

"In local District's Jirgas of tribes resident in the relevant areas should have representation according to their own strengths while drawing up the panels of Jirga members The political officers should select persons of integrity and status. We have heard complaints that men of low status have been favoured in the past by a place on the jirga without much justification. We are told that some persons working as peons in Government offices have

been included in the panel. This has offended tribal susceptibilities and we consider that favouritism of this kind should be strictly avoided. The panel of Jirga members should be drawn in consultation with the tribal chiefs concerned and the political officers should make sure that names have the general approval of the majority in the tribe concerned. The list thus drawn up should be published for information of all interested persons and would be subject to revision by the Commissioner of the Division. Any interested person may make a representation for amendment of the list to the Commissioner."

جناب والا ۔ جیسا کہ میں نے عرض کیا ہے میری تمام کی تمام گذارشات ان تینوں رپورٹوں پر مبنی ہیں ۔ میری ترامیم کا ایک ایک لفظ اور ایک ایک جملہ اور ایک ایک فل سٹاپ اور ایک ایک کامہ ان پر مبنی ہے ۔ جب میں ذہنی طور پر قائل گفتگو ہو گیا تھا ، خاصی ریسرچ کے بعد تو پھر میں نے یہ ترمیم پیش کی ۔ میں جناب والا ۔ منسٹر صاحب کو بتاتا ہوں کہ وہ کیوں نامزدگی کا اختیار اپنے پاس رکھنا چاہتے ہیں ۔ میں نے اس کا نہایت معقول حل تجویز کیا ہے کہ جو شریف آدمی کسی کیس میں پھنس جائے اسے یہ حق دے دیا جائے کہ وہ اپنے نمائندوں کو منتخب کرے ۔ موجودہ صورت یہ ہو گی کہ ضلع وار ۵۰ آدمیوں کی ایک فہرست تیار کی جائیگی اور ان میں سے ڈی سی یا ڈی ایم جسے چاہیگا نامزد کر دے گا ۔ جناب والا ۔ دوسری رپورٹ میں یہ بھی کہا گیا تھا کہ جہاں تک ان ممبروں کا تعلق ہے ان کی حیثیت ایسی ہونی چاہئے کہ وہ اپنے اپنے قبائل کے نمائندہ ہوں ۔ یعنی ان کی نمائندہ حیثیت ایسی ہونی چاہئے تاکہ قبائلی جھگڑے نہ ہوں ۔ میں نے یہ بھی عرض کیا ہے ۔

I don't want to repeat it.

یہ clique بنا لیتے ہیں ۔ اور اپنے قاتلوں کو چھڑواتے ہیں ۔ اسکے بعد جب ان کی باری آتی ہے تو وہ اپنے قاتلوں کو چھڑا لیتے ہیں ۔ دوسرا پوائنٹ

میں نے یہ عرض کیا ہے کہ ٹربیونل کا صدر نائب تحصیلدار کی بجائے ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج ہو ۔ میری مراد ڈسٹرکٹ جج سے ہے جس نے کم از کم اس حیثیت سے دس سال تک کام کیا ہو ۔

مسٹر سپیکر ۔ آپ نے لکھا تو سیشن جج ہے ۔

Malik Muhammad Akhtar : Anyhow that comes to the same thing.

جناب والا ۔ اب میں یہ عرض کرونگا کہ اگر وہ اعلیٰ جوڈیشل حیثیت کا افسر ہو جسے دس سال کا تجربہ ہو تو یہ قابل قبول ہے ۔ اگر آپ یہ چاہتے ہیں کہ نائب تحصیلدار ہو اور اسکے بعد ہائی کورٹ اور سپریم کورٹ کی پاورز کو..... ...جناب والا ۔ میں رپورٹ کو نہیں دھراتا ۔ میں رپورٹ کے مندرجات جو میرے ذہن میں اثر کر چکے ہیں انکو دھراتا ہوں پہلے جوڈیشل کمشنر کا سسٹم تھا اسکے بعد جوڈیشل کمشنر کی حیثیت ہائی کورٹ کے جج کی تھی ۔ اب وہ جوڈیشل کمشنر بھی گیا اور کمشنر وہی فائنل آرڈر دے سکیں گے یا پھر حکومت کے پاس کوئی provision ہو گا ۔ جو اگلی دفعات میں ہے ۔ اب بتائیے اس شخص کی کس قدر وسیع jurisdiction ہے ۔ میں نے صرف اس قدر مطالبہ کیا ہے کہ ڈسٹرکٹ جج جرگہ کا چیئرمین ہو ۔

مسٹر حمزہ (لائلپور ۔ ۶) ۔ جناب والا ۔ میں ملک اختر صاحب کی ترمیم کی تائید کرتا ہوں اور یقین دلاتا ہوں کہ اسی ضمن میں میری بعد کی جو ترامیم ہیں میں ان پر تقریر نہیں کروں گا ۔

جناب سپیکر ۔ اس دفعہ کے تحت آپ نے ڈپٹی کمشنر کو یہ اختیار دیا

ہے کہ ممبران جرگہ کو نامزد کرے اور اسکے ساتھ ہی ساتھ ہماری خوش قسمتی ہے کہ انہوں نے محض زبانی طور پر یہ پابندی عائد کی ہے کہ وہ دیانت دار اور تعلیم یافتہ ہو اور وہ لوگ جن کی نمائندہ حیثیت ہو گی ان کو جرگہ کا ممبر نامزد کریں گے لیکن میں بڑے دکھ کے ساتھ کہوں گا کہ ہماری حکومت نے ڈپٹی کمشنر تعینات کرتے ہوئے ان خوبیوں کے افراد کو اس قسم کے عہدوں پر مامور کرنے کے متعلق کبھی نہیں سوچا اور نہ ہی ان کو کبھی یہ بات سوجھی ہے ۔ میں کل سے جناب وزیر قانون صاحب کے بہت سے ارشادات ۔ بہت سے دلائل سنتا رہا ہوں جو میرے نزدیک بہت عجیب ہیں ۔ انہوں نے ہمیں یہ بتایا ہے کہ ہم اس ملک میں اس قسم کا نظام رائج کرنا چاہتے ہیں جن کا تقاضا ہمارے ملک کے حالات کرتے ہیں ۔ یہ کوئی نیا نظام نہیں بلکہ وہ ہمیں طعنہ دیتے ہیں کہ ہم اس طریقہ انصاف کو اس لئے پسند کرتے ہیں کیوں کہ یہ ہمارا اپنا نظام ہے ۔ ہم اسکے موجد ہیں ۔ میں انتہائی حیران ہوں کہ جناب وزیر قانون صاحب کا حافظہ کیوں جواب دے گیا ہے ۔ کیا ان کو یہ علم نہیں کہ یہ قانون ہمارے سابقہ حکمرانوں نے متحدہ ہندوستان کے جری قبائلیوں اور پٹھانوں کو اپنا غلام بنانے کے لئے ایجاد کیا تھا بلکہ ہمارے سابقہ انگریز حکمرانوں نے ۱۹۳۱ میں جبکہ اس قانون کو سالہا سال نافذ کیا جا چکا تھا انہوں نے تحقیقات کے بعد یہ فیصلہ کیا کہ اس قانون.....

Minister of Law : Point of order Sir. Sir, the amendment is that the Tribunal is acceptable ; it shall be headed by a Sessions Judge and four members to be nominated by the parties. Therefore, any objection to the Tribunal cannot be raised and the speech appears to be irrelevant. It is for you to determine Sir.

Mr. Speaker : Yes the Member may please be relevant to the amendment.

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ میں سمجھتا ہوں کہ جناب وزیر قانون صاحب کے نزدیک میری تمام تقریر غیر متعلقہ ہے شائد میری ذات بھی ان کے نزدیک غیرمتعلقہ ہوگی میں یہ عرض کر رہا تھا کہ جرگہ کے ممبر کون ہیں کس غرض کے لئے آپ ان کو اختیارات دے رہے ہیں ۔ آپ نے اسی ضمن میں ایوان کو بعض اطلاعات بہم پہنچائی ہیں ان کا ذکر کرنا ضروری سمجھتا ہوں ۔

مسٹر سپیکر ۔ حمزہ صاحب جو ترمیم اس وقت ہاؤس کے سامنے ہے وہ یہ ہے کہ نائب تحصیلدار کی بجائے سیشن جج ٹریبونل کا چیئرمین ہونا چاہئے ۔ آپ اپنے دلائل اس حد تک محدود رکھیں ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب والا ۔ میں عرض کرتا ہوں کہ یہ ترمیم کیوں لائی گئی اور اسکی کیوں ضرورت محسوس ہوئی ۔ ہم نے خواہ مخواہ ڈسٹرکٹ جج یا سیشن جج کا نام کیوں تجویز کر دیا ہے ۔ ہمیں تلخ تجربات ہیں یہ چیز اس لئے ان کی خدمت میں پیش کی گئی ہے ۔ ایوان کے سامنے جو مسئلہ ہے میں اس میں متبادل تجویز پیش کر رہا ہوں جو تجویز گورنمنٹ کی طرف سے ہمارے سامنے پیش کی گئی ہے میرا فرض ہے کہ میں اسکی خوبیوں اور خامیوں کی نشان دھی کروں ۔

جناب سپیکر ۔ حقیقتاً اس نظام کو انگریزوں نے سالہا سال استعمال کرنے کے بعد نا مناسب قرار دیا تھا ۔ جناب سردار منظور احمد قیصرانی نے فرمایا ہے کہ یہ نظام ہمارے علاقوں کے لئے موزوں ہے ۔ اس میں کوئی شک نہیں

کہ یہ نظام آپ کے علاقوں کے لئے اس لئے موزوں ہے کہ یہ نظام سرداروں اور خوانین کے مفاد کے لئے ہے لیکن یہ عوام کے مفاد میں نہیں ہے ۔ یہ محض مغربی مفاد پرست طبقہ کے ہاتھوں کو مضبوط اور عوام‌الناس کے حقوق کو سلب کرتا ہے ۔ بلکہ ساتھ ہی ساتھ محض یہی نہیں کہ یہ علاقے کے مفاد پرستوں کے ہاتھ مضبوط کرتا ہے بلکہ یہ قانون حکمرانوں کے ہاتھ بھی مضبوط کرتا ہے ۔ ہمیں یہ بتایا جاتا ہے کہ قوانین ناکام ہو چکے ہیں فیصلوں میں تاخیر ہوتی ہے اور جرگے کے ممبر جلدی فیصلہ کریں گے یا جرگہ جلدی فیصلہ کریگا ۔ میں حکومت عالیہ کے ذمہ دار وزرا سے یہ پوچھتا ہوں کہ اگر سابقہ نظام سے انصاف کرنے کے طریقے ناکام ہو چکے ہیں کیا اسکی ذمہ داری غریب پاکستانیوں پر ہے یا حکمرانوں پر ۔ جرم کوئی کرتا ہے اور اس کا خمیازہ کوئی بھگتتا ہے ۔ آپ کی اپنی کارگزاریوں سے نظام تباہ ہوا ہے ۔ اگر آپ اس بنا پر اس انصاف کے اس نظام کو اس طریقہ کو اٹھا کر باہر پھینکنا چاہتے ہیں اگر اس دلیل کو ذرا تک لے جائیں تو اس کے نتائج خطرناک نکلتے ہیں ۔ میں حکمرانوں سے پوچھتا ہوں کہ کیا ہمارے نزدیک دین اسلام برحق نہیں ؟ کیا ہم میں سے بیشتر افراد اسکو ماننے والے نہیں ؟ کیا یہ حقیقت نہیں کہ ہم اسکے باوجود اسپر عمل نہیں کرتے کیا یہ دین کے ساتھ زیادتی نہیں ہے۔ یہ قوم اور ملک کے ساتھ زیادتی نہیں ۔ ہم منہ سے تو کہتے ہیں لیکن اس پر عمل نہیں کرتے ۔ یا اگر کوئی مسلمان کافر بن جائے اور کہے کہ دین اسلام ناکام ہو چکا ہے ۔ کیا یہ دلیل درست ہو گی ۔

Mr. Speaker : The Member is making a very general speech and he is discussing the Ordinance as a whole. The amendment before the House is simple that instead of the Naib-Tehsildar being a Chairman of the Tribunal

the Sessions Judge should be the Chairman of the Tribunal. If on every amendment we go on discussing the Ordinance, as a whole, then there would be no end to it.

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ عرض یہ ہے کہ یہاں محض ہم نے جرگہ کے ممبر اس دفعہ کے ذریعہ نامزد نہیں کئے بلکہ ان کو نامزد کرنے کا اختیار ہم ڈپٹی کمشنر کو دے رہے ہیں ۔ ڈپٹی کمشنر انتظامیہ کا ایک اہم مہرہ ہے جسکے ذریعے سیاسی مقاصد حاصل کئے جاتے ہیں در اصل یہ اس قانون کی جان ہے ۔ میں جو معروضات پیش کر رہا ہوں اگر آپ ان کو بغور سنیں اور ان کا مجموعی طور پر جائزہ لیں گے تو آپ دیکھیں گے کہ میں اس قانون سے متعلقہ گزارشات ہی کر رہا ہوں کہ اگر آپ مجھے اس وقت اپنی معروضات پیش کرنے کی اجازت دیں گے تو اس دفعہ پر جو دیگر ترامیم میں نے دی ہیں میں پیش نہیں کرونگا اور اس ہنگامی قانون پر جب عام بحث ہو گی تو اس وقت بھی میں اپنی ان گزارشات کا اعادہ نہیں کروں گا ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ اگر ہم کسی نظام زندگی کو صحیح معنوں میں نہ اپنائیں تو اس سے وہ نظام زندگی بے فائدہ اور بے معنی نہیں ہو جاتا بلکہ میں اپنے حکمرانوں سے یہ عرض کروں گا کہ اگر آپ لوگوں کی باتیں سنتے ہوں تو آپ نے اکثر اوقات اکتائے ہوئے اور دکھی انسانوں سے سنا ہو گا کہ ہمارے ملک کے حالات انگریزوں کی غلامی کے زمانے میں بہتر تھے ۔ یہ حقیقت ہے کہ اب لوگ ہم سے یہ مطالبہ کریں کہ ہم ان کی حکومت سے تنگ آ کر غیروں کے محتاج بننا چاہتے ہیں ۔ حقیقت یہ ہے کہ قصور ان قوانین کا نہیں بلکہ ان غلط ہاتھوں اور غلط حکمرانوں کا ہے جو کہ ان کو غلط طریقے سے استعمال کرتے ہیں ۔ جناب سپیکر ۔ میں نے

پرسوں جناب گورنر مغربی پاکستان جنرل محمد موسیٰ کی وہ تقریر جو انہوں نے ہرن مینار میں کی تھی سنی ۔ انہوں نے تقریباً اڑھائی گھنٹے تقریر کی جو کہ انتہائی مدلل ۔ انتہائی باموقع اور بر محل تھی اور ان کو اس زمانے کا ابوالکلام کہا جا سکتا ہے ۔ انہوں نے اپنی اس تقریر میں یہ کہا تھا کہ ہمارے ملک کا نظام در آمد شدہ نہیں ہے اور اسی لئے جناب وزیر قانون نے بھی کل یہ فرمایا تھا کہ یہ ترمیم شدہ قانون درآمد شدہ نہیں ہے۔ لیکن اس ایوان میں متعدد بار یہ ثابت کیا جا چکا ہے یہ قانون درآمد شدہ ہے اور اسکے ایجاد کنندہ انگریز تھے اور انہوں نے اپنے مخصوص مقاصد کے حصول کے لئے یہ قانون بنایا تھا اب اگر وہ یہ فرماتے ہیں کہ یہ قانون در آمد شدہ نہیں ہے تو وہ سچائی کو منہ چڑاتے ہیں ۔ لیکن میں ان سے یہ پوچھتا ہوں کہ وہ اتنے بے نیاز کیوں ہیں اور ان کو احساس کیوں نہیں ہوتا ۔

جناب سپیکر ۔ جناب وزیر قانون کل یہ فرما رہے تھے کہ انہوں نے ان علاقوں کے عوامی نمائندوں و کلاء سرداروں خوانین اور ملکوں اور دیگر افراد سے مشورہ کرنے کے بعد یہ قانون وہاں نافذ کیا ہے ۔ بلکہ جب انہوں نے اس ایوان میں یہ فرمایا تھا کہ ۱۹۳۱ء میں ایک کمیٹی مقرر کی گئی تھی اور ۱۹۵۸ء میں ایک کمیشن مقرر کیا گیا تھا بلکہ قانونی اصلاحات کمیشن نے جو فیصلے اور سفارشات کی ہیں ہم نے اس قانون کے نفاذ کا فیصلہ ان کمیشنوں کی رپورٹوں اور ان کی سفارشات کے بر عکس کیا ہے ۔ چونکہ حکومت نے ان علاقے کے لوگوں سے مشورہ کیا ہے اور کن کے ذریعے مشورہ کیا ہے ۔ وزیر قانون مغربی پاکستان اور وزیر قانون پاکستان اس علاقے میں تشریف لے گئے تھے اور حکومت عالیہ کے اتنے غیر جانب دار رکن نے اس علاقے کے لوگوں سے مشورہ کیا تھا ۔

Minister for Irrigation & Power : The Member is still pursuing his discussion.

Mr. Speaker : Yes, please go on.

Minister for Law : There is not a single word about the amendment.

Mr. Hamza : It is all about the amendment.

Mr. Speaker : I will now put the question.

The question is—

That for section 5 of the Ordinance, the following be substituted namely :—

"5. A Tribunal constituted for the purpose of section 4 shall consist of a Session Judge who has served in that capacity for a period of not less than ten years who shall be its President and four other members to be nominated by the parties.".

The motion was lost.

سردار منظور احمد خان قیصرانی (ڈیرہ غازی خان۔۱) ۔ جناب والا ۔ چونکہ ابھی ابھی جناب حمزہ صاحب نے میری تقریر کا حوالہ دیکر یہ ارشاد فرمایا ہے کہ یہ سردار یا جاگیردار یا ملک یا یہ حکومت ان قوانین کے ذریعے اپنے ہاتھ مضبوط کرنا چاہتے ہیں تو اس لئے مجھے یہ حق پہنچتا ہے کہ میں انکے ان ارشادات کا جواب ان کی خدمت میں عرض کروں میں ایک لمحے کے لئے اگر یہ مان لوں کہ ممبران اسمبلی چیئرمین صاحبان اور ڈسٹرکٹ کونسلوں اور ڈویژنل کونسل کے اراکین جو کہ اس علاقے سے تعلق رکھتے ہوں اور وہ جناب حمزہ صاحب کے ہمنوا ہوں تو جناب حمزہ صاحب کا اعتراض بجا ہو گا کہ چونکہ یہ اصحاب حکومت کے ساتھ ہیں یا برسر اقتدار ہیں اور ان کے ہاتھوں میں اختیار دیا گیا ہے اس لئے وہ اس قانون کے حق میں ہیں تو میں ان کی خدمت میں مودبانہ التماس کروں گا کہ وہ ڈیرہ غازی خان کے ان لوگوں سے معلوم کریں کہ جو

یونین کونسلوں کے انتخابات سے لیکر قومی اسمبلی کے انتخابات تک اس پارٹی اور مسلم لیگ کے مخالف رہے اور شکست کھا کر اپنے گھروں میں بیٹھ رہے ، اگر ان میں سے کوئی شخص یہ کہہ سکے کہ وہاں پر جرگے کا یہ قانون نافذ نہیں ہونا چاہئیے تو پھر میں یہ سمجھوں گا کہ وہ لوگ بھی جو کہ ہم سے نالاں ہیں اور ہمارے مخالف ہیں اور اُن کے ساتھ ہیں تو تب بھی کوئی بات ہے ۔ میں نے ان کی خدمت میں اپیل کی تھی کہ یہ ہمارا عوامی مطالبہ ہے اور جن لوگوں پر اس کا اثر پڑے گا ان میں چند ایک کو ہی وہ اس ایوان میں اگر پیش کر سکیں ۔ کیونکہ آج کل اجلاس جاری ہے اور ابھی کئی ہفتوں تک جاری رہنا ہے ، اگر وہ ڈیرہ غازی خان کے ان علاقوں سے کہ جہاں پر اس قانون کو نافذ کیا جا رہا اور جہاں پر کہ لوگ ہم سے شکست خوردہ بھی ہیں۔ اگر وہاں سے ہی چند لوگوں کو اس قانون کی مخالفت کے سلسلے میں یہاں پیش کر دیں ، تو بھی میں یہ سمجھوں گا کہ وہ اپنے ارشادات میں حق بجانب تھے ۔

مسٹر حمزہ ۔ یہ ٹھیک ہے لیکن ایک شرط پر اور وہ یہ کہ جو شخص اس قانون کے خلاف اس اسمبلی میں یا لاہور آ کر بیان دے گا تو وہ دوبارہ ڈیرہ غازی خان واپس بھی جا سکے گا یا واپس جائے گا تو وہاں پر جی بھی سکے گا ۔

Mr. Speaker : Next amendment.

Khawaja Muhammad Safdar : I beg to move :

That in sub-section (E) of section 5 of the Ordinance, for the word "Naib-Tahsildar", occurring in line 2, the words "Magistrate I Class", be substituted.

Mr. Speaker : The amendment moved is :

That in sub-section (1) of section 5 of the Ordinance, for the word "Naib-Tahsildar", occurring in line 3, the words "Magistrate I Class", be substituted.

Minister of Law : Opposed.

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ - ۱) - میں نے پھر جناب وزیر قانون کے سامنے ایک درمیانی راستہ پیش کیا ہے جیسا کہ میں نے کل بھی عرض کیا تھا کہ بالخصوص وہ نائب تحصیلدار جو کہ پٹواری یا گرداور سے ترقی پا کر نائب تحصیلدار کے عہدے تک پہنچے ہوتے ہیں ان کا تعلیمی معیار مڈل سے زیادہ نہیں ہوتا خصوصیت سے اس علاقے میں جہاں کے لئے یہ قانون وضع کیا جا رہا ہے - تو اس قسم کے اہلکاروں کے لئے یہ مشکل ہی نہیں بلکہ نا ممکن ہو گا کہ وہ قانونی پیچیدگیوں کو سمجھیں یا پیچ در پیچ دیوانی مقدمات کا فیصلہ کرسکیں- یہ ان کے بس کا روگ نہیں ہے -

مسٹر سپیکر - لیکن دیوانی مقدمات کے فیصلے کے لئے تو سول جج درجہ اول مقرر ہیں -

خواجہ محمد صفدر - جناب والا - ان مقدمات کا فیصلہ سول جج نہیں کر سکیں گے - شاید جناب وزیر قانون یہ ارشاد فرمائیں کہ ہمارے پاس اتنے سول جج ہی نہیں ہیں کہ ہم اس کا انتظام کر سکیں کہ ہر ضلع میں سول جج اور ڈسٹرکٹ جج موجود ہو -

یہاں تو جناب والا پوزیشن یہ ہے کہ ہر ضلع میں سول جج موجود ہے ہر ضلع میں ڈسٹرکٹ جج موجود ہے میں انشاءاللہ آپ کو آخر میں ایک ایک کرکے بتاؤں گا لیکن جناب والا ان کے ریزولیوشن ۱۸۹۶ نمبر ۲ کے

تحت تحصیلدار کو دیوانی مقدمات سننے کا اختیار تھا نائب تحصیلدار کو مجسٹریٹ درجہ اول کے اختیار تھے اور ڈپٹی کمشنر کو بھی اختیارات تھے وہ کسی وقت میں آپ کے سامنے عرض کرونگا میں کوئی لمبی تقریر نہیں کرنا چاہتا ۔

ملک محمد اسلم (کیمبل پور-۱) ۔ جناب والا ۔ یہ جو سیکشن ہے ۔ اس کے تحت جیسا کہ خواجہ صفدر صاحب نے بتایا ہے کہ نائب تحصیلدار بھی جرگہ کو پریذائڈ کر سکتا ہے۔ اس میں خواجہ صاحب کی جو امنڈمنٹ ہے وہ یہ ہے کہ مجسٹریٹ درجہ اول کو پریذائڈ کرنا چاہئے نہ کہ نائب تحصیلدار کو ۔ اس سلسلے میں میں بھی یہ عرض کرونگا کہ اس سلسلہ میں اگر مجسٹریٹ درجہ اول ہو جائے تو وزیر قانون کو کیا اعتراض ہے۔ شاید یہ کہیں کہ ہم ایگزیکٹو آرڈر جرگہ یہ دیں گے کہ وہاں پر جیسا کہ ہمیں بتایا بھی گیا ہے کہ ایگزیکٹو آرڈر یہ ہو گا ۔ کہ نائب تحصیلدار preside نہ کرے بلکہ اس سے اونچے درجے کا ۔ بلکہ سرکاری ملازم اس کو پریذائڈ کرے تو اس میں عرض یہ ہے اور اس میں آپ اگر یہ مانتے ہیں کہ اس قسم کے ایگزیکٹو آرڈر دیں گے۔ تو اس کی بجائے جب ہم قانون بنا رہے ہیں ۔ ہم کیوں نہ اس میں یہ رکھ دیں کہ بجائے نائب تحصیلدار کے مجسٹریٹ درجہ اول اس کو پریذائڈ کرے ۔ نمبر ۲ جناب والا یہ ہے کہ انہوں نے سیکشن پانچ کی تحتی دفعہ (۲) میں یہ کہا ہے کہ اس جرگے کے ممبران جو ڈپٹی کمشنر صاحب nominate کریں گے ۔

جناب والا ۔ یہ جو سیکشن ہے ۔ اس کے تحت جیسا کہ خواجہ صفدر صاحب نے بتایا ہے ۔ کہ نائب تحصیلدار اس جرگہ کو پریذائڈ کر سکتا

ہے ۔ اس میں خواجہ صفدر کی جو امنڈمنٹ ہے وہ یہ ہے کہ مجسٹریٹ کلاس اول کو پریذائڈ کرنا چاہئے نہ کہ نائب تحصیلدار کو ۔ اس سلسلے میں میں بھی یہ عرض کرونگا کہ اگر اس میں میجسٹریٹ کلاس اول ہو جائے تو وزیر قانون کو کیا اعتراض ہے ۔ شاید یہ کہیں کہ ایگزیکٹو آرڈر جرگہ میں ہم دیں گے ۔ ہمیں بتایا گیا کہ ایگزیکٹو آرڈر یہ ہو گا ۔ کہ نائب تحصیلدار پریذائڈ نہ کرے ۔ بلکہ اس سے نیچے درجے کا سرکاری ملازم اس کو پریذائڈ کرے تو اس میں عرض یہ ہے اور آپ اگر یہ مانتے ہیں کہ اس قسم کے ایگزیکٹو آرڈر دیں گے ۔ تو اس کی بجائے جب ہم قانون بنا رہے ہیں ۔ ہم کیوں نہ اس میں یہ رکھ دیں کہ بجائے نائب تحصیلدار کے مجسٹریٹ درجہ اول اس کو پریذائڈ کرے ۔ ممبر ۲ جناب والا یہ ہے کہ انہوں نے سیکشن پانچ کی تحتی دفعہ ۲ میں یہ کہا ہے ۔ کہ اس جرگے کے ممبران ڈپٹی کمشنر صاحب nominate کریں گے ۔ وہ ایسے ہونگے جن کی integrity, education, social status اور کریکٹر کو بھی دیکھا جائے گا ۔ تو اگر آپ یہ محسوس کریں کہ اس سلسلے میں M.P.A. اور M.N.A. حضرات بھی آئیں گے تو ہو سکتا ہے کہ آپ انکو جرگے کا ممبر بنا نہیں ۔ تو کیا یہ مناسب ہو گا کہ MNA اور MPA نائب تحصیلدار کے under بیٹھ کر جس جرگے کو وہ پریذائڈ کریں وہ اس جرگے میں حصہ لیں ۔ تو اس سلسلے میں تیسری بات یہ ہے کہ کریمنل امنڈمنٹ ایکٹ کے تحت جو جرگہ سسٹم ہمارے ملک میں نافذ کیا گیا اس میں یہ ہے کہ مجسٹریٹ درجہ اول پریذائڈ کرتا ہے ۔ تو یہاں اب خاص طور پر نائب تحصیلدار کو کیوں اجازت دی جا رہی ہے کہ وہ بھی پریذائڈ کرے ۔ نائب تحصیلدار جیسا کہ عام طور پر دیکھا گیا ہے ۔

اور میرے خیال میں آپ بھی میرے ہم خیال ہونگے ۔ وہ اکثر آٹھویں پاس اور دسویں پاس ہوتے ہیں ۔ تو یہ جو مقدمات ہونگے یہ ایسی پراپرٹی کے بھی ہو سکتے ہیں ۔ جن کی مالیت لاکھوں اور کروڑوں کی ہو ۔ اس سلسلے میں میری بھی یہ گذارش ہے کہ اگر اس میں مناسب ہو سکے ۔ تو بجائے نائب تحصیلدار کے مجسٹریٹ درجہ اول کو پریذائڈنگ افسر رکھ لیا جائے اور اسطرح میرے خیال میں اُسکی integrity وغیرہ پر نائب تحصیلدار کی نسبت کم اعتراضات ہو سکتے ہیں ۔ ان وجوہات کی بنا پر میں ان سے درخواست کروں گا کہ وہ یہ امنڈمنٹ مان لیں ۔

خان ملنگ خان (ہزارہ - ۵) - جناب والا ۔ اس قانون کا اطلاق ہمارے علاقہ میں کیا گیا ہے ۔ تو وہاں جیسا کہ ملک صاحب نے فرمایا ہے ۔ وہاں بھی یہی پوزیشن ہے ۔ کہ ہمارے ہاں جو نائب تحصیلدار ہوتا ہے ۔ جو کہ پٹواری سے گرداور اور گرداور سے نائب تحصیلدار بنا ہوا ہوتا ہے اس کی کوالیفیکیشن پرائمری تک ہوتی ہے اب اگر M.N.A. یا M.P.A. کسی جرگہ کا ممبر ہو ۔ اور وہ اس کے نیچے بیٹھے تو میرے خیال میں اس علاقہ کے ہر تحصیلدار سے میری کوالیفیکیشن زیادہ ہے یعنی تعلیمی لحاظ سے میں اس سے بہتر پوزیشن میں ہوں ۔

ملک محمد اختر - پوائنٹ آف آرڈر ۔ آپ کی تعلیمی کوالیفیکیشن تو ضرور زیادہ ہے ۔ X X X X X X X X X X*

خان ملنگ خان ۔ انکے اختیارات اپنی جگہ ہم سے زیادہ ہیں اور ہمارے اختیارات اپنی جگہ ان سے زیادہ ہیں ۔ بہر حال اگر اس ترمیم سے

*Expunged as ordered by the Speaker.

یہ ارشاد.....

Mr. Speaker : The remarks made by Malik Muhammad Akhtar are expunged from the proceedings of the Assembly.

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ ملک محمد اختر نے جو فرمایا ہے ۔ کہ ان کے اختیارات ایک پٹواری سے کم ہیں ۔ کیا آپ کو اس دعا کا علم نہیں ۔ کہ جب ہمارے علاقے کی ایک غریب اور سادہ لوح عورت نے ڈپٹی کمشنر کے لئے کی تھی کہ خدا تجھے پٹواری بنا دے ۔

خان ملنگ خان ۔ جناب والا ۔ ہو سکتا ہے کہ کوئٹہ قلات میں مجسٹریٹ درجہ اول کی تعداد بہت کم ہو اور وہاں نائب تحصیلدار کی ضرورت در پیش ہو کہ وہ پریذائڈ کرے ۔ تو وہاں کے متعلق میں یہ نہیں کہہ سکتا کہ وہاں کیا پوزیشن ہو گی ۔ البتہ میں وزیر قانون سے درخواست کرتا ہوں کہ کم از کم ہمارے علاقے میں مجسٹریٹ درجہ اول ہونا چاہئے ۔

وزیر قانون (مسٹر اللہ بچائیو غلام علی اخوند) ۔ جناب والا ۔ اس امنڈمنٹ میں اور ہماری شق نمبر ۱ میں فرق یہ ہے کہ ہمارے قانون کے مطابق جو پریذیڈنٹ ہو گا ۔ وہ Govt. Official ہو گا ۔ اور نائب تحصیلدار سے کم rank کا نہیں ہو گا ۔ اس میں سیشن جج بھی ہو سکتا ہے ، مجسٹریٹ درجہ اول بھی ہو سکتا ہے ۔ اور اگر کبھی کوئی پیچیدہ معاملہ آ جائے ۔ جس میں انجینئرنگ نالج کی ضرورت ہو تو ہم ایگزیکٹو انجینئروں کو بھی لگا سکتے ہیں ۔ اس طرح حالات کے مطابق کسی کو بھی پریذیڈنٹ بنایا جا سکتا ہے ۔ اس میں یہ ممانعت نہیں ہے کہ سول جج یا

مجسٹریٹ درجہ اول نہیں ہو گا اور اب حالات یہ ہیں کہ کوئٹہ ڈویژن میں تو بہت کم مجسٹریٹ درجہ اول ہیں اور وہاں اگر یہ پابندی لگا دی جائے تو مشکل ہے کہ یہ قانون وہاں کامیاب ہو اور شاید بہت دیر لگ جائے ۔ اس لئے قانون کا اطلاق تو سارے علاقے میں ہے ۔ جو کہ شیڈول نمبر ۱ میں ہے ۔ جہاں تک ممبران صاحب کا تاثر ہے اور ان کے احکامات ہیں ہم انسٹرکشنز اور رولز میں ایسی provision کر دیں گے اور انشاءاللہ اس کا خیال رکھا جائے گا کہ جس جگہ افسر موجود ہیں اور وہ لگائے جا سکتے ہیں ۔ وہاں کوشش کر کے بڑے سے بڑا افسر لگایا جائیگا ۔

Mr. Speaker : I will now put the amendment to vote.

The question is :

That in sub-section (1) of section 6 of the Ordinance, for the word "Naib-Tehsildar" occurring in line 3, the words "Magistrate I Class" be substituted".

The motion was lost.

Mr. Speaker : Next amendment by Malik Muhammad Akhtar.

Malik Muhammad Akhtar : Not moving Sir.

Mr. Speaker : Next amendment, Mr. Qaisrani.

Sardar Manzoor Ahmed Khan Qaisrani : Sir, I beg to move :

That in sub-section (1) of section 6 of the Ordinance, between the words "four" and "other" occurring in line 4, the words "or more" be inserted

Mr. Speaker : The amendment moved is :

That in sub-section (1) of section 6 of the Ordinance, between the words "four" and "other" occurring in line 4, the words "or more" be inserted.

وزیر قانون ۔ جناب والا ۔ پیشتر اس کے کہ میں اس کی مخالفت کروں

میں کچھ گذارشات کرنا چاہتا ہوں میں سردار صاحب کے جذبات سے اچھی طرح سے واقف ہوں انہوں نے جو امنڈمنٹ move کی ہے ۔ اس میں ان کی بھی خواہش کا کچھ جذبہ ہے ۔ لہذا میں چار سے زیادہ کروں تو یہ vague ہو جاتا ہے ۔ اس میں ذرا مشکلات ہوں گی ۔ لیکن ہم ان کے جتنے بھی جذبات ہیں ان کا احترام رکھتے ہوئے کوشش کریں گے کہ بہتر سے بہتر ان کو ٹریبونل مل جائے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ ہمارے جذبات کا صرف احترام ہی رکھیئے ۔ قانون میں تبدیلی نہ کیجئے ۔

(اس مرحلے پر مسٹر ڈپٹی سپیکر مسٹر احمد میاں سومرو کرسئی صدارت پر متمکن ہوئے)

وزیر قانون ۔ اس قانون کے چلانے میں ان کے جذبات کا احترام کیا جائے گا ۔ تو میں سردار صاحب سے پہلے عرض کروں گا کہ وہ یہ امنڈمنٹ واپس لے لیں اور میں نے ان کے خیالات اور جذبات سے پہلے ہی فائدہ اٹھا لیا ہے اور ان کے point of view کو ہمیشہ ہمیشہ accommodate کریں گے اور اگر ضرورت ہوئی تو بعد میں اس میں ترمیم کی جا سکتی ہے ۔ اس وقت تو اس کو چلنے دیجیئے ۔

سردارمنظور احمد خان قیصرانی ۔ وزیر قانون کی یقین دہانی پر میں اپنی امنڈمنٹ کو press نہیں کرتا اور میں اسے واپس لیتا ہوں ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب والا ۔ میں قیصرانی صاحب کی حمایت کرنا چاہتا ہوں ۔ ۔ ۔ ۔

جناب سپیکر - ابھی ہم نے اجازت ہی نہیں دی - یہ کیسے withdraw کر سکتے ہیں -

Mr. Deputy Speaker : The Member will first have to take the permission of the House to withdraw his amendment.

سردار منظور احمد خان قیصرانی - وزیر قانون کی یقین دہانی پر میں اپنی ترمیم واپس لینے کی اجازت طلب کرتا ہوں -

Mr. Deputy Speaker : Has the Member leave of the Assembly to withdraw his amendment ?

(*The amendment was, by leave, withdrawn*)

Mr. Deputy Speaker : Next amendment.

Malik Muhammad Akhtar : Sir, I beg to move :

That for sub-section (2) of section 5 of the Ordinance, the following be substituted, namely :—

"(2) (a) The Deputy Commissioner shall for his respective District constitute in the prescribed manner a panel consisting of not less than fifty and not more than one hundred persons.

(b) In making appointments to the panel the Deputy Commissioner shall take into consideration the integrity, education and social status of the persons to be appointed.

(c) In making appointments due regard shall be given that all types residents and tribes in the relevant areas are given representation according to their strength while drawing up Tribunals members.

(d) Each Tribunal shall have one Qazi as a member to give expert legal advice on points of Muhammadan Law.

(e) No retired Government servant shall be appointed as a member of Tribunal unless he has retired from an office of status or is legal expert.".

Mr. Deputy Speaker : The amendment moved is :

That for sub-section (2) of section 5 of the Ordinance, the following be substituted, namely :—

"(2) (a) The Deputy Commissioner shall for his respective District constitute in the prescribed manner a panel consisting

of not less than fifty and not more than one hundred persons.

(b) In making appointments to the panel the Deputy Commissioner shall take into consideration the integrity, education and social status of the persons to be appointed.

(c) In making appointments due regard shall be given that all types residents and tribes in the relevant areas are given representation according to their strength while drawing up Tribunals members

(d) Each Tribunal shall have one Qazi as a member to give expert legal advice on points of Muhammadan Law.

(e) No retired Government servant shall be appointed as a member of Tribunal unless he has retired from an office of status or is legal expert.".

Minister for Law : Opposed.

ملک محمد اختر (لاہور-۲) - میں نے جو wording دی ہے اسی کے مطابق آپ نے پہلے اسمبلی میں قانون پاس کیا تھا - اس وقت اسے ایک ترمیم کے ذریعہ لایا گیا تھا اور ہاؤس نے منظور کیا - آپ دیکھیں - دفعہ ۵(۲) میں یہ دیا گیا ہے کہ ٹریبونل کے ممبران کو ڈپٹی کمشنر appoint کرے گا اور میں نے یہ درخواست کی ہے کہ ایک panel بنایا جائے جو ۵۰ سے زیادہ افراد پر مشتمل ہو اور ۱۰۰ سے کم ہو - ان افراد کی integrity کے متعلق دیکھا جائے کہ ان کا status کیا ہے . . .

Mr. Deputy Speaker : We know that.

ملک محمد اختر - اس کی باضابطہ پولیس کے ذریعہ رپورٹ منگائی جائے یا subordinate محکمہ جات سے معلومات حاصل کی جائیں - میں سمجھتا ہوں کہ یہ سب سے ضروری چیز ہے کہ ٹریبونل میں قاضی ہو اس کے متعلق میں ایک پیرا دھراتا ہوں - شیخ عبدالحمید کی رپورٹ جو

۱۹۷۸ء میں دی گئی تھی ۔ اس میں یہ رائے دی گئی ہے اور شریعت کے متعلق لکھا ہے ۔

"The ulemas and tribal sardars and chiefs advocated enforcement of complete shariat and settlement of all disputes to have civil and criminal law in accordance with Shariat through Shariat Courts. We have explained . . . . .

جناب والا ۔ یہ انہوں نے رائے بتائی ہے اب جناب والا اسی رپورٹ کے صفحہ ۴۲ پر سے مجھے کچھ عرض کرنا ہے انہوں نے شریعت کے متعلق کہا ہے ۔

"In the territory of four former union States civil justice is administered through Qazis [who are thirteen in number and two ulemas who are members of Majlis-e-Shura If it is decided to implement our recommendation the appeals can go to Majlis-e Shura. . . ."

تو جہاں جناب والا political consideration پر انہوں نے جن جرگہ کے ممبران کو appoint کرنا ہے ۔ میں نے صرف اس form میں amendment دی ہے کہ ہر جرگہ میں جہاں چار ممبر ہوتے ہیں ان میں سے ایک قاضی ہو جو کہ expert opinion محمڈن لاء کے متعلق دے ۔ جناب والا ۔ ابھی ابھی میں نے جسٹس رحمان کی رپورٹ سے کوٹیشن دی ہے جہاں پر انہوں نے کہا ہے کہ

"In many cases peons have been appointed to act on Jirga . . ."

جناب والا ۔ اس طرح کے لوگوں کو میں جرگہ کے لئے پسند نہ کروں گا ۔ ایسا شخص میری رائے میں کم از کم گزیٹڈ آفیسر ہو نہ کہ peons ۔ بلکہ اسے ایک جج کے رتبے کا ہونا چاہیئے ۔ ڈپٹی کمشنر نے اپنے peons کو جرگہ کے متعلق appoint کیا ہے ۔ جناب والا ۔ اس ضمن میں ہائی کورٹ کے ججز کی رائے موجود ہے اور رپورٹ بھی موجود

ے اور میں یہ سمجھتا ہوں کہ ان پر پابندیاں لگائی جائیں ۔

Mr. Deputy Speaker : The question is :

That for sub-section (2) of section 5 of the Ordinance, the following be substituted, namely :—

"(2) (1) The Deputy Commissioner shall for his respective District constitute in the prescribed manner a panel consisting of not less than fifty and not more than one hundred persons

(b) In making appointments to the panel the Deputy Commissioner shall take into consideration the integrity, education and social status of the persons to be appointed.

(c) In making appointments due regard shall be given that all types residents and tribes in the relevant areas are given representation according to their strength while drawing up Tribunals members.

(d) Each Tribunal shall have one Qazi as a member to give expert legal advice on points of Muhammadan Law.

(e) No retired Government servant shall be appointed as a member of Tribunal unless he has retired from an office of status or is legal expert.".

The motion was lost.

Mr. Deputy Speaker : Next. Khawaja Muhammad Safdar. (*Not present*) Mr. Hamza.

Mr. Hamza : Sir, I beg to move :

That for sub-section (3) of section 5 of the Ordinance, the following be substituted, namely :—

"(3) No person shall be appointed as a member of a Tribunal, other than the President, if any one of the parties concerned object to his appointment as such.".

Mr. Deputy Speaker : The amendment moved is :

That for sub-section (3) of section 5 of the Ordinance, the following be substituted, namely :—

"(3) No person shall be appointed as a member of a Tribunal, other than the President if any one of the parties concerned object to his appointment as such.".

Minister of Law : Opposed.

مسٹر حمزہ (لائل پور-٦) ۔ جناب سپیکر ۔ اس کی غرض و غایت یہ ہے کہ جن افراد کے دیوانی تنازعات کا یا مقدمات کا فیصلہ جرگہ کے ذریعہ سے کرانا مقصود ہے ان کو جرگہ کے ممبران سے فیصلہ کرانے کا کلی اختیار ہے ۔

جناب سپیکر ۔ یہ ترمیم بغیر سوچے سمجھے نہ کریں ۔ جرگہ کے طریقہ انصاف کے پیچھے بھیانک تاریخ ہے ۔ بیشتر اوقات یہ دیکھا گیا ہے کہ جرگہ کے ممبران کو انتظامیہ کے افراد چنتے ہیں جو ان کے من پسند اور پیارے ہوتے ہیں ۔ اب ان کی زبان کا ذائقہ اس حد تک بدل گیا ہے کہ وہ معقول آدمی کو جرگہ کا ممبر بنانا پسند ہی نہیں کرتے اور ان کی بدعنوانیوں کا یہ حال ہے اور وہ اس حد تک بڑھ چکے ہیں کہ آپ یہ سن کر حیران ہوں گے کہ جن کے لئے ہم یہ قانون نافذ کر رہے ہیں ان کے متعلق تو جناب وزیر قانون نے فرمایا ہے کہ وہ پس ماندہ علاقہ ہے اور کہا ہے کہ وہاں ایک میل میں دس آدمی بستے ہیں یا جہاں کوئی ترقی نہیں ہوئی ۔ جہاں لوگ قبائلی زندگی بسر کرتے ہیں ۔ میں ایک مثال لاہور کی دیتا ہوں ۔ پچھلی اسمبلی میں میں نے ایک سوال کیا تھا اور پوچھا تھا کہ لاہور میں ایسے شخص کو جس کا ۱۹۵۸ء میں غنڈہ ایکٹ کے تحت چالان ہوا تھا اس کو لاہور کے ڈپٹی کمشنر نے جرگہ کا ممبر نامزد کرنا پسند کیا تھا ۔

جناب سپیکر ۔ لاہور میں پڑھے لکھے لوگوں کی کمی نہیں ۔

مسٹر ڈپٹی سپیکر ۔ حمزہ صاحب آپ کی یہ بات relevant ہوتی

اگر ہم سب سیکشن—۲ کو discuss کرتے جس میں دیا گیا ہے کہ کس طرح کا آدمی ہو ۔ لیکن اس وقت یہ قابل اعتراض ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب مجھے عرض کرنے کا حق ہونا چاہیئے کیونکہ جب ڈپٹی کمشنر اس قسم کے فرد کو نامزد کر دیتے ہیں مجھے اس پر تھوڑی سی روشنی ڈالنے دیں ۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس قانون پر بحث کرتے ہوئے کافی وقت گزر گیا ہے ۔ اگر ہمارا ملک آزاد مملکت ہوتا تو آپ یقین جانیں کہ اس قسم کا قانون پیش نہ کیا جاتا اور اگر پیش ہوتا تو ایک دن نہیں دو دن نہیں مہینوں اس پر بحث ہوتی رہتی ۔ یقین کیجیئے میں تو اس نتیجہ پر پہنچا ہوں کہ ہمارے ملک کے سیاسی حالات اس حد تک بگڑ چکے ہیں اور لوگوں کی بے چارگی کی یہ کیفیت ہے بلکہ معصومیت کا یہ حال ہے کہ آج جیسا کہ جناب وزیر قانون نے فرمایا ہے کہ جب حکومت کی جانب سے مقرر کردہ کمیٹی دورہ کرنے کے لئے گئی تو کوئی آدمی اس کے سامنے پیش ہو کر اس قانون سے اختلاف نہ کر سکا یا پیش ہونے کی جرات نہیں ہوئی ۔ یا اس نے پیش ہونے کی جرأت نہ کی جس کو یہ نظام یا یہ طریقہ انصاف پسند نہ ہو ۔

جناب سپیکر ۔ ایک جرگہ اصلی تھا ۔ اب جرگہ نقلی ہوتا ہے جس جرگہ کو قیصرانی صاحب کہتے ہیں وہ اصلی جرگہ ہوتا تھا اور یہ جرگہ نقلی ہوگا ۔ آپ کو یاد ہوگا کہ پہلے پہل جب یہ طریقہ انصاف رائج ہوا تو جرگہ کے ممبران اپنے قبیلہ کے سردار ہوتے تھے اور جو ان کے نمائندہ ہوتے تھے ان کو عزت و احترام کی نظر سے دیکھا جاتا تھا اگر وہ غلط فیصلہ کرتے تھے وہ اپنے قبیلہ کے افراد کے سامنے جوابدہ ہوتے

تھے ان کو طعنے دئے جاتے تھے لیکن اب جو جرگہ کے ممبران ہوں گے ان کو ڈپٹی کمشنر نامزد کریں گے اور ان کے بارے میں ۱۹۳۱ء میں یہ تجربات تھے آج کی انتظامیہ تو اس کے مقابلہ میں صفر ہے ۔ اب کیا ہوگا ؟ محض اندھیرگردی ہوگی اس کے بارے میں جسٹس نعمت اللہ کمیٹی کی رپورٹ نے بتایا ہے ۔

"The Deputy Commissioner, in so many cases, he may be new to the district, it is impossible for anyone to acquire off-hand such wide knowledge of men of local factions and interests as to enable him to nominate satisfactory jirgas in all cases."

جناب سپیکر ۔ ہو سکتا ہے کہ ڈپٹی کمشنر صاحب کو بحیثیت ڈپٹی کمشنر اس ضلع میں کام کرتے ہوئے چند دن گذرے ہوں اگر ان کے سامنے اس قسم کا مقدمہ پیش ہوگا تو ان کو کیسے پتہ چلے گا کہ اس مقدمہ کی سماعت کے لئے کس قسم کی قابلیت اور کون کون سے افراد نامزد کیا جانا چاہیئے اس کے مقابلہ میں وہ افراد جن کا مقدمہ عدالت کے سامنے پیش ہوگا جو اس علاقہ کے رہنے والے ہوں گے وہ بہتر فیصلہ کر سکیں گے کہ ان کا مقدمہ کن ممبران جرگہ کے سامنے پیش ہو اگر آپ ان کو یہ حق دیں کہ اپنے مقدمات کا فیصلہ کروانے کے لئے اپنے ثالث مقرر کریں تو یقیناً انصاف کے تقاضے پورے ہونے کی زیادہ توقع کی جا سکتی ہے ۔ اسی انکوائری کمیٹی کے سامنے جو لوگ پیش ہوئے اور ۱۹۳۱ء میں غلامی کے دور میں پیش ہوئے وہ وکلاء تھے سردار تھے بار ایسوسی ایشن کے نمائندے تھے ان سب کے بیانات سننے کے بعد یہ فیصلہ کیا گیا بلکہ تحریر کیا گیا ۔

"Men of position and many others don't like to have their names entered in the list of members of the jirga If they are listed, they avoid actually serving on the council. The explanation of their reluctance given by many witnesses is that occasions frequently

arise when the views of the council and the Deputy Commissioner differ and the council have either to compromise with their own conscience or incur the displeasure of their district officers."

جناب مانگ خان تو یہ فرماتے تھے کہ میں ایسے جرگہ میں کام کرتے تو ہین سمجھوں گا جس کا چیئرمین ایک نائب تحصیلدار بھی ہو سکتا ہے اس رپورٹ میں یہ بھی بتایا گیا ہے . . . .

Mr. Deputy Speaker : Mr. Hamza is not relevant to the amendment.

مسٹر حمزہ - جناب سپیکر - جب آپ مجھے اشارہ کرتے ہیں تو میں بھاگ کر آ جاتا ہوں - تو میں یہ عرض کر رہا تھا کہ اس قسم کی نامزدگیوں پر ماضی میں اعتراضات کئے جا چکے ہیں ہمیں ماضی کے تجربات ہیں ہمیں ان سے سبق حاصل کرنا چاہیئے بلکہ مسلمان کے بارے میں تو یہ کہا جاتا ہے کہ جہاں سے ایک بار ڈسا جاتا ہے دوبارہ وہاں انگلی نہیں دیتا - میں تو پوری قوم کو ڈسنے کی بات کر رہا ہوں -

Mr. Deputy Speaker : Mr. Hamza is not relevant to the amendment.

مسٹر حمزہ - جناب سپیکر - اگر آپ چاہتے ہیں کہ یہ قانون جلدی سے پاس ہو جائے آپ مجھے حکم کر دیں تاکہ میں بیٹھ جاؤں -

مسٹر ڈپٹی سپیکر - جو ترمیم ہے آپ اسی پر بولیں -

مسٹر حمزہ - جناب سپیکر - آپ جرگہ کو عدالت کہہ لیجئے مگر عدالت زندہ چیز ہوتی ہے اور یہاں تو ضمیر مردہ ہوتے ہیں - جرگہ اور عدالت میں کوئی مناسبت ہی نہیں ہے - میں یہ عرض کر رہا تھا کہ اگر ایک معقول شخص کو کبھی جرگہ کا ممبر بنایا جاتا ہے تو بیشتر اوقات یہ دیکھا گیا ہے کہ وہ بطور ممبر جرگہ کام کرنا پسند ہی نہیں کرتا اور

اگر پسند کرتا ہے حقیقتاً جو فیصلے ہوتے ہیں جرگہ کے نہیں ۔ آپ اس جرگہ کے ممبران کا اس جرگہ کے ممبران سے مقابلہ کرتے ہیں جو ڈپٹی کمشنر تو کیا اس علاقہ کے لفٹیننٹ گورنر کی بھی پروا نہیں کرتے تھے لیکن اس جرگہ کے ممبران کو ڈپٹی کمشنر نامزد کرے گا اور ڈپٹی کمشنر ان کے کئے ہوئے فیصلہ کو بدل سکتا ہے رد کر سکتا ہے دوسرے جرگہ کے سپرد کر سکتا ہے پھر آپ بتائیے کہ کوئی معقول ۔ خود دار اور شریف النفس آدمی جس کا ضمیر زندہ ہو جو اپنے ضمیر کی آواز پر چلتا ہے کبھی اس قسم کے جرگہ کا ممبر بننا پسند نہیں کرے گا ۔

جناب سپیکر ۔ اس کے علاوہ وزیر قانون فرما سکتے ہیں کہ یہ پرانی باتیں ہیں لیکن دکھ اور افسوس کا مقام ہے کہ آج ہمارا ماحول اس قسم کا ہو چکا ہے اور اس حد تک گھٹن پیدا ہو چکی ہے کہ کچھ کہا نہیں جا سکتا ۔ جناب سپیکر ۔ جناب صدر مملکت نے قانونی اصلاحات کا ایک کمیشن مقرر کیا تھا جس کے چیئرمین ہائی کورٹ کے ایک جج تھے ۔ لوگوں کو اس وقت یہ جرأت ہوئی اور انہوں نے اس کے سامنے پیش ہو کر کھلم کھلا اپنی رائے کا اظہار کیا اور بعض قوانین کے بارے میں اپنے خیالات سے آگاہ کیا ۔ انہوں نے اس طریقہ انصاف کو قطعی پسند نہیں نہیں کیا بلکہ دوسرا کمیشن جو کہ کوئٹہ قلات جوڈیشل سسٹم کے بارے میں رپورٹ دینے کے لئے مقرر کیا گیا تھا نے بھی اس طریقہ انصاف کو لغو قرار دیا اور کہا کہ اسے ملک و قوم کے ماتھے پر ایک کلنک کا ٹیکا قرار دیا جا سکتا ہے ۔ ایسی حالت میں آپ اندازہ لگائیے کہ وزیر قانون یا وزیر قانون کے پیشرو یا مرکزی حکومت کے وزیر قانون اس قانون کے

متعلق اچھی رائے تو اس کی کیا وقعت ہو سکتی ہے ۔ اس ملک کو اب کچھ لوگ پھیلے ہوئے عام انتہائی ظلم و تشدد کے باعث قبرستان کہتے ہیں اور اسی وجہ سے اس کے خلاف کوئی آواز اٹھانے والا موجود نہیں ۔ جناب سپیکر ۔ جس قسم کے افراد جرگہ کے ممبر نامزد کئے جاتے ہیں وہ انتظامیہ کے آلہ کار ہوتے ہیں مجھے سب سے بڑا اعتراض یہ بھی ہے ہمارے گورنر ،مغربی پاکستان جنہیں آج صبح میں ابوالکلام کا لقب دے چکا ہوں انہوں نے پرسوں ہرن مینار جہاں اس ملک کے شہنشاہ کسی زمانہ میں جایا کرتے تھے جا کر فرمایا کہ انتظامیہ کے افراد سیاست میں۔ قطعاً مداخلت نہیں کرتے میرے نزدیک وہ جرگہ کے ممبران جنہیں ڈپٹی کمشنر نامزد کرے گا تو ڈپٹی کمشنر کو جرگہ کے ممبران کو نامزد کرنے کا اختیار دینا اس کو بلا واسطہ سیاست میں ملوث ہونے کا حکم دینا ہے اور وہ حکومت جو اس قسم کے قوانین پاس کرنا چاہتی ہے وہ انتظامیہ کو سیاسی ہتھیار کے طور پر استعمال کرتی رہی ہے کرے گی اور کر رہی ہے ۔

Minister for Basic Democracies : Question !

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر۔ میں حیران ہوں کہ جناب وزیر قانون اور ہمارے گورنر اس زمانے میں اس قسم کی باتیں کیوں کرتے ہیں ۔ بلکہ میں یہ کہتا ہوں کہ اگر آپ یہ چاہتے ہیں اور روزمرہ یہ نعرہ لگاتے ہیں کہ پاکستان ایک ہے اور ہمیں متحد ہونا چاہئے ۔ ۔ ۔ ۔

مسٹر ڈپٹی سپیکر ۔ مسٹر حمزہ آپ بل discuss کر رہے ہیں ۔ ابھی آپ صرف اس ترمیم پر بولیں ۔ جو کچھ آپ کہہ رہے ہیں ۔ وہ اس

سے متعلق نہیں ہے ۔ جب بل propose کیا جائے اس وقت یہ تقریر آپ کی relevant ہو سکتی ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ اس سارے قانون کو جرگے کا قانون کہتے ہیں ۔ آپ نے بجا طور پر فرمایا کہ میری ترمیم محض اتنی ہے کہ جرگے کے جو ممبرز جب کسی مقدمہ کا فیصلہ کرنے کے لئے مقرر کئے جائیں تو وہ انتظامیہ کی منشاء کے مطابق نامزد کئے جائیں ۔ اگر میری یہ ترمیم مان لی جائے تو ڈپٹی کمشنر کی منشا کے مطابق فیصلے نہیں ہوں گے ۔ دوسرے ڈپٹی کمشنر کو جب یہ احساس ہو گا کہ کل جب میں کسی جرگے کے ممبر کو کسی مقدمے کے فیصلے کے لئے مقرر کروں گا ۔ اس کو منظور کرنا فریقین کا کلی اختیار ہو گا ۔ جیسا کہ آپ کو معلوم ہے کہ وہاں نامزدگیوں کے علاوہ اور بھی کئی قسم کی زدگیاں ہوتی ہیں ۔ تو تمام بدعنوانیاں جو جرگہ کے ممبران کو نامزد کرنے میں روا رکھی جاتی ہیں یا روا رکھی گئی ہیں ۔ یہ اس کا بہترین حل ہے ۔ ڈپٹی کمشنر اس معاملہ میں مختار کل نہیں ہوگا ۔ ان معروضات کے پیش نظر میں اپنی ترمیم کی حمایت کرتا ہوں ۔

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ ۔ ۱) ۔ جناب والا ۔ آپ نے اس قانون میں دیکھا ہوگا کہ فریقین کو یہ اختیار حاصل نہیں ہے کہ وہ کسی ٹریبونل سے اپنے مقدمے کو منتقل کرا لیں ۔ کسی دوسرے ٹریبونل میں ٹرانسفر درخواست کے ذریعے ۔ ایسی کوئی شق موجود نہیں ہے تو ایسی صورت میں ڈپٹی کمشنر صاحب کے نامزد کردہ ٹریبونل کے حوالے عوام کے نہایت ہی قیمتی حقوق جس میں لاکھوں روپیہ کی جائداد کا فیصلہ

ھونا ھو ھوتے ھیں ۔ اس قسم کے مقدمات ان لوگوں کے سپرد کر دینا جن کے خلاف صرف اتھاریٹیز اعتراض کر سکتی ھوں یہ درست نہیں ھے ۔ یہ بھی اس ھنگامی قانون میں نہیں لکھا ھوا کہ اعتراض کی سماعت کے بعد ڈپٹی کمشنر کیا کریں گے ۔ کیا نہیں کریں گے ۔ ڈپٹی کمشنر مناسب سمجھے تو اعتراض مان لے نہ مناسب سمجھے تو نہ مانے ۔ خواہ کسی ممبر ٹریبونل کو کس قدر ھی دلچسپی اس مقدمہ میں کیوں نہ ھو ۔ جناب والا ۔ اس قسم کے قانون کے ذریعے ھم انتہا درجے کی بے انصافی کو دعوت دے رھے ھیں ۔ اس لئے یہ تجویز کیا گیا تھا کہ جب فریقین کو یہ اختیار ھی نہیں کہ انتقال مقدمہ کرا سکیں تو جرگے میں ایسے ممبرز ھونے چاھئیں جن کو انہوں نے خود نامزد کیا ھو ۔ محترم وزیر قانون نے فرمایا تھا کہ ھم ان باتوں کا خیال رکھیں گے ۔ بہر حال کوئی بھی صاحب ھوں اگر اُن کو کسی فریق کے ساتھ دلچسپی ھے تو بھی کوئی اعتراض نہیں کیا جا سکتا ۔ کیوں کہ ٹریبونل کے رکن فریقین کے نامزد کردہ ھوں گے ۔ تو یہ بہتر ھو گا اور میں نے کہا بھی تھا کہ جو بھی مقدمہ سننے والا ھو ۔ اس کو ٹریبونل کہہ لیجئے ۔ جرگہ کہہ لیجئے ۔ وہ اگر فریقین کی مرضی سے چنے جائیں ۔ تو صورت حال بہتر ھو گی اور اس قانون میں خاصی اصلاح ھو سکتی ھے ۔

Minister of Law (Mr. Allah Bachayo Ghulam Ali Akhund): Mr. Speaker, I oppose this amendment because the provisions of the amendment are so worded that it will be impossible to appoint any member. The amendment says—

> "No person shall be appointed as a Member of a Tribunal, other than the President, if any one of the parties concerned object to his appointment as such."

Sir, experience has shown that it is very difficult to get a unanimous decision of the parties on the appointment of any member. If one party will agree, the other party will generally and necessarily disregard that agreement. That is not the way. There should be a proper way of dealing with the objections and that has been provided for in the law as it is worded—

> "No person shall be appointed as a member of the Tribunal, other than the President, except after giving the parties concerned an opportunity of being heard and considering their objections, if any, to the appointment of such person."

Therefore, enough scope is given for the raising of objections and considerations. Another point has been raised by Khawaja Muhammad Safdar that there is no provision for the transfer of these cases. I would submit that if the President passes an order which is not palatable to a party, then there is a provision for appeal. Section 11 says—

> "Any party aggrieved by any decision given, decree passed or order made, by the Deputy Commissioner under this Ordinance may, within sixty days of such decision, decree or order, prefer an appeal to the Commissioner."

خواجہ محمد صفدر۔ اپیل لے جانے کے لئے فریق مقدمہ کا کچوس نکل جائے گا۔

Minister of Law : My submission is that enough provision has been made for challenging those orders if they are not proper, if they are not legal and if they are not appropriate. Sir, the provision of transfer, as your experience must have shown, generally obstructs the progress of the case. The parties do make frivolous applications about the Presiding Officer. Frivolous and vexatious allegations are made and even in anticipation of the transfer of the Officer frivolous applications are submitted. Therefore, transfer provisions are not necessary but enough provision has been made for giving a party right of raising objection. After consideration, the Deputy Commissioner can give a decision and if the decision is inappropriate, if it is inequitable, it can be challenged in an appeal.

Mr. Deputy Speaker : The question is—

> That for sub-section (3) of section 5 of the Ordinance, the following be substituted, namely :—

"(3) No person shall be appointed as a member of a Tribunal, other than the President, if any one of the parties concerned object to his appointment as such."

The motion was lost.

Mr. Deputy Speaker : Next motion.

Malik Muhammad Akhtar : I beg to move—

That for sub-section (3) of section 5 of the Ordinance, the following be substituted, namely :—

"(3) (a) Where a reference is made to a Tribunal the Deputy Commissioner shall as soon as may be, but ordinarily not later than fifteen days from the date of the receipt of the reference, nominate the members of the Tribunal, and communicate the names of members so nominated to the parties, and any objection which any party may, then make to the nomination of any such person shall be recorded.

(b) The Deputy Commissioner shall consider every objection made by a party under this sub-section and may, in his discretion, either accept or reject the objection :

Provided that where he rejects the objection he shall record his reasons for so doing.".

Mr. Deputy Speaker : The amendment moved is -

That for sub-section (3) of section 5 of the Ordinance, the following be substituted, namely :—

"(3) (a) Where a reference is made to a Tribunal the Deputy Commissioner shall as soon as may be, but ordinarily not later than fifteen days from the date of the receipt of the reference, nominate the members of the Tribunal, and communicate the names of the members so nominated to the parties, and any objection which any party may then make to the nomination of any such person shall be recorded.

(b) The Deputy Commissioner shall consider every objection made by a party under this sub-section and may, in his discretion, either accept or reject the objection :

Provided that where he rejects the objection he shall record his reasons for so doing.".

Minister for Law : Opposed.

ملک محمد اختر (لاہور-۲) - جناب صدر - میں نہایت ہی اختصار کے ساتھ اس ترمیم پر یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ یہ ترمیم جرگہ سسٹم سے لی گئی ہے - جو باقی صوبے میں نافذ ہے - جب کوئی مقدمہ جرگہ کے سپرد ہو تو پارٹی کو موقع دیا جاتا ہے کہ وہ جرگہ کی تشکیل کے پندرہ دن کے اندر اندر اگر انہیں کسی قسم کا اعتراض ہو تو وہ کر دیں - اعقراض کی صورت میں ڈپٹی کمشنر پر یہ واجب ہے کہ وہ اس کا تجزیہ کرے اور اس کے متعلق احکامات صادر کرے - اور اگر وہ اس اعتراض کو مسترد کرے تو اس کی وجوہات لکھے - جناب والا - جرگہ کے ممبران کے متعلق کوالیفیکیشن کا معیار مقرر نہیں کیا گیا - اب کوئی بھی جرگہ کا ممبر مقرر کیا جا سکتا ہے - مثلاً اگر کوئی بڑا آدمی یا جاگیردار یا لینڈ لارڈ ہے - لیکن حکومت کا سیاسی مخالف ہے تو یہ اس کے کیس میں اس کے ملازم کو جرگہ کا ممبر مقرر کرکے اس کی تذلیل کر سکتے ہیں -

Mr. Deputy Speaker : The Member is not relevant to his amendment.

ملک محمد اختر - جناب والا - لوگ تو بہت ہی irrelevant ہوتے ہیں - میں تو ذرا بھی نہیں ہوتا - پچھلے تین دن سے اس ہاؤس میں ایک بات بھی relevant نہیں ہوئی - جناب سپیکر - بہر حال میں اختصار کے ساتھ عرض کرتا ہوں - آپ کو مجھے موقع دینا چاہئے - فرض کیا جائے ایک شخص اپنا مقدمہ جرگہ میں لے جاتا ہے - ممکن ہے اس کی رقم کی نوعیت بہت بڑی ہو تو اگر اسے جرگہ کے کسی ممبر پر اعتراض ہو

تواس صورت میں اسے یہ حق دینا چاہئے کہ وہ اپنا مقدمہ وہاں سے ٹرانسفر کرا سکے ۔

مسٹر ڈپٹی سپیکر ۔ وہ تو سیکشن ۵(۳) میں دیا ہے ۔

ملک محمد اختر ۔ میں نے اس پروسیجر کی کچھ وضاحت کی ہے ۔

Mr. Deputy Speaker : That's why I ask the Member to be relevant to his amendment.

Minister of Law : Sir, I only wanted to point out that this will be more combersome. Firstly, the nomination of Members will be made, then notices will be given and parties heard. But we have provided here that he may call the parties, hear the objections and decide. I think our provision is much better than the one suggested through this amendment.

Mr. Deputy Speaker : The question is –

That for sub-section (3) of section 5 of the Ordinance, the following be substituted, namely :—

"(3) (a) Where a reference is made to a Tribunal the Deputy Commissioner shall as soon as may be, but ordinarily not later than fifteen days from the date of the receipt of the reference, nominate the members of the Tribunal, and communicate the names of the members so nominated to the parties, and any objection which any party may then make to the nomination of any such person shall be recorded.

(b) The Deputy Commissioner shall consider every objection made by a party under this sub-section and may, in his discretion, either accept or reject the objection :

Provided that where he rejects the objection he shall record his reasons for so doing."

The motion was lost.

Mr Deputy Speaker : Next amendment. This is a negative amendment. Isn't it ?

Malik Muhammad Akhtar : Yes Sir, but I was given an opportunity

to discuss such deletion on a previous occasion too on section 4 and that was allowed to be discussed.

Mr. Deputy Speaker : Alright, the Member may move his amendment.

Malik Muhammad Akhtar : Sir, I beg to move—

That section 5 of the Ordinance, be deleted and subsequent sections re-numbered accordingly.

*10110. **Mr. Hamza :** Will the Minister for Irrigation and Power be pleased to state :—

(a) whether it is a fact that Tube-well No. 270 installed in East Division of Zafarwal Scheme in District Sheikhupura remained closed for some time between 3rd July and Ist October 1967; if so, the total duration of the closure and the reasons for the same, alongwith the action taken to recommission it ;

(b) in case the closure time was pretty long action taken or intended to be taken against those responsible for it ?

Parliamentary Secretary (Mian Ghulam Muhammad Ahmed Khan Maneka) : Mr. Speaker, Sir, no answer has been received for this question.

مسٹر حمزہ ۔ آپ وزیر صاحب کی اہلیت کا اندازہ لگائیں کہ ایک ٹیوب ویل کے متعلق دریافت کیا گیا ہے ۔ تاریخ بھی بتائی ہے لیکن پھر بھی صحیح جواب نہیں ملا ۔

وزیر آبپاشی (مخدوم حمیدالدین) ۔ اگر آپ کو اعتراض نہ ہو تو میں اس کا جواب دیتا ہوں ۔

مسٹر حمزہ ۔ میں نے اسی لئے تو سوال کیا ہے ۔

Minister of Irrigation & Power : It has not been received, therefore, I am debarred. Otherwise, if you so desire, I can tell you.

مسٹر سپیکر ۔ مخدوم صاحب ۔ صورت یہ ہے کہ اگر محکمہ کا یہ کہنا ہے کہ معلومات حاصل نہیں ہو سکیں تو اس سے آپ debarred نہیں ہیں ۔ آپ ہاؤس میں اگر کوئی جواب دینا چاہتے ہیں تو دے دیں ۔ اس سوال کا

نوٹس ۸-۱۲-۶۷ کو دیا گیا تھا اب ۱۳-۵-۶۸ تک ایک ٹیوب ویل کے متعلق انفارمیشن کا نہ ملنا ٹھیک نہیں - یہ کوئی لمبی انفارمیشن نہیں تھی -

Minister of Irrigation & Power : I am extremely sorry about this; I will check up with the WAPDA people.

Mr. Speaker : This question would be repeated on the next turn.

ASSISTANT LAND RECLAMATION OFFICERS

*10111. **Mr. Hamza** : Will the Minister for Irrigation and Power be pleased to refer to the answer to my starred question No. 6392 given on the floor of the House on 20th June 1967 and state whether the question of application of instructions issued on Ist November 1967 to cases decided before 11th November 1966 has since been decided ; if not, further time required there for ?

Parliamentary Secretary (Mian Ghulam Muhammad Ahmed Khan Maneka) : The question as to whether instructions contained in Irrigation and Power Department memo No. 17/557-S. O. III (E)/65 dated 11. 11. 66 will apply to cases decided before 11. 11. 66 or not is under consideration of Govt. and will take sometime to come to a final decision.

مسٹر حمزہ - جناب سپیکر - یہ ہدایات جنکا میں نے ذکر کیا ہے وہ ۱۹۶۵ء میں جاری کی گئی تھیں اور ۱۹۶۸ء میں آپ فرماتے ہیں کہ ابھی تک ہم نے کوئی فیصلہ نہیں کیا - جب آپ کا محکمہ ہدایات جاری کرتا ہے اور اس کے بارے میں ابھی تک جیسا کہ کہا گیا ہے کوئی حتمی فیصلہ نہیں ہوا تو اس صورتحال سے متاثر شدہ اہلکاران کس طرح یکسوئی کے ساتھ اپنا کام کریں گے اور ان میں بد دلی کیوں نہ پھیلے گی ؟

وزیر آبپاشی و برقیات (مخدوم حمیدالدین) - یہ ۱۹۶۵ء سے ایسا نہیں جو تاریخ کہ آپ بتاتے ہیں - پہلا پالیسی نظر ثانی شدہ لیٹر ۱۹۶۶ء میں جاری ہوا تھا تو اس کے اوپر ہم نے ہدایات سرکولیٹ کیں اور ان میں کچھ چیزیں ایسی بھی ہیں جو کہ غور طلب ہیں - تو ان امور کے باعث ہمیں ایس اینڈ جی اے ڈی کو ریفرنس کرنا پڑا اور وہ ریفرنس ہم نے ۷-۳-۶۸ کو کیا - پھر ہمیں ہدایات پہنچیں جو کہ ہم جاری کر رہے ہیں وہ ہدایات آپ ہی کی اطلاع کے لئے ہیں اور وہ یہ ہیں کہ ان نظر ثانی رولز کا اطلاق ۵-۹-۶۶ سے ہوگا - تو یہ تاریخ ہے -

And the extent of operation is also given as 5-9-1966 which we have received on 7th March, 1968.

مسٹر حمزہ - میرا خیال ہے کہ یہ سوال شاید آپ کو بھی سوجھا ہوگا چونکہ وہ خود فرماتے ہیں کہ مارچ میں ان کو حکومت کے فیصلے کی اطلاع مل گئی تھی میں دریافت کرتا ہوں کہ آپ نے اپنے تازہ ترین فیصلے سے ایوان کو مطلع کرنا کیوں پسند نہیں کیا ؟

وزیر آبپاشی و برقیات - اس میں یہ ہے کہ ایس اینڈ جی اے ڈی اور ہمارے محکمہ کے درمیان کوئی بھی کمیونیکیشن ہو تو وہ زیر غور آسکتی ہے-

Any communication, any decision or any directive can be considered by the Administrative Department.

تو انہوں نے یہ تاریخ ہمیں دی مگر اس پر پھر ہم نے غور کیا اور اگر ہمارا کسی نکتہ پر اختلاف ہوتا تو پھر ہم دوبارہ لکھ کر پوچھ سکتے تھے-

ایک دو ماہ اس پر غور ہوا ۔

And then we were convinced that it was correct and we have no objection to it.

تو اس لئے میں نے یہ اطلاع دیدی ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ آپ ان کے جواب کو پوری طرح ملاحظہ فرما لیں وہ یہ فرماتے ہیں ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

And will take some time to come to a final decision.

آپ نے ایوان کے سامنے یہ فرمایا کہ ہم فیصلہ کر چکے ہیں مگر آپ کے پارلیمنٹری سیکرٹری فرماتے ہیں کہ ہم نے ابھی تک حتمی فیصلہ کرنا ہے ۔ تو میں دریافت کرتا ہوں کہ آپ درست فرماتے ہیں یا آپ کے پارلیمنٹری سیکریٹری ؟

وزیر آبپاشی و برقیات ۔ جو تاریخ میں نے عرض کی ہے وہ Operations کے متعلق تھی وہ بتا کر تو میں نے آپ کی مدد کی ہے ۔

INSTALLATION OF TUBE-WELLS IN RANGPUR AREA

*10112. **Mr. Hamza** : Will the Minister for Irrigation and Power be pleased to state :—

(a) whether it is a fact that contract for the installation of 600 tube-wells in Rangpur area of former Punjab has been given to an American Contractor by WAPDA ;

(b) whether it is a fact that the said contract has not been given by open tender ; if so, reasons therefor ?

Parliamentary Secretary (Mian Ghulam Muhammad Ahmad Khan Maneka) : (a) Yes, for 520 tube-wells. (b) Yes, on account of following reasons——

(*i*) The contract signed for the construction of tube-wells in Rangpur Unit is an extension of the contract for Kot Adu Unit which was signed after calling international tenders during 1966.

(*ii*) Although the general prices havs gone up, the contractor agreed to carry out the work on old rates, which has resulted in saving of money and time.

(*iii*) The contractor agreed to receive payment in Pakistani Rupees instead of American Dollars.

مسٹر حمزہ - جناب وزیر آبپاشی و برقیات نے یہ تسلیم فرمایا ہے کہ ۵۲۰ ٹیوب ویل جو کہ رنگپور کے علاقے میں نصب کئے جا رہے ہیں اس میں کھلے ٹینڈرز نہیں لئے گئے -

وزیر آبپاشی و برقیات - جی ھاں -

مسٹر حمزہ - ان کا فرمان ہے کہ چونکہ قیمتیں بڑھ گئی ہیں اور ٹھیکے داروں نے پرانے نرخوں پر کام کرنا پسند کیا اور پھر یہ بھی فرمایا گیا کہ ٹھیکے دار امریکن ڈالرز کی بجائے پاکستانی روپیہ لینے پر آمادہ ہو گئے کیا آپ مجھے بتا سکتے ہیں کہ اگر آپ اس بارے میں کھلے ٹینڈرز پر زور دیتے تو کوئی نہ کوئی پاکستانی فرم اس سے کم قیمت پر ٹیوب ویل لگانے کے لئے تیار ہو جاتی میں سمجھتا ہوں کہ آپ نے یہ فیصلہ کرکے ہمارے قومی وسائل کو استعمال نہ کرنے کا گناہ کیا ہے - دوسرے میں الزام لگاتا ہوں کہ کیا اس طرح آپ نے ہماری قوم کا روپیہ غیر ملکی ٹھیکے داروں کو دیکر ہماری قوم کو نقصان نہیں پہنچایا -

مسٹر سپیکر ۔ حمزہ صاحب جب آپ ضمنی سوال پوچھتے ہیں تو عام طور پر جو جواب دیا جاتا ہے تو اس کو آپ دھراتے ہیں جو debate میں آتا ہے اور چھپتا ہے ۔ پھر وہی جواب آپ دوسرے ضمنی سوال میں دھراتے ہیں جو کہ رپورٹر صاحبان لکھتے ہیں اور اس طرح debate زیادہ لمبی ہو جاتی ہے ۔ تو میرا خیال ہے کہ یہ زیادہ مناسب ہوگا کہ آپ اپنے ضمنی سوال میں ان کے دئے ہوئے جواب کو نہ دھرایا کریں کیونکہ ایسا کرنے سے debate میں repetition زیادہ ہو جاتی ہے جو کہ مناسب نہیں ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ آپ میری مجبوری کا بھی اندازہ فرمائیں گے اور وہ یہ کہ جناب وزیر آبپاشی و برقیات کو سمجھانا بھی کارےدارد ۔

وزیر آبپاشی و برقیات ۔ جناب والا ۔ جیسا کہ میں عرض کر رہا تھا کہ یہ بالکل ایسا نہیں ہے ۔ بلکہ ہم سمجھتے ہیں کہ ہمارے بہت تھوڑے اس قسم کے profitable کنٹریکٹس ہیں اور یہ ان میں سے ایک ہے اور وہ بھی اس طریق سے ہے ۔ ۔ ۔ ۔ چونکہ آنہیں deground کا پتہ نہیں ہے اس لئے میں اسکی تشریح کیے دیتا ہوں ۔ سکارپ six میں ہمارے تین یونٹ تھے ایک علی پور میں جوکہ یوگوسلاویہ والوں کا ہے loan بھی انکا ہے اور operation بھی کوٹ ادو یونٹ جسکا یہ ذکر فرما رہے ہیں اسکو جرمن نے فنانس کرنا منظور کیا ۔ اور تین کروڑ روپیہ منظور کیا ۔ جرمن قرضہ سے اسے تیار کیا جانا تھا اور ایک امریکن ٹھیکیدار نے اس کو تیار کرنا ہے ۔ اس loan سے ہمارا کل ڈیڑھ کروڑ روپیہ اس پر صرف ہوا اور جو ڈیڑھ کروڑ روپیہ ہمارا بچ گیا تھا اس کے لئے ہم نے جرمن حکومت سے اجازت چاہی کہ اس ڈیڑھ کروڑ کو ہم رنگپور یونٹ کے لئے صرف کر لیں تو ہمیں جواب

یہ ملا کہ لاءکی ترسیم ہوگی ۔ اور شاید ہماری نیشنل اسمبلی باقی ڈیڑھ کروڑ روپے کے کسی دوسری جگہ استعمال کی اجازت نہیں دے گی اس لئے اُسے آپکو واپس کرنا ہوگا کیونکہ وہ ایک خاص پراجیکٹ کے لئے منظور کیا گیا تھا اب کیونکہ رنگ پور یونٹ کے لئے ہمارے پاس کوئی فارن ایکسچینج نہیں تھا آخر اس کے لئے میٹریل امپورٹ کرنا تھا ۔ اس لئے اس پر ہمیں اپنا فارن ایکسچینج صرف کرنا پڑتا ۔ کیونکہ وہ ایک ہی قسم کا علاقہ ہے اور رنگپور کوٹ ادو سے قریب ہے ۔ اور وہاں جو امریکن کنٹریکٹر ہے اس نے اپنا دفتر قائم کیا ہؤا تھا نیز اس کی ورکشاپ اور مشینری بھی وہاں موجود تھی ۔ جب اس کے ساتھ بات ہوئی تو اس نے رنگ پور یونٹ کو کوئی فارن ایکسچینج طلب کئے بغیر مکمل کرنا منظور کر لیا ۔ اور اس سے پہلے کے کوٹ ادو یونٹ کے منظور شدہ ریٹ کے اوپر ۔ پھر اس نے یہ پاکستانی کرنسی میں لینا منظور کر لیا ۔ اس لیے ہم نے اس کو یہ کنٹریکٹ دے دیا اور اپنا فارن ایکسچینج بچایا اگر کسی اور کو دیتے تو یقیناً ہمیں فارن ایکسچینج دینا پڑتا اور میں یہ سمجھتا ہوں کہ کوٹ ادو والے ٹینڈر کی قیمت پر پاکستانی کرنسی میں یہ کام کرانے سے ہمارے ملک کو فائدہ پہنچا ہے کوئی نقصان نہیں ہوا ۔

مسٹر حمزہ ۔ کیا یہ حقیقت نہیں کہ آپ متعدد بار اس ایوان کو یقین دلا چکے ہیں ۔ کہ جو کام پاکستانی انجینئر یا ٹھیکیدار کر سکتے ہیں وہ ہم اپنے ملک اور وطن کے انجینئروں اور ٹھیکیداروں سے کرائیں گے ۔ اس کے پیش نظر آپ نے کھلے ٹینڈر لینے کی زحمت کیوں گوارا نہ فرمائی ۔

وزیر آبپاشی و برقیات ۔ جناب والا ۔ جیسا کہ میں نے عرض کیا

ہے چونکہ اس کے لئے ہم نے ٹھیکیدار کو کوئی فارن ایکسچینج نہیں دیا اور اس نے ریٹ بھی وہی پرانا رکھا ہے اس سے ہمیں بہت زیادہ فائدہ ہو رہا تھا، اس لئے ہم نے ایسا کیا۔

WAPDA House

*10115. **Mr. Hamza** : Will the Minister for Irrigation and Power be pleased to state :—

(a) whether it is a fact that the construction of WAPDA House in Lahore has been completed and the various offices of WAPDA are being shifted to this building ;

(b) whether it is a fact that some of the buildings hired by WAPDA in Lahore are still in the occupation of the said Authority ; if so, the number of such buildings, the monthly rent paid for each building and the names of owners of these buildings ;

(c) whether it is also a fact that some portion of the said WAPDA House is being leased out ; if so, reasons therefor ?

پارلیمنٹری سیکریٹری (میاں غلام محمد احمد خان مانیکا)۔ اس کی ابھی اطلاع حاصل کی جا رہی ہے۔

مسٹر حمزہ۔ جناب والا۔ کیا انہیں اپنی کچھ اطلاع ہے۔

مسٹر سپیکر۔ مانیکا صاحب، اس سوال کے متعلق تمام تفاصیل لاہور سے دستیاب ہو سکتی ہیں۔ سوال کا نوٹس ۸ دسمبر ۱۹۶۷ء کو دیا گیا تھا۔ اس کی کیا وجوہات ہیں کہ اس کا جواب تیار نہیں ہو سکا۔

پارلیمنٹری سیکرٹری - جناب اس کا جواب منسٹر صاحب دے سکتے ھیں - انہوں نے یہ سوال وصول کیا تھا -

Mr. Speaker : Would Makhdum Sahib like to reply to this query ?

وزیر آبپاشی و برقیات - بہر حال میں یہ بات ندامت کے ساتھ عرض کرونگا کہ واپڈا کے متعلق جتنے سوال تھے ان کے جواب وصول نہیں ہو سکے - میں آج ھی چیئرمین صاحب کو اس سلسلہ میں ایک تاکیدی نوٹ لکھتا ہوں -

ملک محمد اختر - پوائنٹ آف آرڈر - جناب والا - جب وہ ان سوالات کا جواب دے رہے تھے تو واپڈا کے ہیڈ آفس کی بجلی فیل ہو گئی تھی -

Mr. Speaker : That is not a point of order.

چودھری محمد سرور خان - جناب والا - میرے پچھلے ایک سوال کے جواب میں منسٹر صاحب نے فرمایا تھا کہ وہ واپڈا سے وابستہ ہیں - میں نے انہیں عرض کیا تھا کہ آپ اس کے ساتھ غیر موثر طور پر وابستہ ہیں کیا وہ اب اسے تسلیم کریں گے ؟

بیگم اشرف برنی - میں جناب وزیر آبپاشی سے یہ معلوم کرنا چاہتی ہوں واپڈا ہاؤس کے سلسلہ میں کہ کس کو اس کا کنٹریکٹ دیا گیا تھا -

مسٹر سپیکر - یہ سوال اس سے متعلقہ نہیں ہے -

بیگم اشرف برنی - جناب والا - میں اسے اس سوال سے متعلق کرنا چاہتی ہوں - کیونکہ میں ذرا لیٹ ہو گئی ہوں - - - - (قہقہہ)

جناب والا ۔ انہوں نے جو خرچہ ۱۶۸۷ روپے فی مربع فٹ کے حساب سے دیا ہے ۔ that is far too high ۳۵،۴۰ روپے فی مربع فٹ تھرڈ کلاس کنسٹرکشن کا ریٹ ہوتا ہے ۔ جناب والا آپ اسے connect کر دیں اس میں تھوڑا بہت link ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ لیکن بیگم صاحبہ اس سوال کے جواب سے یہ ضمنی سوال پیدا نہیں ہوتا ۔

وزیر آبپاشی و برقیات ۔ یہ جو میں نے ۷۰ اعشاریہ کچھ cost بتائی ہے یہ بالکل صحیح ہے اور مجھے امید ہے کہ سپیکر صاحب بھی اس سے مطمئن ہیں ۔ ۔ (قہقہہ) ۔

مسٹر سپیکر ۔ مخدوم صاحب اس سوال کا جواب دینے کی اجازت تو میں نے دی نہیں ۔ مگر آپ نے جواب دے دیا (قہقہہ) ۔

Minister for Irrigation and Power : I am sorry for that Sir.

بیگم اشرف برنی ۔ جناب والا ۔ آپ اس کی اجازت دے دیں ۔ آپ ایسا کر سکتے ہیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ میرا خیال ہے کہ مخدوم صاحب اس کا جواب دینا چاہتے ہیں اس لئے میں اجازت دیتا ہوں (قہقہہ) ۔

بیگم اشرف برنی ۔ کیا اور بھی ٹینڈر آئے تھے lowest ٹینڈر کی کیا پوزیشن تھی ۔ کل کتنے ٹینڈر آپ نے وصول پائے تھے ۔

وزیر آبپاشی و برقیات - گیمنز لمیٹڈ کی quotation جو تھی وہ وہ ہمیں قابل قبول تھی -

Begum Ashraf Burney : One more supplementary Sir.

Minister for Power : Sir if you command me to do so ; I will reply.

Begum Ashraf Burney : Sir, the Minister has given half the answer to my question.

Malik Muhammad Akhtar : Point of order. These are not the consequences.

Mr. Speaker : At least I have not been able to appreciate this point of order. What does he mean by that ?

Malik Muhammad Akhtar : Sir, I don't press.

Begum Ashraf Burney : Sir, I am not satisfied with the half answer given by the Minister.

Minister for Irrigation & Power : Sir, it would violate the Rules of Procedure if I give reply without the chair's permission.

جب تک سپیکر صاحب اجازت نہ فرمائیں میں ان سوالات کا جواب نہیں دے سکتا -

مسٹر سپیکر - مخدوم صاحب یہ جو سوالات واپڈا کے متعلق تھے آپ نے sense آف دی ہاؤس تو معلوم کر لی ہوگی کہ فاضل ممبر صاحبان ان کے جوابات نہ آنے کے متعلق خاصے مضطرب معلوم ہوتے ہیں - میں یہ سمجھتا ہوں کہ آئندہ واپڈا کی طرف سے تمام جوابات مکمل آنے چاہئیں - دیگر محکمہ جات سوالات کے جوابات بہت اچھی طرح دے رہے ہیں

ان کے تمام کے تمام سوالات کے جواب فہرست میں شامل ہوتے ہیں ۔ میں سمجھتا ہوں یہ مناسب نہیں ہے کہ ایک محکمہ یا ایک ادارہ اپنے متعلق سوالات کے جوابات صحیح طور پر مہیا نہ کرے ۔

وزیر آبپاشی و برقیات ۔ جناب والا ۔ میں نے عرض کیا ہے کہ ان کی اس کوتاہی کی وجہ سے مجھے اس ایوان میں ندامت ہو رہی ہے ۔ تقریباً ۱۹ سوالات تھے جن میں سے ۱۶ یا ۱۷ کے جوابات انہوں نے نہیں دئیے ہیں ۔

POWER HOUSE AT MULTAN

*10116. **Mr. Hamza** : Will the Minister for Irrigation and Power be pleased to state :—

(a) the generating capacity of the Power House set up at Multan and the Kilowatts of Electricity actually generated by it ;

(b) in case the said Power House is not functioning to its full capacity, reasons therefor ?

Parliamentary Secretary (Mian Ghulam Muhammad Ahmed Khan Maneka) : (a) Installed capacity = 265, 700 Kilowatts.
Maximum load recorded = 120, 700 Kilowatts.
during April, 1968.

(b) Two Units at Multan Power House are under overhaul.

مسٹر حمزہ ۔ کیا جناب وزیر برقیات مجھے یہ بتائیں گے کہ ایک لاکھ بیس ہزار سات سو کلوواٹ بجلی جو کہ یہ بجلی گھر کتنے

عرصہ سے پیدا کر رہا ہے اور کب تک پیدا کرتا رہے گا ۔ اور اس کی وجہ سے محکمہ برقیات یا واپڈا کو کتنا نقصان ہو رہا ہے ۔

وزیر آبپاشی و برقیات ۔ اسے اس شکل میں نہیں لینا چاہیے اس کے متعلق پہلے کافی بحث ہو چکی ہے ۔ اس وقت حقیقت یہی ہے کہ دو یونٹ بند ہیں اور دو چل رہے ہیں ۔ چونکہ وہ overhaul ہونے تھے ۔ پندرہ ہزار گھنٹے چلنے کے بعد یہ overhaul ہونے چاہئیں مگر چونکہ ہمارے پاس جنریٹرز کی کمی تھی ، اس لئے ہم انہیں ۲۰ - ۲۵ ہزار گھنٹے تک چلاتے رہے ۔ اس وقت بجلی کی کمی تو ہے مگر اس سے سپلائی میں overall کمی محسوس نہیں ہو رہی کیونکہ یہ کمی ہم دوسرے پاور سٹیشنوں سے پوری کر رہے ہیں ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب والا ۔ آپ نے میرے سوال کے حصہ ''ب'' میں فرمایا ہے کہ بجلی پیدا کرنے والی مشینوں کو اوور ہال کر رہے ہیں ۔ کیا یہ مشینیں خراب ہوگئی تھیں اس لئے کھڑی ہیں ۔

وزیر آبپاشی و برقیات ۔ جناب والا ۔ جیسا کہ میں نے آپ سے عرض کیا ہے کہ یہ کافی under load رہے تھے ۔ ان کو ۱۵ ہزار گھنٹے کے بعد overhaul کرنا ضروری ہوتا ہے ۔ اب یہ بیس پچیس ہزار گھنٹے پر بھی overhaul نہیں ہوئے کیونکہ ہمارے پاس پاور کی کمی تھی اس وجہ سے ہم afford نہیں کر سکتے تھے کہ ان کو shut down کر سکیں ۔ ان کو overhaul کرنا بھی due ہے وہ اب duly overhaul ہونے ہیں ۔

ملک محمد اسلم خان ۔ جناب والا ۔ یہ دونوں یونٹ کب سے overhaul ہونے ہیں ؟

وزیر آبپاشی و برقیات ۔ یہ پچھلے سال سے by rotation overhaul ہو رہے ہیں ۔

نواب زادہ غلام قاسم خان خاکوانی ۔ جناب والا ۔ مخدوم صاحب نے فرمایا ہے کہ دو یونٹوں کی کمی کی وجہ سے بجلی میں کمی ہے مگر overall بجلی ملتان کے جنریٹر سے نہیں آ رہی ہے ۔ میں مخدوم صاحب سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ ملتان ڈسٹرکٹ میں تحصیل وہاڑی اور بوریوالہ کے علاقے میں اب بھی دن کو بجلی نہیں آتی ہے رات کو بجلی چلتی ہے کیا اس کمی کو وہ محسوس کرتے ہیں یا وہ overall ٹھیک چلتی ہے ؟

وزیر آبپاشی و برقیات ۔ جناب والا ۔ مجھے یہ معلوم کرنا ہوگا کہ یہ ایسا ہے اگر ایسا ہے تو اس کی وجہ سے پاور میں کمی نہیں ہو سکتی ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ میں نے ضمنی سوال صرف اس لئے پوچھا ہے کہ جو مشینری اوور ہال کی جاتی ہے محض وقتاً فوقتاً کھول کر اسکی دیکھ بھال کی جاتی ہے اسکے مقابلہ میں break down اسے کہتے ہیں جب مشینری میں نقص پڑ جاتا ہے اس لئے اسے مجبوراً کھولنا پڑے ۔ وزیر صاحب نے میرے ضمنی سوال کا جواب دیتے ہوئے فرمایا تھا کہ بعض یونٹ ایسے بھی ہیں جو ۱۹۶۷ء سے کھڑے ہیں ان میں چوتھا یونٹ ۱۹۶۹ء میں چالو ہوگا ۔ اس کا یہ مطلب ہوگا کہ یہ تقریباً دو سال کھڑا رہے گا ۔ آپ کا یہ

فرمانا کہ آپ اسکو overhaul کر رہے ھیں درست نہیں میں مؤدبانہ عرض کروں گا ۔ کہ آپ اس ایوان کو درست اطلاع دیں غلط بیانی کرنے کی زحمت گوارا نہ کریں حقیقت یہ ہے کہ ان میں بھی بڑا نقص پڑ گیا ہے؟

وزیر آبپاشی و برقیات ۔ جناب والا - یہ الگ سوال ہے کہ اس میں نقص ہے یا نہیں ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ جو پچھلے سال overhaul ھوا ہے وہ اب کمشن ھوا ہے ۔ جو پچھلے سال سے چل رہے ہیں ان کو shut down کرکے پھر overhaul کر رہے ہیں ۔

DEVELOPMENT WORK IN RESPECT OF ELECTRICITY

*10187. **Haji Ghulab Khan Shinwari :** Will the Minister for Irrigation and Power be pleased to state the amount spent by WAPDA during each year of the Third Five-Year Plan Period on the development work in respect of electricity (*i*) in each of the integration units in the Province and (*ii*) in Tribal Areas ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (میاں غلام محمد احمد خان مانیکا) ۔ جناب والا ۔ اس کا جواب ابھی تک موصول نہیں ھوا ۔

Mr. Speaker : This question would be repeated on the next turn.

WAPDA HOUSE

*10200. **Kazi Muhammad Azam Abbasi :** Will the Minister for Irrigation and Power be pleased to state whether it is a fact that the Car Park of the WAPDA House has also been Air-Conditioned ; if so, reasons thereof ?

Parliamentary Secretary (Mian Ghulam Muhammad Ahmed Khan Maneka) : No, question does not arise.

میاں محمد شفیع ۔ جناب والا ۔ واپڈا ہاؤس کی تمام عمارت ایئرکنڈیشنڈ ہے ۔ جہاں پرکار پارک کرنے کا انتظام کیا ہوا ہے ۔ وہ بھی ایئرکنڈیشنڈ ہے جب کاریں وہاں سے باہر نکلتی ہیں وہ دو دو گھنٹے تک ٹھنڈی رہتی ہیں ۔ انہوں نے اپنے جواب میں ''جی نہیں'' لکھ دیا ہے ۔ کیا یہ جواب صحیح دیا ہے؟

Minister for Irrigation & Power : At least our car parks have not been air conditioned.

حاجی سردار عطا محمد ۔ کیا یہ کار پارک ایئرکنڈیشنڈ کیا گیا ہے ۔

وزیر آبپاشی و برقیات ۔ (سندھی) ۔ یہ پارک ایئرکنڈیشنڈ نہیں کیا گیا ہے ۔

چودھری محمد سرور خان ۔ کیا جناب وزیر صاحب وضاحت کے ساتھ فرمائیں گے ۔ کہ ان کا جواب درست ہے یا جو آنکھوں دیکھا حال روز دیکھتے ھیں وہ درست ہے ۔ ان دونوں باتوں میں سے کونسی بات درست ہے آیا وہ جگہ ایئرکنڈیشنڈ ہے یا نہیں ھے ؟

مسٹر سپیکر ۔ انہوں نے پہلے یہ جواب دیا ہے کہ یہ جگہ ایئرکنڈیشنڈ نہیں ہے ۔

حاجی سردار عطا محمد ۔ جناب والا ۔ اس کے اوپر تحریک استحقاق بھی آ سکتی ہے ۔ میں مخدوم صاحب کی خدمت میں عرض کروں گا

کہ آیا یہ جواب صحیح طور پر دے رہے ہیں ؟

وزیر آبپاشی و برقیات ۔ صحیح جواب دیا ہے ۔

رائے منصب علی خان کھرل ۔ جناب والا ۔ واپڈا کے ساتھ جو عجیب و غریب داستانیں وابستہ ہیں ان کے پیش نظر میں یہ بات وثوق سے کہتا ہوں کہ کار پارک کی جگہ ایئرکنڈیشنڈ ہے ابھی اسکو جاکر دیکھا جا سکتا ہے ۔ ان کا یہ جواب غلط ہے ۔

چودھری محمد سرور خان ۔ جناب والا ۔ وہ جگہ اتنی ایئرکنڈیشنڈ ہے کہ کسی بڑے آدمی کو دو گھنٹے تک رکھا جائے تو وہ یخ ہو سکتا ہے ۔

وزیر آبپاشی برقیات ۔ جناب والا ۔ واپڈا کی عمارت میں ایئرکنڈیشننگ کافی اچھی ہے اور یہ کار پارک basement میں ہے ۔ ممکن ہے ایسے تاثرات لئے جاتے ہوں مگر basically کار پارک ایئرکنڈیشنڈ نہیں ہے ۔ ممکن ہے کوئی ایسا اثر ہوتا ہو میں نے محسوس نہیں کیا ہے ۔ اگر کسی صاحب نے محسوس کیا ہے تو یہی وجہ ہو سکتی ہے کہ چونکہ وہ basement کے اندر ہے اس لئے کوئی ایسا تاثر لیا گیا ہو ۔

Basically that has not been air-conditioned.

Nawabzada Ghulam Qasim Khan Khakwani : Sir, when the building is centrally air-conditioned and the car park is inside the building how is it not air-conditioned. Does the Minister take full responsibility of the correct reply ?

Minister for Irrigation and Power : It is not basically air-conditioned.

Mr. Speaker : There was a pertinent supplementary from Nawabzada Ghulam Qasim Khan Khakwani. Does the Minister accept responsibility of the correctness of this answer.

Minister for Irrigation & Power : Yes Sir.

رائے منصب علی خان کھرل ۔ جناب والا ۔ مخدوم صاحب نے ابھی فرمایا ہے کہ شاید کسی وجہ سے یہ تاثر ہو گیا ہو کہ یہ الیرکنڈیشنڈ ہے ۔ میں ان کی خدمت میں عرض کروں گا کہ واپڈا کے متعلق ہو تاثر غلط کیوں ہوتا ہے ؟ ہر بات اور ہر تاثر جو ہوتا ہے وہ الٹ کیوں ہوتا ہے ؟

چودھری محمد سرور خان ۔ اسکی ہیئت ترکیبی ھی غلط ہے ؟

Mr. Speaker : Next question.

---

*۱۰۲۰۱ ۔ **قاضی محمد اعظم عباسی** ۔ کیا وزیر آبپاشی و برقیات از راہ کرم بیان فرمائیں گے کہ :۔

(الف) آیا یہ امر واقعہ ہے کہ مورخہ ۱۹ اکتوبر ۱۹۶۷ء کو واپڈا کا ایک اسسٹنٹ لائن مین مال ، لاہور پر بجلی کے ایک کھمبے کی مرمت کرتے ہوئے بجلی کا جھٹکا لگنے سے ہلاک ہو گیا ۔

(ب) آیا یہ بھی امر واقعہ ہے کہ مرحوم نے اپنے پیچھے ایک بیوہ اور دو یتیم بچے چھوڑے ہیں اور یہ کہ کنبے میں صرف وہی ایک کمانے والا فرد تھا ۔

(ج) اگر جزو (الف) و (ب) بالا کا جواب اثبات میں ہو تو آیا متذکرہ حادثہ کی انکوائری کی گئی ہے ؟ اگر ایسا ہو تو

انکوائری سے کیا نتائج برآمد ہوئے ۔ نیز غفلت کے ذمہ دار افراد کے خلاف کیا کارروائی کی گئی ۔ اور اگر اب تک ان کے خلاف کوئی کارروائی نہ کی گئی ہو تو اس کی وجوہ کیا ہیں ۔

(د) آیا حکومت نے مرحوم کے پسماندگان کو کچھ مالی امداد دی ہے ۔ اگر نہیں تو اس کے وجوہ کیا ہیں ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری (میاں غلام محمد احمد خان مانیکا) :۔ (الف) جی ہاں ۔ ہال روڈ اور میکلوڈ روڈ کے چوک پر ۔

(ب) جی ہاں ۔

(ج) جی ہاں ۔ اس کیس کے لئے مقرر کی گئی کمیٹی نے یہ فیصلہ دیا ہے کہ مرحوم اس افسوسناک حادثہ کے لئے خود ہی ذمہدار تھا ۔

(د) جی ہاں مورخہ ۲۶-۱۰-۶۷ کو کمشنر برائے معاوضہ مزدوران لاہور کے پاس ۶,۰۰۰ روپے جمع کرا دئے گئے تھے ۔

حاجی سردار عطا محمد ۔ جناب سپیکر ۔ جواب کے حصہ (ج) میں یہ کہا گیا ہے کہ وہ اپنی موت کا ذمہ دار خود تھا تو کیا اس نے خودکشی کی تھی ۔

وزیر آبپاشی و برقیات ۔ اس نے خودکشی تو نہیں کی تھی

لیکن بات دراصل یہ ہے کہ وہ سند یافتہ نہیں تھا اس لیے جس پول پر چڑھ کر اس نے کام کیا تھا ۔ اسے اسکی اجازت نہیں تھی ۔ جہاں تک اسکے جذبہ خدمت کا تعلق ہے وہ قابل تعریف ہے لیکن اسے اس کام کی اجازت نہیں تھی جہاں اسے یہ افسوس ناک حادثہ پیش آیا ہے ۔

حاجی سردار عطا محمد ۔ جناب سپیکر ۔ جواب میں یہ بتایا گیا ہے کہ اسکے لئے چھ ہزار روپیہ جمع کر دیا گیا ہے ۔ تو کیا یہ رقم اسکے لئے جمع کی گئی ہے اور کیا یہ رقم اسکے ورثا کو ملگئی ہے ۔

وزیر آبپاشی و برقیات ۔ یہ رقم ان کو مل گئی ہو گی ۔ یہ رقم کمشنر برائے معاوضہ مزدوران لاہور کے پاس جمع کی گئی تھی کیونکہ یہ ادائیگی ان کے ذریعے ہونی تھی ہمارے ذریعے نہیں ہونی تھی ۔

خان اجون خان جدون ۔ جناب سپیکر ۔ میں یہ معلوم کرنا چاھتا ہوں کہ جس شخص کی موت اس افسوسناک حادثے کی وجہ سے واقع ہوئی ہے کیا وہ کسی افسر کی ہدایت کے ماتحت کام کر رہا تھا ۔ یا از خود ہی اس نے اس کام کو اپنے ہاتھ میں لیا تھا ۔ یعنی کیا وہ کوئی سرکاری کام کرنے کے لیے گیا تھا یا ویسے ہی از خود کوئی کام کر رہا تھا ۔

وزیر آبپاشی و برقیات ۔ جناب سپیکر ۔ تحقیقات میں کہیں یہ

بات ثابت نہیں ہوتی کہ وہ اپنے فرائض کی ادائیگی کی غرض سے یا کسی افسر کے کہنے پر مجبوراً وہاں کام کر رہا تھا - لہذا اس سے اخذ یہی کیا جائے گا کہ اس نے وہاں پر خود ہی کام کرنا مناسب سمجھا یا پھر یہ اسکی اپنی ہی کوئی considerations ہونگی جن کے تحت اس نے وہاں پر کام کرنا ضروری سمجھا - لیکن یہ ثابت ہے کہ وہ کسی اعلیٰ افسر کی ہدایت کے تحت وہاں پر کام نہیں کر رہا تھا -

خان اجون خان جدون - جناب سپیکر - میں یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ اس سلسلے میں جو تحقیقات کی گئی ہے اس کے لئے تحقیقاتی کمیٹی میں کن اصحاب کو شامل کیا گیا تھا - یعنی کیا کسی اعلیٰ افسر نے یہ تحقیقات کی تھی کیونکہ بہر حال یہ ایک انسان کی موت کا سوال ہے -

وزیر آبپاشی و برقیات - جناب سپیکر - سردست تو میں یہ بتانے سے قاصر ہوں کہ اس کمیٹی کے اراکین کون تھے لیکن ظاہر تو یہی ہوتا ہے کہ بااختیار افسران نے ہی تحقیقات کی ہو گی -

حاجی سردار عطا محمد - لیکن میرے سوال کا جواب تو نہیں دیا گیا کہ آیا اسکے ورثا کو رقم دیدیگئی ہے یا نہیں -

Mr. Speaker : Next question.

ENGINEERS OF THERMAL POWER STATIONS

*10226. **Haji Sardar Atta Muhammad** : Will the Minister for Irrigation and Power be pleased to state the names of Engineers who were sent abroad for training from Thermal Power Stations of Sukkur, Hyderabad, Lyallpur, Multan, Quetta and Kotri alongwith the (*i*) places of their domicile (*ii*) the names of schools where they got their primary education and (*iii*) their academic qualifications ?

Parliamentary Secretary (Mian Ghulam Muhammad Ahmed Khan Maneka) : The requisite information is given in the Statement placed on the table of the Assembly*.

حاجی سردار عطا محمد۔ جناب سپیکر۔ انہوں نے جواب تو دیدیا ہے لیکن جواب انہوں نے انگریزی میں دیا ہے جسکی وجہ سے میں ضمنی سوال نہیں پوچھ سکتا ۔

مسٹر سپیکر۔ مخدوم صاحب۔ حاجی صاحب یہ فرما رہے ہیں کہ آپ نے تفصیلات تو مہیا کر دی ہیں لیکن اردو میں آپ نے فراہم نہیں کی ہیں ۔

وزیر آبپاشی و برقیات۔ اس فروگذاشت کے لئے مجھے افسوس ہے۔

مسٹر سپیکر۔ حاجی صاحب۔ کیا آپ اسکے متعلق مزید اطلاعات معلوم کرنا چاہتے ہیں۔

حاجی سردار عطا محمد۔ جناب سپیکر۔ جب تک جواب اردو میں نہ دیا جائے میں کوئی ضمنی سوال نہیں پوچھ سکتا۔

**Please see Appendix III at the end.*

اس لئے اگر اس سوال کو پھر پوچھنے کی اجازت دی جائے تو مہربانی ہو گی ۔

مسٹر سپیکر ۔ یہ سوال اگلی باری پر پھر پوچھا جائے گا۔

*۱۰۲۲۷ حاجی سردار عطا محمد ۔ کیا وزیر آبپاشی و برقیات از راہ کرم بیان فرمائیں گے کہ :۔

سکھر تھرمل پاور سٹیشن پر کام کرنے والے جونیئر انجینئروں کے نام کیا ہیں نیز

(اول) ان کی جائے سکونت ۔

(دوئم) سکولوں کے نام جہاں سے انہوں نے پرائمری تعلیم حاصل کی۔

(سوئم) وہ کس تاریخ کو پہلی بار ملازمت میں آئے ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری (میاں غلام محمد احمد خان مانیکا) : منسلکہ فہرست میں مطلوبہ اطلاعات فراہم کر دی گئی ہیں * ۔

حاجی سردار عطا محمد ۔ جناب سپیکر ۔ میں یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ یہ انتخاب انہوں نے ڈویژنل level پر کیا ہے یا صوبائی سطح پر ان کا انتخاب کیا گیا ہے ۔

وزیر آبپاشی و برقیات ۔ یہ انتخاب صوبائی سطح پر کیا گیا ہے

---

*Please see Appendix IV at the end.

حاجی سردار عطا محمد - تو اسکے معنی یہ ہوئے کہ خیرپور ڈویژن سے تین اور حیدر آباد ڈویژن سے ایک انجینئر لیا گیا ہے اور باقی ڈویژنوں سے پانچ لئے گئے ہیں تو کیا اس ڈویژن سے مطلوبہ قابلیت کے یا سند یافتہ انجینئر انہیں دستیاب نہیں ہو سکتے تھے ؟

وزیر آبپاشی و برقیات - جناب سپیکر - انہوں نے سوال میں یہ پوچھا تھا کہ ان سٹیشنوں پر کون کون افسران متعین ہیں میرا خیال ہے کہ ان کا مقصد یہ معلوم کرنا نہیں تھا کہ اس ڈویژن سے زیادہ افسر کیوں لئے گئے - اب یہ ہو سکتا ہے کہ وہاں پر تعیناتی کی وجہ سے ان کی تعداد زیادہ ہو یہ بھی ہو سکتا ہے کہ حیدر آباد سے وہاں پر چار آدمی تعینات کئے گئے ہوں -

حاجی سردار عطا محمد - جناب سپیکر - میں نے جو ضمنی سوال دریافت کیا ہے وہ مخدوم صاحب کے جواب کی روشنی میں دریافت کیا ہے -

مسٹر سپیکر - حاجی صاحب - آپ نے جو سوال دریافت کیا تھا کہ اس وقت وہاں پر کتنے انجینئر کام کر رہے ہیں تو اس کی تفصیلات آپ کو فراہم کر دی گئی ہیں -

*۱۰۳۵۳ - **حاجی سردار عطا محمد** - کیا وزیر آبپاشی از راہ کرم بیان فرمائیں گے کہ :-

(الف) آیا یہ امر واقعہ ہے کہ وزیر مواصلات و تعمیرات جناب محمد خاں جونیجو نے نومبر ۱۹۶۷ء کے دوران

"غلہ زیادہ اگاؤ" مہم پر پیرپاله قصبہ میں تقریر کرتے ہوئے اعلان کیا تھا کہ حکومت سیم اور تھور کے انسداد کی سکیموں پر ۱۷ کروڑ روپے سے زائد خرچ کرے گی۔

(ب) ان اضلاع کے نام کیا ہیں جن میں متذکرہ سکیموں پر ۱۷ کروڑ روپے سے زائد رقم خرچ کی جائے گی۔ نیز کس وقت تک یہ خرچ دی جائے گی۔

(ج) ضلع تھرپارکر میں کتنے ایکڑ اراضی سیم اور تھور سے متاثر ہوئی ہے نیز متذکرہ علاقوں میں اب تک سیم اور تھور کے انسداد پر کتنی سکیموں پر رقم خرچ کی گئی۔

(د) جزو (الف) بالا میں متذکرہ رقم میں سے جزو (ج) بالا میں متذکرہ علاقوں کی سکیموں پر کتنی رقم مختص کی جائے گی؟

پارلیمنٹری سیکرٹری (میاں غلام محمد خان مانیکا)۔ (الف) جی ہاں۔

(ب) یہ رقم خیرپور۔ لاڑکانہ اور سکھر کے اضلاع میں خرچ کی جائے گی۔ یہ منصوبے فروری ۱۹۶۹ء تک مکمل ہو جائیں گے۔

(ج) ۳۶۴ ۶ ایکڑ اراضی سیم زدہ اور ۳۲۵۰۰۰ ایکڑ تھور سے متاثر ہے۔ تھرپارکر کے ضلع کے لیے کسی خاص تھور اور سیم کے منصوبہ پر ابھی تک عمل نہیں کیا گیا ہے۔

(د) جی نہیں۔

حاجی سردار عطا محمد۔ جناب سپیکر۔ میں یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ اس سکیم پر جو اتنا روپیہ خرچ کیا گیا ہے۔ میری اطلاع کے مطابق تو اسے ۱۹۶۶ء میں مکمل ہو جاتا تھا لیکن وہ فرما رہے ہیں کہ یہ منصوبہ فروری ۱۹۶۹ء میں مکمل ہوگا۔ تو کیا ان کا یہ جواب صحیح ہے۔

وزیر آبپاشی و برقیات (مخدوم حمیدالدین)۔ میری اطلاع یہی ہے کہ یہ منصوبہ فروری ۶۸ء میں ہی مکمل ہوگا۔

حاجی سردار عطا محمد۔ جناب سپیکر۔ جواب کے حصہ (ج) میں کہا گیا ہے کہ ضلع تھرپارکر میں ۳۶۴۱۶ ایکڑ اراضی سیم زدہ ہے اور ۳,۲۵,۰۰۰ ہزار ایکڑ اراضی تھور سے متاثر ہے، تو اس حساب سے جملہ اراضی جو کہ سیم اور تھور سے متاثر شدہ ہے وہ ۳,۶۱,۴۱۶ ایکڑ بنتی ہے۔ تو کیا اس سلسلے میں ان کی کوئی بھی سکیم نہیں ہے۔ تقریباً ساڑھے تین لاکھ ایکڑ اراضی سیم اور تھور کا شکار ہے اور باقی بھی ریت کی نذر ہے تو ان لوگوں کے گذارے کے متعلق انہوں نے کچھ سوچا ہے۔ کیا اس سلسلے میں وہ کوئی منصوبہ بنا رہے ہیں یا نہیں۔

وزیر آبپاشی و برقیات ۔ میں اس کے متعلق یہ عرض کروں گا کہ آپ اس بات سے اندازہ فرمائیں کہ فاضل وزیر مواصلات نے وہاں پر اپنی ایک تقریر کے دوران یہ اطلاع بہم پہنچائی تھی جو کہ صحیح بھی تھی اور جس سے ان کو خوش بھی ہونا چاہیے کہ اس علاقے میں اس سلسلے میں کئی کروڑ روپے خرچ کئے جا چکے ہیں اور مزید خرچ بھی کر رہے ہیں ۔ یہ سترہ کروڑ روپے ۱۹۶۹ء تک خرچ کئے جائینگے اور امسال جون کے ابتدا سے ہی اٹھارہ کروڑ روپے کی ایک اور سکیم شروع کی جائے گی جس میں آپ کے خیر پور کو بھی حصہ ملے گا ۔ SCARP روپڑی نارتھ سکیم دو ایک ماہ کے اندر اندر شروع ہونے والی ہے جس پر اٹھارہ کروڑ روپے خرچ ہوں گے ہم نے سترہ کروڑ روپے خرچ کرنے کا وعدہ پورا کر دیا ہے اور یہ سکیم تقریباً اختتام پذیر ہے اور یہ دوسری سکیم بھی فاضل وزیر مواصلات کی کوششوں سے اٹھارہ کروڑ کے صرف سے شروع کی جا رہی ہے امید ہے اس سے آپ مطمئن ہو گئے ہوں گے اور ساتھ ہی وزیر موصوف کے شکر گزار بھی ہوں گے ۔

حاجی سردار عطا محمد ۔ میں نے آپ سے تھرپارکر کے متعلق پوچھا تھا ۔

وزیر آبپاشی و برقیات ۔ تھرپارکر کے متعلق یہ ہے کہ جیسا کہ میں نے عرض کیا ہے ۔ سیم کے اثرات پنجاب میں دیکھیں تو بہت ہیں بہاول پور میں بہت ہیں ۔ سندھ میں ہر جگہ میں ہیں تو میں یہ عرض کر رہا تھا ۔ کہ تھرپارکر کے سروے کا کام جاری ہے ۔ یہ اتنے کروڑ روپے جو میں نے بتائے ہیں وہ آپ کے ضلع ، آپ کی ڈویژن میں اصلاح کرنے پر خرچ کرنے ہیں ۔

CHASHMA BARRAGE

10182. Sardar Manzur Ahmed Khan Qaisrani: Will the Minister for Irrigation and Power be pleased to state :—

(*a*) the date by which work on the Chashma Barrage would be completed ;

(*b*) whether there is any scheme to take out any canal from the said Barrage on its right bank ;

(*c*) if answer to (*b*) above be in the affirmative (*i*) the acreage of land to be commanded by the said canal ; (*ii*) whether the said canal would also irrigate the land in Tehsil Taunsa, District Dera Ghazi Khan ; if so, the total area to be irrigated ?

Parliamentary Secretary (Mian Ghulam Muhammad Ahmed Khan Maneka) : (*a*) The scheduled date of completion is 31st March, 1971.

(*b*) Yes.

(*c*) The area to be irrigated shall depend upon the availability of additional waters from the Indus River for which operation studies are being made. It would be premature to indicate any figures till the studies are completed.

سردار منظور احمد خان قیصرانی ۔ میں انہیں کیا سمجھوں کہ یہ محکمہ جواب نہیں دینا چاہتا یا یہ کہ ان کے پاس معلومات ہی نہیں جب کہ چشمہ بیراج کے متعلق انہوں نے کہا ہے کہ ۱۹۷۱ء تک مکمل ہو جائیگا اور رائٹ بنک کنال یہ بھی اس construction کا حصہ ہے تو اسکی تکمیل کب تک ہو جائیگی ۔ construction کے کام نہیں ان کو معلوم نہیں کہ کتنا پانی ہوگا اور کتنا ایریا آبپاش ہوگا ۔ اور جس نہر کا منہ بنایا جا رہا

ہے اس کا کام کب مکمل ہو جائیگا ۔ اور یہ دہانہ کتنا ہے ان کو یہ معلوم نہیں کہ کتنا پانی ہمارے پاس ہوگا اور کس قدر رقبہ آبپاش ہوگا ۔ یا یہ معلومات مجھے دینا نہیں چاہتے تو میں عرض کر رہا تھا کہ آپ نے (الف) کے جواب میں فرمایا ہے کہ چشمہ بیراج ۱۹۷۱ء تک مکمل ہو جائیگا اور (ب) میں میں نے پوچھا تھا کہ رائٹ بنک پر کنال نکل رہی ہے تو آپ نے جواب میں فرمایا تھا تو کیا یہ construction کا حصہ ہو گیا ؟ کیا وہیں سے نہر نکلے گی؟ اس کا دہانہ وہیں پر ہوگا ۔ جب دہانہ آپ بنا رہے ہیں تو کس مقصد کے لئے بنا رہے ہیں کتنے پانی کے لیے بنا رہے ہیں کتنے رقبے کے لیے بنا رہے ہیں یہ معلومات آپ مجھے بتانا ہی نہیں چاہتے یا آپ کے پاس موجود ہی نہیں ہیں؟

وزیر آبپاشی و برقیات (مخدوم حمیدالدین) . اگرچہ یہ سوال اس سے متعلقہ نہیں مگر میں سردار صاحب آپ کے اس سوال کے جواب میں عرض کرتا ہوں ۔ کہ دریائے سندھ جو سندھ اور پنجاب کو سیراب کرتا ہے جسکی وجہ سے مختلف نہروں کے واٹر رائٹس petermine ہوئے ۔ اب جیسا کہ آپ خود فرما رہے ہیں ۔ کہ یہاں ہیڈ ریگولیٹر بننے کے بعد رائٹ بنک کینال جو ہے جس کی remodleing بھی ہو گی اور ممکن ہے اس کی extension بھی ہو ۔ اور جیسا کہ آپ دریافت کرنا چاہتے ہیں کہ آیا وہ ڈیرہ اسمٰعیل خاں سے آگے چل کر ڈیرہ غازی خاں کے بھی کچھ علاقوں کو پانی دے سکے گی اور شاید اسی میں آپ interested ہیں یہ تو ساری چیزیں under consideration ہیں تو اس وقت چونکہ یہ pre-mature ہے کہ ہمیں نہر کی extension کن کن علاقوں

میں کرنی ہے ۔ تو اس کے پیش نظر پھر اس کینال کے واٹر رائٹس کو بھی revise کرنا ہوگا ۔ پھر یہ بھی دیکھنا ہوگا کہ آیا اس کا اثر دوسری نہروں ، یا دوسرے ایریاز یا ریجن پر کیا ہوتا ہے ۔ہم یہ چاہتے ہیں کہ اتنی extension کریں یا اتنا پانی لیں جسکی وجہ سے دوسرے علاقہ جات متاثر نہ ہوں ۔ تو اس کے پیش نظر extension کا امکان ہے مگر یہ بھی ہم نے فیصلہ نہیں کیا کہ یہاں سے کتنا پانی چھوڑا جائے ۔ اور کتنے ایریا کو سیراب کیا جائے ان implications کے پیش نظر یہ تجویز ابھی زیر غور ہے ۔

مسٹر امان اللہ خان شاھانی ۔ مخدوم صاحب نے جو جواب دیا ہے یہ پورا تسلی بخش نہیں ہے قیصرانی صاحب نے یہ پوچھا ہے کہ کل کتنا رقبہ اس سے سیراب ہوگا مگر آپ ہمیں لکھ کر نہیں دیتے کہ اس نہر سے جو آپ نکال رہے ہیں کتنا رقبہ سیراب ہوگا اور کتنا پانی دیا جائیگا ۔ یہ ٹھیک ہے کہ کبھی آپکے پاس پانی کی مقدار کم ہوگی کبھی زیادہ ۔ مگر رقبے کے متعلق آپ نہیں بتاتے منصوبہ بنانے کے وقت آپ رقبے کو تو ضرور مد نظر رکھتے ہیں آپ اس کے متعلق کیوں اعدادو شمار فراہم نہیں کرتے ۔

وزیر آبپاشی و برقیات ۔ اس کے متعلق میں نے عرض کیا ہے۔ کہ یہ فیصلہ پر منحصر ہے کہ ہم کتنا پانی انڈس سے divert کر سکتے ہیں ۔ اسکے بعد ھی ہم یہ آپکو بتا سکیں گے اس مقدار سے کتنا علاقہ سیراب ہو سکیگا ۔

مسٹر سپیکر - لیکن مخدوم صاحب فاضل ممبر آپ سے یہ پوچھنا چاہتے ہیں - کہ جب یہ منصوبہ تیار کیا گیا تھا تو اس وقت Technical Report, Feasibility Report اور Technical Examination جیسی چیزیں آپ کے پیش نظر ہوتی ہیں تو کیا آپکو اس وقت یہ چیز پہلے معلوم نہیں تھی کیونکہ - - -

وزیر آبپاشی و برقیات - جناب والا - یہ صحیح ہے مگر اس کے متعلق مجھے یہ علم ہے کہ ہیڈ ریگولیٹر سے تقریباً ۳ لاکھ ایکڑ رقبہ سیراب ہوگا -

دیوان سید غلام عباس بخاری - جناب والا - تقریباً ایک ماہ کا عرصہ ہوگیا ہے کہ میں نے ایک سوال واپڈا کے متعلق پوچھا تھا جس کے جواب میں یہ کہا گیا تھا کہ جواب موصول نہیں ہوا - میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ اسکے جوابات کب تک موصول ہو جائیں گے -

مسٹر سپیکر - جن سوالات کے جوابات موصول نہیں ہوئے پھر کسی مرتبہ repeat کئے جائیں گے - اور آپ کو ان کے پوچھنے کا موقع ملے گا -

دیوان سید غلام عباس بخاری - جناب والا - یہ تو ایک مہینے کی بات ہے یہاں تو چھ چھ مہینے کے پڑے ہوئے سوالات ہیں - جن کا انہوں نے جواب نہیں دیا -

صاحبزادہ نور حسن - جناب والا - سوال نمبر ۱۰۹۶۹ جس کا جواب میں نے پوچھا تھا اور جو جواب محکمہ کی طرف سے دیا گیا تھا وہ بالکل غلط ہے - آپ خود ملاحظہ فرمائیں -

وزیر آبپاشی و برقیات - وہ تو ملاحظہ فرمایا جائیگا جس وقت under discussion ہوگا -

صاحبزادہ نور حسن - میں جناب سپیکر کے توسل سے آپ کی خدمت میں یہ گزارش کرنا چاہتا ہوں کہ اگر آپ محض محکمہ کی طرف سے مہیا کردہ اطلاع یہاں read out کر دیں - تو اس سے کچھ فائدہ نہیں ہو گا بشرطیکہ آپ دلچسپی لیکر عوامی معاملات کو حل کرنے کی کوشش کریں ۱۸ روپے فی ٹرک چارج کئے جا رہے ہیں ، میرے پاس حاصل پور ، چشتیاں کے Chamber of Commerce کے رویزولیوشن موجود ہیں ، اور وہاں کے ممبر صاحب بھی موجود ہیں - اور یہاں آپ کے محکمہ نے یہ لکھ دیا ہے ، کہ یہاں کوئی charm نہیں ہے -

مسٹر سپیکر - صاحبزادہ صاحب اس جواب میں یہ دیا گیا ہے کہ Contractor سے ۲۵ پیسے فی ٹرک loading اور unloading کے وصول کئے جاتے ہیں -

صاحبزادہ نور حسن - جناب والا - وہ ۱۸ روپے فی ٹرک بغیر load اور unload کے وصول کر رہے ہیں میرے پاس تحریری ثبوت بھی موجود ہے - - -

وزیر آبپاشی و برقیات - تو کیا آپ کے پاس کوئی رسید موجود ہے -

مسٹر سپیکر ۔ مخدوم صاحب رسید کا سوال نہیں ہے ۔ جب ایوان میں ایک فاضل ممبر بتا رہے ہیں اور وثوق سے کہہ رہے ہیں ۔ کہ وہاں ایسا ہو رہا ہے ۔ تو میں آپ سے استدعا کروں گا کہ آپ اس پر غور فرمائیں ۔

وزیر آبپاشی و برقیات ۔ یقیناً میں اس کے متعلق تحقیق کرونگا ۔ مگر صاحبزادہ صاحب نے فرمایا ہے کہ میرے پاس تحریری ثبوت ہے ۔

صاحبزادہ نور حسن ۔ میں گزارش کرنا چاہتا ہوں کہ بہاولنگر شوگر مل میں جتنے ٹرک وہاں سے پاس .....

مسٹر سپیکر ۔ بہرحال اس کے متعلق صاحبزادہ صاحب میں نے مخدوم صاحب سے عرض کیا ہے کہ وہ اس کے متعلق دیکھیں ۔ اگر آپ کے پاس کوئی ثبوت ہے تو آپ ان کو بتا دیجئے ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ ان کو یہ بھی ہدایت کر دیں ۔ کہ کبھی کبھی تو درست جواب دے دیا کریں ۔

Mr. Speaker: The Question Hour is now over.

ANSWERS TO STARRED QUESTIONS LAID ON THE TABLE

ELECTRIFICATION OF VILLAGES AND TOWNS IN TEHSIL DERA GHAZI KHAN

***10383. Sardar Manzur Ahmed Khan Qaisrani :** Will the Minister for Irrigation and Power be pleased to state :—

(*b*) the number of such villages and towns in tehsil Dera Ghazi Khan as have been electrified so far ;

(*b*) the number of other villages and towns in the said tehsil proposed to be electrified during the present Plan period ?

Minister for Irrigation and Power (Makhdum Hamid-ud-Din) : (a) Two.

(*a*) No definite number can be given as electrification of villages and towns during the present Plan period will depend on the financial justification and availability of funds in each case.

ELECTRIFICATION PLAN FOR TEHSIL TAUNSA

*10384. **Sardar Manzur Ahmed Khan Qaisrani :** Will the Minister for Irrigation and Power be pleased to state :—

(*a*) the present phase of electrification plan of tehsil Taunsa, District Dera Ghazi Khan ;

(*b*) the likely period by which the said tehsil would be fully electrified ;

(*c*) the names of villages and towns in the said tehsil to be electrified during the present Plan period ?

Minister for Irrigation and Power (Makhdum Hamid-ud-Din) : (a) 132 KV. transmission line from Kot Adu to D.I. Khan via Taunsa Sharif is under construction and is scheduled for completion by the middle of 1969.

(b) No plans for the electrification of the whole Tehsil have been made. The distribution net-work will however, be gradually expanded in the coming years according to the load demand and availability of finances.

(c) Only electrification of Taunsa Town is planned at present. The villages will be electrified after extension of distribution net work and establishing economic feasibility in each case.

OPENING OF REHRA MINOR IN TEHSIL TAUNSA

*10385. **Sardar Manzur Ahmed Khan Qaisrani** : Will the Minister for Irrigation and Power be pleased to state :—

(a) whether sanction has been accorded for the opening of Rehra minor in tehsil Taunsa, District Dera Ghazi Khan ;

(b) if answer to (a) above be in the affirmative, the likely date by which work on the said minor will be (i) taken in hand and (ii) completed ?

Minister for Irrigation and Power (Makhdum Hamid-ud-Din) : (a) Yes, the scheme has been administratively approved.

(b) (i) The work was started during April, 1968.

(ii) It will be completed during 1968-69, subject to availability of funds.

ALLOCATION OF AMOUNT FOR PROVIDING IRRIGATION FACILITIES

*10394. **Sardar Manzur Ahmed Khan Qaisrani** : Will the Minister for Irrigation and Power be pleased to state :—

(a) the total area of irrigated land in the Province alongwith the amount allocated by the Government for providing irrigation facilities during the year 1967-68 ;

(b) the total area of irrigated land in District Dera Ghazi Khan alongwith the amount allocated by the Government for providing irrigation facilities to the said District during the year 1967-68 ?

Minister for Irrigation and Power (Makhdum Hamid-ud-Din) : (a) (i) Acres 2, 86,15,249. (ii) Rs. 10,24,86,592.

(b) Acres 5,08,623.

Rs. 87,98,000.

WIND MILL

***10446. Haji Sardar Atta Muhammad:** Will the Minister for Irrigation and Power be pleased to state :—

(a) whether the wind mill set up in village Kasbo, taluka Nagarparkar, District Tharparkar has started functioning ;

(b) the dates on which work on the setting up of the said wind mill was started and completed alongwith the expenditure incurred thereon, the number and nature of staff posted at present for the maintenance of the said wind mill and the total annual emoluments of the said staff ;

(c) the purpose for which the said wind mill was set up ;

(d) whether it is a fact that staff posted at the said wind mill do not allow the cattle of the people to drink water drawn by it except on payment ;

(e) whether it is a fact that the said wind mill staff maintain a complete record of expenditure being incurred regularly on the cultivation of various crops on the land attached to the wind mill, but do not maintain any account of income derived from the sale of vegetables grown thereon ;

(f) whether there is any scheme to sell out the water drawn by the said wind mill to zamindars through auction ; if so, the time by which the said scheme will be implemented ?

Minister for Irrigation and Power (Makhdum Hamid-ud-Din): (a) Yes.

(b) The work was started on 1.4.66 and completed on 25.4.66.

The expenditure was Rs. 18,558/78.

The No. and nature of staff posted at present are as under :—

1. Gauge reader for recording discharges, observation of well, and recording of Wind speed at site. One
2. Chowkidar One

3.	Beldar	One
4.	Oilman	Part-time (only 1/3 wages)
5.	Carpenter	Debitable of maintenance of Wind Mill.

The total Annual Emolument of the staff comes to : Rs. 3,220/- only.

(c) The Wind Mill is installed as a pilot project in order to collect the basic data viz. the Wind Mill speed prevalent in the area, quality as well as quantity of water available, other Hydraulic data.

(d) Separate storage tank has been constructed for the cattle. No payment is demanded for allowing the cattle to drink water.

(e) No. crop is being sown in the land attached with the Wind Mill.

No expenditure is being incurred, as such no account is being maintained. There is no income from sale of vegetables even.

(f) No.

TUBEWELLS

*10447. **Haji Sardar Atta Muhammad :** Will the Minister for Irrigation and Power be pleased to state :—

(a) whether the work of boring the tubewells in Parkar Area, taluka Nagarparkar, District Tharparkar has been started ;

(b) if answer to (a) above be in the affirmative, the date on which the staff was posted in the said area for the said purpose, the total amount of salaries and Travelling Allowance/Dearness Allowance paid to the said staff, the expenditure incurred on the repair and maintenance of motor

vehicles provided to the said staff, labour charges and other items during 1966 and 1967, the place at which the said work is being carried out and the depth of the said boring in feet carried out during the said years ;

(c) whether the work of boring has ever been checked by superior officers ; if so, the designation of these officers ;

(d) the total mileages covered by the vehicles mentioned in (b) above along with the quantity of petrol consumed by them in 1966 and 1967 and the names of the petrol pumps from which the said staff received the petrol for the said vehicles ?

Minister for Irrigation and Power (Makhdum Hamid-ud-Din) : (a) Yes ;

(b) (i) Date on which staff was posted = 1-4-66

(ii) Total amount of salaries of staff & T.A/DA :— =

1965-66	= Rs. 3,917
1966-67	= Rs. 7,434
1967-68	= Rs. 4,326

(iii) Expenditure on repairs, maintenance of vehicles labour charges, storage charges etc :—

1965-66	= Rs. 65,844
1966-67	= Rs. 41,8.7
1967-68	= Rs. 8,209

(iv) Depth of experimental bores :—

Kasbo	= 250 feet
Phulpur	= 250 feet
Addigam	= 250 feet

(c) The boring work was carried out under the supervision of Sub-Divisional Officer, Mechanical and was inspected by the Executive Engineer and Superintending Engineer.

(d) (i) Distances covered :—

1965-66	= 4,241 miles
1966-67	= 16,003 miles
1967-68	= 9,860 miles

(ii) Consumption of Petrol :—

1965-66	= 423 gallons
1966-67	= 2357 gallons
1967-68	= 986 gallons

(iii) Names of Agencies supplying the petrol :—

(a) Government Store.

(b) Baddin Petrol Pump

(c) Sind Motor Pump, Hyderabad,

(d) Seth Kangimal Wasandlal Petrol Pump, Naukot,

(e) Metro Service Station, Hyderabad,

(f) Esso Gasoline Petrol Service, Mirpurkhas.

CONSTRUCTION OF DAM ON KARAN RIVER

*10496. **Chaudhri Idd Muhammad :** Will the Minister for Irrigation and Power be pleased to state whether the resolution passed by the Divisional Council Sargodha at its meeting held on 3rd December 1967 regarding the construction of a Dam on Karan River in Mianwali District has been received by the Irrigation and Power Department ; if so, the action taken thereon ?

Minister for Irrigation and Power (Makhdum Hamid-ud-Din) : The resolution in question has not so far been received in the Irrigation and Power Department.

---

*۱۰۵۰۲ - چودھری عید محمد - کیا وزیر آبپاشی و برقیات از راہ کرم بیان فرمائیں گے کہ :-

(الف) تربیلا ڈیم کی تعمیر کے لئے ٹنڈر کب کھولے گئے ۔ اور اس ٹھیکیدار کا نام کیا ہے جسے تعمیر کا کام تفویض کیا گیا ہے ۔

(ب) حکومت اور متعلقہ فرم کے درمیان کئے جانے والے معاہدہ کی تفاصیل کیا ہیں ۔

(ج) تعمیر کا کام کب تک مکمل ہوگا اور اس کی تفاصیل کیا ہیں ۔

وزیر آبپاشی و برقیات (مخدوم حمیدالدین) : (الف) (۱) ۳۰-۱۱-۱۹۶۷

(۲) ٹھیکہ کے دینے کے ارادے کی چٹھی میسرز تربیلا جائنٹ وینچر (امپریگیلو کے زیر انتظام اٹلی اور فرانس کنسورٹیم) کو مورخہ ۱۲ اپریل ۱۹۶۸ء کو بھیجی گئی تھی ۔

(ب) گورنمنٹ اور کمپنی کے درمیان فی الحال کوئی معاہدہ نہیں کیا گیا ہے تاہم معاہدے کی شرائط وہی ہونگی جو کہ ٹینڈر میں درج کی گئی تھیں ٹھیکیدار نے اپنے ٹینڈر میں کوئی مزید خاص شرائط نہیں عائد کیں ۔

(ج) (۱) مارچ ۱۹۷۵ء تک ۔

(۲) تخمیناً لاگت ۳۹۳۰۸۹ کروڑ روپے ہوگی ۔

NON-SUPPLY OF POWER TO CERTAIN LOCALITIES IN LAHORE

***10571. Chaudhri Idd Muhammad** : Will the Minister for Irrigation and Power be pleased to state :—

(a) the names of localities in Lahore fed by the Saidpur Electric Supply Station ;

(b) whether it is a fact that the said Station could not supply electric power to certain localities and areas of Lahore during the years 1967; if so, names of these areas and localities alongwith reasons thereof and the action taken by Government against the officials responsible for it ?

Minister for Irrigation and Power (Makhdum Hamid-ud-Din) : (a) As per statement placed on the Assembly Table.

(b) No. Some load shedding had, however, to be carried out for periods ranging from a few minutes to an hour during peak load hours only in certain parts of these localities on an average of 3-4 days in a month due to overloading of the transformer. No action against any official is contemplated as none is responsible for it. However, part of this area will be fed from additional transformer to be erected at Rivaz Gardens Sub-Station.

STATEMENT

Sultanky, Shahpur, Khurd Pur, Katar Bund, Shah Pur Balagarh, Mohanwal, Chak Piplianwala, Kharaka, Nawas Nagar, Amirpur, Jugian, Bhoptian, Village Sunder, Pakki Thati, Babu Sabu, Ali Raza Abad, Ilaqa Nawab Sahib, Sanda Kalan, Sanda Khurd, Sham Nagar, P & T Colony, New Samanabad, National Bank Colony, Sanda Shamas Din, Sande Bhadian; Bund Road, Krishan Nagar, Sant Nagar, Chauburji Quarters, Maraka Quarters, Sodiwal, Saudi Park, Union Park, Chaudhry Colony, Bank Colony, Muslim Colony, Old Rifle Range etc.

POWER GENERATING UNITS IN THE PROVINCE

*10711. **Mian Nazeer Ahmed** : Will the Minister for Irrigation and Power be pleased to state :—

(a) the present number of Power Generating Units in the Province ;

(b) whether it is a fact that orders have been placed by the Provincial Government to import machinery to instal more Power Generating Units

in the Province during 1968; if so, (i) what foreign exchange would be spent for the purpose (ii) when the machinery is expected to arrive (iii) where the Power Generating Units would be installed alongwith their power capacity (iv) when the Power Generating Units are expected to be commissioned into service ?

Minister for Irrigation and Power (Makhdum Hamid-ud-Din) : (a) 492.

(b) Yes.

(i) Rs. 74.00 Million.

(ii) Machinery has already arrived.

(iii) One Unit of 100 M.W. at Mangla.
Four Units of 14.75 M. Ws. each at Shahdara.
Two Units of 14.75 M.Ws. each at Kotri.

(iv) Mangla Unit has already been commissioned in February, 1968. Units at Shahdara and Kotri are scheduled for commissioning by the end of 1968.

PROVIDING ELECTRICITY TO IMPORTANT TOWNS OF QUETTA AND KALAT DIVISIONS

*10768. **Mian Saifullah Khan** : Will the Minister for Irrigation and Power be pleased to state :—

(a) whether it is a fact that electric power can be transmitted on high tension satisfactorily upto 100 miles radius from WAPDA's Sheikhmandha Electric Thermal Plant near Quetta ;

(b) whether it is a fact that important towns of Quetta and Kalat Divisions, namely, Chaman, Hindubagh, Qila Saifullah, Ziarat, Sharigh, Machh, Sibi, Noushki and Kalat are located within 100 miles distance from Sheikhmandha Thermal Power Plant near Quetta ;

(c) if answer to (a) and (b) above be in the affirmative, whether Government intend to provide electricity to the said towns ?

Minister for Irrigation and Power (Makhdum Hamid-ud-Din) : (a) The transumission lines emnating from Sheikhmandha Power Station are of 66 K. V. which can normally be extended to 70 miles. However, in view of the slow development of load in Baluchistan area it may be extended even to 100 miles in certain cases.

(b) Yes, except Qila Saifullah and Sibi which are slightly more than 100 miles.

(c) The load prospects in the said area are under study. Electricity will be provided to such towns where economically feasible.

INVESTIGATIONS BY WAPDA ABOUT INDIGENOUS COAL

*10769. **Mian Saifullah Khan** : Will the Minister for Irrigation and Power be pleased to refer to the answer to part (f) of my starred question number 6399 given on the floor of the House on Ist June 1967 and state :—

(a) what is the analysis of the coal found at Lakra coalfield alongwith the percentage of moisture, fixed carbon, volatile matter, ash and heating intensity thereof ;

(b) the investigations so far made by WAPDA about the said coal and the further investigations proposed to be undertaken by the said Authority in this behalf ;

(c) whether it is a fact that WAPDA Electric Thermal Plant near Quetta is successfully running on indigenous coal found in coalmines near Quetta ;

(d) what is the percentage of sulphur, moisture, fixed, carbon, volatile matter, ash and heating intensity in coal mentioned in (c) above ?

Minister for Irrigation and Power (Makhdum Hamid-ud-Din) : (a) The results of analysis of the coal found at Lakra are not yet available.

(b) WAPDA is not making independent investigations about Lakra coal.

(c) Yes.

(d) The analysis results of samples of coal drawn from time to time at Quetta reveal the following percentages :—

Sulphur	..	..	..	1·4 % approx.
جناب والا ۔ میں کوئی زیادہ لمبی بات نہیں کرنا چاہتا ۔ لیکن میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ جو سکیم وہاں پر پہلے رائج تھی اور ان علاقہ جات میں ہائی کورٹ کو اختیارات حاصل تھے اور سپریم کورٹ ان اختیارات کو invoke کرتا ہے ۔ وہ اس طرح ان کو invoke کرتا ہے کہ

"The Supreme Court has also been invested by the Constitution with jurisdiction in respect of matters special in Articles 22 etc . . . but no advantage can be taken of those powers of the Supreme Court because with respect to Special Areas Article 178 has exercised the jurisdiction of the Supreme Court as well."

یعنی وہ کہہ رہے ہیں کہ سپریم کورٹ کے اختیارات کو بھی debar کیا گیا ہے جو کہ انہیں نہیں کرنا چاہئیے اس سے پہلے اور جب مغربی پاکستان معرض وجود میں آیا تو اس وقت بھی اب جہاں ہم جوڈیشنل کمشنر کو آخری اختیارات دے رہے ہیں یہ اختیارات ہائی کورٹ کے پاس تھے اور سپریم کورٹ بھی ان اختیارات کو invoke کرتا تھا ۔ میں فوجداری کے متعلق اختیارات کا ذکر نہیں کرنا چاہتا لیکن اگر اجازت ہو تو میں یہ عرض کروں گا کہ دفعہ نمبر ۳۳۸ کے تحت سیشن جج کے cases ان کو refer کئے جا سکتے ہیں اور دفعہ نمبر ۳۳۹ کے تحت subordinate courts کے cases بھی ان کو refer کئے جا سکتے ہیں ۔

Minister of Law : On a point of order. What the learned Member is now actually saying will be more relevant when he moves his amendment to Section 12 which he has tabled. At the present moment the question is whether the Commissioner should or should not have final powers.

Mr. Speaker : I will now put the amendment to the vote of the House.

Khawaja Muhammad Safdar : With your permission, Sir, I would like to make a few submissions. It has been provided that –

> "Subject to the provisions of this Ordinance the decision of the Commissioner on an appeal under this section shall be final."

جناب والا ۔ آپ نے اسے ملاحظہ فرمایا ہے کہ

> 11 (2) The Commissioner shall not modify, alter or set aside any decision, decree or order appealed against except after giving the parties an opportunity of being heard.

اس کے بعد ما سوائے سیکشن نمبر ۱۲ کے تحت نگرانی ہونے کی اور کوئی صورت نہیں ہو گی کہ کمشنر صاحب کے حکم اور ان کے پیش کردہ جواز کو چیلنج کیا جا سکے آپ اسکے الفاظ ملاحظہ فرمائیں سیکشن نمبر۲ میں درج ہے کہ جب کمشنر صاحب نے کسی ڈگری کو یا حکم کو یا ڈپٹی کمشنر کے فیصلے کو تبدیل کرنا ہوا تو پھر وہ فریقین کو طلب کریں گے ۔ اور انھوں نے جو بھی معروضات پیش کرنی ہو گی وہ انہیں سنیں گے لیکن فرض کیجئے کہ کمشنر صاحب نے ان کو نہ تو modify کرنا ہے اور نہ ہی کسی اور طریقے سے set aside کرنا ہے تو پھر ان کو ضرورت ہی نہیں ہے کہ وہ اپیل کنندہ کو بھی طلب کرے ۔ فرض کیجئے میں ٹریبونل کے فیصلہ کے خلاف اپیل دائر کرتا ہوں ۔ جب کمشنر صاحب کے پاس اپیل جائے گی تو وہ یہ فرمائیں گے کہ چونکہ اس اپیل کے مطابق نہ تو میں نے صادر شدہ حکم میں کوئی ترمیم یا تبدیلی کرنی ہے اور نہ ہی اسے

منسوخ کرنا ہے تو جب میں نے یہ تین چار کاموں میں سے ایک بھی نہیں کرنا اس لئے اپیل کنندہ کو بلانے کی ضرورت ہی نہیں ہے اور اپیل مسترد ہے میں یہ پوچھتا ہوں کہ اپیل کرنے کا یہ حق آپ نے کس طرح سے دیا ہے - اس لئے میں یہ عرض کروں گا کہ یہ تمام کا تمام قانون انتہائی لغو اور بیہودہ ہے آجکل ہمارے کمشنر صاحبان جس طرح سہل انگار ہو چکے ہیں اور یہ میں اس لئے نہیں کہتا کہ میں یہ کہہ کر کسی کی بے عزتی کرنا چاہتا ہوں بلکہ عام طور پر حکومت کے افسران سہل انگار ہیں ایسے کمشنر صاحبان بھی ہیں - جو کہ الا ماشاء اللہ competent بھی ہیں - محنت سے کام بھی کرتے ہیں - لیکن بہت سے یعنی کمشنروں اور دوسرے افسران کی اکثریت انتہائی سہل انگار ہے - تو اگر پچاس اپیلیں کمشنر صاحب کے پاس آتی ہیں - سو بھی آ سکتی ہیں بلکہ اس سے بھی زیادہ آئیں گی تو اس صورت میں کمشنر صاحب کے پاس آسان طریقہ یہ ہوگا کہ وہ سب کی سب اپیلیں رد کر دے اور یہ کہہ دے گا کہ عدالت نے جو فیصلہ کیا ہے وہ ٹھیک کیا ہے اس لئے کسی کو بلانے کی ضرورت نہیں ہے یہاں تک کہ اپیل کنندہ کو بھی بلانے کی ضرورت نہیں ہے - جیسا کہ اس کلاز میں لکھا ہوا ہے کہ جب کمشنر صاحب اپیل کو پڑھ کر یہ محسوس کریں گے کہ کچھ گڑ بڑ ہوئی ہے تو وہ فریقین کو بلائیں گے - لیکن عملی طور پر یہ ہوگا اور خصوصیت سے کمشنر صاحب کے پاس چونکہ کام زیادہ ہوتا ہے اس لئے ہر اپیل خارج کر دیں گے ماسوائے اس اپیل کے کہ جس میں وہ ذاتی دلچسپی رکھتے ہوں - اس لئے یہ کلاز بے معنی ہوکر رہ جائے گی یہ قانون تو ویسے پہلے ہی بے معنی ہے -

جناب والا - میں وزیر قانون کی خدمت میں نہایت ادب کے ساتھ ، نہایت دل سوزی کے ساتھ عرض کرنگا کہ اس صوبے کو ایسا قانون دیجئے جس پر عمل ہو سکے - وہ گندے ہیے گندہ کیوں نہ ہو - لیکن قابل عمل تو ہو -

میں آپ سے درخواست کرتا ہوں کہ آپ اس قانون کو واپس لیں اور اس پر غور فرمائیں - دوبارہ غور فرمائیں - Law Department اس پر غور فرمائے اور غور فرمانے کے بعد اس کو اس طرح اسمبلی میں پیش کرے - جس کے متعلق یہ دعوی کیا جا سکے کہ یہ قابل عمل ہے - جو کچھ وزارت قانون نے اس ہنگامی قانون میں تحریر کیا ہے - وہ سب بے معنی ہے - ان گزارشات کے ساتھ میں درخواست کروں گا کہ یہ سیکشن حذف کیا جائے -

Minister of Law (Mr. Allah Bachayo Ghulam Ali Akhund) : Sir, the stage of consideration of sub-section (2) is over. Now what is sought to be done is to delete part (2). Suppose it is deleted, I don't concede that there is any difficulty as envisaged by Khawaja Muhammad Safdar, but supposing for the sake of argument, let us say there is one, then does the deletion of sub-section (4) remove that difficulty.

Khawaja Muhammad Safdar : It will make the case open for a second appeal.

Minister of Law : It doesn't, as long as there is no provision for second appeal in law. Merely to say that the decision of the Commissioner shall not be final or to take away that provision also will amount to the same thing. What is more, the difficulty, which Khawaja Sahib is pointing out- I don't concede there is any such difficulty and the right of hearing any party will be there-we have even by his amendment accepted the entitlement of representation of the parties by their advocates at every stage. Then, Sir, section 12 is very clear, particularly the proviso. Although in revision, the scope is limited to law points, in this law we have said even if there is a material irregularity or if injustice has been occasioned, then in revision also there can be interference. I will only refer to the proviso of sub-section (1) of section 12. It says—

> "Provided that nothing herein contained shall be deemed to authorise Government to vary or set aside a finding of a Tribunal on a question of fact where such finding has been accepted by the Commissioner.,"

If it were left there, then there was no right of interference, but we proceed further...

> "unless it is of opinion that there has been a material irregularity or defect in the proceedings or that the proceedings have been so conducted as to occasion a miscarriage of justice."

Even at the stage of revision, there is a right of interference if there is material irregularity or defect or injustice has been caused. And injustice would always accrue from consideration of facts.

Therefore, this is not only a provision of revision but actually it is a provision as if of second appeal as well. Enough safeguards have been provided and there is no such fear, and right of parties being heard at any stage of hearing will be intact. It will be provided in rules.

Mr. Speaker : I would like to know the intention of the Government about this clause. So far as this section 12 is concerned, is it intended that sub-section (2) of section 11 should remain intact and, as suggested by Khawaja Muhammad Safdar, we should not make an amendment and we should not introduce the words that the Commissioner will decide every case after hearing the parties ?

Minister of Law : I will submit Sir, that before the word 'modify', we might say 'confirm'. We may say—

> "The Commissioner shall not confirm, modify, alter or set aside any decision,....."

Mr. Ahmedmian Soomro : Sir, he doesn't confirm the order. It will not be for confirmation. In dismissal of appeal, you don't say so.

Minister of Law : It amounts to confirmation.

Mr. Ahmedmian Soomro : Legally you will not say that.

Mr. Speaker : That can serve the purpose.

Khawaja Muhammad Safdar : Yes Sir.

Minister of Law : I have no objection, Sir. The intention is that parties should be heard.

Mr. Speaker: I think, you move that amendment.

Minister of Law : Sir, I beg to move—

> That the word "confirm" be added between the words "not" and "modify" in line 1 of sub-section (2) of section 11 of the Ordinance.

Mr. Speaker : The amendment moved is—

> That in sub-section (2) of section 11 of the Ordinance after the word "not" and before the word "modify" the word "confirm," be added.

As the amendment is not opposed it stands carried.

Mr. Speaker : Now the question is—

> That sub-section (4) of section 11 of the Ordinance be deleted.

The motion was lost.

Mr. Speaker : Next amendment of Malik Muhammad Akhtar.

Malik Muhammad Akhtar : Sir, I beg to move—

> That section 11 of the Ordinance be deleted and subsequent sections re-numbered accordingly.

Mr. Speaker : The amendment moved is—

> That section 11 of the Ordinance be deleted and subsequent sections re-numbered accordingly.

Minister of Law : Opposed Sir.

Malik Muhammad Akhtar (Lahore-II) Sir I have got something to say.

جناب سپیکر۔ میں اس مسئلہ کو زیر بحث لانا چاہتا ہوں۔ جس کے ذریعہ سے کمشنر کو حق دے دیا گیا ہے۔ کہ وہ Highest Judicial Capacity میں تمام دیوانی تنازعات اور مقدمات کا فیصلہ کرسکتا ہے ۔ جناب والا۔ میں اس ضمن میں اس Law Reforms Commission کی رپورٹ کے صرف

دو مختصر پیرے عرض کرونگا ۔ کہ وہ کس طرح کہہ رہے ہیں کہ ایگزیکٹو کو ایسے اختیارات نہیں دینے چاہئیں ۔ یہ جناب والا Law Reforms Commission, 1958 کی رپورٹ ہے ۔

Report of the Law Reforms Commission 1958:

"On principle I am opposed to bringing CSP Officers to the judiciary, because they have no legal education and training and experience of the civil side. It has long been well recognized that if there was any Department in which abolition of ICS posts was most necessary, it was the Department of Administration of Justice Public opinion ever expressed itself in a most unambiguous and emphatic manner against the system of appointing ICS Officers as District and Sessions Judges. In this connection, the Civil Justice Committee 1924-25 at page 191 of their Report made the following observations :

اس کے دینے کی اصل وجہ

"In all the other provinces (except Burma, Bombay and Central Provinces) the civilian officer undergoes no preliminary course of judicial training and from a joint Magistrate or a sub-Collector he is at once posted as District and Sessions Judge. The defects of this system are obvious. No amount of ability or industry can compensate for the absence of training in civil law and procedure or quality the civilian officer at one step to be the principal court of original civil jurisdiction and the principal court of first appeal in the district. The serious draw-backs of the situation thus created have long agitated the minds of the Indian authorities and the Government of India in a letter to the Secretary of State No. 16, dated, Simla, 4th July 1907, recorded their opinion of the situation in these emphatic terms: It would be difficult to exaggerate the political dangers of the present

situation or the importance of effecting a material improvement in the capacity, training and status of the India Civil Service Judges. It is impossible, at any rate in the advanced provinces, to justify a system under which a gentleman, who has no knowledge of civil law and who had never been inside a civil court in his life, can be and often is at one step promoted to be a judge of appeal in civil cases and to hear appeals from subordinate judges, who are trained lawyers, with years of legal experiences."

جناب سپیکر - یہ وہ رپورٹ ہے جو Law Reforms Commission نے ۱۹۵۸ء میں دی تھی اس میں سول جوڈیشری کو refer کیا گیا ہے - اسی سلسلہ میں میں ایک اور حوالہ دونگا - جس میں بتایا گیا ہے کہ پارٹیشن کے بعد حکومت کی کیا رائے تھی -

"After Partition, Government of Pakistan considered all this and in the Cabinet Secretariate, Establishment Branch, letter No. F-25/4/50-Estt, dated the 20th December, 1950 - this also being good up to 1953. . . . ."

اسکے contents یہ ہیں :-

"The present system has been described in letter No. . . . . , dated the 3rd August, 1954 from the Establishment Division, Government of Pakistan, to the Chief Secretary to Provincial Government."

Mr. Speaker : Please be brief.

Malik Muhammad Akhtar : Alright Sir.

"In this connection it may be added that the intention is that comparatively senior ex-civil servants who are temperamentally unsuited to executive secretariat should be given an opportunity to serve in the judical side where it is hoped that they will be of greater service."

یعنی ۱۹۵۳ تک تو یہ ہوا کہ ایسا نہیں ہونا چاہئے۔ اور civil servants کو جوڈیشری میں نہ لایا جائے۔ ۱۹۵۴ میں یہ ہوا کہ وہ جو temperamentally executive jobs کے لئے fit نہ ہوں ان کو جوڈیشری میں لایا جائے۔ ہمارے لاء منسٹر صاحب جوڈیشری کو ایگزیکٹو کے ہاتھ میں دینا چاہتے ہیں۔ اس طرح تو ملک میں مکمل ڈکٹیٹر شپ آجائے گی۔ ہم سمجھتے ہیں کہ پہلے ہی کوئی شنوائی نہیں۔ Law Reforms Commission کی رپورٹ کی کوئی قدر نہیں کی گئی۔ اور ایک لاٹھی سے سب کو ہانک رہے ہیں۔ میں نے Law Reforms Commission کی رپورٹ آپکے سامنے پڑھ کر سنا دی ہے اس سے آپ اندازہ لگا سکتے ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ آپ کمشنر کو final authority بنانا چاہتے ہیں۔

Mr. Speaker : I will now put the question.

The question is :

> That section 11 of the Ordinance, be deleted and subsequent sections re-numbered accordingly.

The motion was lost.

Mr. Speaker : Now we pass on to Section 12 and the first amendment is by Khawaja Muhammad Safdar.

Khawaja Muhammad Safdar : I beg to move :

> That for section 12 of the Ordinance, the following be substituted, namely :—
>
> "12. The High Court may call for the record of any proceedings pending before or disposed of by a Tribunal or a Commissioner and after giving the parties an opportunity of being heard pass such orders as it thinks fit".

Mr. Speaker : The ammendment moved is :

That for section 12 of the Ordinance, the following be substituted, namely :—

"12. The High Court may call for the record of any proceedings pending before or disposed of by a Tribunal or a Commissioner and after giving the parties an opportunity of being heard pass such orders as it thinks fit."

Minister for Law : Opposed.

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ - ۱) - جناب والا - اس موقع پر میں زیادہ تفصیل سے بات نہیں کروں گا اور اپنی گذارشات کو آپ کے توسل سے بعد میں اس معزز ایوان کی خدمت میں پیش کروں گا - اس وقت میں صرف اس قدر عرض کرونگا کہ سیکشن ۱۲ کی کسی ترمیم پر بحث کے دوران میں لاء منسٹر صاحب نے کوئٹہ ڈویژن کے متعلق جہاں اس قانون کا اطلاق ہو گا فرمایا تھا کہ وہاں ریلیں نہیں ہیں سڑکیں نہیں - فاصلے دور و دراز ہیں اور مقامی طور پر اس ڈویژن میں بسنے والوں کو کوئی سہولتیں میسر نہیں ہیں - اس لئے ان کو مناسب سہولتیں مہیا کی جانی ضروری ہیں تا کہ ان کو ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر میں بار بار نہ آنا پڑے - میں ان سے دریافت کرتا ہوں کہ انہوں نے گورنمنٹ کو اس قانون کے تحت نگرانی کا اختیار دے کر کیا اس علاقہ کے عوام کو انتہائی مشکلات میں مبتلا نہیں کر دیا ؟ جو شخص نگرانی دائر کرے گا اسے کوئٹہ ڈویژن کے دور و دراز علاقوں سے لاہور آنا پڑے گا - جیسا کہ اس وقت غنڈہ ایکٹ کے تحت جس قدر اپیلیں دائر ہوتی ہیں وہ ہوم سیکرٹری صاحب سنتے ہیں - لوگوں کو صوبہ کے مختلف علاقوں سے ہوم سیکرٹری صاحب کی خدمت میں پیش ہونا پڑتا ہے - اسی طرح صوبہ کے اس حصہ سے اگر کسی نے حکومت مغربی پاکستان کے پاس revision دائر کردی تو اس کو کوئٹہ کے دور و دراز علاقوں سے لاہور آنا پڑے گا برعکس اس کے آپ جانتے ہیں اور

میرے بھائی ایوان کے معزز رکن بھی جانتے ہیں کہ ھائی کورٹ کے پاس اگر کوئٹہ ڈویژن کی اپیل دائر ھو تو ھائی کورٹ کو چل کر وھاں جانا پڑتا ہے اور مقدمات کی سماعت کوئٹہ میں ھوتی ہے - اس صورت میں بجائے اس کے کہ یہ حکومت کوئٹہ ڈویژن کے عوام کے لئے بہتری کی صورت پیدا کرے جن کے متعلق ابھی تین چار روز سے ایوان میں کہا جا رھا ہے کہ ان کی بہتری کے لئے قانون بنائے جا رہے ہیں مجھے تو آج تک کوئی بہتری نظر نہیں آئی بلکہ انکے لئے مزید مشکلات پیدا کی جا رھی ہیں - آج ایک نئی بات سامنے آئی ھے کہ اگر کوئی شخص اس قانون کے تحت revision دائر کرے گا تو اس کو لاھور تشریف لانا ھوگا - جب کہ ھائی کورٹ میں اپیل ھو تو ھائی کورٹ خود کوئٹہ جائیگا - بس اس میں یہی فرق ھے -

Minister for Law (Mr. Allah Bachayo Ghulam Ali Akhund) : I may make a submission.

The difficulties, I think, are imaginary and they are not real because in several matters where appeals are heard by Government, the appeals are filed before the Divisional Officers ; mostly in the office of the Divisional Commissioner. For instance, appeals for land reforms are filed before the Land Reforms Commissioner who is the Commissioner and then the concerned member, who hears it, goes to the Divisional Headquarters and hears it. Then appeals arising out of the revenue matters are also filed before the Commissioners and the Member, Board of Revenue, goes there. Similarly, appeals of Goonda Act are heard in the Divisional Headquarters, then transport matters and then the appeals arising out of Criminal Law Amendment Act are also filed in the Divisional Headquarters and the Home Secretary goes to the respective Headquarter. Similarly, the appeals filed in the Divisional Headquarter would be heard by a Secretary of the Government, may be he is the Law Secretary or some

other Secretary, on behalf of the Government. We will take care of this difficulty in the rules.

Khawaja Muhammad Safdar : This is a real difficulty.

Minister for Law : This is a supposed difficulty and the Government is conscious of it. There will be no such difficulty as my friend is visualising.

With these words I oppose the amendment.

Mr. Speaker : The question is:

> That for section 12 of the Ordinance, the following be substituted. namely :—
>
> "12. The High Court may call for the record of any proceedings pending before or disposed of by a Tribunal or a Commissioner and after giving the parties an opportunity of being heard pass such orders as it thinks fit."

The motion was lost.

Mr. Speaker : Next amendment.

Malik Muhammad Akhtar : I beg to move—

> That for section 12 of the Ordinance, the following be substituted, namely :—
>
> "12. The High Court may call for the record of any case which has been decided by a Tribunal and if it appears that the Tribunal—
>
> (a) has exercised a jurisdiction not vested in it by law ; or
>
> (*b*) has failed to exercise a jurisdiction so vested; or
>
> (c) has acted in exercise of his jurisdiction illegally or with material irregularity ;

the High Court may make such order in the case as it thinks fit."

Minister for Law : With your permission I would make a submission that if you see line 2 of the amendment it says—

". . . . . decided by a Tribunal . . . "

Sir, nothing is decided by Tribunal. As I submitted earlier that some finding is given in the shape of a report and the matter is decided by the Deputy Commissioner.

Mr. Speaker : The amendment is ruled out of order. Next amendment.

Malik Muhammad Akhtar : I beg to move :

That for sub-section (2) of section 12 of the Ordinance, the following be substituted, namely :—

"(2) After examining any record and holding an enquiry in the manner laid in section 8 pass such order as it may think fit."

Mr. Speaker : The amendment moved is:

That for sub-section (2) of section 12 of the Ordinance, the following be substituted, namely :—

"(2) After examining any record and holding an enquiry in the manner laid in section 8 pass such order as it may think fit."

Minister for Law : Opposed.

Mr. Ahmedmian Soomro : Sir, I may point out that if you are pleased to observe you will find that this amendment makes no sense at all.

Mr. Speaker :

"After examining any record and holding an enquiry in the manner laid in section 8 pass such order as it may think fit.".

Mr. Ahmedmian Soomro : What is provided is, "Government may, after examining any record.....".

Malik Muhammad Akhtar : But Sir, in sub-section (1), it is already mentioned that the "Government" may call.....

Mr. Speaker : This amendment is meaningless, and is ruled out of order. Next amendment.

Malik Muhammad Akhtar : Sir, I beg to move:

> That section 12 of the Ordinance, be deleted and subsequent sections re-numbered accordingly.

Mr. Speaker : The amendment moved is :

> That section 12 of the Ordinance, be deleted and subsequent sections re-numbered accordingly.

Minister for Law : Opposed.

ملک محمد اختر (لاہور - ۲) - جناب سپیکر - دفعہ ۱۲ - میں یہ قرار دیا گیا ہے کہ حکومت اگر چاہے تو ۹۰ دن کے اندر کمشنر کے کسی صادر کئے ہوئے فیصلے کے متعلق خواہ کوئی اپیل ہو یا اگر کوئی aggrieved پارٹی application کرے تو اس کا ریکارڈ منگا کر اپنی تسلی کے مطابق اس پر ایسا حکم دے دے جیسا کہ حکومت دینا چاہے یعنی حکومت کو سپریم کورٹ کے اختیارات تفویض کئے جا رہے ہیں اور اس میں proviso بھی لگا دیا گیا ہے - جناب - جہاں تک ٹریبونل کی findings کا تعلق ہے اور کمشنر کے فیصلہ کے متعلق حکومت کے ریکارڈ کو examine کرنے کا سوال ہے کہ پارٹیز کو سننے کے بعد اس پر جو چاہے فیصلہ کر دے تو اس کے لئے اس سیکشن میں کوئی طریقہ کار نہیں دیا گیا ہے کہ کس پارٹی کو سنا جائے گا اگرچہ اس آرڈیننس میں دفعہ ۸ - کے تحت اس کا طریقہ کار مقرر کیا ہے لیکن

دفعہ ۱۲ ۔ کے تحت اس کو لازمی نہیں قرار دیا گیا ہے کہ اس کے لئے فلاں طریقہ کار استعمال کیا جائے گا ۔

جناب والا ۔ دراصل یہ ھائی کورٹ کے پاورز کو substitute کر رہے ہیں اس کو لاء منسٹر صاحب جانتے ہیں اور جناب صدر آپ بھی اس سے اتفاق کریں گے کہ رویژن کی پاورز سول پروسیجر کوڈ کی دفعہ ۱۰۰ میں درج ہیں ۔ لا ریفارمز کمیشن نے بھی اس سلسلے میں اپنی رائے کا اظہار کیا ہے ۔ میں ایک چھوٹا سا پیرا پڑھتا ہوں :۔

> "What has been said about the Criminal Procedure Code is true of the Code of Civil Procedure as well. That Code is also in force in the Special Areas. There are provisions in that Code for first and second appeals to the High Court against the original and appellate orders of the Subordinate Judges and District Judges, (Section 100 of the Code).
>
> There are other provisions in the Code under which grievances can be taken to the High Court against orders passed by Subordinate Judges. But as the High Court has no jurisdiction in Special Areas, . . ."

جناب والا ۔ سپیشل ایریاز کے jurisdiction کے متعلق انہوں نے کہا ہے کہ رویژن ہونا چاھئے لیکن اس کالے قانون کی دفعہ ۱۲ کے تحت یعنی settled ایریاز میں سول پروسیجر کوڈ کے مقدمات سول ججوں کو دیئے جاتے تھے اور ان کی اپیلوں کو ھائی کورٹ میں رویژن کیلئے دیا جاتا تھا ان کو اب اس اختیار سے debar کر دیا گیا ہے اور اسطرح سے ایک امتیازی سلوک برتا جا رہا ہے ۔ جناب والا ۔ مغربی پاکستان میں یہ اختیارات ھائی کورٹ کو حاصل تھیں لیکن اب انہیں حکومت کو دے دیا گیا ہے ۔

Minister for Law : Sir, this provision of revision is a very significant provision because it gives the Government power to correct mistakes even at a later stage of revision. If this is taken away, then nothing will be left with the Government to correct the mistakes, if any, and any miscarriage of justice. I think it is for the betterment of the people and I do not know why my friend is against this type of law, and in what way he wants to improve it. I, therefore, oppose it.

Mr. Speaker : The question is :

That section 12 of the Ordinance, be deleted and subsequent sections re-numbered accordingly.

The motion was lost.

مسٹر سپیکر - کیا سیکشن ۱۲ میں رویژن کے اختیارات حکومت کو صرف اسی وقت ہونگے جب ٹریبونل کا کوئی فیصلہ کمشنر کے زیر غور ہوگا ؟ کیا اس کے علاوہ حکومت کو رویژن کے پاورز نہیں ہیں ؟

Minister for Law : Sir, it is like this. A final decision is contained in the report which is submitted to the Commissioner by the Deputy Commissioner. The Deputy Commissioner determines the disputes finally and the appeal is put before the Commissioner. Now after the stage of an appeal, the Government may in revision, pass certain orders and they will be for the purposes of seeing to the correctness, legality and the propriety of the orders of the Commissioner.

Mr. Speaker : I do not remember exactly but so far as the revisionary powers are concerned, these are with the Government. The same is the position in cases after the disposal of the appellate stage and even before the appellate stage.

Minister for Law : Sir, this is a right of appeal before the Commissioner against the order of the Deputy Commissioner and also the power of the Government to interfere in revision.

Mr. Speaker: Then it will not be proper because both the parties can be approached and any person can invoke the authority given to the Government for the purpose of interference and this will only result in conflicting issues.

Minister for Law: There are hierarchies Sir. Generally the matter is taken from first to second and second to third. . . .

Mr. Speaker: If we adopt this clause, then only the Government shall have original power after the disposal of the appeal by the Commissioner and not before that. The Government shall have no power to revise anything but only the power to revise an order if it is disposed of in an appeal by the Commissioner.

Minister for Law: Sir, in Civil Procedure Code, neither the High Court nor the Supreme Court have the power on matters suo moto, unless a party approaches. Commissioner's right of revision will not be there ; the matter must be adjudicated upon by him.

Mr. Speaker: Then the Minister is making it second appeal?

Minister for Law: No Sir, only if, there has been miscarriage of justice on the facts.

Mr. Speaker: What is the position in the Criminal Amendment Act ? The power of revision with the Government is there. Government can revise any order passed by the Commissioner or the Deputy Commissioner.

Minister for Law: Yes Sir, and there will be different schemes of different laws. Civil Procedure Code may not have the same scheme as the Criminal Procedure Code. In this connection, you may please refer to Section 20 of Criminal Procedure Code. In this, if there is no right of appeal before the Commissioner then the Government calls for the record. Ordinarily it is the Commissioner who does it and I think it is more proper that the parties have a right to approach the Commissioner who is more easily available and who is sitting close to them rather than going to the Deputy Commissioner for the purpose of even questioning an order

passed by him. If a party does not choose to go to the Commissioner in appeal, why they should be held.

People should be jealous about their own rights and they should safeguard their rights.

Mr. Speaker: We pass on to Section 13. Malik Muhammad Akhtar.

Minister of Law (Mr. Allah Bachayo Ghulam Ali Akhund): Before he moves his amendment I would like to make one point. What he is seeking to bring in by his amendment is that Section 36-47 of the C.P.C. be applied specifically. What the existing provision has done is much more than that. It includes these as well as many other sections. Sub-section (1) of Section 13 deals with the powers of the Deputy Commissioner. Now the relevant portion reads:

> "... and shall be enforced by the Deputy Commissioner in the same manner as such decree or order would have been enforced by such Civil Court."

Hereby the provisions of the C.P.C. are attracted. Now I will invite your attention to C.P.C. part 2 which relates to the execution. Now this part 2 extends from Section 36 to Section 74. What Malik Muhammad Akhtar is trying to do is to curtail this .....

Mr. Ahmedmian Soomro: On a point of order. Sir, let the amendment come before the House first. What is the Law Minister speaking on? The proper procedure would be that the amendment should come up before the House first.

Mr. Speaker: The contention of the Law Minister is that it is unnecessary.

Minister of Law: I was making a submission to the effect that he can save the time of the House and not move it. (*interruptions*)

Malik Muhammad Akhtar : Sir, I beg to move :

That for sub-section (2) of section 13 of the Ordinance, the following be substituted, namely: –

"(2) The provisions of sections 36—47 of the Code of Civil Procedure, 1908 relating to the execution of decrees so far as practicable shall be applied in execution of a decree or order passed by the Deputy Commissioner.".

Mr. Speaker : The amendment moved is :

That for sub-section (2) of section 13 of the Ordinance, the following be substituted, namely:—

"(2) The provisions of sections 36-47 of the Code of Civil Procedure, 1908 relating to the execution of decrees so far as practicable shall be applied in execution of a decree or order passed by the Deputy Commissioner.".

Minister of Law : Opposed.

ملک محمد اختر (لاهور - ۲) - جناب سپیکر - میں نے یہ ترمیم کرنا چاهی ہے که دفعه ۱۳ کے سب سیکشن ۲ میں جس کے مطابق -

13(2) Every order made by the Commissioner in the exercise of his powers under section 11 or by Government in the exercise of its powers under section 12, shall be enforced as if it were an order

of the Deputy Commissioner, and the Deputy Commissioner shall do all acts and things necessary to give effect thereto.

جناب والا ۔ اگر تو یہ ۱۳ (۱) پر رہ جاتے تو دوسری بات تھی لیکن

13(1) Subject to the provisions of this Ordinance a decree or order passed by the Deputy Commissioner shall have the same force and effect as if it were a decree or order passed by a competent Civil Court and shall be enforced by the Deputy Commissioner in the same manner as such decree or order would have been enforced by such Civil Court.

پھر تو یہ مراد ان کی درست تھی لیکن جہاں انہوں نے acquittal کی پاورز سب سیکشن (۲) میں دیدی ہیں جن کے تحت کمشنر جو بھی چاہے کر لے ۔

13(2) . . . shall be enforced as if it were an order of the Deputy Commissioner, and the Deputy Commissioner shall do all acts and things necessary to give effect thereto.

(At this stage, Mr. Deputy Speaker, Mr. Ahmadmian Soomro occupied the Chair.)

جناب والا ۔ میں انکے اختیارات کو محدود کرنا چاہتا ہوں اور چاہتا ہوں کہ یہ جو انہوں نے طریقہ اختیار کیا ہے ۔

all acts and things necessary to give effect thereto.

اس کو میں نے define کر دیا ہے یعنی ایگزیکٹو کا جو باب ہے ۳۶ تا ۴۷ اور اگر جناب سپیکر یہ سیکشن ۱۳ (۲) کو واپس لے لیں تو پھر میری ترمیم کی ضرورت نہیں اور اگر انہوں نے سیکشن ۱۳ (۲) رکھنا ہے تو یہ ترمیم ضروری ہے تا کہ ایگزیکٹو ایجنسی کی پاورز کو محدود کیا جا سکے۔

Mr. Deputy Speaker : Sub-section (1) deals with the execution of decrees by the D.C. and sub-section (2) refers to the execution of decrees by the Commissioner and the Government. You want to substitute sub-section (2) by your amendment which would make no provision of how the order of the Commissioner and Government are going to be executed.

Malik Muhammad Akhtar : The Law Minister was causing confusion in the House. I want to restrict the powers of the Government and the Commissioner by restricting it to Sections 36-47 of the C.P.C.

Mr. Deputy Speaker : The Member has not mentioned anything about the Commissioner and the Government in his amendment. It relates to the powers and decrees passed by the D.C. and not the Commissioner and the Government.

Malik Muhammad Akhtar : Originally the order is to be passed by the Deputy Commissioner.

Mr. Deputy Speaker : Sub-section (2) of Section 13 says how the orders of the Commissioner and the Government are going to be enforced and the Member wants sub-section (2) to be deleted and substituted by his amendment which deals only with the orders of the Deputy Commissioner and the way they are going to be enforced.

Malik Muhammad Akhtar : The amendment is comprehensive and complete. It says that provisions of Sections 36-47 shall be applicable.

Mr. Deputy Speaker : To whom ?

Malik Muhammad Akhtar : In cases of execution of all decrees.

Mr. Deputy Speaker : No, no read your amendment.

Malik Muhammad Akhtar :

> "...so far as practicable shall be applied in execution of a decree or order passed by the Deputy Commissioner.".

There should be some restriction on the orders of the Deputy Commissioner.

Mr. Deputy Speaker : I don't say about that. What about the Commissioner and the Government ? What about their orders ? If we accept your amendment would the Act have any sense ?

Malik Muhammad Akhtar : I consider you are right. It is a bit incomplete amendment. I ask for leave to withdraw it.

Mr. Deputy Speaker : Has the Member leave of the House to withdraw his amendment.

The amendment was, by leave, withdrawn.

Mr. Deputy Speaker : Next amendment. Khawaja Muhammad Safdar.

Khawaja Muhammad Safdar : Sir I beg to move : . . .

Mr. Deputy Speaker : Just a minute. In view of the fact that your amendment regarding the High Court has been rejected would you still move it ?

Khawaja Muhammad Safdar : No, Sir.

Mr. Deputy Speaker : Next. Malik Muhammad Akhtar.

Malik Muhammad Akhtar : Sir, I beg to move :

That section 13 of the Ordinance, be deleted and subsequent sections re-numbered accordingly.

Mr. Deputy Speaker : There is no sense in the amendment. Ruled out of order.

Next. No : 14. Khawaja Muhammad Safdar.

Khawaja Muhammad Safdar : Not moving.

Mr. Deputy Speaker : Next amendment about the deletion of Section 14. Are you moving it, Khawaja Sahib.

Khawaja Muhammad Safdar : Yes Sir ; I beg to move :

That section 14 of the Ordinance, be deleted.

Mr. Deputy Speaker : Amendment moved is :

That section 14 of the Ordinance, be deleted.

Minister of Law : Opposed.

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ - ۱) - میں جناب والا - صرف اس قدر گزارش اس موقع پر کرنی چاہتا ہوں کہ دفعہ ۱۴ کے تحت ہنگامی قانون میں یہ کہا گیا ہے کہ جو مسائل اس قانون کے ماتحت ٹریبونل اور ڈپٹی کمشنرز طے کریں گے ان کے متعلق کسی دیوانی عدالت میں کسی قسم کا مسئلہ نہیں اٹھایا جا سکے گا - مجھے افسوس ہے کہ ہمارے صوبے میں اس قسم کے قانون بن رہے ہیں جن سے دیوانی عدالتوں کی jurisdiction کو بھی ختم کیا جا رہا ہے - دیوانی عدالتوں کے اختیارات کو محدود کیا جا رہا ہے حالانکہ زبانی طور پر ہی نہیں بلکہ تحریری طور پر بھی جناب صدر اور جناب گورنر صاحب نے بار بار پبلک کے اجتماعات میں اور اپنی نشری تقاریر میں یہ

ارشاد فرمایا ہے کہ اس ملک میں قانون کا بول بالا ہوگا دور دورہ ہوگا جسے انگریزی میں rule of the law کہتے ہیں - دوسرے میں حیران ہوں کہ ان کے بار بار کے مواعید اور ان کے مکرر سہ کرر بلکہ کئی بار کے یہ دعوے کہ اس ملک اور اس صوبہ کی حکومت قانون کے تحت چلائی جا رہی ہے اور یہاں لوگوں کو قانون کا پورا پورا تحفظ حاصل ہے - اس کے باوجود اس قسم کا قانون بنایا جاتا ہے جس سے دیوانی عدالتوں کو خارج کر دیا جاتا ہے اور ایک مخصوص قسم کا ٹریبونل بنایا جاتا ہے جو نہ صرف لوگوں کے فوجداری تنازعات بلکہ دیوانی مقدمات کے متعلق بھی فیصلے کیا کرے گا - ہم نے یہ ترقی کی ہے -

جناب والا - اس میں قباحت یہ ہے کہ ایک نائب تحصیل دار جو نیم پڑھا لکھا ہوگا اور اس کے ساتھ جرگہ کے چار رکن جن میں سے کم از کم تین چوتھائی ان پڑھ ہوں گے اگر پورے کے پورے نہیں تو وہ دیوانی مقدمات کے پیچیدہ مسائل کو حل کیا کریں گے - وہ کس طرح ان باتوں کو سمجھ سکیں گے جب کہ ہمارا تمام کا تمام قانون انگریزی میں ہے اور ہمارے ہائی کورٹ اور سپریم کورٹ کے فیصلہ جات انگریزی میں ہیں - وہ کس طرح معلوم کر سکیں گے کہ فلاں مسئلہ کے متعلق قانون کیا ہے - جیسا کہ ملنگ خان صاحب نے کہا ہے ان کے علاقے میں یہ قانون نافذ ہوگا اور وہاں نائب تحصیل دار پرائمری پاس ہیں - آخر اس حکومت نے اس صوبہ کو اس قابل رہنے دینا ہے یا نہیں کہ کوئی شریف آدمی یہاں بس سکے - انہوں نے پرائمری پاس اور

مڈل پاس لوگوں کے ذمے یہ فرائض لگا دئیے ہیں کہ وہ دیوانی مقدمات کے فیصلے کریں - خواہ ان کی مالیت لاکھوں یا کروڑوں روپے کی ہو - اور ان کے ساتھ ان کے کہنے کے مطابق چار جاہل ممبر ہوں گے (قطع کلامی) وزیر صاحب نے پسماندہ کہا ہے میں نے اس کا ترجمہ کر دیا ہے - تو اس لیے میں یہ گزارش کروں گا کہ اس سیکشن کو حذف کر دینا چاہیئے تاکہ جو غلط کاریاں ، غلط کوشیاں اور غلط فیصلہ جات یہ ٹریبونل کرے گا ان کے ازالہ کی کوئی صورت تو ہو - میرے نزدیک اس کی یہی صورت ہے کہ جو شخص سمجھے کہ اس کے ساتھ صریحاً بے انصافی ہوئی ہے اسے کسی دیوانی عدالت کا دروازہ کھٹکھٹانے کا حق حاصل ہو - ۱۸۹۶ء میں یعنی آج سے ۷۲ سال پہلے سے ، پون صدی سے - وہاں کے رہنے والوں کو دیوانی عدالت میں جانے کا یہ حق حاصل ہے - مگر آج انہیں یہ کہا جاتا ہے کہ تم اس قابل نہیں ہو کہ تمہارے مقدمات دیوانی عدالت میں جائیں - میں نہایت ادب سے جناب لاء منسٹر صاحب کی خدمت میں یہ گزارش کروں گا کہ وہ خدارا کچھ سوچیں اور اس صوبہ کے ساتھ ایسا ظلم اور تعدی نہ فرمائیں -

وزیر قانون (مسٹر اللہ بچائیو غلام علی اخوند) - جناب والا - مجھے بہت افسوس ہے کہ خواجہ صاحب جیسے پارلیمنٹرین اور قانون دان نے بار بار یہ باتیں کہی ہیں کہ ناخواندہ اور نیم خواندہ لوگ اس ٹریبونل کے ممبر اور چیئرمین ہونگے - اگرچہ اس قانون میں یہ ہے کہ ٹریبونل کا پریذیڈنٹ کم

از کم نائب تحصیلدار ہو گا ۔ اس سے لازمی طور یہ معنی نہیں نکلتے کہ وہ ضرور نائب تحصیلدار ہوگا وہ تحصیلدار بھی ہو سکتا ہے سول جج بھی ہو سکتا ہے ڈسٹرکٹ جج بھی ہو سکتا ہے ۔ اور انجینیئر بھی ہو سکتا ہے ۔ جہاں تک ممبروں کا تعلق ہے ان کی کوالیفیکیشن یہاں بیان کر دی گئی ہے ۔ کہ جب ڈی سی ان کو مقرر کرے گا تو چار چیزوں کا خاص طور پر خیال رکھے گا ۔

مسٹر ڈپٹی سپیکر ۔ کیا وہ انجینئر بھی ہو سکتا ہے ؟

Minister of Law : Why not Sir? If it is a technical matter, yes; any Government servant, who shall not be below the rank of a Naib-Tehsildar. Supposing there is a technical matter, in which engineering knowledge is required, the Chairman can be an engineer ; an XEN can be the Chairman.

Mr. Deputy Speaker : I thought it refers to Revenue Officers.

Minister of Law : Any Government servant ; that is what is said ;

> "A Tribunal constituted for the purpose of section 4 shall consist of a Government official. .".

It includes engineers as well.

Mr. Deputy Speaker : It means the mention of Government official in this Ordinance is of any department.

Minister of Law : In appropriate cases, the persons, who will be fit, will be appointed. It is not necessary that a Naib-Tehsildar will always be appointed.

Mr. Deputy Speaker : Why has the rank of Naib-Tehsildar been specifically selected ?

Minister of Law : Because in certain areas, if it is not possible to get any other Officer, then Naib-Tehsilder will be more suitable. Therefore, we have said "not below the rank of a Naib-Tehsildar.". It can even be a Civil Judge.

Mr. Deputy Speaker : Wouldn't you say officials not below the rank of Class II; why should you specifically say Naib-Tehsildar?

Minister of Law : Because according to certain areas, it is thought necessary.

Mr. Deputy Speaker : Is Naib-Tehsildar class II?

Minister of Law : It is class III; Sir there may be a case of Rs. 100, and the Naib-Tehsildar will do in that case.

I was making a submission Sir that Khawaja Sahib has always been harping that uneducated people will be assisting the Tribunal. I don't know why he is bent upon creating this confusion in this House and outside. We have always said that regard shall be had to integrity, education, social status and representative character of the person appointed. Education will include his qualification. It is wrong to say that uneducated people will be members of the Tribunal.

Then, Sir, what is being done under this particular section is that after all stages are provided, there should be finality. Now if this section is deleted, then anyone, after the decision of the Government can go to the civil court and there will be un-ending disputes right from the court of the

Civil Judge, to the District Sessions Judges, to the High Court and then to the Supreme Court. Generations and generations will die and the matter will never end. Therefore the deletion of this section will lead to confusion it will not help or assist in the disposal of cases; it is not in the interest of the people. It will be very costly for the people to go to civil court and somebody, who can afford the luxury of litigation, may drag another party, who may be poor. A man, who has money, will see justice blocked and see that people don't get justice.

With these words, Sir, I request that this House throw out and reject this amendment.

Mr. Deputy Speaker : The question is-

That section 14 of the Ordinance be deleted.

The motion was lost.

Mr. Deputy Speaker : Next amendment of Malik Muhammad Akhtar.

Malik Muhammad Akhtar : Sir I beg to move -

That in section 15 of the Ordinance, for the words "an Extra Assistant Commissioner" occurring in line 2-3, the words "Civil Judge First Class" be substituted.

Mr. Deputy Speaker : In view of the provisions contained in Section 14, how can the Member authorize a Civil Judge ?

Malik Muhammad Akhtar : Why not? What debars this amendment?

Mr. Deputy Speaker : The amendment is unintelligible and is ruled out of order.

Next amendment.

Khawaja Muhammad Safdar : I beg to move -

That section 15 of the Ordinance be deleted.

Mr, Deputy Speaker : Amendment moved is—

That section 15 of the Ordinance be deleted.

Minister for Law : Opposed.

خواجہ محمد صفدر - جناب والا - سیکشن ۱۵ میں ڈپٹی کمشنر صاحب کو اس کے ذریعہ یہ اختیار دیا گیا ہے کہ وہ اپنے تمام اختیارات کو جو اس کو اس قانون کے تحت حاصل ہیں اپنے کسی ماتحت افسر کے حوالے کر دے جس کا درجہ ایکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر سے کم نہیں ہو گا -

Mr. Deputy Speaker : According to what has been said does the Minister think he can authorize a Medical Superintendent ?

Minister for Law : Any Government official what-ever he may be.

Mr. Deputy Speaker : The Minister means to say that he can authorize a Medical Superintendent ?

Minister for Law : He can.

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ ۔ ۱) ۔ جناب والا ۔ الفاظ کو اس کے متن سے نکال کر اس کے معنی نہیں لئے جا سکتے ۔ جناب سپیکر ۔ آپ کا اعتراض درست ہے کہ افسر سے مراد اسسٹنٹ کمشنر ۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر یا ایڈیشنل ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ اس قسم کے لوگ ہوں گے ۔ اس قسم کے سول سرجن تو نہیں ہو سکتے ۔ ایگزیکٹو انجینئر تو نہیں ہو سکتے ۔ محکمہ زراعت کے کوئی افسر نہیں ہو سکتے ۔ یہ ایک لڑی آ رہی ہے ۔ اس قانون کے ذریعہ تحصیل‌دار بھی ہو سکتا ہے ۔ تحصیل‌دار کے اوپر ڈپٹی کمشنر ہو گا ۔ ڈپٹی کمشنر کے اوپر کمشنر ہو گا اور کمشنر کے اوپر گورنمنٹ ہے ۔ کیا اس میں واپڈا کا کوئی افسر شامل ہے یا محکمہ ایریگیشن کا کوئی افسر شامل ہے یا بی ۔ ڈبلیو ۔ ڈی کا کوئی افسر شامل ہے یا کسی اور محکمہ کا افسر شامل ہے جیسے وزیر قانون صاحب کا ارشاد ہے کہ کوئی آفیسر ہو سکتا ہے ۔ یہ درست نہیں ہے میں ان کی خدمت میں مودبانہ عرض کروں گا کہ انہوں نے ارشاد فرمایا ہے کہ کسی دوسرے آفیسر کو اختیار دیا جا سکتا ہے ۔ اس سیکشن میں کہا گیا ہے کہ ڈپٹی کمشنر تمام اختیارات کسی دوسرے گورنمنٹ آفیسر کو دے سکتا ہے جس کا درجہ ایکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر سے کم نہ ہو ایکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر کے متعلق آپ ملاحظہ فرمائیں کہ اس میں یہ نہیں لکھا ہے کہ وہ کلاس فسٹ کا

آفیسر ہو گا یا کلاس سیکنڈ کا آفیسر ہو گا ۔ یہاں ایکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر یا اسسٹنٹ کمشنر لکھا ہوتا تو یہ بات سمجھ میں آسکتی تھی ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر یا ایڈیشنل ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کے متعلق جو وزیر قانون صاحب نے تشریح و توضیح فرما رہے ہیں یہ چیز بعید از قیاس ہے میں یہ عرض کروں گا کہ ڈپٹی کمشنر کو جو اختیارات حاصل ہیں وہ نہایت ہی وسیع ہیں ۔ بے پناہ اختیارات اس قانون کے تحت جناب ڈپٹی کمشنر کے سپرد کئے جا رہے ہیں ۔ تمام وہ مقدمات جو جرگہ کے سپرد ہوں گے جس میں ہر قسم کے مقدمات شامل ہوں گے ان مقدمات میں جرگہ کی رپورٹ ڈپٹی کمشنر کے سامنے آئے گی وہ اس جرگہ کی رپورٹ کے مطابق فیصلہ کر سکتا ہے ۔ یا اس کیس کو دوبارہ جرگہ کو واپس کر سکتا ہے ۔ اس قانون کے تحت جو ڈپٹی کمشنر صاحب کو اختیارات حاصل ہیں ان کے متعلق میں نے یہ ترمیم پیش کی ہے کہ ڈپٹی کمشنر کو یہ اختیارات آگے کسی کو منتقل کرنے کا اختیار نہ دیا جائے ۔ اس سے مزید خرابیاں پیدا ہوں گی ۔ وہ کسی نئے نئے ایکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر کو اختیارات منتقل کر سکتا ہے اگر میری اس ترمیم کو قبول نہ کیا گیا تو نو وارد ایکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر اس حد درجہ لغو قانون کو مزید لغو بنا سکتے ہیں ۔ میری یہ گزارش ہے کہ ان خطرات کے پیش نظر اس میں کوئی خرابی نہیں ہے کہ ڈپٹی کمشنر کے پاس اور تمام ذمہ داریاں ہیں تو پھر یہ اختیارات اس کو کیوں دیتے ہیں کہ وہ

آگے ان اختیارات کو منتقل کر دے ۔ اگر آپ سمجھتے ہیں کہ ڈپٹی کمشنر کے پاس اتنا وقت ہے یا جسمانی طور پر اس میں اتنی ہمت ہے کہ وہ بیک وقت پندرہ بیس قوانین administer کرے ۔ وہ لا اینڈ آرڈر کا بھی انچارج ہو ۔ رجسٹریشن کا بھی انچارج ہو ۔ ہر محکمہ کا اس کے پاس کام ہے ۔ بلکہ ساری دنیا کا کام اس کے ذمہ ہے اگر جرگہ کا کام بھی اس پر ڈالنا منظور کر لیا گیا ہے تو میں یہ سمجھتا ہوں کہ اس کو اپنے یہ اختیارات منتقل کرنے کی اجازت نہیں دی جانی چاہئے ۔ ہمیں یہ بتایا جاتا ہے کہ اس کام کو ڈپٹی کمشنر کرے گا لیکن عملاً یہ کام ایکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر فسٹ کلاس بلکہ تھرڈ کلاس جو نائب تحصیلدار سے بھی کم کا ہو گا کرے گا میرے خیال میں یہ بہت بڑا ظلم ہے ۔

مسٹر حمزہ (لائلپور ۔۶) ۔ جناب سپیکر ۔ اس تمام ہنگامی قانون کا مطالعہ اور جائزہ لینے کے بعد ہر ذی شعور انسان اس نتیجہ پر پہنچے گا کہ یہ تمام کا تمام قانون ڈپٹی کمشنر کے ارد گرد جسے ایک مرکز کی حیثیت حاصل ہے ۔ گھومتا ہے ۔ ڈپٹی کمشنر کو اس قانون کے تحت اتنے وسیع اختیارات حاصل ہیں کہ اس کی مثال پیش ہی نہیں کی جا سکتی ہے ۔ اختیارات کے ساتھ

ذمہداریاں بھی عائد ہوتی ہیں ۔ جناب وزیر قانون صاحب نے جب اس ہنگامی قانون کو اس ایوان میں پیش کیا تھا تو انہوں نے فرمایا تھا کہ یہ علاقے بہت پسماندہ ہیں اس لئے قانون کی مشینری اور اس کے نفاذ کے لئے جو لوازمات دوسرے علاقوں کو میسر ہیں وہ انہیں میسر نہیں ہیں اور یہ خصوصی قانون اس علاقے کے ماحول اور حالات کے مطابق ہم نافذ کر رہے ہیں ۔

جناب سپیکر ۔ آپ کو علم ہے کہ وہ علاقے جو شیڈول ۲ میں شامل ہیں اس میں کوئٹہ اور ہزارہ کے دور دراز کے علاقے بھی شامل ہیں ۔ کوئٹہ ۔ ہزارہ اور ڈیرہ غازی خان کے اضلاع ایسے ضلاع ہیں جن کی آبادی بہت ہی کم ہے ان اضلاع میں ڈپٹی کمشنر کے پاس اتنا زیادہ کام نہیں ہوتا ہے جتنا کہ لاہور ۔ لائلپور ۔ ملتان یا بہاولپور کے اضلاع کے ڈپٹی کمشنر صاحبان کو ہوتا ہے ۔ آپ کا فرمان ہے کہ آپ نے اس علاقے کے خصوصی حالات کے پیش نظر اس قانون کو نافذ کرنا پسند کیا ہے تو ایسے افسر جن کو اچھا خاصا تجربہ حاصل ہو اس کام کیلئے بلکہ اس اہم کام کیلئے مقرر کیا جانا انتہائی ضروری ہے ۔ اگر کم از کم ایکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر کے عہدے کا افسر جس کو جناب ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ اپنے تمام کے تمام اختیارات تفویض کر سکتے ہیں مقرر کرنا ہے تو اس میں حکومت احتیاط کے طور پر اگر سمجھتی ہے کہ اس

قانون کو صحیح طریقے سے استعمال کیا جائے (ابھی جناب وزیر قانون صاحب نے فرمایا ہے کہ اگر بعض جگہ ناگزیر حالات پیدا ہو جائیں اور جلد فیصلہ کرنے کیلئے ڈپٹی کمشنر صاحب کو اپنی دیگر مصروفیات کی وجہ سے اپنے اختیارات کسی دوسرے افسر کو تفویض کرنے ہوں گے) تو ان حالات میں اس کے تجربہ کی کم از کم میعاد مقرر کر دے ۔ مثال کے طور آپ یہ کہہ سکتے تھے کہ وہ افسر جسے کم از کم دس سال کا تجربہ ہو اور اس کا یہ عہدہ ہو اسے یہ اختیار تفویض کیا جا سکتا ہے اور وہ بھی ناگزیر حالات میں ۔ اس لئے میں یہ سمجھتا ہوں کہ ایک جانب تو ایک افسر کو انتہائی وسیع اختیارات دیئے جاتے ہیں اور دوسری جانب اس افسر کو یہ بھی اختیار دیا جاتا ہے کہ انتہائی نا تجربہ کار افسر کو وہی اختیارات منتقل کر دے ۔ اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ زیر بحث دفعہ تمام کے تمام ہنگامی قانون کی نفی ہے اور اسے اس ہنگامی قانون میں شامل کرنا کسی لحاظ سے بھی مناسب نہیں ہے ۔ ان الفاظ کے ساتھ میں جناب خواجہ محمد صفدر صاحب کی پیش کردہ ترمیم کی حمایت کرتا ہوں ۔

Minister for Law : Sir, this is only an enabling provision which will enable the Deputy Commissioner to delegate his powers to Extra Assistant Commissioner, if he has too much work with him. So far as the experience of the officer is concerned, we will take care of it in the rules to be framed, and the remarks of the Member will certainly be kept in view while prescribing the qualifications of the Extra Assistant Commissioners who will deal with such matters,

Mr. Deputy Speaker : I will now put the amendment to vote. The question is :

That section 15 of the Ordinance, be deleted.

The motion was lost.

Mr. Deputy Speaker : Next amendment.

مسٹر حمزہ - جناب سپیکر - آپ نے یہ جو فیصلہ صادر فرمایا ہے کہ اس ترمیم کی حمایت میں کم اور اس کی مخالفت میں زیادہ ارکان ہیں میں نے تو اس کی حمایت اچھی خاصی زور دار آواز میں کی ہے حالانکہ اس کی مخالفت کرنے والوں نے بے دلی سے مخالفت کا اظہار کیا ہے -

مسٹر ڈپٹی سپیکر - تو کیا آپ یہ چاہتے ہیں کہ میں اسے دوبارہ ایوان کی رائے معلوم کرنے کے لئے پیش کروں -

Major Muhammad Ali Khan : Point of order. Sir perhaps the Member will please suggest to us the ways and means of assessing whether we say with ''بددلی'' or not.

Mr. Deputy Speaker : This is no point of order. Yes please.

Sardar Manzoor Ahmed Khan Qaisrani : Sir, I beg to move :

That for section 17 of the Ordinance, the following be substituted, namely :—

"17. This Ordinance shall affect retrospectively on any proceedings relating to any dispute pending in or before any Court or other authority immediately before the commencement of this Ordinance, and such proceedings shall be continued and disposed of under this Ordinance."

Minister for Law: Sir, I would like to make a submission before that.

جناب والا ۔ میں سردار صاحب سے نہایت ادب کے ساتھ یہ گزارش کروں گا کہ جو جو مقدمات جہاں جہاں چل رہے ہیں ان کو اسی طرح چلنے دیں ۔ قانون ہمیشہ retrospective نہیں ہوتا بلکہ ہمیشہ ہی prospective ہوا کرتا ہے اور اس قانون کے بعد ایسے مقدمات بھی خود بخود اس کے تحت آ جائیں گے لیکن بہتر یہی ہے کہ فی‌الحال جو مقدمات جہاں جہاں چل رہے ہیں ان کا فیصلہ اس قانون کے نفاذ سے پیشتر جس قانون کے تحت ہونا ہے ۔ اسی کے تحت فیصلہ ہوں اور پھر میرا خیال ہے کہ ایسے مقدمات کی تعداد بہت کم ہوگی اس لئے انہیں جوں کا توں ہی رہنے دیا جائے ۔ امید ہے کہ میری ان معروضات کے پیش نظر وہ اپنی ترمیم واپس لے لیں گے ۔

Mr. Deputy Speaker : Does the Member want his amendment to be moved?

سردار منظور احمد خان قیصرانی ۔ ویسے تو ہمارے علاقے میں ایسے بہت سے مقدمات زیر سماعت ہیں لیکن اگر محترم وزیر قانون فرماتے ہیں تو میں اپنی ترمیم کو press نہیں کرتا ۔

Mr. Deputy Speaker: The amendment is not moved. Next amendment by Malik Muhammad Akhtar.

Malik Muhammad Akhtar : Sir, I consider that that stands disposed of in view of the amendment of Khawaja Muhammad Safdar being accepted.

Mr. Deputy Speaker : Next amendment.

Malik Muhammad Akhtar : Sir, I beg to move :

That for section 18 of the Ordinance, the following be substituted namely :—

"18. The following laws are hereby repealed :—

(1) The Quetta and Kalat (Civil and Criminal Law) Ordinance, 1965 (W. P. Ordinance No. III of 1965) in so fat as it relates to the adjudication and settlement of civil disputes in the areas mentioned in the First Schedule.

(2) The Baluchistan Courts Regulation, 1939, so far as it relates to the constitution of Civil Courts in the areas mentioned in the First Schedule.

(3) The Baluchistan Bazar Regulation, 1941.".

Minister for Law : Sir, before you propose the amendment, I would just like to make a submission. Sir, so far as parts (2) and (3) are concerned, for the information of the Member, ...

Malik Muhammad Akhtar : Point of order. Sir, the amendment cannot be discussed until it is proposed by the Chair.

Mr. Deputy Speaker : I will propose the amendment. The amendment moved is:

That for section 18 of the Ordinance, the following be substituted, namely :—

"18. The following laws are hereby repealed :—

(*a*) whether it is a fact that Government have decided that such lands in G. M. Barrage Area, which cannot be provided with irrigational water will be given to such person/persons who will arrange the irrigational water at their own cost ;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, (*i*) the date on which the said decision was taken and (*ii*) when it is expected to be implemented ?

Minister for Agriculture (Malik Khuda Bakhsh) : (*a*) No.

(*b*) Does not arise.

DEVELOPMENT OF LAKES

*11788. **Mr. Bashir Ahmed Shah** : Will the Minister for Agriculture be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that a scheme for the development of lakes in the Province (e.g. increase in the production of fish) is under implementation at a cost of Rs. 14.21 lacs ;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, the names of lakes which are being developed under the said scheme and whether the work on the said scheme has been started along with the amount so far spent thereon ?

Minister for Agriculture (Malik Khuda Bakhsh) : (a) Yes.

(*b*) Yes.

(*i*) and (*ii*) As indicated in the statement placed on the table of the House.

STATEMENT SHOWING NAMES OF LAKES TO BE DEVELOPED, THEIR AREA AND THE AMOUNT OF EXPENDITURE INCURRED ON DEVELOPMENT

S. No.	*Name of lake*	*Location*	*Acreage*	*Budget allocation 1967-68*	*Total amount surrendered*	*Spent in 1967-68*
1.	Tanda lake	Kohat	900	Rs. 8,64,510	Rs. 4,00,000	Rs. 83,357/-
2.	Nara lake	Sanghar	50,000			
3.	Namal lake	Mianwali	400			
4.	Talti lake	Dadu	150			
5.	Kheshki lake	Peshawar	40			
6.	Faqir Wali lake	D. G. Khan	23			
7.	Nabi Shah lake	Sargodha	100			
8.	Ring Bund lake	Jaccobabad	5,000			
9.	Hadero lake	Thatta	1,513			
10.	Sakrand lake	Nawab Shah	82			
11.	Chichoki Mallian	Sheikhupura	25			
12.	Lalu Sar lake	Kaghan Vallay	507			
13.	Saiful Maluk lake	Hazara Distt.	288			
14.	Dodi Pat Sar lake	Hazara Distt.	234			
		Total :-	59,262			

SUPPLY OF SMALL IMPORTED TRACTORS TO CULTIVATORS HAVING SMALL LAND HOLDINGS

*11809. **Chaudhri Muhammad Sarwar Khan :** Will the Minister for Agriculture be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that the number of cultivators having small holdings is by far larger than the owners of big land holdings in the Province ;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, whether there is any scheme for the supply of small imported tractors to cultivators having small land holdings ;

(*c*) if answer to (*b*) above be in the affirmative, the minimum horse power of the tractors along with the name of the country from where the same are being imported ?

Minister for Agriculture (Malik Khuda Bakhsh) : (*a*) Yes.

(*b*) Yes. A small tractor Holder Model AM-2 is on the standardized list and its import is permissible like other standardized tractors of bigger horse power.

(*c*) 18 H. P., West Germany.

IMPORT OF BULLDOZERS, TRACTORS AND OTHER AGRICULTURAL IMPLEMENTS

*11829. **Rana Phool Muhammad Khan :** Will the Minister for Agriculture be pleased to state the names of countries with whom contracts have been made by Government of West Pakistan for the import of bulldozers, tractors and other agricultural implements during the fiscal year 1967-68 along with respective number of bulldozers and tractors to be imported from each country as well as their probable delivery date in Pakistan ?

Minister for Agriculture (Malik Khuda Bakhsh) : None.

IMPARTING TRAINING IN MODERN TECHNIQUES OF FARMING

*11832. **Rana Phool Muhammad Khan**: Will the Minister for Agriculture be pleased to state whether it is a fact that Government have decided to open a training centre in each Union Council of the Province for imparting training tillers of the soil in modern techniques of farming; if so, total number of these centres ?

Minister for Agriculture (Malik Khuda Bakhsh): Yes. The total number of these centres will be 2112 in the first instance.

UNSTARRED QUESTIONS AND ANSWERS

PROTECTION OF WILDLIFE AND ANIMALS

394. **Mian Saifullah Khan**: Will the Minister for Agriculture be pleased to state:—

(*a*) the steps Government intend to take for the protection of wildlife in the Province ;

(*b*) the steps Government intend to take for introducing new species of game birds and animals in the Province ?

Minister for Agriculture (Malik Khuda Bakhsh): (*a*) (*i*) Game Organization has now been transferred to the administrative control of Forest Department. Wildlife Deputy Rangers and Wild-life Watchers, under the supervision of the Officers of the Forest Department have been detailed for protection and development of Wildlife in the Province. The concerned staff is strictly enforcing the Game Laws.

(*ii*) The areas where some species of wildlife are facing extinction, due to indiscrimination shooting in the past, have been closed. Shooting and Game sanctuaries and reserves have been created at proper places to preserve and propagate wildlife by providing natural habit at and feed in the closed areas. Issuing of shooting licences has also been restricted.

(*iii*) The birds and animals getting extinct have been notified as protected throughout the year.

(*b*) Scheme for the introduction of new game birds and animals for development in the Province has been approved which will be implemented from 1st July, 1968.

INTRODUCING SALT WATER SPORT FISH

401. Mian Saifullah Khan: Will the Minister for Agriculture be pleased to state:—

(*a*) the production in maunds of fish from salt water in the Province during 1966-67 alongwith the names of salt water areas ;

(*b*) the English and local names of each kind of fish mentioned in (*a*) above ;

(*c*) the steps Government intend to take to introduce salt water sport fish ?

Minister for Agriculture (Malik Khuda Bakhsh) : (*a*) Production 35,37,000 maunds. Area Mekran Coast (350 miles long) and Sind Coast.

(*b*) A list of names is placed on the Table of the House.

(*c*) A scheme for utilization of Saline Water Areas for Fish Production has been sanctioned which is yet at the experimental stage.

LIST OF ENGLISH AND LOCAL NAMES OF VARIOUS KINDS OF FISH FOUND IN SALT-WATER AREA OF WEST PAKISTAN (MEKRAN COAST).

S. No.	*Common English name of Fish landed.*	*Local name of Fish landed.*
1.	Sharks (Big)	Pagas.
2.	Sharks (Mid)	Pishik.
3.	Sharks (Small)	Bambool.
4.	King Mackrel.	Gore.
5.	Mackrel.	Kalgoom.
6.	Jew Fish.	Kir, Soli.
7.	Cat Fish (Small)	Kun.
8.	Cat Fish (Big)	Gallo.
9.	Tuna.	Ahur.
10.	Butter Fish.	Sanglore.
11.	Travelly.	Gishran.
12.	Fels.	Sang.
13.	Saw Fish.	Suddo.
14.	Black King Fish.	Kund.
15.	Leather Jacket.	Sarunn.
16.	Silver Bar Fish.	Pashanth.

S. No.	*Common English name of fish landed*	*Local name of Fish Landed.*
17.	Sole Fish.	Sawaso.
18.	Pomerets (Black)	Tigalum Siyah.
19.	Pomerets (White)	Pithoo.
20.	Sardine.	Loeger.
21.	Rilsa.	Palwar.
22.	Shapper.	Sohro.
23.	Grunter.	Kanpo.
24.	Sea Brean.	Gidier, Paleri.
25.	Other Perches.	Mushka, Chancho, and Kalancho,
26.	Other Perches.	Pandasi, Baddi, Shoor, Gid and Marbo etc.
27.	Other species.	Bucco, Dardumb, Kukri etc.
28.	Rays.	Pitton.
29.	S. N. Rays.	Kail, Sehro.
30.	Prawn.	Madag.
31.	Lobster.	Kika.

INTRODUCING BLACK BASS AND TROUT IN THE PROVINCE

402. Mian Saifullah Khan: Will the Minister for Agriculture be pleased to state :—

(*a*) the production in maunds of fish from fresh water during 1966-67 alongwith the names of fresh water areas ;

(*b*) the English and local names of each kind of fish mentioned in (*a*) above ;

(*c*) the steps Government have taken to introduce sport fish such as black bass and trout in the Province ?

Minister for Agriculture (Malik Khuda Bakhsh) : (*a*) Production in maunds 6,50,000 from fresh water areas of all rivers, lakes, dums and fish-ponds in West Pakistan. The names of the areas can be seen in the Survey Reports of the Department placed on the Table of the House.*

(*b*) A list of the names of fresh water fishes of West Pakistan and their equivalent local names is placed on the Table of the House.*

(*c*) Black Bass has not been introduced in Pakistan but Trout has already been introduced in Swat, Chitral, Kaghan and Quetta.

**Please see Appendix VIII at the end.*

QUESTIONS OF PRIVILEGE

MOTION FOR DISAGREEMENT WITH THER ECOMMENDATIONS OF THE SPECIAL COMMITTEE ON THE QUESTION OF PRIVILEGE RAISED BY MR. HAMZA ABOUT THE STATEMENT OF MR. G. YAZDANI MALIK, C. S. P.

Mr. Speaker : We will now take up the motion regarding breach of privilege.

Malik Muhammad Akhtar : On a point of order Sir. I consider that the adjournment motions should be taken first according to rule 50, because the privilege motion is a part of the business. Same practice was followed when a similar resolution was dealt with about two days back.

Mr. Speaker : Which rule has the Member referred to ?

Malik Muhammad Akhtar : Rule 50 of the Rules of Procedure.

Mr. Speaker : Will the Member please care to study rule 183 of the Rules of Procedure ?

Malik Muhammad Akhtar : I am quite familiar with that rule Sir, but you have been kind enough to observe the procedure laid down under the rule, which I have quoted, in the case of my privilege motion, for which I moved the motion after the disposal of the adjournment motions.

Mr. Speaker : Now go through rule 183 of the Rules of Procedure.

It says :—

> "A motion that the report of the Committee be taken into consideration shall be accorded the priority assigned to a matter of privilege and when a date has already been fixed for the consideration of the report, it shall be given priority as a matter of privilege on the day so appointed."

Malik Muhammad Akhtar : Then in the other case the rules were not observed. Anyhow, as the precedent was there, I had to point out.

Mr. Speaker : We will now take up these motions. The first motion is from Mr. Hamza.

Mr. Hamza : Mr. Speaker, Sir, I hereby move :—

> That this Assembly disagrees with the recommendations contained in the Report of the Special Committee on the Question of Privilege presented to the House on 8th May, 1968, regarding the statement made by Mr. G. Yazdani Malik C. S. P. before the Inquiry Officer on 2nd/3rd June, 1967 in an inquiry held against him.

Mr. Speaker : Motion moved is :—

> That this Assembly disagrees with the recommendations contained in the Report of the Special Committee on the Question of Privilege presented to the House on 8th May 1968, regarding the statement made by Mr. G. Yazdani Malik C. S. P. before the Inquiry Officer on 2nd/3rd June, 1967 in an inquiry held against him.

Minister of Law : Opposed Sir.

مسٹر حمزہ (لائل پور - ٦) - جناب سپیکر - آپ کو اچھی طرح معلوم ہے کہ میں وکیل نہیں ہوں لیکن اس کے باوجود اس تحریک استحقاق میں جو آج سے کئی ماہ پہلے اس ایوان میں پیش کی گئی تھی میں نے واضح طور پر عرض کر دیا تھا کہ یہ محض ایک فرد کا مسئلہ نہیں بلکہ ساری قوم کا مسئلہ ہے - یہ محض موجودہ نسل کا مسئلہ نہیں بلکہ آنے والے انسانوں کا مسئلہ بھی ہے -

جہاں تک جناب یزدانی ملک کے اس بیان کا تعلق ہے جو انہوں نے الکوائری افسر کے سامنے دیا تھا میں نے اس کو ان کی اس کارروائی سے جو انہوں نے اس معزز ایوان کی عمارت میں کی تھی زیادہ سنگین سمجھتا ہوں اس عذر کے پیش نظر کہ انہوں نے مجلس خصوصی کے سامنے اپنے الفاظ واپس لے لئے تھے میں اس بات کو بھی کوئی اہمیت نہیں دیتا اور وہ نرمی کے مستحق نہیں ہیں - ان سے کسی قسم کی نرمی کرنا اس ایوان سے نہیں بلکہ تمام ایوانوں اور تمام منتخب اداروں اور قوم کے تمام افراد اور آنے والی نسلوں کے ساتھ زیادتی ہوگی - انہوں نے یہ کارروائی پہلی بار نہیں کی ایک معزز رکن کی توہین کے لئے جو طریقہ اختیار کیا میں اس کی تفصیل میں جانا نہیں چاہتا - اس کے بعد انہوں نے جو الفاظ استحقاق کمیٹی کے ممبران کے لئے استعمال کئے یہ اتفاقی نہ تھے بلکہ سوچ سمجھ کر وہ الفاظ استعمال کئے - صرف یہ دو باتیں ہیں جو میں معزز ارکان اسمبلی کے نوٹس میں خصوصی طور پر لانا چاہتا ہوں -

جناب یزدانی ملک نے پہلے استحقاق کمیٹی کے سامنے ۵ دسمبر کو ایک بیان دیا - پھر ۲۴ دسمبر کو ایک مراسلہ جناب سیکرٹری صوبائی اسمبلی کے نام ارسال کیا - اس میں انہوں نے فرمایا کہ ان کے بیان میں بعض غلطیاں ہیں اور ان غلطیوں کی نوعیت بھی بتائی کہ وہ ٹائپ کی غلطیاں ہیں - ۲۴ دسمبر کو چٹھی ارسال کرنے کے بعد انہوں نے ۱۶ جنوری کو جو چٹھی ارسال

کی اس میں جو الزامات لگائے گئے پہلی چٹھی میں ان کا ذکر نہیں تھا ۔ اس سے ہم یہ نتیجہ اخذ کرنے پر مجبور ہیں کہ ۲۴ دسمبر اور ۱۶ جنوری کی چٹھیوں میں بڑا فرق ہے ۔ اور جو الزامات لگائے گئے ہیں اور جو استحقاق کمیٹی کو بے عزت کیا گیا ہے وہ اپنے ڈیفنس یا مدافعت کے لئے الزام تراشی کی گئی ہے ۔

جناب سپیکر ۔ جب میں نے یہ تحریک استحقاق اس معزز ایوان میں پیش کی تو اس ایوان نے اس مسئلہ کو مجلس خصوصی کے سپرد کرنا مناسب سمجھا ۔ جب جناب یزدانی ملک اس کے سامنے پیش ہوئے تو سب سے پہلے انہوں نے یہ فرمایا کہ اس مجلس خصوصی کو کوئی قانونی حق حاصل نہیں ۔ کہ اس استحقاق کے سوال پر غور کرے ۔ چونکہ آئین اور مروجہ قوانین اسمبلی یا استحقاق کمیٹی کو کوئی اختیار نہیں دیتے ۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ یہ صورت حال اس وقت تھی جب وہ پچھلی بار استحقاق کمیٹی کے روبرو پیش ہوئے ۔ استحقاق کمیٹی کی رپورٹ کو اس ایوان میں پیش کرنا اس امر کا بین ثبوت ہے کہ استحقاق کمیٹی کے پاس کوئی اختیار نہیں تھا جس کی رو سے کسی فرد کو اگر وہ کسی معزز ایوان کے کسی معزز رکن کے استحقاق کو مجروح کرتا ہے کوئی سزا دے سکے ۔ چنانچہ اس معزز ایوان نے مرکزی حکومت کے سامنے یہ سفارش کی تھی کہ ان کو ملازمت سے علیحدہ کر دیا جائے ۔

میں سمجھتا ہوں کہ انہوں نے یہ نئی دلیل پیش نہیں کی یہ صورت حال پہلے بھی موجود تھی لیکن اب جب کہ وہ مجلس خصوصی کے روبرو پیش ہوئے انہوں نے آتے ہی ایسا رویہ اختیار کیا جو کسی لحاظ سے بھی معقول نہیں تھا ۔ جناب سپیکر ۔ آپ یقین کیجئے کہ میں نے جب یہ تحریک استحقاق اس ایوان میں پیش کی تھی تو میں نے حالات کا اندازہ نہیں لگایا تھا یا میں اندازہ نہیں لگا سکا جو آج ہمارے سامنے ہیں اس کے لئے آپ مجھے مجرم گردان سکتے ہیں اور میں گناہگار ہونے کا اعتراف کرتا ہوں ۔ لیکن جناب سپیکر پچھلے ۶۔ سال سے میں اس معزز ایوان کا ایک حقیر رکن ہوں میں نے پچھلے ۶۔ سال میں اس معزز ایوان کے اختیارات کو دن بہ دن کم ہوتے دیکھا ہے ۔ میں مانتا ہوں کہ اگر ایک پاکستانی بھائی غلطی کرتا ہے اور غلطی کرنے کے بعد پچھتاتا ہے اور معافی مانگتا ہے تو اس کو معافی دی جانی چاہئے لیکن انتظامیہ کا ایک انتہائی ذمہ دار رکن جو ایک بار غلطی کرتا ہے ۔ ایک ایسی غلطی جو تاریخی غلطی تھی اور اسی غلطی کو وہ دوبارہ دہراتا ہے اور محض جذبات کے تحت نہیں بلکہ توہین کرنے کے لئے دہراتا ہے اور اس سے کسی شخص کو ایک ذرہ بھر بھی اختلاف نہیں ہو سکتا جیسا کہ میں پہلے عرض کر چکا ہوں ۔ نرمی یا رعایت کی یا لچک کی کوئی انتہا ہوتی ہے اگر کسی لچک سے کسی فرد کی زندگی پر اچھا اثر پڑتا ہے یا برا اثر پڑتا ہے تو اس کو کس حد تک برداشت کیا جا سکتا ہے لیکن وہ لچک جو ساری

قوم کو بدنام کرے بلکہ آنے والی نسلوں کو ہمارے متعلق یہ تاثر دے کہ ہم نے وہ فریضہ جو ہمارے ذمہ تھا اس کو بر وقت نہیں نبھایا اس قسم کی لچک دینا محض اس ایوان کے ساتھ زیادتی نہیں پوری قوم کے ساتھ زیادتی ہے ۔

جناب سپیکر ۔ جناب یزدانی ملک صاحب کا وہ بیان جو انہوں نے ۳۰۔ جنوری کو مجلس خصوصی کے سامنے دیا یہ تھا ۔

"میں انتہائی ادب کیساتھ اپنے مقدور بھر خلوص اور تاکید سے یہ عرض کروں گا کہ کسی مرحلہ پر بھی میری یہ نیت نہیں تھی کہ اس بلند پایہ ایوان کی اس کی کسی مجلس یا اس ایوان یا اسمبلی کے کسی رکن کے کسی استحقاق کی خلاف ورزی کا ارتکاب کروں ۔ اس غرض میں مجھے کامل یقین ہے کہ میرا یہ بیان مدبرانہ طریق پر قبول کر لیا جائیگا تاکہ یہ افسوس ناک قصہ یہیں ختم ہو جائے"۔

جناب سپیکر ۔ ان کا فرمان یہ ہے کہ میں نے جو الفاظ استعمال کئے میری نیت یہ نہیں تھی کہ میں اس ایوان اور استحقاق کمیٹی کی توہین کروں لیکن کوئی ان پڑھ یا ناخواندہ شخص اور ناتجربہ کار شخص نہایت معمولی شخص اگر اس قسم کے الفاظ استعمال کرے اور پہلی بار استعمال کرے یا جذبات میں آ کر استعمال

کرے تو وہ قابل معافی ہو سکتا ہے ان کا فرمان یہ ہے کہ انہوں نے جو الفاظ استعمال کئے ہیں ان کی نیت ایسی نہیں تھی ۔ وہ الفاظ جو انہوں نے انکوائری آفیسر کے سامنے اس استحقاق کمیٹی کے لئے استعمال کئے وہ میں آپ کے سامنے پڑھ کر سناتا ہوں تاکہ آپ کو یاد آ جائے کہ انہوں نے کس طریقہ سے اور کن الفاظ کو استعمال کرکے کس طرح توہین کرنا پسند کیا تھا جس کے بارے میں وہ فرماتے ہیں کہ میں نے جو کچھ کہا تھا میری نیت نیک تھی اس کو مدنظر رکھتے ہوئے میرے معزز ساتھیوں نے اور ارکان مجلس خصوصی نے ان کو معاف کرنا پسند کیا بلکہ میں یہ کہتا ہوں کہ وہ یہ فرماتے ہیں کہ انہوں نے غیر مشروط معافی مانگ لی تھی لیکن غیر مشروط معافی مانگنے کا سوال کبھی پیدا ہی نہیں ہوا ۔ محضر مجلس خصوصی کے صدر نے ان سے یہ کہا تھا کہ آپ نے جو الفاظ استعمال کئے ہیں وہ مناسب نہیں تھے ۔ اسکا مطلب یہ ہوا کہ مجلس خصوصی کے صدر نے یا مجلس خصوصی نے متفقہ طور پر یہ فیصلہ کیا تھا کہ ان کا اس قسم کے الفاظ کا استعمال کرنا انتہائی غیر موزوں تھا اگر آپ یہ سمجھیں کہ مجھے اس قسم کے الفاظ استعمال نہیں کرنا چاہئے تھے تو میں ان الفاظ کو واپس لے لونگا ۔ جس پر ان سے دریافت کیا گیا کہ آپ ۳۰ جنوری کے بیان کے پیش نظر کیا اپنے الفاظ واپس لیتے ہیں تو انہوں نے کہا ''ہاں لیتا ہوں،، اسکو مجلس خصوصی کے ارکان کہتے ہیں کہ انہوں نے غیر مشروط معافی مانگ لی ۔ جناب سپیکر ۔ انہوں نے جو الفاظ استعمال کئے تھے وہ یہ ہیں ۔

''کمیٹی کے ارکان نے ان پر بہت جرح کی - اور انہوں نے ایسے محسوس کیا جیسے ''ایک خرگوش بھیڑیوں کے نرغے میں آیا ہو - ان کا بیان انہیں پڑھکر نہیں سنایا گیا - اور جب انہیں بیان کی نقل مہیا کی گئی تو انہیں اس میں ٹائپ کی بہت سی غلطیاں نظر آئیں - مزید جانچنے پر انہیں پتہ چلا کہ اس کی عبارت میں بہت سی غلطیاں ہیں - اور واقعات کے بارے میں بہت بدعنوانیاں واقع ہوئی ہیں -

(۲) میں نے رسمی طریقہ پر کمیٹی کا شکریہ ادا کیا اور میں نے وہ الفاظ استعمال نہیں کئے جو مجھ سے منسوب کئے گئے ہیں میرا بیان مجھے پڑھکر نہیں سنایا گیا -

(۳) اس وقت میں نے اپنے بیان کو سرسری طور پر پڑھا اور مجھے یہ پتہ چلا کہ اس میں ٹائپ اور دیگر قسم کی غلطیاں ہیں - لیکن اس کے بعد جب میں نے بیان کو نہایت محتاط طریقہ سے پڑھا میں نے سیکرٹری کو ۱۶ جنوری کو خط لکھا اور اس خط کے ذریعہ میں نے انہیں بتایا کہ اس میں عبارت کی تضحیک اور غلط بیانی کی گئی ہے -''

(۴) یہ غلط ہے کہ جو بیان میں مجلس استحقاق کو دے رہا تھا میری موجودگی میں قلمبند کرایا جا رہا تھا - قلمبند نہیں کرایا گیا مجلس استحقاق میں اسوقت کئی سٹینوگرافر بیٹھے ہوئے تھے جیسے کہ میرا ریکارڈ بیان کیا جا رہا تھا لیکن بلا قلمبند کرائے خود

ھی ایسے تحریر کر رہے تھے میں یہ نہیں کہہ سکتا کہ مجلس استحقاق کے ریکارڈ میں میرا بیان فی‌الواقع غلط ہے ۔ بیان میں میں نے بعض پیروں پر نشان لگایا تھا جو غلط تھے ۔ لیکن وہ نشان شدہ بیان اس وقت میرے پاس نہیں ہے ۔

(۵) اس سلسلے میں مجھ سے منسوب کردہ بیان غلط ہے ۔ در حقیقت میرا بیان جیسا کہ مجلس استحقاق نے اسے ریکارڈ کیا ۔ معاندانہ طور پر غلط ہے ۔

(۶) میں نے مجلس استحقاق کو بتا دیا تھا اور اگر یہ وہ ریکارڈ نہیں کیا گیا تو میں اس فروگزاشت کو مجلس کی ارادی فروگزاشت کہوں گا ۔

(۷) یہ قطعاً غلط ہے ۔ مجلس نے اس بیان کو گھڑ لیا ہے ۔"

جناب سپیکر ۔ یہ الزامات ہیں جو کہ جناب یزدانی ملک صاحب نے ایک بار نہیں متعدد بار مجلس استحقاق پر لگائے یا لگانا پسند کئے جیسا کہ میں عرض کر چکا ہوں کہ اگر مجلس خصوصی کے ارکان یا اس معزز ایوان کے پاس وہ اختیارات نہیں ہیں جس کے ذریعے ہم اس شخص کو جو کہ اس ایوان کی یا ایوان کے کسی فرد کی یا ایوان کی کمیٹی کی توہین کرتا ہے سزا دے سکیں اسکا مطلب یہ نہیں ہے ۔ کہ جو کوئی بھی ہماری توہین یا بے عزتی کرے ہم

اپنی کمزوری کو جانتے ہوے اس کو معاف کر دیں ۔ اس سے پہلے بھی اس ایوان نے یہ پسند کیا تھا کہ جناب یزدانی ملک صاحب کے بارے میں مرکزی حکومت کو سفارش کریں کہ وہ ان کے خلاف کارروائی کریں لیکن ایسا نہیں کیا گیا ۔ اگر محض اس قانونی سقم کی بنا پر مجلس خصوصی نے ان کو مجرم گردان کر معاف کرنا پسند کیا ہے تو یہ محض اس ایوان کے ساتھ زیادتی نہیں بلکہ میں تو یہ کہوں گا اور بڑے وثوق سے یہ کہتا ہوں کہ اس کا مطلب یہ ہوا کہ اس سے پہلے اس ایوان نے جو فیصلہ کیا تھا وہ مناسب نہیں تھا ۔ بلکہ اس ایوان ہی نے نہیں آپ کو یاد ہو گا کہ مشرقی پاکستان کی صوبائی اسمبلی نے متفقہ طور پر اس اسمبلی کی قرار داد کی حمایت کی تھی اور مرکزی اسمبلی کے وہ ارکان جو کہ سرکاری پارٹی مسلم لیگ سے تعلق رکھتے تھے انہوں نے بھی متفقہ طور پر اس اسمبلی کی پاس کردہ قرار داد کی حمایت کرنا پسند کیا تھا ۔

گر قبول افتد زہے عز و شرف ۔ اگر آج وہ فرد جو دوبارہ اس ایوان کی ۔ اس ایوان کی نہیں اس صوبے کے عوام کی توہین کرنا پسند کرتا ہے اگر آج ہم اس کو اس بنا پر وہ بنا جس کی کوئی اہمیت نہیں اس کو باعزت معاف کرنا پسند کرتے ہیں تو یہ ہماری اپنے ساتھ زیادتی ہو گی اور اگر آپ کا یہ فرمان ہے کہ مجلس خصوصی کے پاس یا استحقاق کمیٹی کے پاس یا تمام ایوان کے پاس اختیارات نہیں ہیں اور ہم جناب یزدانی ملک کو خواہ مخواہ پریشان کرتے رہے تو بہتر تھا کہ آپ ایوان کے سامنے یہ سفارش کرتے کہ ہم تمام کو مل کر

ان سے معافی مانگ لینی چاهئے - جناب سپیکر - اگر آج هم نے مجلس خصوصی کی سفارش پر مهر تصدیق ثبت کی تو میں یه سمجهوں گا که جناب یزدانی ملک کا رویه مناسب تها اور جو سلوک همارے ساتھ هوتا رها هے - اس میں وہ حق بجانب تهے - وہ قوم یا افراد - وہ ادارے جو اپنی عزت آپ نہیں کرتے دوسرے بهی ان کی عزت نہیں کیا کرتے - جناب سپیکر - آپ اندازہ لگائیے که اس وقت اس ملک میں اس واقعه کو اس طریقه سے بیان کیا جا سکتا هے که ایک جانب نوکر شاهی کا ایک فرد هے جس پر بعض سنگین الزامات لگائے گئے محض اس ایوان میں نہیں بلکه اس ایوان سے باهر بهی - اسکو انصاف کے ایک پلڑے میں بٹها دیا گیا هے اور دوسری طرف ان کے مقابله میں صوبائی اور مرکزی اسمبلی کے ۴۶۶ معزز ارکان هیں اور وہ پلڑا جس میں جناب یزدانی ملک بیٹهے هیں وہ بهاری هے اور ۴۶۶ معزز ارکان کا پلڑا بالکل هلکا - جناب سپیکر - حزب اختلاف والے یه انکی خوش قسمتی کهه لیجئے یا بد قسمتی میں بهی ان میں سے هوں مغربی پاکستان کی اسمبلی کے کمزور هونے یا اس کے بے اختیار هونے کا جو رونا آج تک روتے رهے هیں حکومت نے اپنے طرز عمل سے اس کو ثابت کر دیا هے جو سفارش مجلس خصوصی نے کی هے اگر آپ نے اسے قبول کیا تو یقین کیجئے حزب اختلاف یه ثابت کر سکے گی که اس ملک میں نوکر شاهی کی حکومت هے جو عوام کی قطعاً پرواہ نہیں کرتی اور یه ادارے محض نمائش کے لئے هیں اور همارے معزز ارکان اسمبلی کے کوئی اختیارات نہیں هیں - جناب سپیکر - آج هم نے ایک تاریخی فیصله کرنا هے اور میں جناب یزدانی ملک کو تاریخ ساز هستی سمجهتا

ہوں - آج ہم نے یہ فیصلہ کرنا ہے کہ آیا جناب یزدانی ملک کو وہ اقدامات وہ کارروائیاں یا وہ الفاظ جو انہوں نے استعمال کرنے پسند کئے تھے وہ استعمال کرنے چاہئیں تھے یا نہیں - اس کے ساتھ ہی ساتھ میں آپ کی خدمت میں مودبانہ ایک تجویز بھی پیش کرتا ہوں کہ آج سے چند دن پہلے اس معزز ایوان میں بعض افسروں کے نام جن کے خلاف بد دیانتی رشوت ستانی یا بعض بد عنوانیوں کے الزامات تھے پڑھے گئے - آپ نے اپنے خصوصی اختیارات کو استعمال کرتے ہوئے ان معزز و مکرم ہستیوں کے نام جو کہ رشوت ستانی میں ملوث تھے اخبارات میں شائع ہونے سے روک دیئے تھے - میں آپ سے التجا کرونگا کہ آج کی کارروائی جو کہ اس تحریک استحقاق کے متعلق اس ایوان میں ہو اسے اخبارات میں شائع نہ ہونے دیں - جو حکومت رشوت خور افسروں کی اتنی عزت اور حفاظت کرتی ہے ان کی قدر و منزلت انکے نزدیک اتنی زیادہ ہے - آج کی کارروائی یہ ثابت کرے گی کہ یہ ایوان کس قدر محتاج ہے غیر موثر اور کمزور ہے بلکہ محض جسمانی طور پر ہی نہیں بلکہ ذہنی طور پر مرعوب ہے - آج ہم اپنی بے بسی پر مہر ثبت کرینگے اور ہمیں اپنی بے بسی کا احساس ہو جائیگا کہ ہماری عزت و توقیر اس ایوان کے اندر اور باہر کیا ہے - جناب سپیکر - میں اپنی معروضات کو ختم کرتا ہوں اور جناب کی وساطت سے میں جناب گورنر اور معزز ارکان کی خدمت میں یہ التجا کرتا ہوں کہ یہ مسئلہ میرا نہیں - جناب یزدانی ملک کے ساتھ ہمیں ذاتی عداوت نہیں ہے - اگر آپ مجلس خصوصی کی سفارش کو قبول کرنا پسند فرمائینگے تو میں یہ سمجھونگا کہ آپ اپنے ساتھ انتہائی زیادتی

کرینگے لیکن اگر آپ اپنے اوپر زیادتی کرنے پر تلے ہوئے ہیں تو آپ کا ہاتھ کوئی نہیں پکڑ سکتا ۔ آپ اپنے ساتھ زیادتی کر سکتے ہیں لیکن حق و انصاف اور وہ حقوق جو آپ کو حاصل ہیں یہ کہا جائیگا کہ ان کی حفاظت کے لئے آپ اپنا ہاتھ نہیں اٹھا سکے ۔ یہ ہماری بے بسی ہے محض ہماری ہی بے بسی نہیں بلکہ اس سے قوم کی بے بسی کا اظہار ہوتا ہے ۔ خدارا اس موقع کی اہمیت اور نزاکت کو سمجھیئے اور اس کے بعد اپنی رائے کا استعمال کیجئے ۔

رانا پھول محمد خان (لاہور ۔ ۷) ۔ حمزہ صاحب کے اٹھائے گئے نکتہ استحقاق پر جو ایک خاص کمیٹی بنائی گئی میں بھی اسکا ممبر تھا لیکن ۲۶ اپریل کو آخری اجلاس میں اتفاق سے میں شامل نہ ہو سکا کمیٹی نے جو رپورٹ کی ہے میں اس سے مکمل اتفاق کرتا ہوں اور وہ بالکل درست ہے لیکن افسوس یہ ہے کہ کمیٹی نے اپنی بے اختیاری کو چھپانے کی کوشش کی ہے (ہیر ۔ ہیر) بہتر یہ تھا کہ کمیٹی اس لاگ لپیٹ کی بجائے اگر اپنی بے اختیاری کو کھلے طور پر ظاہر کر دیتی تو وہ زیادہ بہتر ہوتا ۔

جناب والا ۔ کمیٹی کی رپورٹ پڑھکر میں حیران ہو گیا ۔ میری سمجھ کے مطابق کمیٹی کی یہ رپورٹ ویسے درست ہے کیونکہ اس کے سوائے اور کوئی چارہ بھی نہ تھا ۔ آج تک دنیا میں کوئی ایسی مثال آپ کو نہیں ملے گی کہ کسی گواہ یا فریق نے کسی عدالت کے سامنے یا کسی تحقیقاتی افسر کے سامنے جو بیان تحریر کرایا

ہو ۔ اس کے متعلق بعد میں وہ یہ کہے کہ میں اپنے بیان کے ہر لفظ کو واپس لیتا ہوں جناب یزدانی ملک نے کمیٹی کے سامنے یہ اقرار کیا ہے ۔ یہ تسلیم کیا ہے کہ انہوں نے یہ الفاظ استعمال کئے تھے ۔ جناب والا ۔ انہوں نے اس تحقیقاتی کمیٹی کے لئے بھیڑیئے کا لفظ استعمال نہیں کیا بلکہ اس ایوان ۔ اس نمائندہ ایوان کو بھیڑیوں کا ایوان قرار دیا ۔ جناب یزدانی ملک صاحب نے یہ فرمایا ہے کہ انہیں اس ایوان کا بڑا احترام ہے ۔ اگر انہیں واقعی اس ایوان کا احترام تھا تو وہ یہ الفاظ واپس لینے کی بجائے ٹھیک طریق سے معافی مانگتے ۔ اس صورت میں آج ہم اس ہاؤس میں یہ کہنے کے حقدار ہوتے کہ حمزہ صاحب کی یہ تحریک استحقاق جائز نہ تھی ۔ جناب والا ۔ جہاں تک اس ایوان کے احترام کا تعلق ہے مجھے اس سلسلہ میں مسٹر یزدانی ملک کی ایک بات یاد آگئی کمیٹی کے ایک اجلاس کے دوران انہوں نے مجھے بلایا اور مجھ سے باتیں شروع کر دیں ۔ اور فرمایا ''دیکھئے مسٹر حمزہ نے یہ غلط کیا ہے انہیں اس معاملہ کو نہیں اٹھانا چاہئے تھا ۔ آپ کو یاد ہوگا کہ اس سے پہلے شمس‌الدین کے غلط قدم نے ساری اسمبلی کے منہ پر چپت رسید کی'' ۔ یہ الفاظ تھے مسٹر یزدانی ملک کے ۔ اس کے بعد انہوں نے صوبائی اسمبلی کے سیکرٹری اور ارکان کمیٹی کی موجودگی میں سٹینوگرافروں کے لئے جو الفاظ استعمال کئے وہ میں جناب کے سامنے پیش کرتا ہوں ۔ جب انہیں ان کا بیان پڑھنے کے لئے دیا گیا تو انہوں نے یہ کہا کہ یہ سٹینوگرافر نااہل ہیں ۔ اگر میں کمشنر ہوتا اور یہ میرے سٹینوگرافر ہوتے تو میں ان کو معطل کر دیتا ۔ انہوں نے یہ الفاظ اسمبلی کے سٹینو

گرافروں کے لئے جو یہاں قانون تحریر کرتے ہیں وہ قانون جن پر مسٹر یزدانی ملک اور ان جیسے دوسرے افسران عمل کرتے ہیں - ہم نے ان کے ان الفاظ کو بھی برداشت کیا -

مجھے ایک واقعہ یاد آ گیا ہے - ۱۹۶۵ء کی جنگ کے دوران جب ہندوستان کے اخبارات نے یہ خبر شائع کی کہ لاہور پر ان کا قبضہ ہے تو وہاں کے لوگ بہت خوش ہوئے جنگ کے دوران انکے ملک میں پاکستان کا ریڈیو سننا منسوخ تھا - جب وہاں کے ایک شخص نے پڑھا کہ لاہور پر ان کا قبضہ ہے تو اس نے اپنا ریڈیو لیا اس کے ساتھ لاؤڈ سپیکر لگایا اور دھلی کے جامع مسجد کے مینار پر چڑھ کے پانچ بجے شام لاہور کی خبریں لگا دیں - شہر میں کھلبلی مچ گئی - پولیس وہاں پہنچ گئی اور اس آدمی کو گرفتار کر لیا - صبح اسے عدالت میں پیش کیا - عدالت نے پوچھا کہ کیا تم نے پاکستان کا ریڈیو سٹیشن لگایا ہے - اور شہریوں کو وہاں کی خبریں سنائیں - اس نے کہا جی ہاں میں نے لاہور لگایا ہے - مگر میں نے کوئی جرم نہیں کیا میرے پاس یہ اخبار موجود ہے جس میں لکھا ہے کہ لاہور پر ہمارا قبضہ ہے - میں نے اپنے ملک کا ریڈیو سٹیشن سمجھتے ہوئے لاہور لگایا ہے - میں نے کوئی جرم نہیں کیا - عدالت نے کہا - دیکھو ہم نے تمہیں بری کیا - لیکن اخبارات کی تمام خبروں پر یقین نہ کیا کرو -

میں جناب حمزہ سے گزارش کرونگا کہ اگر کوئی افسر اس ایوان کے ارکان کے متعلق سخت سست الفاظ استعمال کرے یا لابی

میں کسی ممبر پر دست درازی کرے تو وہ اسے اس ھاؤس کی توھین تصور نہ کیا کریں ۔ جناب والا ۔ میں یہ گزارش کرونگا کہ اس قانون ساز ادارے کے ممبر ھوتے ھوئے ھم سب کا یہ فرض ھے ۔ کہ جب ھم قانون بنا کر اپنی قوم سے یہ توقع رکھتے ھیں کہ وہ اس قانون کا احترام کرے تو اس سے پہلے ھمارا یہ فرض ھے کہ ھم خود بھی قانون کا احترام کریں ۔ اور جب اس ھاؤس کے حقوق کی حفاظت کے لئے قانون خاموش ھو پھر ھمیں بھی خاموش رھنا چاھیئے ۔ اس لئے میں یہ سمجھتا ھوں کہ ھمیں اس کمیٹی کی رپورٹ کے سامنے سر تسلیم خم کر دینا چاھئے ۔ اور اسے بخوشی منظور کر لینا چاھئے جناب والا میں یہ گزارش کروں گا کہ کمیٹی نے صحیح طور پر رپورٹ دی ھے ۔ اس کے سوا ھمارے لئے کوئی چارہ نہیں جب قانون خاموش ھے تو ھم بھی خاموش ھیں ۔ جناب والا ۔ میرے دلی جذبات کے لئے یہ شعر بے موقع نہ ھو گا ۔

یہ دنیا رنج و راحت کا غلط انداز کرتی ھے
خدا ھی خوب واقف ھے کسی پر کیا گزرتی ھے

میں اس ھاؤس سے گزارش کروں گا کہ ھمیں قانون کا احترام کرنا چاھئے جب قانون خاموش ھے تو ھمیں کمیٹی کی رپورٹ سے پورا پورا اتفاق کرنا چاھئے ۔

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ ۔ ۱) ۔ جناب والا ۔ میں اپنے محترم رفیق جناب حمزہ صاحب کی اس تحریک کی حمایت کے لئے کھڑا ھوا ھوں

مجھے افسوس ہے کہ اس ایوان میں یہ تاثر دیا گیا ہے کہ یہ معزز ایوان بالکل بے بس ہے ۔ اور اگر کوئی فرد خواہ وہ بیورو کریسی کا فرد ہو یا کوئی اور شخص ۔ اس کی تضحیک و تذلیل کرے تو یہ ایوان کچھ نہیں کر سکتا ۔ فرض کیجئے کہ اس ایوان کے پاس اس قسم کے اختیارات نہیں ہیں کہ یہ خود عدالت کے فرائض سر انجام دیتے ہوئے اس شخص کے خلاف مناسب کارروائی کرے جو اس ایوان کی تضحیک کرتا ہے یا اس کے استحقاق کو ٹھیس پہنچاتا ہے ۔ میں اپنے معزز دوستوں سے آپ کے توسل سے پوچھنا چاہتا ہوں ۔ تو کیا اس ایوان کے بس میں یہ بات بھی نہیں ہے کہ وہ اس شخص کے خلاف نفرت کا اظہار کرے یا کم از کم اس کی الفاظ سے مذمت کر دے یا یہ اختیار بھی ہمیں کسی قانون نے بخشا ہے ۔ یا ہم نے کسی سے مانگنا ہے ۔ یہ اختیار تو ہر شخص کو حاصل ہے خواہ وہ اس ایوان کا رکن ہو یا نہ ہو ۔ کہ وہ کسی شخص کے کسی فعل کو دل سے نا پسند کرے اور زبان سے کہے کہ یہ فعل برا ہے ۔ میں اس کی مذمت کرتا ہوں ۔ اس ایوان کی یہ بے بسی میری سمجھ میں نہیں آتی کہ یہ ایوان اپنے آپ کو اس قدرے بے بس پا رہا ہے کہ یہ جانتے ہوئے کہ فلاں شخص نے ایک بری حرکت کی ہے ۔ زبان سے یہ کہنے کے لئے تیار نہیں کہ فلاں شخص نے ہماری تذلیل کی ہے ۔ بے عزتی کی ہے ۔ ہتک کی ہے ۔ یہ بے بسی کیسی ہے ۔ یہ بے بسی نہیں بلکہ غیرت کا فقدان ہے ۔ جب غیرت کا فقدان ہو جائے ۔ جب غیرت مٹ جائے پھر اس قسم کی باتیں سننے میں آتی ہیں چلئے صاحب کسی نے دو جوتے مار دیئے تو کیا ہوا ۔ اپنی پگڑی ذرا

جھاڑ کے پھر باندھ لی اور کہا چلئے ٹھیک ہے کوئی بات نہیں ۔ ذرا ٹیڑھی ہو گئی تو پھر اس کو دوبارہ باندھ دیا ۔ ہم میں غیرت کا فقدان ہے ۔ اختیارات کا فقدان ہے ۔ میں مانتا ہوں کہ اس ایوان نے متفقہ طور پر سفارشات کیں تھیں ۔ لیکن اس ایوان کی ہی نہیں بلکہ مشرقی پاکستان کی صوبائی اسمبلی اور مرکزی اسمبلی کی با اختیار جماعت کی سفارشات کو بھی مجموعی طور پر درخوراعتناء نہیں سمجھا گیا ۔ ارباب اختیار نے انہیں وہ وزن نہیں دیا جو کہ جمہوری ممالک میں اس قسم کے اداروں کی رائے کو دینا چاہئے تھا ۔ حمزہ صاحب نے کل کہا تھا کہ ہم ملک کے طول و عرض میں یہ ڈھنڈورا پیٹتے رہے ہیں اور یہ واویلا کرتے ہیں کہ یہ ایوان اس آئین کے تحت محض ایک ڈھونگ ہے ہم اسکو ثابت نہیں کر سکتے تھے ہم اس طرح عوام کے دلوں میں اسکو ذہن نشین نہیں کر سکتے تھے جس طرح حکمرانوں کے محض ایک فعل نے ایک بیورو کریٹ کو بچانے کے لئے اس قدر جرآت کی ۔ جس نے اس قدر بے باکی کا مظاہرہ کیا کہ اس نے اس ایوان کے اندر آ کر اس ایوان کے ایک معزز ممبر کو جو آج غیر حاضر ہیں گریبان سے پکڑا اور گالی دی یہی تک بس نہیں کیا جب ایک کمیٹی بنائی تو اسکے سامنے جو بیانات دیئے اس میں سب کچھ کہا ۔ پھر ان بیانات کے ساتھ اس زہر کو مٹانے کیلئے اتنے گندے ذہن سے کام لیا کہ ایک ممبر پہلے ہی ستم اور ظلم کا نشانہ بنا پھر اٹھارہ بیس ممبران جن پر یہ کمیٹی مشتمل تھی وہ بھی اسکا نشانہ بنی ۔ میں مانتا ہوں کہ حکومت کو اس ایوان کی قدر و منزلت منظور نہیں ہے لیکن حکومت کو نہ سہی ہمیں ان سے کوئی سروکار نہیں ہمیں تو کم از کم اپنی عزت کے لئے اپنے دلی جذبات کو

بیان کر دینا چاہئے ۔ اگر انہیں غلام یزدانی کا فعل پسند ہے کہ اس نے ٹھیک کیا ہے اسنے گالی دی ہم اسکے مستحق تھے لیکن اگر آپ سمجھتے ہیں کہ اسنے جو گالی دی ہے وہ ہمیں نا پسند ہے تو اسلئے کہ کل کو کوئی یہ نہ کہے کہ ہماری زبانوں پر تالے لگے تھے ہم اپنے جذبات کا اظہار کریں تا کہ ہم کہہ سکیں کہ اس قسم کے رقیق حملے ہوئے اسکو ہم نا پسند کرتے تھے اور ہم نے اسکی مذمت کی ۔

جناب مجھے اسوقت پارلیمانی تاریخ کا ایک نہایت ہی افسوسناک واقعہ یاد آتا ہے کہ آج سے گیارہ بارہ سال قبل مشرقی پاکستان کی صوبائی اسمبلی میں ایک ہنگامہ ہو گیا اور اس ہنگامہ کی وجہ سے ڈپٹی سپیکر جو اس وقت سپیکر کے فرائض سر انجام دے رہے تھے ان کو شدید چوٹ آئی اور اسی چوٹ کی وجہ سے چند دن بعد اس دارفانی سے رحلت فرما گئے ۔ مجھے افسوس ہے کہ ایسا واقعہ پاکستان کی پارلیمانی تاریخ میں ایک بدنما اور سیاہ دھبہ ہے ۔ آج سے دس سال قبل جب مارشل لا نافذ کیا گیا تو صدر مملکت جو اس زمانہ میں فیلڈ مارشل محمد ایوب خان چیف مارشل لا ایڈمنسٹریٹر بھی تھے انہوں نے خصوصیت سے اس واقعہ کا ذکر کیا کہ یہاں پارلیمانی زندگی ناکام ہو چکی ہے اور اس ناکامی کی بین اور واضح دلیل یہ دی کہ ایک سپیکر کو قتل کر دیا گیا اور یہ لوگ اس قابل نہیں (یہ بطور ثبوت کے پیش کیا گیا) یہ قوم اس قابل نہیں کہ یہ اپنے آپ پر خود حکومت کر سکے ۔ یہ ایک بہت بڑا ثبوت تھا ۔ میں مانتا ہوں کہ یہ بہت بڑی فروگزاشت تھی ۔ یہ بہت بڑی غلطی تھی ۔ ایسے نہیں ہونا چاہئے تھا ۔

اس سے ہمارے ملک کی بڑی توہین ہوئی لیکن جناب والا میں ان کو یاد دلاتا ہوں کہ دنیا بھر کی پارلیمانی ایوانوں کی زندگی میں کسی نہ کسی وقت ایوانوں میں جھگڑے اور تنازعے ہوئے گولیاں چلیں ۔ کرسیاں چلیں ۔ ابھی دو تین سال کا ذکر ہے کہ جاپان کی اسمبلی میں پستول نکل آئے پیشتر اسکے کہ پستول چلے سپیکر صاحب نے اجلاس برخاست کر دیا ۔ اگر آپ نظر دوڑائیں تو فرانس میں بھی واقعہ ہوا ہے ۔ اٹلی میں بھی کئی بار ایسے مواقع آئے ۔ ماضی بعید میں انگلستان میں ایسا واقعہ ہوا ہے ۔ امریکہ میں بھی ہوا ہے بلکہ ہر ملک میں ہوا ہے یہاں کوئی انوکھا واقعہ نہیں ہے اگرچہ مجھے اس پر شرمساری ہے کہ مشرقی پاکستان کی اسمبلی میں ایسا واقعہ کیوں ہوا لیکن دنیا بھر کے قانون ساز اداروں میں ایسے واقعات ہوتے رہے ہیں شائد آئندہ بھی کہیں نہ کہیں ہوں ۔ ابھی اگلے روز ہندوستان کی لوک سبھا میں دھینگا مشتی ہوئی ۔ گالی گلوچ ہوئی اور ارکان گتھم گتھا ہوئے ۔ ایسے واقعات ہوتے رہے ہیں ۔ آپ نے جذبات کی رو میں بیٹھ کر دماغ سے سمجھنے کی بجائے دل سے سوچنا شروع کر دیا ہے ۔ ہم بھی انسان ہیں ۔ خدا نہ کرے ایسا واقعہ یہاں بھی رونما ہو سکتا ہے ۔ اس لئے میں اتنا نادم نہیں ہوں جتنا اس زمانے میں فیلڈ مارشل اور موجودہ صدر مملکت نے ارشاد فرمایا تھا اس سے زیادہ بدنما اور بد ترین داغ ہماری پارلیمانی زندگی میں یہ ہے کہ ایک بیورو کریٹ نے اٹھ کر لیجسلیٹو کے ممبر کو گلے سے پکڑ کر مارا یہ اس سے کہیں زیادہ بد نما داغ ہے ۔ اسکی مثال دنیا بھر کے ایوان کی تاریخ میں نہیں مل سکتی ۔ جسکا ذکر میں نے ابھی کیا ہے اس واقعہ کے متعلق اس قسم کی کئی مثالیں پیش کی جا سکتی ہیں ۔ یہ واقعہ کہ ایک

ملازم کو ۔ ایک سرکاری نوکر کو ایک نوکر شاهی کے فرد کو خواہ وہ کمشنر ہو یا ہوم سیکرٹری ہو خواہ وہ کوئی چھوٹا ہو یا بڑا اسکو جرأت ہو کہ وہ ایوان کے ایک معزز رکن کو ایوان میں آ کر ذلیل کرے اور اسکو بے عزت کرے ۔ اور اسکے بعد اس ایوان کی کمیٹی کے متعلق انکوائری آفیسر کے سامنے یہ کہے کہ انہوں نے جو کچھ میرا بیان لکھا ہے وہ اپنی جانب سے من گھڑت لکھ لیا ہے ۔ میں نے وہ بیان نہیں دیا ہے۔ وہ ایک جھوٹ کا پلندا ہے ۔ انہوں نے جان بوجھ کر یہ بیان لکھ لیا ہے جو جھوٹا ہے ۔ دنیا کے کسی ایوان کی تاریخ میں ایسی مثال نہیں مل سکتی ۔ یہ اس سے بہت زیادہ گھناؤنا واقعہ ہے جو مشرقی پاکستان میں ہوا ہے جس کو بطور وجہ جواز مارشل لا نافذ کرنے کیلئے بتایا گیا ہے ۔ اس سے زیادہ گھناؤنا واقعہ ۔ اس سے زیادہ تاریک واقعہ ۔ اس سے زیادہ بد نما واقعہ کوئی نہیں ہے اور اس پر اس طرح سے لیپا پوتی کی جا رہی ہے کہ جیسے واقعہ ہی نہیں ہوا ہے ۔ مجھے افسوس ہے کہ ہم اپنے آپ کو ان ۶ کروڑ معزز پاکستانیوں کے جو کہ مغربی پاکستان میں بستے ہیں معزز نمائندے کہلواتے ہیں ۔

لیکن شاید اس رپورٹ کو قبول کرنے کے بعد وہ آپ کو نمائندہ تو کہیں لیکن اس کے ساتھ سے ''معزز،، کا لفظ اڑا دیں ۔ کیونکہ معزز وہی ہے جو اپنی بھی عزت کرے اور دوسروں کی بھی عزت کرے اور اگر اسکی عزت پر کوئی شخص حملہ کرے تو وہ اسکو اس کا جواب بھی دے اور آج اس عزت کو بر قرار رکھنے کی ضرورت ہے ۔

جناب والا ۔ میں اس معزز ایوان کی زیادہ سمع خراشی نہیں کرنا

چاهتا ۔ میں صرف حمیت اور غیرت کے نام پر اپنے دوستوں سے اپیل کرتا هوں که اگر ان کو اس ایوان میں اپنی عزت کا کوئی پاس هے اور اگر اس معزز ایوان کے اراکین کے دل میں حمیت اور غیرت کا کچھ احساس هے تو اس کے اظہار کا موقع آج هے ورنه دنیا یہی کہے گی که آپ حمیت اور غیرت سے تہی دامن هیں اور آپ اس قابل نہیں که آپ کو معزز کہا جائے ۔ آپ کی وساطت سے میں ان الفاظ کے ساتھ اس معزز ایوان کے ممبران سے اور آپ سے یه استدعا کروں گا که اس رپورٹ کو قبول نه کیا جائے جسے معلوم نہیں که میرے معزز بھائیوں نے کس غرض سے لکھا هے اور جسے واقعات کا درست طور پر جائزه نه لیکر لکھا گیا هے اس لئے میری استدعا هے که اسکو قبول نه کیا جائے اور یه ایوان خود فیصله کرے که وه یزدانی ملک کے خلاف کیا اقدامات اٹھانا چاهتا هے ۔ شکریه ۔

چودھری محمد سرور خان (سیالکوٹ ۔ ۳) ۔ جناب والا ۔ مجھے فاضل اراکین سپیشل کمیٹی کے جذبه حب‌الوطنی یا جمہوریت نوازی یا معامله فہمی پر کسی قسم کا شک و شبه نہیں هے لیکن جب میں نے ان کی تیار کرده رپورٹ پڑھی تو مجھے ایک بات واضح طور پر نظر ائی هے که انھوں نے اپنے حقوق اور اس معزز ایوان کے حقوق کی واضح نشان دهی نه هونے کی وجه سے اس معاملے سے پیچھا چھڑایا هے اور اپنی جان چھڑانے کی کوشش کی هے ۔ لیکن اس کے ساتھ هی ساتھ مجھے اس بات کا بھی احساس هے که ان کے اس فعل سے کوئی درست روایات قائم نہیں هوئیں اور اسکے علاوه اس طرح سے اس مجلس قانون ساز کی

تضحیک کا سامان بھی پیدا ہوا ہے ۔

جناب والا ۔ مسٹر یزدانی ملک کا جو مسئلہ تھا اسے میں نے ایک افسر اور ایک قانون ساز ادارے کے رکن کے درمیان جنگ کبھی بھی محسوس نہیں کیا اور نہ ہی میں نے اسے بیوروکریسی اور جمہوریت کے درمیان ایک جنگ تصور کیا ہے ۔ بلکہ میں سمجھتا ہوں کہ ہمارا جو موجودہ آئین ہے اور جو طرز جمہوریت اس وقت ہمارے ملک میں رائج ہے اور جسے ہم نے اختیار کر رکھا ہے اس کے بارے میں ہم سب لوگ یعنی حکومتی پارٹی کے اراکین ۔ وزراء اور اس پارٹی کے قائد عوام کو اس بات کا یقین دلانے میں سر گرم رہے ہیں اور آئندہ بھی رہیں گے کہ موجودہ طرز جمہوریت پر لوگوں کو غیر متزلزل یقین ہے لیکن میں آپ کو اس بات کا یقین دلاتا ہوں کہ مسٹر یزدانی ملک کے اس طرز عمل سے یہ امکان پیدا ہو گا کہ غیر متزلزل یقین اس جمہوری نظام میں قوم کو ہے ۔ اس یقین کو ٹھیس پہنچے ۔

جناب والا ۔ میرے نزدیک یہ مسئلہ نہ تو حقوق حاصل کرنے سے متعلق ہے اور نہ حقوق کے تلف ہونے کا مسئلہ ہے بلکہ جو طرز فکر ہم عوام میں جاگزین کرنا چاہتے ہیں ۔ یہ مسئلہ اس طرز فکر سے تعلق رکھتا ہے ۔ آئین میں جو یقین دہانیاں عامۃالناس سے کی گئی ہیں یہ مسئلہ ان وعدوں کو برقرار رکھنے کا مسئلہ ہے ۔ اگر ہم نے اس رپورٹ کو قبول کیا تو کیا ہم عوام کی تضحیک کا نشانہ نہیں بنیں گے ۔ اس رپورٹ کے بعد میں سمجھتا ہوں کہ سپیشل کمیٹی کے فاضل اراکین

کے دلوں میں یہ احساس روز اول سے جاگزین تھا کہ ان کے کوئی حقوق تھے ھی نہیں ۔ لیکن میں ان کے اس خیال سے متفق نہیں ہوں کیونکہ دنیا میں اس سے بڑا حق کسے بھی نہیں دیا گیا کہ ایک فرد واحد اسقدر جم غفیر کی نمائیندگی کرے اور اس پر ان کو اعتماد ہو ۔ عوامی نمائیندوں سے زیادہ معزز آدمی کوئی نہیں ہو سکتا یہ درست ہے کہ اس پر بھی چند ایک حدود و قیود لگا دی گئی ہیں اور اس کا واضح ثبوت ہمارے پاس موجود ہے کہ عوامی نمائندگی اگر فی‌الحقیقت وجہ عزت اور وقار نہ ہوتی تو وہ حکمران جو اس ملک پر بڑی طاقت کے ساتھ حکومت کرتے تھے وہ اپنے لئے عوامی طریق انتخاب کو پسند نہ کرتے ۔ لیکن جمہوریت اور انسانیت کی بقا کے لئے اور اس طرز فکر میں جان پیدا کرنے کی غرض سے تاریخ ہمیں بتاتی ہے کہ لوگوں نے پر آشوب کٹھن اور مشکل راہیں بھی اختیار کی ہیں ۔ اس ملک کا نظام حکومت بھی جمہوری ہے خواہ اس میں عوام کو اور ہمیں بھی کئی ایک مشکلات درپیش ہوں ۔ اگر میں اس سلسلے میں ایک واقعہ عرض کروں تو بیجا نہ ہوگا کہ جس سے یہ ثابت ہوگا کہ اس واقعہ کے مقابلے میں ہمارے اور اس ایوان کے کوئی حقوق ھی نہیں ہیں ۔ چوتھی صدی عیسوی کا ایک واقعہ ہے کہ رومن سیزر نے اپنے گھوڑے سے خوش ہو کر اسے اپنے سینٹ کا نمائندہ نامزد کر دیا ۔ یہ واقعہ کچھ عرصہ تک تو مضحکہ خیز سا رہا اور لوگ اس کا مذاق اڑاتے رہے لیکن اس کے ساتھ ھی ساتھ صاحب فکر لوگوں کیلئے یہ واقعہ حسرت و یاس کا باعث بھی بنا رہا ۔ لیکن کچھ عرصے کے بعد لوگوں نے یہ محسوس کیا کہ وہ گھوڑا ان کے اپنے ملک کا گھوڑا ہے اور اسی گھوڑے کی وجہ سے

انہوں نے جنگ میں ناموری حاصل کی اور اس ملک کے سپاہیوں کو جنگ میں کامیابی سے ہمکنار کرنے میں اس گھوڑے نے انکی مدد کی ہے اور اس ملک کے کمانڈر کو دشمن پر بروقت یلغار کرنے میں اس گھوڑے نے مدد دی ہے اس لئے یہ قابل احترام ہے اور اس کی عزت کو برقرار رکھنے کے لئے اسے سینٹ کا رکن نامزد کیا گیا ہے تو وہ اس فیصلے پر پہنچے کہ ایک دن مقرر کر کے اس کے اعزاز میں قومی تہوار یادگار کے طور پر منایا جائے ۔ اس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ اگر پرانے زمانے میں کوئی مقننہ رومن سیزر کے گھوڑے کو عزت اور احترام کا مستحق سمجھتی تھی تو اس ایوان کے کسی معزز رکن کو بھی سیزر کا گھوڑا ہی سمجھ کر درگزر کر دیا جاتا ۔

جناب والا ۔ اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ آیا ہم کسی بیوروکریٹ کے خلاف جنگ کرنے کی آئینی طاقت رکھتے ہیں یا نہیں یا ہم اپنے آپ میں اتنی سکت محسوس کرتے ہیں یا نہیں ۔ ہم یہاں پر یہ محسوس کرتے ہوئے کہ ہم اپنے آپ کو کسی ایسے آدمی سے نبرد آزما ہونے کے قابل نہیں سمجھتے ۔ اپنی کمزوری کا اعتراف کرتے ہیں ۔ لیکن بحیثیت ایک قانون ساز ادارے کے رکن ہونے کے اور اس ملک کے عام شہری ہونے کی وجہ سے ہم سے یہ حق کوئی نہیں چھین سکتا کہ ہم کسی معاملے پر اپنی پسندیدگی یا نا پسندیدگی کا اظہار کریں میں آپ کی وساطت سے اس معزز ایوان کی خدمت میں یہ عرض کروں گا کہ اگر ہم مسٹر یزدانی ملک کے اس معاملے سے درگزر کریں یا اس معاملے کو درخور اعتناء نہ سمجھیں تو اسکا مطلب واضح طور

پر یہ ہوگا کہ اس سے عوام میں یہ تاثر پیدا ہوگا کہ اس حکومت کے زعماء یا کارکن یا اس پارٹی سے تعلق رکھنے والے لوگ عوام کو دھوکہ میں مبتلا کئے ہوئے ہیں اور یہ کہ یہاں جمہوریت کا کوئی نام و نشان ہی نہیں ہے ۔ اگر مسٹر یزدانی ملک کے اس فعل سے درگزر کرکے ہم یہ تاثر عوام کو دینا چاہتے ہیں تو وہ حق ہم سے کوئی بھی نہیں چھین سکتا کہ ہم کسی واقعہ کے متعلق اپنی پسندیدگی یا نا پسندیدگی کا اظہار کر سکیں جو حق ہمیں ایک قانون ساز ادارے کا رکن ہونے اور ایک عام شہری ہونے کی حیثیت سے آئین کے تحت ملا ہے ۔ اس لئے میری ذاتی رائے یہی ہے اور میں آپ کی وساطت سے اس معزز ایوان کو التماس کروں گا کہ اس واقعہ پر اپنی نا پسندیدگی کا اظہار انہیں ضرور کرنا چاہئے کیونکہ ہم اس وقت موجودہ آئین کے تحت منتخب شدہ نمائندے ہیں اور اس اسمبلی میں اس آئین کی عملی کارکردگی کے مظہر ہیں ۔

ہم ثبوت ہیں ان یقین دہانیوں کا جو اس ملک کی جمہوری روایات کو زندہ رکھنے کیلئے عامۃالناس کو دی گئی ہیں اور پھر اس کے بعد آئین پر یقین رکھنے اور آئین کے تقدس کو بر قرار رکھنے کیلئے بھی لیجسلیچر ایک ذریعہ ہوتا ہے ۔ اور میں یہ سمجھتا ہوں کہ اگر ہم میں یہ احساس پیدا ہو ۔ اور ہم میں اس قدر احساس برتری پیدا ہو ۔ تو پھر ہم کو اپنے حقوق کے قیود سے بلا شبہ تجاوز نہیں کرنا چاہئے ۔

جناب والا ۔ یہ چیز تاریخ میں بار بار دہرائی گئی ہے کہ لیجسلیچر کا کوئی مقام نہیں ہوتا ۔ میں کہتا ہوں کہ واضح نشان دہی کے بغیر

مقننہ کا ایک مقام ہے اور مقننہ ایک بلند مقام ادارہ ہے ۔ اس کے ثبوت میں جناب والا میں یہ عرض کرتا ہوں کہ آپ تاریخ کے واقعات کو دیکھیں اور اگر آپ اپنے دماغ پر بوجھ ڈال کر یہ محسوس کر سکیں تو میں آپ کو یقین دلاتا ہوں اور میں سمجھتا ہوں کہ اس ہاؤس کے ممبران اور آپ بھی اس بات پر یقین رکھیں گے کہ کوئی ملک اگر (پارلیمنٹ کی زندگی کے بغیر آپ دیکھیں) تو وہ ہمیشہ اداس اور کھوئی کھوئی سی رہتی ہے ۔ لیکن پارلیمنٹ کے بعد خواہ عوام اعتراضات بھی کریں ملک کی سیاسی زندگی میں ملک کی روایات میں ایک بہار آتی دکھائی دیتی ہے ۔ لیکن مقننہ کو ایک بے بس ادارہ سمجھنا قطعی طور پر غلط ہے یہ ایک انتہائی معزز ادارہ ہے اور موزوں طریقے سے معرض وجود میں آیا ہے تو اس لئے میں آپکی وساطت سے جناب والا عرض کرونگا کہ اپنے حقوق کیلئے اور انکی بقا کیلئے انکی حفاظت کیلئے ہمیں جس قدر بھی نفرت کا اظہار کرنا ہو اسکی ہمیں ضرور اجازت ہو اور ضرور اجازت ملنی چاہئے ۔

چودھری محمد نواز (ساہیوال ۔ ۲) ۔ جناب والا ۔ دل تو نہیں چاہتا تھا کہ کچھ عرض کروں لیکن یہ سمجھتے ہوئے کہ اگر آج اس موقع پر کچھ نہ کہا گیا تو یہ سمجھ لیا جائیگا ۔ کہ اس ایوان کے تمام ممبران بے حس ہیں ۔ میں بے غیرت تو نہیں کہنا چاہتا مگر بے حس کا لفظ ضرور استعمال کرونگا کہ بے حس ہیں اس کمیٹی کی رپورٹ میں ہمارے جو Special Committee کے ممبران تھے انہوں نے جس فراخ دلی کا ثبوت دیا ہے ۔ وہ بھی قابل ستائش ہے ۔

اور جسطرح انہوں نے وہ رپورٹ مرتب کی ہے اسکو پڑھکر انکی بے بسی جو ہے وہ بھی ظاہر ہوتی ہے لیکن ساتھ ہی اس رپورٹ سے یہ بھی ظاہر ہوتا ہے کہ انہوں نے چھپ چھپ کر اپنے آنسو جو ہیں کسطرح سے پونچھے ہیں یہ بھی صاف طور پر آشکارا ہے اسکو انہوں نے چھپانے کی ہر ممکن کوشش کی ہے ۔ لیکن وہ اس معاملہ میں بے بس ثابت ہوئے ہیں ۔ مجھے اس پر کچھ زیادہ کہنا مقصود نہیں ہے کیونکہ بہت کچھ کہا جا چکا ہے ۔ لیکن مجھے آج ان دوستوں پر افسوس ضرور ہے ۔ جن کو میں اپنے دل میں بڑے احترام کی نظر سے دیکھتا تھا ۔ اور ان کا مقام میرے دل میں بہت بلند تھا لیکن آج جب میں انکی سیٹیں دیکھتا ہوں کہ خالی پڑی ہوئی ہیں تو مجھے رونا آتا ہے ۔ حضور والا یہ کہا جاتا ہے کہ اس ایوان کو یہ حقوق حاصل نہیں ہیں ۔ کہ ہم کس کا محاسبہ کر سکیں میں ان سے صرف ایک معمولی سی بات پوچھنا چاہتا ہوں ۔ کہ یہ ٹھیک ہے ۔ اگر میں ان سے یہ اتفاق کر لوں کہ ہمیں یہ حقوق حاصل نہیں ہیں ۔ ہمیں یہ اختیار حاصل نہیں تو میں ان سے یہ پوچھتا ہوں ۔ کہ جب آپ ایک قانون بناتے ہیں اور اگر آپ اس پر اپنی مہر ثبت نہ کریں تو اسکو یہ لوگ جنہوں نے اس ایوان کی توہین کرنے کی جرات کی تو وہ اسکو عوام پر مسلط نہیں کر سکتے ۔ تو اس کا مطلب یہ ہے کہ جب تک ہم کسی قانون کو نہیں بناتے اس وقت تک یہ افسران اس پر عمل نہیں کروا سکتے ۔ تو اسکا مطلب یہ ہے کہ ہم ایک دست بالا کے مستحق ہیں ۔ تو اس کا مطلب یہ ہوا کہ ہمارے اختیارات ان سے زیادہ ہیں اور اگر ہمارے اس ایوان کو کوئی ٹھیس پہنچے تو ہمیں اس کے تحفظ کا حق حاصل ہے حضور والا ۔ تھوڑی سی گزارشات

کرنا چاهتا هوں اور اس کے بعد میں اپنی معروضات کو ختم کرونگا میں ان اراکین اپنے بھائیوں اور دوستوں سے پوچھنا چاهتا هوں جو اس کمیٹی کے ممبران تھے کہ اگر انہوں نے یہی کچھ کرنا تھا اور اگر وہ اپنے آپ کو بے بس محسوس کرتے تھے تو ان کو کیا حق تھا کہ وہ بار بار meetings call کرتے اور قوم کا روپیہ اسطرح ضائع کرتے وہ اس معاملے میں بھی حق بجانب نہیں هیں ۔ حضور والا ۔ اس پر زیادہ کیا کہوں بس اپنے آپ کو بھی بے بس سمجھتے هوئے میں اپنی معروضات کو ختم کرتا هوں ۔

مسٹر محمد هاشم لاسی (لس بیلہ ۔ قلات)۔ جناب والا ۔ اس ایوان کے معزز اراکین نے اپنے اپنے خیالات کا اظہار کیا ۔ جہاں تک ہمارے آپوزیشن کے ممبران کا تعلق ہے انکے یہ فرائض میں آتا ہے کہ اکثریتی پارٹی کی طرف سے جس قسم کا بھی فیصلہ ہو خواہ وہ غلط ہو یا صحیح خود وہ کار آمد ہو یا بیکار اسکی مخالفت کریں اور انکو یہ حق ہے کہ وہ ہر انداز میں ہر طریقے سے اسکی مخالفت میں حق بجانب هیں ۔ جناب والا جہاں تک اس کمیٹی کے ارکان کا تعلق تھا ایک معزز رکن کی صدارت میں اس کمیٹی کے باقاعدہ اجلاس هوتے رہے اور کمیٹی کی رپورٹ اور حالات پڑھنے کے بعد یہ اندازہ هو گا کہ اس کمیٹی نے کسقدر باقاعدگی کے ساتھ اس معاملے کو چلایا ۔ جناب والا ۔ ہمارے محترم خواجہ صاحب یا حمزہ صاحب کی تقریروں پر افسوس کا اظہار کرنیکی ضرورت نہیں لیکن ہمارے چند محترم دوستوں کی طرف سے چند ایسی باتیں پیش کی گئیں جو اس ایوان کے وقار کے قطعی خلاف هیں ۔ انہیں جسطرح اس چیز کو پیش

کرنا چاہئے تھا اسطرح پیش نہیں کیا ۔ میں چودھری بھد نواز صاحب کے ان الفاظ کو دوبارہ دھراؤں کہ اس کمیٹی کے ارکان نے جس فراخدلی سے فیصلہ کیا ہے وہ قابل ستائش ہے ۔ اور اسکے بعد اس ایوان کے ذمہ دار افراد اس چیز کو دیکھیں کہ آئیندہ اس اسمبلی کے وقار کو کسطرح برقرار رکھا جائے ۔ ان الفاظ کے بعد میں اپنے دوستوں سے گزارش کرونگا کہ اس کمیٹی کی سفارش کو بحال کیا جائے ۔

Mr. Ahmed Mian Soomro (Jacobabad-II) : Mr. Speaker, as the Chairman of this .....

رانا پھول محمد خان ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ میں آپ کی وساطت سے اپنے ڈپٹی سپیکر صاحب کی خدمت میں گزارش کرونگا کہ وہ چونکہ اس کمیٹی کے چیئرمین رہے ہیں اور ہاؤس کے تمام ممبران اس رپورٹ کی وضاحت چاہتے ہیں اسلئے ہماری دلی خواہش ہے کہ ہم جیسے ممبران پر جو انگریزی نہیں جانتے مہربانی فرمائیں اور اپنی تقریر اردو میں کریں تو بہتر ہو گا ۔

مسٹر احمد میاں سمرو ۔ جناب ۔ چونکہ میں اردو زبان زیادہ نہیں جانتا اسلئے آپ مجھے معاف فرمائیں اگر اس میں کوئی کوتاہی ہو جائے میں کوشش کرونگا کہ جو کچھ میں کہنا چاہتا ہوں اردو میں کہوں ۔

چودھری محمد سرور خان ۔ دل کی باتیں کہیں گے یا کاغذ کی باتیں ۔

مسٹر احمد میاں سمرو ۔ جناب ۔ اس کمیٹی کے چیئرمین کی حیثیت سے ہم نے جو رپورٹ پیش کی ہے میں اسکے متعلق چند الفاظ ہاؤس کی خدمت میں پیش کرنا چاہتا ہوں ۔ میرے دل میں اس ہاؤس کے ہر معزز ممبر کی عزت ہے ۔ نہ صرف اس اسمبلی کے ممبران کیلئے یا اس کمیٹی کے لئے بلکہ ہر ایک ممبر کے لئے خواہ اس کا کسی پارٹی سے واسطہ ہو ۔ میرے دل میں عزت ہے ۔ ہم جدا جدا عضو ہیں یعنی parts of the machinery ہیں جو اس ہاؤس کو چلاتے ہیں ہم نے اس ہاؤس کے ممبر ہونے کے بعد سب سے پہلے حلف اٹھایا کہ ہم پر ممبر کی حیثیت سے کیا ذمہداری ہوگی ۔ میں اسے مختصر طور پر refer کرنا چاہتا ہوں ۔ وہ حلف ہم نے اسطرح اٹھایا تھا ۔

> "...I will perform my functions honestly, to the best of my ability, faithfully in accordance with the Constitution, the law and the Rules of the Assembly and always in the interest of the solidarity, integrity, well-being and prosperity of Pakistan :
>
> And that I, will preserve, protect and defend the Constiution.

جناب ۔ پھر اس قسم کے حلف کے اٹھانے کے بعد ہمیں اگر کوئی فیصلہ کرنا ہوگا تو ہم اپنے جذبات سے نہیں بلکہ اپنے ضمیر کے مطابق اور قانون کے مطابق اس ہاؤس کی عزت کو بلند رکھنے کی کوشش کریں گے ۔ یہ ہم سب کا فرض ہے اس میں شک نہیں کہ اس وقت بیوروکریسی اس ملک میں زوروں پر ہے ۔ ہم اس بات سے اپنی آنکھیں بند نہیں کر سکتے ۔ ہماری طرز حکومت جمہوری ہے جمہوریت میں یہ ضروری ہے کہ

Supremacy of the Legislature vis-a-vis bureaucracy must prevail.

لیکن صاحب چونکہ ہم کو آئین کے ماتحت ہر ایک چیز کو کرنا ہے اس لئے میں آئین کے آرٹیکل ۱۲۳ میں جو Contempt of Court کے متعلق فقرہ ہے وہ آپ کو پڑھ کر سناتا ہوں :۔

123—(1) In this Article "Court" means the Supreme Court or a High Court.

(2) A Court shall have power to punish any person who—

(a) abuses, interferes with or obstructs the process of the Court in any way or disobeys any order of the Court :

(b) scandalizes the Court or otherwise does anything which tends to bring the Court or a Judge of the Court into hatred, ridicule, or contempt :

(c) does anything which tends to prejudice the determination of a matter pending before the Court ; or

(d) does any other thing which, by law, constitutes contempt of the Court.

جناب ۔ اس میں ہائی کورٹ اور سپریم کورٹ کے لئے provision کی گئی ہے لیکن ہماری Legislature کے لئے کوئی provision نہیں البتہ آئین کے آرٹیکل ۱۱۱ کے تحت ہمیں حق دیا ہے کہ ہم اپنے privileges کو determine کریں ۔ ہمیں اختیار دیا گیا ہے اور واضح اختیار دیا گیا ہے کہ ہم خود فیصلہ کریں کہ کسی کو توہین کی سزا کس طرح دینی

ہے ۔ جیسا کہ میں نے پہلے عرض کیا ہے اس ملک میں جمہوریت کی حکومت ہے اور آئین کے اصولوں کے ماتحت ہمیں اتنی vast powers دی گئی ہیں کہ ہم خود اپنے Rules of Procedure کو determine کریں اپنے privileges کو determine کریں آرٹیکل ۱۱۱ کے تحت اس معزز اسمبلی نے میرا مطلب ہے پروونشل اسمبلی آف ویسٹ پاکستان نے اپنے لئے ایک Provincial Assembly of West Pakistan Privileges Act پاس کیا ہے اسی رٹیکل کے تحت اگر آپ اس کا preamble دیکھیں اس میں لکھا ہے :۔

The Provincial Assembly of
West Pakistan Privileges
Act, 1964.

Whereas Article III of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan inter alia provides that the privileges of Members of an Assembly may be determined by law :

And Whereas it is expedient to define the privileges of the Provincial Assembly of West Pakistan, its Members and Committees, and of the persons entitled to speak in the Assembly and to provide for matters incidental and supplemental thereto ;
It is hereby enacted as follows :-

جناب عالی ۔ آپ نے اس آرٹیکل ۱۱۱ کے تحت جو ایکٹ پاس کیا ہے اس میں اپنے privileges کو define کیا ہے ۔ لیکن اس ہاؤس کی توہین کے متعلق کچھ نہیں کیا گیا ۔ میں اس کی تفصیل میں کسی وجہ سے نہیں جانا چاہتا اتنا عرض کروں گا کہ اس وقت وزیر قانون جو بل لائے تھے اس کو اسی طرح accept کر لیا گیا ۔ اور یہ نہ دیکھا کہ ہمارے

privileges کیا ہیں ۔ نہ اس میں detention کے متعلق کوئی چیز ہے نہ کسی کارروائی میں دخل دینے کے متعلق کچھ ہے ۔ پھر اگر ہم نے اس وقت موزوں نہیں سمجھا یا کسی وجہ سے اپنی توہین یا breach of privilege کے متعلق کچھ نہیں لکھا تو اس میں قصور کس کا ہے ۔ اس میں ہمارا قصور ہے ۔ اگر آپ اسے قصور سمجھتے ہیں یا اسے فراخدلی سمجھتے ہیں تو یہ سب کچھ آپ نے خود کیا ہے ۔ ہاؤس کی قانونی پوزیشن یہ ہے کہ آپ نے خود اپنی privileges کو define کیا ہے ۔

اب اگر ہم جذبات میں آ کر قانون کے خلاف کچھ کر جائیں گے اور قانون کے خلاف کوئی فیصلہ کرلیں گے تو آخر یہ عوام اور یہ ملک ہمارے متعلق کیا سوچے گا ۔ اگر ہم سمجھتے ہیں کہ ایوان کی توہین ہوئی ہے اور ہماری استحقاق شکنی ہوئی ہے ۔ ہم اس اسمبلی کے ۱۹۶۵ء سے ممبر ہیں اور ہم کو چاہئے تھا کہ ہم اس میں ترمیم کرتے لیکن ہم کو اسکا کبھی خیال نہیں آیا ۔ یہ اختیار ہمیں آئین نے دیا ہے یہ اختیار ہمیں قانون نے دیا ہے اگر ہم اس اختیار کو نہ استعمال کرنا چاہیں تو یہ ہمارا قصور ہے یہ آئین کا قصور نہیں ہے ۔ جناب جیسا کہ آپ کو اور اس معزز ایوان کو معلوم ہے کہ پچھلی دفعہ اس عاجز نے ایک بل دیا ہے جو privileges بل ہے اور یہ بل privileges ایکٹ کو ترمیم کرنے کیلئے ہے جسے اس معزز ایوان نے سٹینڈنگ کمیٹی کے غور و خوض کیلئے کمیٹی کے سپرد کر دیا ہے ۔ میں عرض کروں گا کہ اس سے پہلے کوئی اس طرح کا بل نہیں آیا اسی وجہ سے یہ سب مشکلات ہو رہی ہیں ۔

چودھری محمد سرور خان ۔ آپ کا کیا خیال ہے کہ وہ privileges bill پاس ہو جائے گا ۔

مسٹر احمد میاں سمرو ۔ آپ اسے پاس کریں یا نہ کریں ہاؤس اسے چاہے یا نہ چاہے ۔ ہاؤس اگر پاس کرنا چاہے تو اسے پاس کرسکتا ہے ۔ بہر حال میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ وہ ہمارے سامنے ہے ۔ اگر ہم اسے پاس نہیں کرنا چاہتے تو یہ اور بات ہے مگر اس میں قانون کا کوئی قصور نہیں ہے ۔ ہمارا قصور ہو گا ۔ میں نے یہ بات کمیٹی کے اس فیصلہ سے متعلق عرض کی ہے جس کے بارے میں حمزہ صاحب نے فرمایا تھا کہ انھوں نے کمیٹی کے jurisdiction کو چیلنج کیا تھا ۔ میں عرض کروں گا کہ اس میں کچھ انصاف کا بھی ہمیں احساس ہونا چاہئے ۔ اگر ایک انسان صحیح معنوں میں مجرم نہیں ہے اگر ایک انکوائری کے ماتحت وہ مدعاعلیہ ہے اگر اس نے ہمارے jurisdiction کو چیلنج کیا تو یہ کوئی توہین نہیں ہے ۔ جناب والا ۔ جب آپ پریکٹس کرتے تھے تو آپ کو پتہ ہوگا کہ آپ سپریم کورٹ اور ہائی کورٹ میں کہدیتے ہونگے کہ یہ ہائی کورٹ اور سپریم کورٹ کے jurisdiction میں نہیں ہے تو اس پر کیا ہائی کورٹ نے اور سپریم کورٹ نے اپنی توہین محسوس کی ۔ اگر کوئی شخص کسی کے jurisdiction کو چیلنج کرتا ہے تو اس میں اس قدر جذبات میں نہیں آنا چاہئے ۔ اسی طرح اگر کوئی ہمارے jurisdiction کو چیلنج کرے تو کیا ہمیں جذبات میں آ جانا چاہئے ۔ اگر اس نے ہمارے jurisdiction کو چیلنج کیا ہے تو ہمیں اس کا فیصلہ کرنا چاہئے کہ آیا ہمارا jurisdiction ہے یا نہیں ہے ۔ اس کے چیلنج کرنے پر ہم

یہ نہیں کہہ سکتے کہ اس نے برا کیا ہے یا اچھا کیا ہے یا غلط کیا ہے اس کا ہم کو بھی پتہ ہے آپکو بھی پتہ ہے آپ جب کسی اپیل میں جاتے تھے تو آپ یہ کہا کرتے تھے

We say to the High Court and the Supreme Court : You have no jurisdiction.

The impugned orders are contrary to facts, they are false ; they are illegal and they are ultra vires.

We are justified in taking that plea.

اس کا مطلب یہ نہیں کہ توہین عدالت ہو گئی ۔ جو کچھ الکوائری ہم نے کی ہے اور جو کچھ اس میں ہوا ہے ۔ اس سے ہماری بے عزتی نہیں ہوئی ہے ۔ میں ہاؤس کو یقین دلاتا ہوں کہ اس ہاؤس کے وقار کے سلسلے میں جو کچھ کیا جائیگا میں اس کی تائید کروں گا ۔ اس لئے کہ اس سے ہماری عزت ہے ۔ لیکن ہم جذبات میں اگر کوئی ایسی کارروائی نہ کریں جو قانون کے خلاف ہو اور وہ قانون جس کو ہم نے پاس کیا ہے ۔ ہم اس میں ترمیم کر سکتے ہیں لیکن اس کے خلاف کوئی بات نہ کریں اس سے ہمارے عوام اور ہمارا intellegensia طبقہ ہمارے لئے یہ خیال قائم کریگا کہ اگر ہمارے خلاف کوئی بات کہی جاتی ہے تو ہم جذبات میں آ کر غیر قانونی فیصلے کر لیتے ہیں ۔ اس لئے ہمیں جذبات سے کام نہیں بلکہ عقل سے اور اپنے ضمیر سے کام لینا چاہئے ۔ جیسا کہ ابھی ہمارے دوست نے کہا ہے کہ ہم بے بس ہیں ہم مانتے ہیں کہ ہم بے بس ہیں تو

ہم بے بسی کی وجہ سے کیا فیصلہ کر سکتے ہیں ؟ ہمیں کوئی اختیار نہیں ہے اور سوائے اس فیصلہ کے ہم کس فیصلہ پر پہونچ سکتے ہیں ۔ جب ہمیں اختیار نہیں ہے تو ہم ایک آدمی کو کسطرح سزا دے سکتے ہیں ۔ بس آئندہ کے لئے ہمیں اس غلطی سے سبق لینا چاہئے کہ اس غلطی کو ہم کسطرح درست کریں اور اس غلطی کو درست کرنے کے لئے ہم کوشش کریں ۔

چودھری محمد نواز ۔ ہمیں آئندہ محتاط رہنا چاہئے کہ کوئی اور مارے ۔

مسٹر احمد میاں سمرو ۔ اس کے بعد جناب میں یزدانی ملک کے بیان کا ایک extract پڑھ کر سناتا ہوں :۔

"As a citizen of a democratic country and as a Member of the Executive, charged with the duty of upholding and enforcing laws, I hold the legislative function in great regard. From this sentiment of mine flows my esteem for all institutions which are associated with the making of laws, which I regard as a vital national function. There can, therefore, be no question of my departing from this respectful regard either in the case of the Provincial Assembly as a whole or any Committee set up by it. I was, therefore, painfully surprised to find that some of the observations which I had made in my defence before a Judge of the High Court, had been construed as a breach of privilege of this House. With utmost deference I would like to say with all the sincerity and emphasis at my command, that I had no intention at any stage to commit a breach of any privilege of the august House, any Committee thereof or any individual

Member of the House or any of its Committees. Reciprocally I have the fullest confidence that this statement of mine will be accepted in a statesman-like manner so that this unfortunate episode be closed."

He went further to say that :—

"If the Members of this Committee after considering my statement as a whole still feel that I have by any remarks in any way offended or caused disrespect to the Assembly or its Committee, I have no hesitation in withdrawing the remarks as I have full respect for the Legislature."

جناب آن کے ان remarks کے بعد قانونی پوزیشن جو میں نے عرض کی ہے اور اس نتیجہ پر پہنچنے کے بعد میں ہاؤس کے سامنے یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ کمیٹی نے یہ مناسب سمجھا کہ ایڈووکیٹ جنرل کو بھی کمیٹی کی کارروائی میں شامل کیا جائے اور ان سے بھی رائے لی جائے۔ اور ہاؤس کی اطلاع کیلئے میں یہ بھی عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ایڈووکیٹ جنرل بھی اس رائے سے متفق تھے کہ موجودہ قانون میں یہ ہمارا breach of privilege نہیں ہوا ہے۔ لہذا میں ہاؤس کا زیادہ وقت نہیں لینا چاہتا اور آخر میں یہ یقین دلاتا ہوں کہ اس ہاؤس کے وقار کو بلند کرنے کیلئے جو بھی جدوجہد کی جائیگی اور کی جائے میں اسکی تائید کرتا ہوں اور اس ہاؤس کی عزت کو بڑھانا اور وقار کو بلند کرنا میرا ایمان ہے اور میں قانونی طور پر ہر شخص کا اس کوشش میں ساتھ دوں گا۔

مسٹر عبدالقیوم قریشی (بہاول پور - ۳) ۔

جی میں آتا ہے لگا دوں آگ کوہ طور کو
پھر خیال آتا ہے موسیٰ بے وطن ہو جائے گا

مسٹر سپیکر ۔ آپ اپنی تقریر کو موجودہ تحریک استحقاق تک ہی محدود رکھئے گا ۔ پرانے واقعات نہ دھرائے جائیں کیونکہ وہ متعلقہ باتیں نہ ہونگی ۔

مسٹر عبدالقیوم قریشی ۔ میں جناب والا بالکل مختصر کر دیتا ہوں ۔ میں اپنے معزز ایوان سے درخواست کروں گا جناب کی وساطت سے کہ اگر ہم نے لاکھوں روپیہ صرف کرکے اس عزت افزائی کے لئے آنا ہے تو اس سے بھی زیادہ سستی عزت جو ہے وہ وہیں ہمیں مل جائے گی ۔ بس میں اسی پر اکتفا کرتا ہوں ۔

حاجی سردار عطا محمد (خیر پور-۲) ۔ جناب سپیکر ۔ آج یہ جو مسئلہ زیربحث ہے جس کے اوپر میں مختصر سی گزارش کروں گا یہ ملک یزدانی صاحب کا بھی نہیں ہے بلکہ یہ ہمارے پاکستان اور اس کے شہریوں کا مسئلہ ہے اس لئے اس معزز ایوان کو بھی ہمدردی ان کے لئے ہے مشرقی پاکستان اور پنڈی میں بھی اس پر متفقہ طور پر احتجاج ہوا ۔ گزارش یہ ہے کہ اس میں ہماری عزت کا یا ہمارے عوام کے احترام کا سوال ہے ایسے حالات چھپے نہیں رہ سکتے اور ان کی خبر بیرونی ممالک میں چلی جاتی ہے ۔ اس میں گورنر

صاحب کی عزت کا بھی سوال ہے چنانچہ اس چیز کا بھی لحاظ کرنا ہے اور اس کے ساتھ ساتھ ہمارے وزرا صاحبان تمام اضلاع اور دیہاتوں میں گردوغبار کا بوجھ اٹھاتے ہیں ۔ لاکھوں روپیہ خرچ کرتے ہیں اور جمہوریت اور آزادی کا ڈھنڈورا پیٹتے ہیں تو لوگ ان کو بھی طعنہ دیں گے جنہوں نے ہمیں بھیجا کیونکہ وہ بھی پڑھے لکھے اور سمجھدار ہیں ۔ اچھا تو یہ تھا کہ ملک یزدانی صاحب پہلے دن ہی معافی مانگ لیتے تو اتنی بات نہ بڑھتی لیکن انہوں نے یہ بھی نہیں کیا ۔ اس پر ہم صبر کریں تو یہ میری سمجھ سے بہت باہر ہے اور ہاؤس کو اس مسئلے کے اوپر اپنی عزت ، غیرت اور اپنی قوم کی عزت کا خیال رکھ کر فیصلہ کرنا ہے ۔ میں اپنی ایک تقریر میں پہلے بھی گزارش کر چکا ہوں کہ یہ اسمبلی ایک فراڈ ہے تو وہ لفظ مجھ سے واپس کرایا گیا لیکن اب ہمارا حکمران طبقہ یہ ثابت کرنا چاہتا ہے کہ جو میں نے پہلے لفظ کہا تھا وہ درست تھا غلط نہ تھا ۔ میں معزز ہاؤس کو اور پریس والوں کو یہ عرض کروں گا اور پہلے میں یہ جملہ سنتا تھا اور اب یہ ثابت ہو جاتا ہے وہ یہ ہے کہ

جہاں پردیس ہو وہاں وطن کو یاد کرنا کیا
جہاں ظالم حاکم ہو وہاں فریاد کرنا کیا

رسول مقبول صلی اللہ علیہ و سلم کی ایک حدیث کی طرف بھی ان کی توجہ دلاؤں گا جب کہ حضور نے فرمایا قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ و سلم یعنی حضور نے فرمایا کہ قسم ہے اس کی پاک ذات کی

جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے کہ انسان کبھی مومن نہیں ہو سکتا جب وہ اپنے بھائی کے لئے وہ چیز پسند نہ کرے جو وہ اپنے لئے کرتا ہے ۔ اس لئے میں وزرا صاحبان کی توجہ اس طرف دلاتا ہوں گو گیلانی صاحب گھبرا کر باہر چلے گئے ہیں کل یا پرسوں لابی میں کہہ رہے تھے کہ اب یزدانی صاحب کہتے ہیں کہ میں نے ان کو اتنا پیٹا ہے کہ وہ یاد کریں گے ۔ وہ اب بھی رو رہا ہے اس لئے خدارا میری گذارش ہے کہ آپ قوم کے نمائندے ہیں اور قوم کی عزت و غیرت آپ کے ہاتھ میں ہے ۔

چودھری انور عزیز (سیالکوٹ۔۴) ۔ جناب والا ۔ میں زیادہ وقت نہیں لوں گا ۔ میری بھی خواہش ہے کہ مجھے اس پر بولنے کی اجازت دیجائے ۔ جناب قائد ایوان نے اشارہ فرمایا ہے کہ وقت کی کمی کی وجہ سے مجھے شاید اجازت نہ ملے مگر میں صرف ایک شعر کہنا چاہتا ہوں ۔

اتنا رہے خیال بہانے کے ساتھ ساتھ
ہم بھی بدل رہے ہیں زمانے کے ساتھ ساتھ

وزیر زراعت و خوراک (ملک خدا بخش) ۔ جناب والا ۔ میرا ارادہ اس بحث میں حصہ لینے کا نہ تھا لیکن میرے دوست قائد حزب اختلاف نے نہایت جوشیلی تقریر کے ذریعے سارے معاملے کو ایک ایسے ایوان میں پیش کیا ہے جس سے رائے متاثر ہو سکتی ہے اس لئے

میں ان کی خدمت میں بھی اور اس معزز ایوان کی خدمت میں دو تین باتیں عرض کرنی چاہتا ہوں ۔ فی الواقعہ قائد حزب اختلاف کی تقریر کے بعد یہ دوسرا موقعہ ہے کہ مجھے ان کی طرف سے مایوسی ہوئی ۔ ایک دفعہ تو پہلے انہوں نے فرمایا تھا کہ میں حکومت کی ہر تجویز کی مخالفت کروں گا تو میں نے ان سے استفسار کیا تھا کہ چاہے وہ تجویز آپ کی عقل اور آپ کے دل کے مطابق ہو تب بھی کیا آپ مخالفت کریں گے اور میں نے ان کو سرونسٹن چرچل کا مقولہ یاد کرایا تھا ۔ کہ جب انہوں نے کہا تھا کہ میرا حق ہے مخالفت کرنیکا ۔ تو اس دن سے میری مایوسی کی انتہا نہ رہی کیونکہ میں نے خیال کیا کہ ہم تو انکساری اور ادب سے انکی گفتگو سنتے ہیں اور اپنی معروضات پیش کرتے ہیں ۔ جب ان کا مسلک اور مقصد یہ ہو کہ چاہے ہم کتنی ہی اچھی بات کیوں نہ کریں وہ بھی ان کو قابل قبول ہی نہیں ہو سکتی تو یہ تضیع اوقات بن کر رہ جاتی ہے ۔ آج ان کی دوسری بات سے افسوس ہوا جب انہوں نے دل و دماغ کا موازنہ کرتے ہوئے فرمایا کہ دماغ پر دل کو فوقیت ہو جانی چاہئے لیکن میری رائے یہ ہے کہ اس مقننہ میں یا کسی غور و فکر کی مجلس میں ہمیشہ دماغ کو فوقیت اور افضلیت رہی ہے ۔ کیونکہ دل کے معاملات ۔ جذبات کے معاملہ میں دماغ سے رہنمائی حاصل کی جاتی ہے ۔ جناب والا ۔ جو معاملہ اس وقت زیر غور ہے وہ بالکل مختلف ہے حاجی صاحب قبلہ نے تو میرے خیال میں اس معاملہ کو بغور ملاحظہ ہی نہیں فرمایا ۔ انہوں نے جناب مخدوم شمس الدین گیلانی صاحب کے واقعہ کے مفروضہ پر اس معاملے کے متعلق اظہار خیال فرمایا ۔ حاجی صاحب نے آج

یہاں ایک حدیث کا بھی حوالہ دیا ہے مجھے افسوس ہے کہ وہ آج یہاں رحمۃ اللعالمین جن کی رحمت عام تھی اور جنہوں نے فتح مکہ کے بعد تمام دشمنوں کو معاف کر دیا تھا ان کی اور کوئی حدیث پیش نہیں کر سکے ۔ انہوں نے ایسی حدیث پیش کی جو زیربحث معاملہ کے لحاظ سے میرے خیال میں خارج از بحث ہونی چاہیئے ۔ حضور سرور کائنات فخر موجودات ، روح کائنات اور بہار کائنات کا تو سارا کردار اس بات پر مبنی ہے کہ اگر کوئی شخص تم سے زیادتی کرتا ہے تو اس سے درگذر کرو ۔ اور اگر وہ معذرت کر دے یا وہ اس سے دستبرداری کا اظہار کر دے تو پھر ضرور درگذر کرو ۔

حاجی سردار عطا محمد ۔ کیا اس نے معذرت کر دی ہے ؟

وزیر زراعت وخوراک ۔ کیا اس نے معذرت نہیں کی ؟ اگر آپ انگریزی الفاظ کے معانی نہیں سمجھتے تو میں کیا عرض کروں ۔ چونکہ انہوں نے یہاں ایک حدیث پیش کی ہے میں ان کی خدمت میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ حضور کے ارشادات میں معاف کر دینے والے کا بڑا بلند درجہ ہے ۔ حضور نے بار بار فرمایا ہے کہ انسان کی توقیر انسان کی عزت ۔ انسان کی عظمت ۔ اور انسان کی برتری اسی وقت اجاگر ہوتی ہے جب وہ اپنے جذبات قابو میں کرکے کسی شخص کو معاف کر دیتا ہے اس وقت انسان کا مرتبہ بلند ہو جاتا ہے ۔ تو جناب والا اس کمیٹی نے جب ان سے سوال کیا اور میرے دوستوں نے جب قانونی پہلو پر روشنی ڈالی تو انہوں نے بلا تامل

اپنے الفاظ اس بنا پر واپس لے لئے ۔ کہ نہ تو میرا مقصد اس ادارہ کی توہین تھا اور نہ میرا ارادہ یہ تھا کہ اس چیز کو اس طرح تصور میں لایا جائے ۔ اب کمیٹی کے سامنے دو راستے کھلے تھے ۔ ایک یہ کہ وہ باوجود ان کے اس اعتراف ندامت اور اعتراف شکست اور دستبرداری کے انہیں قابل تعزیر سمجھتی یا دوسرا راستہ یہ تھا کہ چونکہ اس شخص نے ندامت کا اظہار کر دیا ہے ۔ اپنے الفاظ واپس لے لئے ہیں اور اس معزز ادارے کی عزت و عظمت کے متعلق اپنی یقین دہانی کا اعادہ کیا ہے اس لئے اسے قبول کرتے ہوئے آپ کے سامنے یہ تجویز لاتی کہ اس معاملہ کو اب ختم کر دیا جائے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ آپ کی کمیٹی کے منتخب شدہ ارکان نے نہایت گہرے سوچ بچار کے بعد نہایت ہی معقول تجویز پیش کی ہے ۔ میں خواجہ صاحب کی توجہ اپنی طرف منعطف کرانے کی کوشش کرونگا ۔ اور ان سے یہ سوال کرونگا کہ کیا اس سے ایوان کی عزت بڑھے گی اگر ہم نے ایک شخص کو گنہگار تصور کرتے ہوئے اور اس کی معذرت قبول کرتے ہوئے اس کے خلاف کوئی ایکشن نہ لیا ۔ یا اس سے ایوان کا وقار بڑھے گا اگر ہم نے باوجود اس کے اعتراف جرم اور دستبرداری کے اسے تعزیر کو پہنچایا ۔

جس وقت یہ تحریک پیش ہوئی تو بہت سے دوستوں نے کہا کہ یہ بڑی بے عزتی ہے اور غیرت کا یہ تقاضا ہے کہ ہم اس کے خلاف کارروائی کریں ورنہ ہمارے متعلق یہ تاثر ہوگا ۔ باہر یہ کہا جائیگا اور وہ کہا جائیگا کیونکہ اس سے ایوان کی توہین ہوئی ہے ۔ جناب والا ۔ یہ ایوان کی توہین نہیں ہے

آپکی حکومت کے نزدیک اس ایوان کی توہین اس صوبہ کے چھ کروڑ انسانوں کی توہین ہے تمام پاکستانی قوم کی توہین ہے اور جب یہ معاملہ یہاں پیش کیا گیا تھا اس وقت حکومت نے آپ کا ساتھ دیا تھا ۔ اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ وہ معاملہ ایک کمیٹی کے سپرد ہوا ۔ اور اس کمیٹی نے اس کے متعلق چھان بین کی اور یہ سفارش یہاں پیش کی ۔ اب اس کے متعلق یہ کہنا کہ یہ بے غیرتی یا بے حسی ہے ۔ بے حمیتی ہے اور عوام اس سے یہ تاثر لیں گے ۔ میری سمجھ کے مطابق ، میری صوابدید کے مطابق اس کمیٹی نے اپنے حقوق کو اور ایوان کے حقوق کو برقرار رکھنے کے لیے وہ کارروائی کی جس کی قانون اجازت دیتا تھا ۔ اور میرے فاضل دوست مسٹر سمرو نے یہاں اس بات کا صحیح صحیح تجزیہ کر دیا ہے کہ قانوناً اس کے متعلق کیا کارروائی ہو سکتی تھی ۔ یہاں کچھ اشعار بھی پڑھے گئے ہیں اور میرے بھائی مسٹر انور عزیز نے بھی اپنی تقریر کو ایک شعر سے مزین فرمایا ہے ۔ میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ایوان کے وقار کا تقاضا یہ ہے کہ وہ بلند نظری فراخدلی اور کشادہ ظرفی کے ساتھ اس معاملہ کی چھان بین کرے ۔ میں بالکل ایوان کے ساتھ ہوتا اگر مسٹر یزدانی ملک اس طرح کا رویہ اختیار کئے رہتے جیسے انھوں نے پہلے اختیار کیا تھا ۔ اور اس کے متعلق آپ کو معلوم ہے کہ ہم نے اس سلسلہ میں اپنی حدود کے اندر رہتے ہوئے ایک سفارش حکومت کو بھیجی ہوئی ہے ۔ میں اس بات کو یہیں ختم کرتا ہوں کیونکہ یہاں یہ کچھ زیادہ بر محل نہیں ہے ۔ (قطع کلامی) اگر اس کے متعلق فیصلہ ہو چکا ہے تو وہ میرے علم میں نہیں ہے ۔

بہر حال میں آپ کی خدمت میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اس معاملے کی نوعیت یہ ہے کہ جب آپ کسی کو معاف کر دیں گے تو وقار آپ کا ضرور بلند ہوگا ۔ لیکن اگر آپ نے حمزہ صاحب کی تجویز سے اتفاق کرتے ہوئے اس کے متعلق ایسی چیز کا اظہار کیا جس سے یہ ظاہر ہو کہ اس ایوان کے دل گردے میں اتنی گنجائش نہیں ہے ۔ کہ وہ اس بات کو سمیٹ سکے تو یہ نہایت ہی افسوس ناک چیز ہوگی ۔ ہمیں مسٹر یزدانی ملک کی دستبرداری کو قبول کرنا چاہیئے اور انہیں معاف کر دینا چاہیئے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس معزز ایوان کو اس سفارش کو ۔ اس سوچی سمجھی ہوئی رائے کو جو آپ کی منتخب شدہ کمیٹی نے پیش کی ہے قبول کر لینا چاہیئے ۔ اس کا مقصد یہ نہیں ہے کہ اس سے ہم ایوان کے وقار کو کسی قسم کی ٹھیس پہنچا رہے ہیں بطور خادم ایوان کے یہ میرا فرض ہے کہ میں اس ایوان کے وقار کی سر بلندی اور عظمت کے لئے ہر ممکن کوشش کروں ۔ اب باوجود اس کے کہ خواجہ صاحب نے آج یہاں یہ ارشاد فرمایا ہے کہ جو کچھ مشرقی پاکستان میں ہوا ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

مسٹر حمزہ ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب سپیکر ۔ میں انتہائی افسوس کے ساتھ جناب قائد ایوان کی تقریر میں مخل ہوا ہوں ۔ انہوں نے یہ فرمایا ہے کہ وہ ایوان کے وقار کو اپنے لئے باعث عزت سمجھتے ہیں ۔ میں ان سے پوچھتا ہوں کہ اس ایوان نے اور مشرقی پاکستان کے ایوان نے اور مرکزی اسمبلی کی سرکاری پارٹی مسلم لیگ کے اراکین

نے متحدہ طور پر مسٹر یزدانی ملک کو علیحدہ کرنے کی سفارش کی تھی ۔ آپ نے اس متحدہ سفارش کو موثر بنانے کے لئے اب تک کیا کارروائی کی ہے اور آج تک اس کے متعلق کیوں کچھ نہیں کیا گیا ؟

مسٹر سپیکر ۔ یہ پوائنٹ آف آرڈر نہیں ہے ۔

وزیر زراعت ۔ جناب والا ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ آج خواجہ محمد صفدر نے یہاں پر فرمایا ہے کہ اس بات کا امکان ہے کہ کل کو اس ایوان میں کوئی ایسا واقعہ ہو جائے جس قسم کا واقعہ مشرقی پاکستان میں ہوا ہے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ میں نے ساتھ ''خدانخواستہ،، بھی کہا ہے ۔

وزیر زراعت ۔ ہاں خدانخواستہ بھی کہا ہے ۔ مگر میں بطور خادم ایوان اس امر کی کوشش کروں گا کہ اس قسم کے واقعات تو کیا ہم اس جگہ محبت ۔ اخلاق اور قدر سے کام کرنا چاہتے ہیں ۔ اگر خدانخواستہ خواجہ صاحب کی متوازن طبیعت سے کسی وقت کوئی واقعہ پیدا ہو جائے یا اگر کسی فرد کی طبیعت میں جوش آ جائے تو بھی میں یقین دلاتا ہوں کہ ہم اس قسم کے واقعات نہیں ہونے دیں گے ۔ اس لحاظ سے خواجہ صاحب سے بالخصوص اور

اپنے دوست حمزہ صاحب سے اپیل کروں گا کہ ان کو اس ریزولیوشن کو متفقہ طور پر منظور کر لینا چاہئے ۔ اس میں آپکی عزت ہے ۔ میں نہایت سوچ سمجھ کر بات کرتا ہوں یہ نہیں ہے کہ میں حکومت کی طرف بیٹھا ہوا حکومت کی وکالت کر رہا ہوں ۔ میں سمجھتا ہوں کہ ایوان کا وقار اسی میں ہے کہ وہ اپنے قانون کی حدود کے اندر رہتے ہوئے ان کی اس معافی اور دست برداری کو قبول کرتے ہوئے اپنی عظمت کو چار چاند لگائے ۔ میں ان الفاظ کے ساتھ پھر اس معزز ایوان سے اپیل کروں گا کہ اس تجویز کو قبول کرلیں اس میں کوئی بے غیرتی نہیں ہے ۔ اس میں بے عزتی نہیں ہے ۔ میرے دوستوں نے اس کو خواہ مخواہ الجھانے کی کوشش کی ہے جیسا کہ جناب وٹو صاحب نے فرمایا ہے کہ اس میں فیاضی کا سلوک ہے ۔ اس میں انسانیت کا سلوک ہے ۔ اس میں مسلمانی کا سلوک ہے ۔ اس میں مومنین کی شان ٹپکتی ہے ۔

Mr. Speaker : I will now put the motion to the vote of the House.

The question is :

> That this Assembly disagrees with the recommendations contained in the Report of the Special Committee on the Question of Privilege presented to the House on 8th May, 1968, regarding the statement made by Mr. G. Yazdani Malik, C.S.P. before the Inquiry Officer on 2nd/3rd June, 1967 in an inquiry held against him.

As many as are in favour may say 'Aye' - (*Voices* : '*Aye*')

As many as against it may say 'No' - (*Voices* : '*No*')

I think the Noes have it.

Mr. Hamza : Ayes have it.

Khawaja Muhammad Safdar : Ayes have it.

Mr. Hamza : We want division.

Mr. Speaker : Does the Member want division to the lobbies or division to the House.

Mr. Hamza : Division to the lobbies Sir. We want the names to be recorded.

Mr. Speaker : Let the division bells be rung. (*bells were rung*). Two minutes are over. The bells should be stopped. The doors of the lobbies should be closed.

Under Schedule II I have to put the motion for the second time.

The question is :

> That this Assembly disagrees with the recommendations contained in the Report of the Special Committee on the Question of Privilege presented to the House on 8th May, 1968, regarding the statement made by Mr. G. Yazdani Malik, C.S.P. before the Inquiry Officer on 2nd/3rd June, 1967 in an inquiry held against him.

Those in favour may say 'Aye' - (*Voices* : '*Aye*')

Those against may say 'No' - (*Voices* : '*No*')

Voices : Ayes have it.

Mr. Speaker : Does Mr. Hamza challenge it ?

Mr. Hamza : Yes Sir and I claim division by going to the lobbies.

Mr. Speaker : Alright. Ayes to the right and Noes to the left.

(Votes were then recorded)

Mr. Speaker : Now the result of the division.* Five Members in favour of the motion, and 37 Members against the motion. Therefore, the Noes have it, and the motion is lost.

MOTION FOR AGREEMENT WITH THE RECOMMENDATIONS OF THE SPECIAL COMMITTEE ON THE QUESTION OF PRIVILEGE RAISED BY MR. HAMZA ABOUT THE STATEMENT OF MR. G. YAZDANI MALIK, C. S. P.

Mr. Speaker : Next motion is from Mr. Ahmedmian Soomro.

Mr. Ahmedmian Soomro : Sir I beg to move :

> That this Assembly agrees with the recommendations contained in the Report of the Special Committee, appointed by the Assembly to consider the Question of Privilege raised by Mr. Hamza, M. P. A., and which has been presented to the House on 8th May, 1968, regarding the statement made by Mr. G. Yazdani Malik, C. S. P., before the Inquiry Officer on 2nd/3rd June, 1967 in an inquiry held against him.

**For Division List kindly see Appendix IX.*

Mr. Speaker: I will put the question directly. The question is :

> That this Assembly agrees with the recommendations contained in the Report of the Special Committee, appointed by the Assembly to consider the Question of Privilege raised by Mr. Hamza, M. P. A., and which has been presented to the House on 8th May, 1968, regarding the statement made by Mr. G. Yazdani Malik, C. S. P., before the Inquiry Officer on 2nd/3rd June, 1967 in an inquiry held against him.

The motion was carried.

مسٹر حمزہ - میری تجویز یہ ہے کہ یزدانی ملک کو ہلال پاکستان کا تمغہ دیا جائے-

Mr. Speaker: This is totally irrelevant.

ADJOURNMENT MOTIONS

ORDERS OF THE D. M., NAWABSHAH PROHIBITING PRIVATE MEETINGS OF A POLITICAL PARTY WHEN ATTENDED BY INVITEES NOT BELONGING TO THAT PARTY.

Mr. Speaker: I ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent and urgent public importance, namely, the illegal orders of the District Magistrate, Nawabshah District, under Section 144 Cr. P. C. prohibiting, in addition to other assemblies, the private meetings called by a political party and faction, when attended by the invitees not belonging to that political party or faction, or the private meeting at the conclusion of which any

press notes or leaflets or pamphlets are issued. This illegal order of the District Magistrate, issued on 7th February, 1968, has caused grave resentment in the minds of the public of the Province.

Minister for Home (Kazi Fazlullah Ubedullah) : Mr. Speaker, Sir, I oppose this motion.

My submission is that this order was passed on the 6th February and it was passed for a couple of months. It has become in-operative and it has ceased to have any force on 6th April.

Mr. Speaker : This order is no longer in force ?

Minister for Home : No, Sir.

Mr. Speaker : Does the Member press his motion ?

خواجه محمد صفدر - جناب میں اس کو press کرتا ہوں - اس قسم کے غلط آرڈرز جو کسی قانون کے مطابق نہ ہوں ان کے متعلق میں اس ایوان سے عرض کرونگا کہ - - -

Mr. Speaker : Since the order is no longer in force, the motion is ruled out of order.

CATCHING FIRE OF A PARCEL CONTAINING EXPLOSIVE MATERIAL IN THE RAILWAY MAIL SERVICE BOGIE, RESULTING IN THE DEATH OF ONE MAIL SORTER AND INJURIES TO TWO OTHERS

Mr. Speaker : Next motion, Malik Akhtar.

Malik Muhammad Akhtar : I ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter

of recent and urgent public importance, namely, from Lyallpur a parcel containing explosive material was booked and placed in the bogie of Railway Mail Service. The parcel caught fire. One of the sorter has been burnt alive and two other employees have been injured. The negligence of the Railway Authorities to book a parcel containing explosive material and placing it in Railway Mail Service has perturbed the minds of the public of West Pakistan.

Minister for Law (Mr. Allah Bachayo Ghulam Ali Akhund): The facts of this incident are like this.

In the first place, the said parcel was a postal parcel and it was not a parcel which was received directly by the Railway Authorities from any person. The Postal Authorities have a right to bring their material and keep it in the Railway Mail Compartment for onward transmission to other stations as is generally done in the case of letters, parcels and covers. The Railway is bound to give them space because this is one of the services of the State. It cannot be denied. In this particular case the said parcel was brought by the Postal people and it was placed in one of the usual bogies which is reserved for them. On 26th April, 1968, between Mehtar and Temarkal stations on Rohri - Khanpur Section, a third class bogie and postal carriage No. 2369 caught fire on mile No. 321/21. It is correct that as a result of that fire four employees of the Railway Mail Service received injuries. First Aid was immediately rendered to the injured by a Lady Doctor who was one of the passengers and also by the Guard incharge of the train. The carriage was immediately isolated and segregated from the train and the fire was extinguished by the train crew with the help of fire-extinguisher available in the Guard's compartment and water was taken from the tanker of the train locomotive. The train then proceeded to Punnoo Aqil where the injured persons were taken to Civil Hospital. One person named Nazir Ahmed Shah, who had received serious injuries, was immediately admitted to the Hospital at Punnoo Aqil but unfortunately he succumbed to the injuries. Three others, who had sustained injuries, were allowed by the Doctor to go after the requisite medical attention while the third injured person, Muhammad Hussain Shah, was admitted in Railway Hospital where he is still under treatment.

Mr. Speaker: Even if this explosive substance was given by the Postal Authorities, is not the Railway liable or responsible for keeping it in safe custody ?

Minister for Law: The booking is not done by the Railway. That is the first point. When things are brought by the Postal Authorities, it is for them to find out whether the material is such as should be carried or not. On the other hand, if the Railway Authorities start or insist on looking into every stuff then it will not be possible. The mail will be delayed and parcels will be delayed. Therefore, really speaking, this is a kind of censure against the Postal Authorities and not the Railway Authorities.

Mr. Speaker: Does the Minister mean to say that Railway can't refuse to accept parcel from the Postal Authorities even if it is likely to cause some injury ?

Minister for Law: That is true; if it is likely. Provided it is known that it is likely but generally it is expected that Postal Authorities will devote due care and caution while receiviug parcels and once the parcels are brought by the Postal Authorities it is expected that they must have done their part of the duty in finding out as to what should be admitted and what should not be admitted, what should be actually booked and what should not be booked and what should be brought and what should not be brought. So far as the Railway Authorities are concerned, their staff is always going about checking things for themselves but in this particular case the real blame does not lie with the Railway Authorities; it lies with the Postal Authorities.

Mr. Speaker: That may be the mutual arrangement but what are the statutory obligations ?

Minister for Law: We are bound to supply them the accommodation.

Mr. Speaker : And who is responsible for the safe custody in transit ?

Minister for Law : For safe custody, of course, the Railway is responsible but whether it contains explosive material or not is for the Postal Authorities to certify and to see whether it is something which should or should not be brought. After all, it is a responsible Department of the Central Government. In case the packages are brought to the Railway for booking and they admit them, then they will take the necessary care.

Mr. Speaker : In this case the Postal Authorities did not mention this fact to the Railway Authorities ?

Minister for Law : I don't think they mentioned that it contained explosive material or anything of the kind because otherwise it would not have been booked. Really speaking, the Railway Authorities are not at fault. It is for the Postal Authorities to see as to what should be done or what should not be done.

Mr. Speaker : Has Malik Akhtar, got any proof to show that the Railway Authorities knew that the parcel contained any explosive material ?

Malik Muhammad Akhtar : It is their statutory obligation to check each and every parcel before it is placed in the railway van. It is the Railway who is responsible for the safe custody and safe journey of the passengers. It is grave negligence on the part of the Railway not to make such arrangements which would ensure the safe custody of the passengers as well as the things which are booked. I don't think the facts have been denied. Moreover, the Law Minister has not been in a position to defend the Railway to the extent that they took due care before booking the parcel. Merely saying that anything which is received from a Government agency should be taken to be safe and secure does not absolve them from the negligence which I have alleged on the part of the Railway Authorities.

Minister for Law : Sir, a Central Government Inspector of Railways, has started inquiry in this case and the cause of accident will be known on completion of the inquiry. It has got to be found out as to who is responsible for this and what is the cause of this. I wanted to bring this to your

notice, and I think till the inquiry is completed, this adjournment motion may not be discussed. We should wait for the result of the inquiry. The Railway Department will do whatever is possible to see as to who is responsible for this and take action against the person or persons concerned.

Mr. Speaker : I hold the motion in order.

Malik Muhammad Akhtar has asked for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent and urgent public importance, namely, from Lyallpur a parcel containing explosive material was booked and placed in bogie of Railway Mail Service. The parcel caught fire and one of the sorters has been burnt alive and two other employees had been injured. The negligence of the Railway authorities to book a parcel containing explosive material and placing it in Railway Mail Service has perturbed the minds of the public of West Pakistan. Those Members who are in favour of leave being granted should rise in their places.

As less than twenty five Members rose in their places, leave to move the motion was refused.

Mr. Speaker : We will take other adjournment motions tomorrow.

ORDINANCES

THE CIVIL PROCEDURE (SPECIAL PROVISIONS) ORDINANCE, 1968.

(resumption of discussion)

Mr. Speaker : The House will now resume discussion on the motion that the Assembly do approve of the Civil Procedure (Special Provisions) Ordinance, 1968.

Yes Khawaja Sahib.

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ - ۱) - جناب والا - میں کل یہ عرض کر رہا تھا کہ زیر بحث ہنگامی قانون کے مندرجات کس حد تک ۱۸۹۶ کی ریگولیشن نمبر ۹ سے مختلف ہیں - میں یہ عرض کر رہا تھا کہ اس ریگولیشن کے تحت آج سے پون صدی قبل کوئٹہ ڈویژن میں پانچ عدالتیں قائم کی گئی تھیں - سب سے نچلے درجہ کی عدالت نائب تحصیلدار کی عدالت تھی - اور نائب تحصیلدار کو دیوانی مقدمات کا فیصلہ کرنے کا اختیار تھا - اس ریگولیشن کی دفعہ ۶ کے تحت ان سب عدالتوں کے اختیارات کی وضاحت کی گئی ہے - وہ میں آپ کے سامنے پڑھکر سنا دیتا ہوں -

Regulation No. IX of 1896.

"6. Except as otherwise provided by any other enactment for the time being in force.

(*a*) the Court of the Naib-tehsildar shall have jurisdiction to try suits of value not exceeding fifty rupees and of the nature cognizable by a Court of Small Causes established under the Provincial Small Cause Courts Act, 1887;

(*b*) the Courts of the Tahsildar and Munsif shall have jurisdiction to try original suits of such value, not exceeding one thousand rupees, as the Chief Commissioner may in the case of each Tahsildar or Munsif direct, or if no such direction has been made then original suits of value not exceeding three hundred rupees;

(*c*) the Courts of the Assistant Commissioner and Extra Assistant Commissioner shall have jurisdiction to try original suits of value not exceeding ten thousand rupees; and

(*d*) the Court of the Deputy Commissioner, and the Court of any Assistant Commissioner or Extra Assistant Commissioner may, by notification in the Gazette of India, specify in this behalf shall have jurisdiction to try original suits without limit as regards the value :"

جناب والا ۔ اس سے ظاہر ہے کہ جس نائب تحصیلدار کو آج غیر محدود مالیت کے تنازعات کے مقدمات سننے اور فیصلہ کرنے کے لئے اس زیربحث ہنگامی قانون کے تحت اختیارات بخش رہے ہیں اس کو پون صدی قبل صرف ۔ /۵۰ روپیہ تک مالیت کے مقدمات کا فیصلہ کرنے کا اختیار تھا ۔ وہ مقدمات ان شرائط سے مزید محدود تھے کہ غیر منقولہ جائداد اس میں شامل نہ ہو ۔ خواہ وہ -/۲ روپیہ کی ہی کیوں نہ ہو ۔ آج یہ لاکھوں اور کروڑوں روپیہ کی منقولہ اور غیر منقولہ جائداد کے تنازعات کے فیصلوں کو چھوٹے چھوٹے افسروں کے ذمہ ڈال رہے ہیں ۔

جناب والا — جیسا کہ میں نے عرض کیا ہے ۔ یہی نہیں بلکہ ایک تحصیلدار کو یا منصف کو اس قانون کے تحت صرف -/۳۰۰ روپیہ کے مقدمات کی سماعت کا اختیار تھا ۔ ماسوائے اس کے کہ چیف کمشنر نے کسی تحصیلدار یا منصف کو خصوصی اختیارات بخشے ہوں ۔ تب وہ ایک ہزار روپیہ تک کے مقدمات کی سماعت کر سکتا تھا ۔ اس کے بعد اسسٹنٹ کمشنر اور ایکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر کو ۱۰ ہزار روپیہ تک کے مقدمات کی سماعت کا اختیار تھا ۔ ڈپٹی کمشنر کے اختیارات لامحدود تھے ۔ ان عدالتوں کے اوپر جوڈیشل کمشنر کی عدالت تھی جیسا کہ سیکشن ۷ میں دیا گیا ہے ۔

"(1) Subject to the provisions of this section and of any other enactment for the time being in force, the Court of the Judicial Commissioner shall, for the purpose of all enactments relating to civil jurisdiction for the time being in force, be deemed to be the High Court for British Baluchistan."

تو اس طور پر آج سے پون صدی قبل بلوچستان میں ھائی کورٹ قائم تھا ۔ اور اس کو وہ تمام اختیارات حاصل تھے جو ھندوستان کے باقی صوبوں میں مختلف ھائی کورٹوں کو حاصل تھے ۔ یہیں پر بس نہیں بلکہ آپ اس قدیم قانون کی مختلف دفعات کا اندازہ کریں تو آپ کو معلوم ھوگا کہ سیکشن ۱۰ کے تحت adjudication principle کو اس میں شامل کیا گیا تھا اور تنازعات کے متعلق دفعہ ۱۱ میں ھے ۔ مدعاعلیہ کی عدم حاضری میں کیا صورت ھوگی وہ دفعہ ۱۲ میں ھے ۔ suits کس طرح سے institute ھوں گے اور عرضی دعویٰ یا جواب دعویٰ کے متعلق طریق کار دفعات ۱۵-۱۶ اور ۱۷ میں ھے ۔ سمن کی تعمیل کس طرح ھوگی وہ دفعہ ۱۸ میں ھے ۔ اگر مدعی یا مدعاعلیہ جس کے نام سمن جاری کئے گئے ھوں کی حاضری کا معاملہ ھو تو اس کا طریق کار سول پروسیجر کوڈ میں دیا گیا ھے ۔ اس میں یک طرفہ کارروائی کو منسوخ کرنے کا طریقہ بھی ھے اس کے علاوہ مدعی کی عدم حاضری میں کاغذات داخل دفتر ھو جائیں تو انہیں برآمد کرنے کا طریقہ بھی دیا گیا ھے اور بتایا گیا ھے کہ ایسے مقدمات کس طرح ھوں گے یا کونسا طریقہ اختیار کیا جائے گا یا تنقیحات کو کس طرح واضح کیا جائیگا ۔ یہ تمام باتیں اس سول پروسیجر آرڈیننس میں نہیں

ھیں ۔ اس میں کل ۹۴ دفعات تھیں یعنی آج سے پون صدی پیشتر دیوانی مقدمات کا فیصلہ کرنے کے لئے ۹۴ دفعات پر مشتمل یہ قانون نافذ کیا گیا تھا اور تب بھی میرے خیال میں یہ ناکافی تھا ۔ لیکن اس زمانے کے حکمران ایسے تھے جو باھر سے آئے ھوئے تھے اور ھم یہاں غلام تھے اور وہ اپنی مرضی کے مطابق اس قسم کے قوانین بناتے تھے لیکن آج صرف ۱۸ ۔ دفعات پر مشتمل ایک قانون بنا دیا ھے جسکے تحت دیوانی مقدمات طے کئے جائیں گے جبکہ ۲۵ ۔ برس کے بعد آج دیوانی مقدمات کی نوعیت ھی بدل گئی ھے اور وہ بہت پیچیدہ ھو گئے ھیں اور ان میں بہت فرق آ گیا ھے لیکن اسکے باوجود اس قانون کے تحت ھمیں دیوانی مقدمات سر انجام دینا ھونگے انکی سماعت ھو گی انکے فیصلے کئے جائیں گے ۔ ھمارے اعتراضات کے جواب میں جو کہ گزشتہ چار دنوں کی بحث کے دوران میں متعدد بار ھماری طرف سے ھوتے رھے کہ اس قانون میں یہ سقم ھے اس میں یہ نقص ھے اس میں یہ خرابی ھے اور یہ اس حد تک ناقابل عمل ھے ان سب کے جواب میں جناب محترم وزیر قانون نے بھی فرمایا کہ انکا خیال رکھا جائے گا ۔ البتہ انھوں نے ھمارے اعتراضات کے جواب میں ایک ترمیم پاس کی کہ حکومت قواعد بنانے کے اختیارات حاصل کر لے گی اور پھر وہ اس ایوان کیلئے قابل قبول ھو گا ۔ ھم نے کہا تھا کہ جب تک اس کے لئے قواعد نہیں بنیں گے اسوقت تک اس پر عمل نہیں ھو سکے گا ۔ جناب والا ۔ آج سے ۲۵ ۔ برس پہلے انگریزوں نے قانون بنانے کے لئے جن جن چیزوں کو پیش نظر رکھا تھا آج ۲۵ ۔ برس کے بعد ھم اس حد تک ترقی یافتہ ھو گئے ھیں اور اس حد تک ھم ترقی کے منازل طے

کر چکے ہیں کہ ان ہی چیزوں کو ہم آبوزیشن کی طرف سے نشاندھی کئے جانے کے بعد قواعد میں داخل کرنے لگے ہیں اسکا مطلب یہ ہے کہ یہ جناب وزیر قانون کی طرف سے ایک قسم کا اقرار تھا کہ یہ قانون نا مکمل ہے ۔ اگر اس میں ترمیم نہ کریں تو یہ ناقابل عمل ہو گا ۔ اس میں قواعد بننا چاہئیں ۔ جن خامیوں کی نشاندھی آبوزیشن نے کی ہے وہ قواعد بننے سے ہی دور کی جا سکتی ہے ۔ اور اسکو پورا کرنیکی کوشش کی جائیگی ۔ جناب والا ۔ ابتدا میں جیسا کہ میں نے عرض کیا ہے کہ یہ میرا دعویٰ ہے کہ بلوچستان کی قانونی تاریخ میں یہ ایک سیاہ ترین قانون ہے ۔ میں نے گزشتہ تین چوتھائی صدی کے قوانین سے اسکا مقابلہ کر کے اسکی کمزوریوں اور اسکی خامیوں کی نشاندھی کی ہے اور میں یقین سے اور وثوق سے کہہ سکتا ہوں اور ہر صاحب بصیرت اور ہر صاحب عقل و فہم میرے ساتھ اتفاق کرے گا کہ یہ قانون واقعی تین چوتھائی صدی میں جتنے قانون بلوچستان اور کوئٹہ ڈویژن میں نافذ ہوئے ہیں ان میں سیاہ ترین ہے ۔ جناب والا ۔ اب میں اس سے آگے بڑھتا ہوں ۔ جناب والا ۔ محترم وزیر قانون صاحب نے بحث کے دوران میں ہمارے سامنے ملک امیر محمد خان مرحوم سابق گورنر مغربی پاکستان کا ایک نوٹ پڑھکر سنایا جو انہوں نے جناب صدر مملکت کی خدمت میں تحریر کیا تھا کہ بلوچستان کے حالات کچھ اس قسم کے ہیں کہ وہاں ناگزیر ہے کہ خاص قسم کے قوانین نافذ کئے جائیں جس پر جناب وزیر قانون کے ارشاد کے مطابق مرکزی حکومت نے دو وزرا پر مشتمل ایک کمیٹی بنائی ان میں سے ایک مرکزی وزیر قانون سید محمد ظفر اور دوسرے سابق وزیر قانون

مغربی پاکستان مسٹر میمن ہیں ۔ جناب وزیر قانون نے ارشاد فرمایا کہ دونوں وزرا صاحبان کوئٹہ گئے اور انہوں نے وہاں مختلف لوگوں کی رائے پوچھی جن میں سے انہوں نے دو مشہور نام ہمارے سامنے پیش کئے ۔ ایک مسٹر نبی بخش زہری اور دوسرا نام مسٹر کھوسو یہ دونوں نیشنل اسمبلی کے رکن ہیں انہوں نے جناب وزیر قانون کے ارشاد کے مطابق اس قسم کے قوانین کی حمایت کی ۔ جناب سپیکر ۔ میں آپ کی وساطت سے جناب لا منسٹر صاحب سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ اگر کوئی ایسی کمیٹی بنی تھی تو اس کی رپورٹ کیوں شائع نہیں کی گئی ۔ اور جہاں انہوں نے ہمیں یہ بتانے کی زحمت گوارا فرمائی ہے کہ نیشنل اسمبلی کے دو ارکان جو اس علاقہ سے تعلق رکھتے ہیں انہوں نے وہاں کیلئے اس قسم کے جرگہ سسٹم کی حمایت کی ہے ۔ وہاں انہوں نے یہ ہمیں بتانے کی زحمت کیوں نہیں گوارا فرمائی کہ کون کون سے بزرگ تھے اور وہ کون کون سے افراد تھے خواہ وہ چھوٹے ہوں یا بڑے ہوں خواہ وہ ایم ۔ این ۔ اے ہیں خواہ وہ ایم ۔ پی ۔ اے ہیں یا عام مزدور ہیں جنہوں نے اس کمیٹی کے سامنے آ کر اپنا بیان دیا ہے کہ ہمیں اس قسم کے قوانین کی ضرورت نہیں ہے ۔ شاید دو چار نے ایسا کیا ہو ۔ جناب والا ۔ آپ یہ سنکر حیران ہونگے کہ یہ کمیٹی خفیہ کمیٹی ہے چوری چھپے اس علاقہ میں چلی گئی اور چوری چھپے انہوں نے ڈپٹی کمشنر صاحب کے پیش کردہ اشخاص کی شہادت لے لی اور اس میں بھی میں دعویٰ سے کہہ سکتا ہوں کہ کئی ایک معزز و معتبر افراد نے اس قسم کے یا کسی قسم کے جرگہ قانون کی مخالفت کی تھی اور اس معزز ایوان کے

ایک معزز رکن کا نام لینا میں ضروری سمجھتا ہوں کہ سردار اسحاق خان صاحب جو کہ اس علاقہ سے تعلق رکھتے ہیں اور اس معزز ایوان کے رکن ہیں انہوں نے اس قسم کے جرگہ قانون کی اس کمیٹی کے سامنے مخالفت کی - میں وزیر قانون کو دعوت دیتا ہوں کہ وہ سردار اسحاق خان کی شہادت اس ایوان میں پڑھکر سنائیں - جناب والا - میرے پاس یہی نہیں کہ اس کمیٹی کے خفیہ ہونے کیلئے کسی ثبوت کی ضرورت تھی وہ کمیٹی از خود خفیہ بن جاتی ہے جسکی رپورٹ کسی دفتر کے کسی دراز میں پڑی رہے - اگر وہ پبلک کے سامنے رپورٹ لائی جاتی تو پبلک دیکھتی کہ وہ کون لوگ ہیں جو انکے حقوق کے خلاف جو ان کے مطالبات کے خلاف جو انکے مفادات کے خلاف شہادتیں دے رہے ہیں اور وہ کون لوگ ہیں جو انکے مفادات کے مطابق اور ان کی مرضی اور خواہشات کے مطابق کمیٹی کے سامنے شہادت دے رہے ہیں - یہ ان سے چھپا کر کیوں رکھی گئی - کیا یہ پبلک کمیٹی نہیں تھی - یقیناً یہ پبلک کمیٹی نہیں تھی - یہ کمیٹی محض ان تینوں کمیشنوں کی رپورٹ کے خلاف جو ۱۹۳۱ء سے ۱۹۵۸ء تک قائم کئے گئے تھے بنائی گئی تھی تاکہ وہ ۱۹۳۱ء سے ۱۹۵۸ء تک جو کمیشنوں نے اپنی رپورٹ میں ان بیہودہ اور لغو قوانین کی مخالفت کی تھی ان کے خلاف اپنی رپورٹ دے اور یہ نام نہاد سرکاری کمیٹی بنا کر اپنی مرضی کے مطابق اس سے رپورٹ حاصل کی جائے چنانچہ اس کمیٹی میں سید محمد ظفر اور مسٹر میمن کو شامل کیا گیا - آپ جانتے ہیں جناب والا کہ وزرا صاحبان کی آئینی پوزیشن کیا ہے وزرا صاحبان کی آئینی پوزیشن یہ ہے کہ جبتک وہ صوبے میں ہیں تو وہ گورنر صاحب کے سامنے جوابدہ ہیں اور اگر وہ

مرکز میں ہیں تو جناب صدر مملکت کے سامنے جوابدہ ہیں یہ ہمارے دوست اور بزرگ خواہ وہ صوبائی وزرا ہوں خواہ وہ مرکزی ہوں وہ کسی دوسرے شخص کے سامنے جوابدہ نہیں اور آج اس زمانے میں جس میں میں بات کر رہا ہوں کون ہے جو اپنی حکومت کی مرضی کے خلاف بات کریگا ۔ صدر صاحب یا گورنر صاحب کی مرضی کے خلاف بات کرے ۔ تو اس قسم کی رپورٹ وہ ہے کہ ان کے نامزد کردہ مقرر کردہ وزرا میں سے کون ہیں جو یہ جرات کر سکتا یا یہ سوچ بھی سکتا ہو کہ وہ اپنے آقاؤں کی مرضی کے خلاف رپورٹ دیں بلکہ دم مارنے کی بھی طاقت ان میں نہیں ہے ۔ تو ان دو بزرگوں کو چنا گیا کہ وہ اپنے آقاؤں کی مرضی کے مطابق سانچے میں ڈھلی ڈھلائی رپورٹ پیش کریں تو جیسا کہ میں نے عرض کیا اس ضمن میں میں ضروری سمجھتا ہوں کہ جو خط کل مجھے بلوچستان سے آیا ہے اس کی دو تین سطریں پڑھکر سناؤں ۔ ''حقیقت یہ ہے کہ جب ظفر صاحب اور میمن صاحب یہاں آئے تو عوام کو ان کی اطلاع نہیں دی گئی کہ وہ انکے سامنے ہو کر جرگہ قانون کے بارے میں اپنی رائے کا اظہار کریں ۔ صرف ڈپٹی کمشنران کر ہدایت کی گئی کہ ہر ضلع کے آٹھ یا دس جرگہ نواز کمشن کے سامنے بھیج دیں تا کہ ان کا بیان لیا جائے آگے جا کر اسی خط میں جیسا کہ میں نے ابھی عرض کیا ہے کہ کنونشن مسلم لیگ کے جو نمائندے گئے انہوں نے بھی جرگہ سسٹم کی مخالفت کی تھی جن میں سردار اسحاق خان ایم ۔ پی ۔ اے بھی شامل تھے ۔ انہیں اسمبلی میں حلف دیکر آپ پوچھیں کہ سوائے جرگہ ممبر کے کسی اور نے جرگہ سسٹم کی

حمایت کمیٹی کے سامنے کی اور کیا انہوں نے بھی اسکی مخالفت نہیں کی ۔ اس وقت یعنی دو سال پیشتر جب کمیٹی آئی تھی تو ان کے بھائی گورنر نہیں تھے ان کا بیان بھی اسمبلی کے سامنے پیش کیا جائے ،،۔

تو جناب والا ۔ یہ تھی اس کمیٹی کی حقیقت ۔ ایک قانون ساز کمیٹی کی حقیقت ایک غیر نمائندہ کمیٹی کی حقیقت جس کو حرف آخر کے طور پر ہمارے سامنے جناب وزیر قانون نے پرسوں ترسوں پیش کیا ۔ اس کمیٹی کی حیثیت یہ ہے کہ جو ایک ہی فرد کے سامنے جوابدہ ہے میں اس مسئلہ پر زیادہ نہیں بولنا چاہتا ۔ میں ان لوگوں کے متعلق عرض کر رہا ہوں جو ماہرین قانون تھے ۔ جو اہل دانش تھے جنکو گورنمنٹ نے کمیشن کی صورت آزاد کمیٹی کی صورت میں منتخب کر کے ان کے ذمے یہ فرض عائد کیا کہ وہ اس علاقے کا دورہ کریں جہاں جرگہ سسٹم رائج ہے ۔ لوگوں سے پوچھیں ۔ چھوٹے بڑے مزدوروں سے پوچھیں کہ ان کی کیا رائے ہے ۔ انہوں نے اپنی رپورٹیں مرتب کیں جو کہ ساری کی ساری شائع شدہ ہیں ۔ ایک کمیشن موجودہ ارباب اختیار نے خود مقرر کیا اور جسکے صدر جسٹس ایس ۔ اے رحمان تھے ۔ میں چند اقتباسات جن میں ان کی سفارشات ہیں اس معزز ایوان کے سامنے پیش کرنا چاہتا ہوں ۔ جناب والا ۔ میں شروع کرونگا ۱۹۳۱ کی رپورٹ سے ۔ اس کمیٹی کا نام فرنٹیئر ریگولیشنز انکوائری کمیٹی ۱۹۳۱ ہے اور اس کے صدر آنریبل جسٹس نعمت‌اللہ ۔ کچھ اور بھی ماہرین فن اور احباب اس کمیٹی میں شامل کئے گئے تھے ۔ اس کمیٹی نے اپنے مختلف دوروں کے بعد ایک مخصوص رپورٹ پیش کی ۔ اس رپورٹ کے صفحہ ۱۰ پر اس زمانے کے

یعنی ۱۸۸۶ کے لفٹیننٹ گورنر پنجاب کی رائے ان قوانین کے متعلق درج ہے اور وہ رپورٹ میرا خیال ہے دلچسپی سے خالی نہ ہو گی اگر میں اس کو اس ایوان کے سامنے پڑھوں اس سے ظاہر ہوگا کہ آج سے ۸۲ سال پہلے انگریز گورنر اس سسٹم کے متعلق کیا خیال رکھتا تھا ۔

Frontier Regulations Enquiry Committee 1931, p. 10.

"The measure (F. C. R.) would unnecessarily retrograde and would, His Honour believes, ..."

یہ ان کے چیف سیکریٹری کی طرف سے چٹھی ہے ۔ اسلئے "His Honour" کے الفاظ لیفٹیننٹ گورنر کی طرف اشارہ کرتے ہیں ۔

"...tend to defeat the object in view, which is to gradually train and win over popular sentiment to the side of civilized administration in the matter of protecting human life. The regular system founded on the application of scientifically framed laws is, where it can operate and where society has made some considerable advance, far more certain and, therefore, far more just than the looser system founded on personal and local knowledge and beliefs, which naturally form a part of primitive social conditions."

تو جناب آج سے ۸۲ سال قبل ایک انگریز لفٹیننٹ گورنر کہتا ہے کہ اس قسم کا جرگہ کا قانون لوگوں کی ترقی کی راہ میں حائل ہے ۔ ان کو ترقی کی راہ پر ڈالنے کی بجائے ان کو پیچھے کی طرف لے جائیں گے ۔ اس لئے مناسب یہ ہے کہ جہاں تک بھی ممکن ہو سکے جرگہ قانون سے پیچھا چھڑایا جائے اور لوگوں کو جو سائنٹیفک قوانین ہیں ان کے استعمال

کرنے کی طرف زیادہ سے زیادہ رغبت دلائی جائے۔ اسکے بعد جناب اسی رپورٹ کے صفحہ ۳۱ باب ۵ میں مقدمات کی سماعت کے متعلق دیا ہوا ہے جو اسطرح پر ہے۔

"The ordinary system of administration of justice by Civil Courts and that under the Frontier Crimes Regulation are so far apart and lead to such different results that the rights of a party may be pronounced to be of a particular character if determined by a civil court with reference to Statutory and other laws applicable to such party, and totally differant in nature and extent if they are to be adjudicated by the Council of Elders and Deputy Commissioner who can, so to say, legislate for the purpose of each case as it arises."

تو جناب والا۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ یہ کمیشن کہتی ہے کہ عام دیوانی قوانین اور حکومت کے قوانین میں اس قدر نمایاں اور واضح فرق ہے لیکن اگر ایک ہی قسم کے مقدمے عام دیوانی عدالتوں میں طے پائیں تو نتیجہ ایک ہی برآمد ہو گا اور اگر وہی مقدمے یا مقدمہ جرگہ کے سپرد کر دئیے جائیں تو اغلب ہے کہ نتائج مختلف نکل آئیں۔ تو اس لئے انہوں نے کہا کہ اس کا استعمال نہایت ہی نا مناسب ہے۔

"It may be suggested that the illogical results indicated above will always be prevented by the Deputy Commissioner, who is a responsible officer, or by the Commissioner in revision, who will rectify all errors due to arbitrary exercise of power. We do not think that the criticisms we have mentioned are met by reference to those safe-guards, assuming those safeguards are otherwise effective. On the other hand, the legislature of the country lays down definite laws by which rights and obligations of the subjects are measured so that every one can ascertain them in mutual dealings;"

یہ اپنی رائے دیتے ہیں ۔

"On the other hand, if a breach of the peace is imminent, though at the instance of an interested party, such rights and obligations become unsettled and depend upon the view which the Council of Elders, the Deputy Commissioner or the Commissioner may take."

تو اس کا مطلب یہ ہے کہ جیسے ہمارے محترم وزیر قانون نے ارشاد فرمایا تھا کہ فیصلہ تو ڈپٹی کمشنر نے کرنا ہے ۔ ٹریبونل نے تو صرف رپورٹ کرنی ہے ۔ ڈپٹی کمشنر ضرور دیکھ لے گا کہ کہیں بے انصافی تو نہیں ہو رہی ۔ اس سے بات رہ گئی تو کمشنر دیکھ لے گا تو اس کمیشن کے سامنے بھی اس قسم کے دلائل پیش کئے گئے کہ اگر جرگہ والے غلطی کریں گے تو ڈپٹی کمشنر اسے درست کر لے گا ۔ اگر ڈپٹی کمشنر غلطی کرے گا تو کمشنر اسے درست کر دے گا ۔ لیکن یہ کہتے ہیں کہ یہ بالکل غلط ہے ۔ یہ کسی طور پر موثر چیک نہیں ہو سکتا ۔ ڈپٹی کمشنر کا وہاں موجود ہونا یا کمشنر کا موجود ہونا اس سے نتائج ہمیشہ مختلف نکلیں گے ۔ لوگوں کو معلوم نہیں ہو گا کہ ان کے حقوق کا فیصلہ کن قوانین کے تحت ہونا ہے ہمارے موجودہ زیر بحث قانون کی صرف ۱۸ دفعات ہیں ۔ یہاں بھی وہ رولز کا سہارا لیں گے اور زیادہ لوگوں کو معلوم نہیں ہو سکے گا کہ جب وہ جرگہ کے سامنے پیش ہونگے تو کس طرح وہاں کھڑے ہونگے ۔ کس طرح بیٹھیں گے اور کس طرح مقدمہ کو وہاں پیش کریں گے ۔

جناب والا ۔ اس کے صفحہ ۸۵ کا حوالہ دے کر میں اس کمیشن کی

رپورٹ کو ختم کرتا ہوں صفحہ ۸۵ باب ۱۲ پیرا (۱) ۔

Summary of Recommendations—The Deputy Commissioner should have exclusive jurisdiction to try all suits of a civil nature in which one of the parties resides in the tribal territory and no claim to immovable property is involved, provided, that the value of the subject matter does not exceed Rs. 500. The Deputy Commissioner should be empowered to refer all questions of facts to arbitration each party to nominate at least one arbitrator, and the third, who will be the umpire, to be nominated by the Deputy Commissioner. If the parties refuse or neglect to nominate arbitrators, the Deputy Commissioner should do so in accordance with paragraph 5 of Schedule II, Civil Procedure Code. The arbitration should be compulsory and not dependent upon the agreement of parties. Parties should be, allowed to be represented by legal practitioners, if they so desire.

تو جناب والا مختصراً اس کا مطلب یہ ہے کہ وہ کہتے ہیں کہ دیوانی عدالت کو جرگہ کے سپرد کیا جائے اور وہ مقدمات جن کی مالیت پانچ صد ہو اور جن میں غیر منقولہ جائیداد کا تعلق نہ ہو ایسے تنازعات اور اس قسم کے مقدمات کا صرف ڈی سی فیصلہ کیا کرے ان علاقوں میں جہاں ایف سی آر رائج ہے اور اس کے ساتھ پابندی ہے وہ یہ ہے کہ ثالثان کو مقرر کیا جائے - ایک فریق ایک ثالث مقرر کرے گا اور دوسرا فریق دوسرا ثالث مقرر کرے گا - تو اس سے واضح ہے کہ اس زمانہ میں - ۱۹۳۱ میں - اس کمیشن کی رائے میں جرگہ کے ذریعہ اس قسم کے دیوانی مقدمات کا فیصلہ کرانا ایک قسم کی زیادتی تھی ظلم تھا - اور یہ انصاف سے بعید تھا - اس لئے انہوں نے یہ سفارش کی کہ پانچ صد تک کے مقدمات کے متعلق رپورٹ ثالثان کریں جرگہ

نہ کرے ۔ ایسے ثالثان جو دونوں فریقوں کے نامزد ہونگے اور ڈپٹی کمشنر قانون کے مطابق پانچ صد کی مالیت کا فیصلہ کرے اور باقی دیوانی تنازعات وہ صرف اور صرف دیوانی عدالت میں جائیں ۔ اس کے بعد جناب والا میں دوسرے کمیشن کی رپورٹ کا جو کہ خاص طور پر کوئٹہ قلات جوڈیشل سسٹم کے متعلق ۱۹۵۸ میں مارشل لاء سے قبل قائم کیا گیا تھا ۔ حوالہ پیش کرتا ہوں ۔ اس میں انہوں نے فرمایا ہے:۔

Report on Quetta-Kalat Judicial System by Quetta-Kalat Laws Commission, 1958, page 18—

> "In our view administration of justice based on Jirga system should be terminated in the field in which it is in operation. This is essential not only because that system is founded on provisions which are discriminatory and in conflict with the Constitution, but also because that system is tribal and imposes obstacles in the way of progress. If it is allowed to remain in force the field held by it would be permanently closed to development.
>
> If analogy can be an argument we should turn to the former North-West Frontier Province, for illustration. That Province, when it was not completely under the sway of Regular Judicial system, was almost at the same stage of primitiveness as this territory. But when Jirga system began to be rarely brought into use and Regular Judicial system became the rule the Province began to thrive and today it can compete in prosperity with some of the most advanced parts of Pakistan and India. It would not have seen this prosperity if it had not been released from the grip of tribalism."

اس کمیشن کی صدارت کے فرائض مسٹر جسٹس عبدالحمید نے ادا کئے اور قاضی غضنفر حسین اس کے ممبر تھے ۔ انہوں نے کوئٹہ قلات ڈویژن

کا وسیع دورہ کیا ۔ اور نہایت ہی وسعت نظری سے اور نہایت بالغ نظری سے یہ رپورٹ مرتب کی ۔ دراصل یہ رپورٹ جرگہ سسٹم کے خلاف ایک انتہائی قیمتی دستاویز ہے ۔ انہوں نے نہایت کھل کر اس کی مذمت کی ہے ۔ اور نہائت ہی موزوں الفاظ میں ۔ میں اس ساری رپورٹ میں نہیں جاؤنگا صرف ایک اقتباس صفحہ ۳۱ سے پڑھ کر سناؤنگا :۔

"Summary of Recommendations—

There should be one Regular Judicial system for the entire territory included in the two Divisions of Quetta and Kalat for the disposal of civil and criminal cases. In both the Divisions civil cases should be triable by Civil Courts, established under the Baluchistan Courts Regulation, 1939. Procedure in those courts should be regulated by the Code of Civil Procedure. No civil dispute should be referred to Council of Elders under section 8 of the Frontier Crimes Regulation. Courts set up under Dastur-ul-Amal Devani Kalat in the territory of the former Baluchistan States Union should be abolished.

اب جناب والا میں اس دوسرے کمیشن کی رپورٹ کو بھی چھوڑتے ہوئے اس کمیشن کی رپورٹ کے چند اقتباسات پیش کرتا ہوں جو کہ خود اس حکومت نے قائم کیا تھا ۔ اور جیسا کہ میں نے عرض کیا ہے جس کے صدر پاکستان کے موجودہ چیف جسٹس مسٹر ایس ۔ اے ۔ رحمان تھے وہ اس مبسوط رپورٹ کے صفحہ ۱۰۷ پر اس طرح رقمطراز ہوئے ہیں :۔

"Conclusion - Previous Commissions, the Quetta-Kalat Laws Commission of 1958, as well as the Frontier Regulations Inquiry Committee, 1931,

both condemned the system of trial by Jirga. The former Commission was definitely of the opinion that this system of law was out-moded and should be scrapped in toto."

اسکے بعد صفحہ ۱۰۸ ملاحظہ فرمائیں ۔

"Instances are mentioned in the Naimatullah Inquiry Report where failure of justice was occasioned by Jirga trials. It may be conceded that Regular Court trial may also lead to similar results. After carefully considering the pros and cons of the question, we have come to the conclusion that the trial to be aimed at would be uniformity of laws all over Pakistan, and the evolution of Special laws like Frontier Crimes Regulations."

جناب والا ۔ اس کمیشن نے بھی نہایت ھی واضح الفاظ میں یہ ارشاد فرمایا کہ ھمیں اس قسم کے قبائلی قوانین سے جس قدر جلد ھو سکے اپنا پیچھا چھڑا لینا چاھئے ۔

Mr. Speaker : How long will the Member take ?

Khawaja Muhammad Safdar : Sir, I will take 15 minutes more.

جناب سپیکر ۔ اب میں صفحہ ۱۰۹ کا حوالہ دیتا ھوں ۔

"However, it is for serious consideration whether areas in which Frontier Crimes Regulation is now is force should not be further curtailed, in view of the changed conditions. There is, in our opinion, no case for extension of the Jirga system to other areas."

اور آج ہمارے بھائی اپنی گورنمنٹ کے اپنے قائم کردہ کمیشن کے خلاف اس جرگہ سسٹم کو نافذ کرنے کی جسارت کر رہے ہیں اور اس کا اطلاق تمام صوبہ پر کر رہے تھے - وہ تو اللہ تعالیٰ نے ان کو بروقت عقل دے دی کہ انہوں نے میری وہ ترمیم قبول کرلی اور گورنمنٹ کو نوٹیفیکیشن کے ذریعہ سے کالے قانون کو صوبہ کے دوسرے حصوں پر نافذ کرنے کا اختیار نہیں رہا - ان کا یہ ارادہ تھا کہ اس کا تمام صوبہ پر اطلاق کیا جائے - جناب والا اب اس بات کو چھوڑیئے ابھی ٹرائیبل ایریا کے متعلق خود وزیر صاحب نے ارشاد فرمایا ہے کہ ایف - سی - آر سری - بگتی ایریا اور ایک دو تحصیلوں میں ہے - کوئٹہ جسکی آبادی دو اڑھائی لاکھ ہے جہاں سے اس قانون کی ڈیمانڈ آ رہی ہے بوالعجبی دیکھیں کہ وہاں کے نمائندگان یہاں تشریف نہیں رکھتے ہیں اور یہ قانون ٹرائیبل ایریا میں نافذ ہو گا - یہ settled ایریا میں نافذ ہو گا - کل وزیر قانون صاحب نے ہماری یہ ترمیم مجبوراً قبول کی ہے کیونکہ اس میں قانونی سقم تھا وہ ٹرائیبل ایریا کیلئے کسی قسم کا قانون نہیں بنا سکتے ہیں اور اس موجودہ زیر بحث قانون سے ٹرائیبل ایریا مستثنیٰ ہے جو ٹرائیبل ایریا ہے وہاں یہ جرگہ سسٹم لا رہے ہیں - ان کے کمیشن کی رپورٹ یہ کہتی ہے کہ :-

"There is, in our opinion, no case for extension of the Jirga system to other areas at all."

جناب والا - میں اس رپورٹ کو اس وقت یہیں بند کرتا ہوں اور ان کی خدمت میں نہایت ہی دلسوزی کے ساتھ - درد مندی کے ساتھ اور

نہایت ھی ادب و احترام کے ساتھ یہ گزارش کرنی چاھتا ھوں کہ اس قسم کے قوانین بنانے سے جناب وزیر قانون صاحب اور ان کی گورنمنٹ پاکستان کی یا اس صوبہ کی کوئی خدمت نہیں کر رھی ھے ۔ بلکہ اس قسم کے قوانین کی وجہ سے ھمارے ملک کا وقار بین‌الاقوامی دنیا میں گھٹتا ھے ۔ ھمیں بین‌الاقوامی برادری میں حقارت اور ذلت کی نگاہ سے دیکھا جاتا ھے وہ یہ سمجھتے ھیں کہ یہاں جنگلی لوگ بستے ھیں اور یہاں کسی قسم کے مہذبانہ قوانین کی گنجائش نہیں ھے ۔ وہ سمجھتے ھیں کہ یہ لوگ از منہ وسطیٰ سے تعلق رکھتے ھیں ۔ یہ موجودہ زمانہ کے لوگ ھی نہیں ھیں ۔ آپ غور فرمائیں کہ آخر یہ قانون کو چھپا کر نہیں رکھ سکتے دنیا کی نظر اس قانون پر پڑے گی اور وہ ھمارے متعلق کیا رائے قائم کریں گے ۔ اگر میرے ان دوستوں کو ۔ ارباب اقتدار کو پاکستان کی عزت اور وقار کا کچھ تھوڑا سا بھی خیال ھے تو میں ان سے منت کے ساتھ اور انتہائی سماجت کے ساتھ گزارش کرتا ھوں کہ آپ اس قسم کا قانون اس صوبہ میں یا اس ملک میں رائج نہ کریں جو ھماری تذلیل کا باعث ھو ۔ جس سے بین‌الاقوامی دنیا میں ھماری ساکھ کو ٹھیس لگے ۔ جس سے ھماری عزت کو ٹھیس لگے ۔ اب میں تین لائنوں پر مشتمل ایک اقتباس آپکے سامنے پیش کرتا ھوں جسٹس ۔ ایس ۔ اے رحمان صاحب نے اپنی رپورٹ میں اس اقتباس کو بڑی خوبصورتی کے ساتھ پیش کیا ھے ۔ اس کو پہلے چیپٹر میں ھی پیش کیا ھے ۔ ان کے سامنے یہ motto ھے ۔ ان کے سامنے یہ معیار ھے اور انہوں نے یہ لکھ دیا ھے کہ قانون کا معیار یہ ھونا چاھئے ۔ قانون سے جو نتائج اخذ کئے جائیں وہ اس طرح اخذ کئے جائیں ۔ یہ ایک

مشہور انگریز مفکر ہے ۔ یہ پولیٹیکل سائنس کے بہت بڑے مصنف ہوئے ہیں ۔ یہ اتھارٹی کی رائے ہے ۔ وہ کہتے ہیں ۔

"When we know how a nation dispenses justice, we know with some exactness the moral character to which it can pretend."

ہیرلڈ لاسکی کا یہ مقولہ ہے کہ جب یہ معلوم ہو جائے کہ کوئی قوم اپنے انصاف اور عدل کے لئے کون سے اصول اور قاعدے وضع کر رہی ہے ہم اس سے اندازہ لگا سکتے ہیں کہ یہ قوم کس حد تک ترقی یافتہ ہے ۔ یا کس حد تک مہذب ہے یا کس حد تک جنگلی ہے ۔ آپ غور فرمائیں کہ اگر اس قانون کو اس معیار پر پرکھا جائے تو لوگ کیا کہیں گے کہ موجودہ ارباب اقتدار آزادی کے بیس سال بعد قوم کو دنیا میں بے عزت اور بدنام کرنے پر تلے ہوئے ہیں ۔

جناب والا ۔ میری دوسری گزارش ان بزرگوں کے سامنے یہ ہے کہ میں نہایت خلوص اور نہایت دیانتداری سے عرض کرتا ہوں کہ خدارا اپنے قول و فعل میں تضاد پیدا نہ کیجئے ۔ آپ کا یہ دعویٰ ہے کہ اس صوبہ میں unification of law یعنی یکسانیت کے اعتبار سے ایک ہی قسم کا قانون بنایا جائے ۔ گزشتہ سالوں میں اس ایوان میں آپ کے سامنے بعض وزرا صاحبان بعض ترمیمی بلوں کے سلسلہ میں ارشاد فرما چکے ہیں کہ بھائی اسکو رہنے دو کہ مرکزی حکومت یہ ترمیم کرنا چاہتی ہے تاکہ مشرقی اور مغربی پاکستان میں ایک جیسا قانون لاگو ہو ۔

لیکن انہوں نے ایسے ترمیمی بل پیش کر دیئے جو مشرقی پاکستان میں اور ہیں اور ہمارے ہاں اور قوانین ہیں ۔ بار بار کہا گیا ہے کہ پاکستان کی سطح پر ہم قانون چاہتے ہیں لیکن یہ ان کے بس کی بات نہیں ہے ۔ صوبہ کی حد تک ہمارے ان ارباب اختیار نے بار بار دعویٰ کیا ہے کہ ہم ون یونٹ کے حامی ہیں اور متحدہ پاکستان کے حامی ہیں ۔ لیکن یہ ایک قسم کا قانون نافذ نہیں کرنا چاہتے نہ ہی قانون میں یکسانیت چاہتے ہیں ۔

میں ان سے کہتا ہوں کہ قول و فعل کے اس تضاد کو چھوڑیئے ۔ آپ نے اس قانون کے ذریعے صرف اس صوبے کے مختلف حصوں میں تقسیم نہیں کی بلکہ ایک ہی ڈویژن کو تین چار حصوں میں تقسیم کر دیا ہے ۔ گاؤں گاؤں میں تقسیم پیدا کردی ہے بلکہ میں تو یہ کہوں گا کہ وہ گاؤں اور شہر جو کہ امتداد زمانہ سے پھیل گئے ہیں اور جن میں اضافی بستیاں آباد ہو گئی ہیں ان میں سے ایک میں تو ایک قانون ہوگا اور دوسرے میں دوسرا - ان بستیوں میں تو ایک قانون نافذ ہو گا لیکن اصل شہر میں کوئی اور ہی قانون نافذالعمل ہو گا - آپ کا یہ قانون ایسا ہی قانون ہے ۔ کیا آپ اسی وعدے پر وحدت مغربی پاکستان کو مضبوط کرنا چاہتے ہیں کہ ایک ہی شہر کے ایک محلے میں ایک قانون رائج ہو اور دوسرے محلے میں دوسرا - آپ کے ایک ریجن میں ایک قانون نافذ ہو اور دوسرے ریجن میں دوسرے قانون کی عملداری ہو ۔ خدا کا خوف کھائیے اور اپنے قول و فعل کے اس تضاد کو مٹا دیجئے اور یا پھر کھل کر کہیئے کہ ہم نہ تو وحدت مغربی پاکستان میں یقین رکھتے ہیں اور نہ

قوانین میں یکسالیت پر یقین رکھتے ہیں ۔ آپ منہ سے تو کچھ کہتے ہیں لیکن آپ کا عمل کچھ اور ہے ۔

جناب والا ۔ آپ حیران ہوں گے کہ اسوقت کوئٹہ قلات ڈویژن میں آٹھ قوانین نافذ ہیں ۔ کوئٹہ قلات ڈویژن میں باقاعدہ عدالتیں بھی ہیں قاضی کورٹس بھی ہیں اور جرگے کا قانون بھی وہاں پر نافذ ہے اور خدا معلوم کون کونسے قوانین وہاں پر نافذ ہیں ۔ کوئٹہ میں جرگے کا قانون بھی ہے ۔ باقاعدہ عدالتیں بھی ہیں اور یہ قانون بھی ہے ۔ باقاعدہ عدالت میں وہ قانون کام کرے گا کہ جسے ایک فریق مانے گا اور دوسرا اسکے تحت اپنے مقدمے کا فیصلہ نہیں مانگے گا ۔ کیونکہ اس ضمن میں جو درخواست دی جائے گی وہ دونوں فریقین کی جانب سے دی جائے گی ورنہ اسکے تحت کسی تنازعے کا فیصلہ نہ ہو گا ۔ اسطرح سے آپ کا کام بڑھ جائے گا اور عوام کے لئے دقتیں پیدا ہوں گی ۔ لوگوں کے مزاج میں ایک دوسرے سے نفرت کا جذبہ پیدا ہو گا کیونکہ وہ یہ سوچیں گے کہ ایک علاقے کے لوگوں کو تو فلاں قسم کی سہولیات حاصل ہیں لیکن ہمیں ان سے عاری رکھا گیا ہے ۔ آپ اس صوبے کا چھوٹے چھوٹے حصوں میں بٹوارہ کر رہے ہیں ۔ آپ Water Tight Compartment بنا رہے ہیں ۔ آپ اس وحدت کی جڑوں کو کھوکھلا کر رہے ہیں اسلئے میں آپ کی وساطت سے ان احباب کی خدمت میں یہ درخواست کرونگا کہ وہ اس قسم کے کالے اور بد ترین قانون کو واپس لے لیں ۔

اسکے بعد میں یہ عرض کروں گا کہ کیا ارباب اقتدار کا یہ دعویٰ نہیں ہے کہ وہ پسماندہ علاقوں کو ترقی دینا چاہتے ہیں اور ان

کو ترقی پذیر علاقوں کے ساتھ مساوی سطح پر لانا چاہتے ہیں - ہمیں ابھی حال ہی میں ایک شائع شدہ رپورٹ دی گئی ہے جو کہ مرکزی حکومت کی طرف سے جاری کردہ ہے کہ جس میں یہ درج ہے کہ علاقائی اور صوبائی ترقیات کا کیا عالم ہے - میں اس رپورٹ کو زیر بحث نہیں لانا چاہتا لیکن صرف اسی قدر عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اس رپورٹ میں یہ کہا گیا ہے کہ حکومت کا یہ دعویٰ ہے کہ وہ اس پسماندگی کو دور کرنا چاہتی ہے جو کہ صوبے کے مختلف حصوں میں اس وقت موجود ہے - تو اگر انکا یہی دعویٰ ہے تو پھر اس کا ایک ہی طریقہ ہے اور وہ یہ کہ ان علاقوں میں بسنے والوں کو ترقی یافتہ قوانین دیئے جائیں اور انکو ان جرگوں کی لعنت سے نجات دلائی جائے - جب تک آپ انکو جرگوں کی اس لعنت کے نیچے دبائے رکھیں گے تب تک انکی ذہنیت میں کوئی تبدیلی نہیں آئے گی - تب تک وہ اپنے آپ کو پست ہمت پائیں گے تب تک وہ اپنے آپ کو پسماندہ پائیں گے - جناب والا - شاید میری اس رائے سے بعض دوست متفق نہ ہوں اسلئے مناسب معلوم ہوتا ہے کہ میں نے ابھی جو عبدالحمید رپورٹ سے آپ کی خدمت میں اقتباس پیش کیا تھا وہ پھر عرض کروں - اس میں یہ بات درج ہے کہ جبتک ترقی یافتہ قوانین آپ اس علاقے میں رائج نہیں کرتے اس وقت تک اس علاقے کی ترقی نا ممکن ہے اور یہ پسماندہ ہی رہے گا - اس رپورٹ میں انہوں نے یہ مثال دی تھی کہ جبتک سابق صوبہ سرحد میں جرگے کا قانون نافذ تھا بلکہ اس قانون کا جب تک زور تھا اور عام عدالتوں کو پس پشت ڈال دیا گیا تھا تو اس وقت تک سابق صوبہ سرحد پسماندہ ہی رہا لیکن جونہی

جرگے کے قانون کو پس پشت ڈال دیا گیا تو اسی سابق صوبہ سرحد نے اتنی ترقی کی کہ پاکستان کیا بلکہ ہندوستان سے بھی اس ترقی کا مقابلہ نہایت اچھی طرح سے کیا جا سکتا ہے ۔ مجھے اس بات سے خوشی ہے اور میں اس رپورٹ کو درست تسلیم کرتا ہوں ۔ شاید وہ یہ کہیں کہ جسٹس عبدالحمید نے ایک ایسی بات کہی ہے کہ جو انہیں قابل قبول نہیں ہے تو میں جسٹس ایس۔اے۔ رحمان کی رپورٹ میں سے اس بات اور اس دلیل کے ثبوت کے طور پر یہ اقتباس پیش کرتا ہوں کہ جس میں انہوں نے یہ فرمایا ہے کہ جب تک ان علاقوں میں ترقی یافتہ قوانین نافذ نہیں ہوں گے بلوچستان پسماندہ کا پسماندہ ہی رہے گا اور آپ اس پر یہ ظلم کر رہے ہیں ۔ اس پر یہ تعدی کر رہے ہیں کہ اس علاقے کو جان بوجھ کر پسماندہ رکھ رہے ہیں ۔ جناب والا ۔ اس سلسلے میں میں آپ کی خدمت میں چند الفاظ پڑھے دیتا ہوں :-

"Without the adequate protection of laws and regularly set up Courts, it is difficult to contemplate any economic progress taking place in these areas."

اس سے واضح اور وہ کیا کہہ سکتے ہیں کہ وہ یہ کہتے ہیں کہ بغیر معروف عدالتی نظام اور معروف قوانین کے نفاذ کے اس صوبے کے کسی حصے میں ترقی نا ممکن ہے ۔

"An illustration may be furnished by the venture of the Pakistan Petroleum Company Ltd. which has set up an important factory to exploit natural gas at Sui. The creation of this industry has benefited the local people as well as the whole of Pakistan. Local labour has found employment, prices of agricultural produce have gone up and the Company has interested itself in the welfare of the people by starting schools, setting up hospitals, and instituting international scholarships for educational advancement of the residents of the area."

جناب والا ۔ اسی پر اکتفاء نہیں کیا گیا ۔ آپ اسے کسی بھی معیار پر پرکھ لیں ۔ آپ ان علاقوں میں کسی قسم کا کوئی بھی سرمایہ نہیں لگا سکتے ۔ جہاں بھی یہ کالا قانون نافذ ہو گا وہاں کسی کارخانے دار کو کیا پڑی ہے کہ وہ اپنا لاکھوں روپے کا سرمایہ لگا کر ان علاقوں میں کارخانہ نصب کرے اور بعد میں اس قسم کے جرگے کے قانون کے رحم و کرم پر اس کا داروسدار ہو اس طرح یہ قانون یقیناً اس علاقے کی ترقی میں ہمالیہ جیسی بڑی رکاوٹ ہے جو کہ آپ اس علاقے کی ترقی کی راہ میں کھڑی کر رہے ہیں ۔

(اس مرحلے پر مسٹر ڈپٹی سپیکر کرسی صدارت پر جلوہ افروز ہوئے)

جناب والا ۔ میری تیسری اور آخری گزارش یہ ہے کہ میں آپ کی وساطت سے نہایت ادب کے ساتھ ارباب اقتدار کی خدمت میں التماس کرنا چاہتا ہوں کہ وہ بلوچستان کے بارے میں اپنی

موجودہ پالیسی کو یکسر تبدیل کر دیں اور سختی اور درشتی کی بجائے افہام و تفہیم اور نرم روی سے کام لیں ۔ جب جنرل موسیٰ کا تقرر بطور گورنر مغربی پاکستان ہوا تھا تو عام طور پر یہ تاثر دیا گیا تھا کہ بلوچستان کے متعلق ہماری حکومت کی پالیسی میں خوشگوار تبدیلی واقع ہوگی اور ابتدا میں اس تاثر کو عملی طور پر قائم بھی رکھا گیا ۔ لیکن مجھے افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ بہت جلد ہی ہماری حکومت نے اسی سخت اور درشت پالیسی پر عمل پیرا ہونا شروع کر دیا جو کہ اس سے قبل اس حکومت کا شیوہ یا وطیرہ تھا ۔ بلوچستان میں بسنے والے ہمارے بھائی بھی اسی طرح پاکستانی اور اسی طرح محب وطن ہیں جس طرح کہ دوسرے پاکستانی ہیں ۔ لیکن ان کے لئے ایک خاص معیار قائم کرکے اس معیار کے مطابق ان کے ساتھ سلوک کیا جائے گا یہ انتہائی ناانصافی ہے ۔ جناب سپیکر ۔ ایک طرف سے ناانصافی کی جاتی ہے اور دوسری طرف سے نفرت کا جذبہ پیدا ہوتا ہے مگر آپ ان سے نفرت کرتے ہیں ۔ ان سے افہام و تفہیم سے بات کریں ۔ اُن سے پوچھیئے کہ وہ کیا چاہتے ہیں وہ کیا تقاضا کرتے ہیں ۔ جناب والا ۔ وہ اسلامی قانون سارے پاکستان میں چاہتے ہیں ۔ ان کا یہ کوئی نیا مطالبہ نہیں ہے ۔ جناب والا ۔ میں نہایت ادب کے ساتھ اپنے بزرگوں کی خدمت میں درخواست کرتا ہوں ۔ کہ ان کی موجودہ پالیسی نہایت ناقص ہے اور مجھے ڈر ہے کہ یہ ملک کے لئے خطرناک ثابت ہوگی ۔ خدارا پاکستان کی سلامتی کے پیش نظر اس پالیسی کو ترک کر دیں اس پالیسی کو خیرباد کہہ دیں ۔ اس میں پاکستان کی

بہتری ہے اور قوم کی بھی اس میں بہتری ہے - اور میرے معزز دوست کی بھی بہتری ہے - جناب والا میں اپنی گذارشات کو جناب وزیر قانون کے اس دعویٰ کی تردید میں پیش کرتا ہوں کہ ہم نے یہ قانون بلوچستان کے لوگوں کی منشاء کے مطابق بنایا ہے ۔

میں آپ کی خدمت میں وہ تار پڑھ دیتا ہوں جو کہ مجھے کل اس ایوان میں موصول ہوا ہے ۔

"Bar Association, Quetta, unanimously passed a resolution today and strongly opposed the Ordinance No. I & II of 1968. The Association refutes the allegation that the people of the areas concerned are in favour of them."

This telegram is for the Secretary of the Bar Association, Mr. Muhammad Zafar.

جناب والا - یہ ہمارے محترم دوست اور ہماری جماعت کے معزز رکن ہیں سرکاری بار ایسوسیشن کے رکن ہیں جن کے متعلق میرے دوست یہ خیال کرتے ہیں اور بار بار وکلا کے متعلق یہ کہا جاتا ہے کہ وکلا intelligensia اور ہماری سوسائٹی کا رعب ہیں یہ اپنے گردوپیش کے حالات سے پوری طرح باخبر ہوتے ہیں اور وہ

جانتے ہیں کہ اس علاقہ اس صوبے کے اس ریجن کے لوگ کیا چاہتے ہیں ان سے بہتر نمائندہ کون ہوگا ۔ آپ خود وکیل ہیں ۔ میں بھی وکیل ہوں اسلئے ہمیں سوچنا چاہئے کہ ہم کیوں ان کے حالات کے خلاف قانون بنا رہے ہیں ۔

سردار منظور احمد خان قیصرانی (ڈیرہ غازی خان ۔ ۱) ۔ میں اس حلقہ سے تعلق رکھتا ہوں جس کے متعلق اس ہاؤس کو بخوبی علم ہے ۔ میں اس علاقہ سے تعلق رکھتا ہوں ۔ یہاں پر ۱۹۶۵ء سے F. C. R. کا اطلاق ہے ۔ اور اس جرگہ سسٹم کے ان قوانین کے تحت ہم اپنی زندگی بسر کر رہے ہیں ۔ میں بار بار یہ کہتا ہوں ۔ کہ ہمارے عوام کا مطالبہ ہے ۔ اس سے مقصود ہمارا وہ علاقہ ہے جس علاقہ سے میں منتخب ہو کر آیا ہوں ۔ میں وثوق سے کہہ سکتا ہوں کہ ہمارا علاقہ بہت پسماندہ ہے ۔ میں آپوزیشن حضرات اور لیڈر آف دی آپوزیشن کا بھی مشکور ہوں ان کا ممنون ہوں کہ انہوں نے ان قوانین کی اصلاح کیلئے بہت سی تجاویز پیش کی ہیں ۔ کہ انہوں نے صحیح کردار ادا کیا اور صحیح عدلیہ اور صحیح طریقہ قانون لانے کیلئے سعی فرمائی ۔ یہ ان کے اپنے خیالات کا اظہار ہے ۔ لیکن جو واقعات ہیں وہ یہ ہیں ۔ کہ قانون تہذیب کے ساتھ ساتھ اور اس کے مطابق ہونا چاہیئے تہذیب کے مطابق اگر قوانین ہوں تو انصاف صحیح ہو سکتا ہے اگر تہذیب مختلف ہو ۔ تو قوانین بھی مختلف ہوں گے ۔ اگر کسی مختلف تہذیب والے ملک پر مختلف قوانین کو اپنایا جائے تو یہ یقیناً انصاف پر مبنی نہیں ہو گا اس میں وہ عدل قائم نہیں رہ

سکتا ۔ اس میں وہ اتفاق و اتحاد قائم نہیں رہ سکتا ۔ اس کی ترقی بھی یقیناً نہیں ہو گی ۔ جناب والا ۔ کسی کو اس بات سے انکار نہیں ہے ۔ کہ جس علاقہ میں قانون ایک ہوں وہاں انصاف ہو سکتا ہے ۔ جس علاقے میں مختلف قوانین ہوں ۔ ان سے بہتر انصاف ان سے بہتر عدل نہیں مل سکتا ۔ جس علاقہ کی تہذیب ان لوگوں سے بالکل مختلف ہو جہاں موجودہ قوانین جو زیر بحث ہیں کو لانا مقصود ہے تو وہ قوانین بھی اس سے بالکل مختلف ہوں گے ۔ میں تھوڑی سی بات عرض کر دوں کہ ہمارے علاقہ کے اندر پرانی تہذیب سب سے زیادہ ہے ۔ اگر موجودہ تہذیب کو دیکھا جائے ۔ اس کا نام و نشان نہیں ہے ۔ مثال کے طور پر ہمارے ہاں کسی بزرگ کے پاس جائیے کسی عبادت کے مقام پر جائیے کسی بڑے سردار کے پاس جائیے تو عزت کیلئے پگڑی سر پر رکھیئے اور پھر سب سے پہلے بدن کے نچلے حصہ کا لباس گویا جوتی اتارئیے اور یہاں اس کے بالکل الٹ ہے ۔ سر کا لباس گویا ٹوپی اتاری جاتی ہے اور جوتے پہنے جاتے ہیں ۔ یہ تہذیب کا کتنا تضاد ہے یہ قوانین کالے سہی یہ قوانین غلط سہی ۔ ان کے متعلق بہت کچھ کہا گیا ہے ۔ لیکن میں ان سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ ہماری تہذیب جب اس تہذیب سے مختلف ہے ۔ ان لوگوں کی یہ زندگی یہ تمدن ہے اور ان کے معاشرے میں اتنا فرق ہے تو لازماً قانون میں فرق ہونا ہے کیا پاکستان میں برطانیہ کا قانون رائج ہو سکتا ہے کیا پاکستان میں امریکہ کا قانون رائج ہو سکتا ہے ۔ کیا پاکستانی ان قوانین پر عمل کرکے اچھی زندگی بسر کر سکیں گے میں ایک وقت کے لئے مان لیتا ہوں جیسا کہ اتنے بڑے مقرر اتنے بڑے عالم اور فاضل ۔ اتنے بڑے قانون دان اور لیڈر نے فرمایا ہے کہ یہ قانون کالے

ہیں - بوسیدہ ہیں پرانے ہیں اور دقیانوسی ہیں ۔ میں ان کی تردید نہیں کرنا چاہتا - لیکن میں ایک بات پوچھنا چاہتا ہوں کہ جن لوگوں پر اس قانون کا اطلاق ہو گا وہ خود کیسے ہیں - جنگلی ہیں - وہ کم تہذیب یافتہ ہیں ° اور کم ترقی یافتہ ہیں - اگر ہماری تہذیب ترقی یافتہ ہوتی - اگر کوئی صلاحیت ہوتی - اگر تعلیم ہوتی تو پھر ہم اس کا مطالبہ نہ کرتے - دراصل چاہئے تو یہ تھا کہ وہ یہ مطالبہ کرتے یا کوئی ایسی تجویز لاتے یا اس قانون کو جس علاقے پر نافذ کر رہے ہیں وہاں کے لوگوں سے ہمدردی کرکے اپنے جذبات کا اظہار کرتے - پھر آپ کہہ سکتے تھے کہ اس ترقی یافتہ دور میں ایسا قانون کیوں مانگتے ہیں - آئیے ہم مل بیٹھ کر ایسی تجویز سوچیں جس سے وہ اس مقام پر پہنچ جائیں جس پر آپ پہنچ گئے ہیں تو پھر واقعی اس کالے قانون کی ضرورت نہ ہوتی یہ تھی صحیح نمائندگی اور یہ تھا صحیح مطالبہ - پھر ہم بھی ان کے ہمنوا ہوتے -

جناب والا - انہوں نے صحیح فرمایا ہے کہ دنیا ہم پر کیا کیا اعتراضات کرے گی دنیا ہم کو کیا سمجھے گی - دنیا کچھ بھی سمجھے ہم تو حقیقت کا اظہار کر رہے ہیں - اگر ہم قانون کو چھپا لیں تو ہم اپنی تہذیب کو کہاں لے جائیں گے - ہم یہ مانتے ہیں کہ جرگہ کی تہذیب بوسیدہ ہے پرانی ہے - اس کو کہاں چھپائیں گے - قانون پر تو آپ لیبل لگا کر اسے ترقی یافتہ کہہ سکتے ہیں - لیکن ہماری تہذیب کو کیا کہیں گے - ہم ترقی یافتہ ممالک کے سامنے اپنی حقیقت کا اظہار کرنا چاہتے ہیں اور اپنے حالات کے مطابق قانون بنانا چاہتے ہیں -

یہ ہماری بد قسمتی ہے کہ انگریز کے اقتدار کے زمانہ میں اس کی نظر انتخاب ان علاقوں پر نہ پڑی ۔ اور یہ ترقی نہ کر سکے ۔ یہاں کی زبان مختلف ۔ یہاں کی تہذیب مختلف یہاں کا لباس مختلف ہے ۔ جس وقت تک ہمارا معاشرہ ہماری تہذیب یکساں نہیں ہوتی اس وقت تک قوانین کا یکساں ہونا نا ممکن ہے ۔ صحیح مقننہ یا لیجسلیشن تو یہ ہوگی کہ آپ ہر علاقہ کی تہذیب ہر علاقہ کے حالات اور معاشرہ کے مطابق قانون بناتے چلے جائیں ۔

حمزہ صاحب نے اعتراض کیا تھا کہ انگریز نے یہ قانون ڈنڈے سے نافذ کیا تھا تاکہ اس کا اقتدار قائم رہے ۔ میں نہایت وثوق اور ذمہ داری کے ساتھ عرض کروں گا کہ انگریز نے ہماری تہذیب اور رواج کے لئے گھٹنے ٹیکے تھے ۔ ایک دفعہ کی بات ہے ہمارے ہاں فورٹ منرو میں چیف جرگہ کا اجلاس ہو رہا تھا اور گورنر صاحب بھی فورٹ منرو موجود تھے انگریز گورنر نے کہا کہ میں اس کی کارروائی دیکھنا چاہتا ہوں ۔ چنانچہ وہ وہاں تشریف لائے ۔ چونکہ ہماری تہذیب پرانی تھی تمام سرداران اور چیف جرگہ کے ممبران فرش پر قالین بچھا کر بیٹھے تھے اور فریقین اور سامعین ان کے سامنے بیٹھے تھے ۔ ان کی وجہ سے گورنر صاحب کو نیچے بیٹھنا پڑتا تھا ۔ وہ چاہتے تھے کہ کرسی منگائی جائے لیکن وہ چیز ہماری تہذیب کے خلاف تھی ۔ اس پر جھگڑا چلا فورٹ منرو قبائلی علاقہ میں ہے ۔ اس وقت چیف جرگہ کا اجلاس شروع تھا کرسیوں کے متعلق ممبران چیف جرگہ

کو کہا گیا تو وہ پسند نہ کیا گیا اور گورنر صاحب بغیر کرسی کے بیٹھ نہ سکتے تھے - قبائلی سرداران کی تہذیب اور معاشرہ یہ تھا کہ وہ فرش پر بیٹھ کر اجلاس کرتے تھے آخر ایک راستہ نکالا گیا - وہ یہ کہ اس ہال کے اندر ایک گڑھا کھودا گیا اور اس کرسی نما گڑھے میں چیف جرگہ کے پیچھے انگریز گورنر ٹانگیں لٹکا کر بیٹھ گیا - اس طرح سب کا فرش برابر رہا اور انگریزی تہذیب نے ہماری تہذیب کے سامنے گھٹنے ٹیک دئے - دراصل حقیقت یہ ہے کہ ہمارے معزز دوست جرگہ کی تھیوری اور اس کے مقاصد سے ناواقف ہیں - ان کو معلوم نہیں کہ جرگہ کیا ہوتا ہے - کس انداز سے چلایا جاتا ہے اور اس کا کیا طریق کار ہے وہ جرگہ کو سمجھ نہیں سکتے ان کی mentality ہی Judicial ہے - ان لوگوں میں قانون دان ہیں وکلا ہیں میں تسلیم کرتا ہوں لیکن میں یہ تسلیم نہیں کرتا کہ وہ قبائلی علاقوں کے حالات کے متعلق کچھ جانتے ہیں یا ان کی تہذیب سے واقف ہیں جن کے لئے جرگہ کا قانون بنا رہے ہیں یا بنانا چاہتے ہیں -

رانا پھول محمد خان - اب وہ سمجھ کے گڑھے میں سے نکل رہے ہیں -

سردار منظور احمد خان قیصرانی - آپ ان کی پرانی روایات اور تہذیب کو دیکھیں حالانکہ گورنر صاحب کرسی کے بغیر نہیں بیٹھ سکتے تھے پھر بھی انہوں نے چیف جرگہ کے سامنے گھٹنے ٹیک دئے -

مسٹر ڈپٹی سپیکر - آپ یہ سب کچھ کہہ چکے ہیں -

there should be no repetition

سردار منظور احمد خان قیصرانی - جو لوگ جرگہ کو چلاتے ہیں تو وہ کسی ایک Tribe کے ممبر ہوتے ہیں - اور ان کے فیصلہ کے مطابق معاملات طے پاتے ہیں - پھر اگر دو Tribes میں کوئی تنازعات ہوتے ہیں تو inter tribal جرگہ ہوتا ہے پھر اس پر ایک سپیشل جرگہ ہوتا ہے اور ان سب کے اوپر چیف جرگہ ہوتا ہے - یہ ہے طریقہ کار جس کے تحت ہماری زندگی بسر ہوتی ہے اور ہم انصاف پاتے ہیں - ہمارے رسم و رواج ہی ایسے ہیں -

مسٹر حمزہ - پوائنٹ آف آرڈر - میں نے بڑے غور سے معزز ممبر کی تقریر سنی ہے لیکن یہ معلوم نہیں ہوسکا کہ وہ کس جرگہ کے متعلق بات کر رہے ہیں - اس قانون کے تحت جو جرگہ قائم ہوگا اس کا کوئی ذکر نہیں کیا - ان کو شاید معلوم نہیں کہ اس جرگہ کو ڈی سی نامزد کریں گے اور اس کے فیصلہ جات ڈی سی کی منشاء کے مطابق ہوں گے - اگر اس کے منشاء کے مطابق نہیں ہوں گے تو وہ رد کر دئے جائیں گے -

مسٹر ڈپٹی سپیکر - یہ کوئی پوائنٹ آف آرڈر نہیں -

وزیر محنت ۔ وہ تو آپ کے اعتراضات کا جواب دے رہے ہیں ۔

سردار منظور احمد خان قیصرانی ۔ حمزہ صاحب نے میری تقریر کا دوسرا حصہ سنا ہے ۔ جس وقت میں نے اپنی تقریر کی ابتدا کی تھی اس وقت غالباً انہوں نے توجہ نہیں دی تھی کہ میں نے کیا عرض کیا تھا ۔

مسٹر حمزہ ۔ میں نے شروع سے آخر تک سنا ہے ۔ اس قانون کے تحت جو جرگہ قائم ہو گا اس کا ذکر نہیں کیا گیا ۔

سردار منظور احمد خان قیصرانی ۔ میں نے اس کا ذکر کیا ہے ۔

" ہمارے رواج ایسے ہیں جن سے بہت ہی احسن طریقہ پر ہمارے معاملات کا انصاف ہو سکتا ہے ۔ ایک ایک قبیلہ چار چار سو مربع میل کے ایریا میں ہوتا ہے ۔ اگر کسی قبیلے کا مال مویشی دوسرے قبیلے کے فرد سے چوری ہو جائے یا کوئی اور جرم سرزد ہو اور اس کو رواجی ثبوت بہم پہنچ جائے تو مدعی کی داد رسی ہو جاتی ہے ۔ اور چوری کا مال مل جاتا ہے یا قتل کا معاوضہ ادا ہو جاتا ہے ۔ اور وہ انصاف پا لیتے ہیں ۔ یہ احسن طریقہ ہے اور سہل طریقہ ہے ۔ جو لوگ اسے اپناتے ہیں وہ جانتے ہیں کہ اس میں سب سے بڑی صفت یہ ہے کہ اس میں کوئی ملاوٹ

نہیں ہوتی ۔ جیسا کہ عام عدالتوں میں ہوتا ہے کہ اگر کوئی مدعی کسی عرضی نویس کے پاس جائے گا تو پہلے اپنی کہانی بیان کرے گا تو عرضی نویس اس میں اپنی اہلیت اور اپنے علم کے مطابق ان واقعات کو بگاڑے گا ۔

مسٹر ڈپٹی سپیکر - قیصرانی صاحب آپ مائیک سے ہٹ کر تقریر کریں تاکہ آپ کی آواز صاف ہو جائے ۔

سردار منظور احمد خان قیصرانی — جب وہ شخص عرضی نویس کے پاس جاتا ہے تو عرضی نویس واقعات اور حالات کو دیکھے بغیر اپنے علم اور استطاعت کے مطابق کہے گا کہ درخواست اس طرح صحیح رہے گی ۔

ہمارے یہاں ایک عرائض نویس پہلے پہل یہ مطالبہ کرتا تھا کہ ''بتاؤ،، تمہاری عرضی ۳۰- روپے والی لکھیں یا ۵- روپے والی لکھیں ۔ یعنی درخواست لکھتے وقت ہی تجارتی کاروبار شروع ہو جاتا ہے اور واقعات میں ملاوٹ کا امکان ہونے لگتا ہے ۔ ظاہر ہے کہ اس طرح درخواست غلط طریقہ پر لکھ کر مجسٹریٹ کے پاس جاتی ہے پھر وکیل صاحبان بھی اپنی کارگذاری فرماتے ہیں ۔

مسٹر ڈپٹی سپیکر - قیصرانی صاحب اس قانون کے متعلق کچھ فرمائیے ۔

سردار منظور احمد خان قیصرانی ۔ بہر حال جناب میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ جو بقایا قوانین ہیں جن کا مقابلہ کیا جا رہا ہے اس پروسیجر کوڈ سے وہ اس قسم کے ہیں کہ ان میں ہر مقام پر اور ہر مرحلہ پر قانون کی دوڑ ہے جو قانونی بازی لیجاتا ہے وہ جیت جاتا ہے ۔ ہمارے یہاں جرگہ میں کیا ہے ؟ وہاں جرگہ میں وکیلوں کی ضرورت ہی نہیں پڑتی اور صحیح طور پر جو واقعات ہوتے ہیں وہ جرگہ کے سامنے آ جاتے ہیں اور جرگہ کے ممبر فیصلہ کر دیتے ہیں ۔ ہمارا عمل یہ ہے کہ فیصلہ میں صرف ممبران نہیں ہوتے ۔ بلکہ اس میں ملزم ہوتا ہے ملزم کے رشتہ دار ہوتے ہیں اور جرگہ کے ممبران کے علاوہ بھی لوگ ہوتے ہیں اور پھر کوئی فیصلہ کیا جاتا ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب سپیکر ۔ میں عرض کرتا ہوں کہ شاید قیصرانی صاحب کسی آسمانی جرگہ کے متعلق باتیں کر رہے ہیں موجودہ جرگہ کے متعلق قطعی کچھ نہیں کہہ رہے ہیں جناب سپیکر ۔ آپ کو معلوم ہے کہ موجودہ قانون میں ڈپٹی کمشنر کے سامنے درخواست دیجائیگی اور پھر ڈپٹی کمشنر جرگہ مقرر کریں گے لیکن قیصرانی صاحب کہتے ہیں کہ ہمارے یہاں درخواست دینا ویسے ہی گناہ تصور کیا جاتا ہے ۔ اور کوئی درخواست نہیں دیتا ۔ لوگ اکٹھا بیٹھتے ہیں اور فیصلہ کر لیتے ہیں ۔

Mr. Deputy Speaker : Please be relevant,

ملک محمد اختر - پوائنٹ آف آرڈر - جناب والا - حمزہ صاحب نے فرمایا ہے کہ جناب قیصرانی صاحب کسی آسمانی جرگہ کا ذکر فرما رہے ہیں تو میں عرض کروں گا کہ ہم تو پہلے ہی جرگہ سے تنگ آ گئے ہیں اگر جنت میں جا کر بھی جرگہ کے سپرد ہونا ہے تو پھر یہی کہنا پڑیگا کہ

اب تو گھبرا کے یہ کہتے ہیں کہ مر جائیں گے
مر کے بھی چین نہ پایا تو کدھر جائیں گے

پھر ہم مرنے بھی کیلئے تیار نہیں ہیں اگر وہاں بھی جرگہ ہے ۔

Mr. Deputy Speaker : This is no point of order.

سردار منظور احمد خان قیصرانی - جناب دراصل میرا مطلب یہ ہے کہ جرگہ کا مطلب اور مقصد ہمارے یہاں یہ ہوتا ہے کہ ہم اس واقعہ کے متعلق متعلقہ آدمیوں سے اس کے رشتہ داروں اسکے دوستوں اور سرداروں سے دریافت کرتے ہیں کہ آیا یہ جرم کسی سے سرزد ہوا ہے اور جو کچھ جرگہ کا فیصلہ ہوگا اسے سب تسلیم کرتے ہیں - اس لئے میں عرض کروں گا کہ اس جرگہ جیسے بہترین قوانین کے پیچھے آپ کیوں پڑے ہوئے ہیں میں ان چند الفاظ کے ساتھ اپنی تقریر ختم کرتا ہوں ۔

ملک محمد اختر (لاهور - ۲) ۔ جناب صدر ۔ ابھی جناب فیضرانی صاحب نے تہذیب کا ذکر کیا ہے اسکے لئے میرے پاس ایک تراشہ ہے جسے میں پڑھوں گا نہیں مگر صرف یہ عرض کرتا ہوں کہ سندھ میں موہنجوڈارو کی تہذیب پنجاب میں ہڑپا کی تہذیب سرحد میں ٹیکسلا کی تہذیب اور بلوچستان میں بابری تہذیب تاریخ میں ہمیں ملتی ہے ۔ ان چاروں تہذیبوں میں ہمیں کہیں بھی جرگہ سسٹم نظر نہیں آتا بلکہ زمانہ قبل از مسیح سے لیکر انگریزی دور شروع ہونے تک ہمیں جرگہ سسٹم کہیں نظر نہیں آتا ۔

رانا پھول محمد خان ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ ملک صاحب غلط بیانی سے کام لے رہے ہیں انگریزوں کے زمانے میں جرگہ سسٹم تھا ۔

Mr. Deputy Speaker: That is no point of order.

ملک محمد اختر ۔ اس سے قبل ہندو تہذیب میں جسکے زیر اثر کابل اور قندھار تک تھا تو اسوقت بھی یہ قانون سرحد میں نافذ نہیں تھا بلکہ مذہبی طور پر مقدمات کے فیصلے کئے جاتے تھے اور چندر گپت کے زمانے میں بھی جس کی تہذیب مرکزی ایشیا تک پھیلی ہوئی تھی مذہبی اصولوں پر مقدمات کے فیصلے ہوتے تھے اسکے بعد تیسرا دور مسلمانوں یعنی مغل شاہنشاہوں کا آتا ہے جس میں مسلمانوں کے جتنے خاندانوں نے ملک میں حکومت کی ان کے زمانے میں بھی قاضی اور صدرانصدور فیصلے کیا کرتے تھے ۔ تو جناب والا ۔ میں نے انکا جواب

دینے کیلئے یہ عرض کیا ہے کہ کسی بھی تہذیبی اور تمدنی دور میں جو بھی فیصلہ جات ہوتے تھے وہ مذہب کے اصولوں پر ہوتے تھے جرگہ کے اصولوں پر نہیں ہوتے تھے ۔

جناب سپیکر ۔ اس ہاؤس میں بہت سے حوالہ جات دیئے گئے ہیں لیکن میں صرف ایک شخص کا حوالہ دونگا جس کا نام لیتے ہوئے کم سے کم میرے جسم میں کپکپی پیدا ہو جاتی ہے اور وہ ہے باقی بلوچ جس کی آواز اس ایوان میں اسوقت تک گونج رہی ہے اور میرے کان اس آواز کو سن رہے ہیں جو اس جابر حکومت کے ہاتھوں آج جیل کی کالی کوٹھری میں بند پڑا ہے ۔

Mr. Deputy Speaker: The Member is irrelevant.

ملک محمد اختر ۔ میں جناب والا ۔ ایک شعر پڑھنا چاہتا ہوں ۔

وہی قاتل وہی منصف وہی حاکم ٹھہرا
اقربا میرے کریں خون کا دعویٰ کس پر

اس نے یہ شعر اسوقت پڑھا تھا جب وہ سنہ ۱۹۶۳ کے قانون پر تقریر کر رہا تھا اور اسکے اگلے روز اس پر قاتلانہ حملہ ہوا اور ایک بیچارہ صحافی ضمیر قریشی اس پاداش میں اپنی جان کھو بیٹھا ۔

Mr. Deputy Speaker : The Member is not relevant.

ملک محمد اختر ۔ خیر جناب والا ۔ میں اسکو چھوڑتا ہوں میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ یہ نا پاک قانون جسکو قانون کہا جا رہا ہے اس کی مثال کسی تاریخ میں نہیں مل رہی ۔ اس سے کس قدر رقبہ متاثر ہوگا ۔ جناب والا ۔ یہ قانون کسی ایک ڈسٹرکٹ پر نہیں لگایا جا رہا ہے بلکہ ایسے بہت بڑے علاقہ پر لگایا جا رہا ہے میری گزارش یہ ہے کہ ۱۹۵۸ء میں بلوچستان کی آبادی ۵ لاکھ ۹۲ ہزار تھی اور ۲ لاکھ ۸۳ ہزار ان دونوں اضلاع کی تھی جنکو بلوچستان میں شامل کیا گیا ۔ وحدت مغربی پاکستان کے قیام کے بعد ۲ لاکھ ۷ ہزار leased ایریا کی آبادی تھی اور سپیشل ایریا کی آبادی ۲ ۔ لاکھ ۲۷ ۔ ہزار تھی یعنی کم و بیش ۱۵ ۔ لاکھ کی آبادی تھی جو اب بڑھکر ۲۵ ۔ لاکھ ہو چکی ہوگی ۔ اس پر اس قانون کو نافذ کیا جا رہا ہے جناب والا ۔ مجھے ایک گزارش کرنا ہے کہ میں کیوں تقریر کرنا چاہتا ہوں ۔

چوں مے بینم کہ نابینا و چاہ است
اگر خاموش بنیشنم گناہ است

یعنی اگر ایک اندھا کہیں جا رہا ہو اس کے آگے کوئی کنواں ہو اور ہم خاموش رہیں تو یہ گناہ ہے ۔ جناب والا ۔ میں لا منسٹر صاحب کی خدمت میں یہ گذارش کرنا چاہتا ہوں کہ وہ علاقے جن میں اس قانون کا نفاذ کیا جانا ہے وہ کافی وسیع و عریض ہیں وہ مغربی پاکستان

کا ایک بہت بڑا حصہ بن جاتے ہیں ۔ جناب والا ۔ میں آپکی اجازت سے ان علاقوں کی تفصیل میں جاؤں گا کہ وہ کس قدر وسیع و عریض ہیں ۔ ڈیولپمنٹ کے ہوتے ہوئے وہاں پر آبادی کے بڑھنے کا کسقدر امکان ہے ۔ جناب والا ۔ میں بلوچستان کی آبادی پہلے بتا چکا ہوں ۔ اب صرف یہ عرض کرونگا کہ سپیشل ایریاز کا رقبہ ۴۲ ۔ ہزار مربع میل ہے اور leased ایریا کا ۱۳ ۔ ہزار مربع میل ہے یعنی کم و بیش سابق بلوچستان کا یہ رقبہ ۵۵ ہزار مربع میل ہے اس کے علاوہ سپیشل ایریاز کے جو علاقہ جات تھے ان کی سنہ ۵۸ میں کم و بیش آبادی ۲۰ لاکھ تھی جو اس وقت ۴۰ لاکھ کے قریب ہو گئی ہے ۔ تو ان لوگوں کو تمام انصاف کے تقاضوں سے محروم کیا جا رہا ہے بلکہ میں سمجھتا ہوں میرے دوست مجھے معاف فرمائیں اگر میں کہوں کہ سنہ ۶۳ میں اس قدر شدید مخالفت کریمینل لا امینڈمنٹ ایکٹ کی ہوئی لیکن آج میں وہ جوش و خروش نہیں پا رہا ہوں ۔ بتدریج ہمارے دل و دماغ مردہ ہوتے جا رہے ہیں ۔ جناب صدر ۔ مجھے یہ گزارش کرنی ہے کہ اس قدر وسیع علاقہ جات میں جہاں جرگہ سسٹم کا سہارا لیا جا رہا ہے میں اس کا متبادل حل پیش کرتا ہوں کہ ہماری حکومت وہاں بڑی آسانی سے شریعت لاز کا نفاذ کر سکتی تھی (قطع کلامی) جناب سپیکر ۔ میرے دوست فرما رہے ہیں کہ وہاں پر شریعت لاز بھی ہیں ۔ تو میں اس کے متعلق کچھ اقتباس پڑھوں گا ۔

Mr. Deputy Speaker: No repetition of anything that the Member has said before.

Malik Muhammad Akhtar: I will not repeat..

Mr. Deputy Speaker : The Member will also not repeat what has already been said by some other Member. He should please be relevant.

Malik Muhammad Akhtar : I may be misunderstood or I may be wrong but I always try to be relevant.

میں نے تو جناب اس چیز کو پانچ چھ گھنٹے لگا کر نکالا تھا -

Civil justice in the territory of the Union is administered through Qazis.

میرا نقطہ نگاہ یہ ہے کہ متبادل نظام شریعت لا کا ہمارے بلوچستان میں نافذ کرنا چاہئے تھا کیونکہ آگے بھی وہاں پر یہ نظام ہے -

This is a chapter from Sheikh Abdul Hamid's Report of 1958.

An account of the manner in which those Courts are functioning.

> The Qazis are qualified in Islamic Laws. They are no doubt expected to possess the knowledge of Quran, Hadith, and Fiqqh.....We should continue those Qazis until and unless they cease to exist.

اس کا مطلب یہ ہے اگرچہ انہوں نے شریعت لا کے خیال کی کوئی حمایت نہیں کی لیکن وہ کہتے ہیں کہ انہیں قاضی رکھنے چاہئیں جن

سے کام لینا چاہئے ۔ جناب والا ۔ شریعت کے قانون کی حمایت جسٹس عبدالحمید کی رپورٹ میں کی گئی ہے اس کے بعد جرگہ کے قانون کی مخالفت کرتے ہوئے وہ کہتے ہیں ۔

If after demolishing political barriers the Jirga system is allowed to stand it will hinder development.

ان کی مراد یہ ہے کہ آپ نے leased area اور ٹرائیبل ایریاز کے barrier ختم کر دیئے تا کہ لوگوں میں یکساں طور پر ترقی ہو اور اگر اس کے بعد جرگے کا قانون لاگو کریں گے تو اس کے نتائج یہ ہوں گے ۔

It will hinder development and this region will also be permanently doomed to primitiveness.

جناب والا ۔ ایسی انگریزی کے الفاظ لا منسٹر صاحب سمجھتے ہیں ۔ ایک جج کی رائے یہ ہے ۔

It is indisputably true that link between economic development and legal system is very close. The two have got to be in pace together. If it is the aim of the Government that this region should go abreast with the rest of Pakistan in education, culture, trade, commerce and industry it will have to be kept abreast with it in local and judicial system as well. We are definitely of the opinion that laws enacted by the former Kalat State.....

جناب والا ۔ بات ذرا اس طرح غیر متعلقہ ہو جاتی ہے اس لئے میں نہیں کہتا ۔ یہ درست ہے کہ ہماری آپوزیشن حقوق کے لئے لڑتی ہے لیکن جناب والا ۔ آپ ایک کامیاب لیجسلیٹر ہیں ۔ آپ نے اپنے دست و بازو کی قوت سے حکمران پارٹی سے اپنے علاقہ جات کی ڈیمانڈز منوائی ہیں اور آپ نے جیکب آباد کو اس مصیبت سے نجات دلائی ۔ اس کے لئے آپ مبارکباد کے مستحق ہیں ۔

Mr. Deputy Speaker : The Member should come to the Ordinance now.

Malik Muhammad Akhtar : Anyhow that is altogether relevant.

جسٹس عبدالحمید ۔ جسٹس نعمت اللہ ۔ جسٹس ایس اے رحمان کی رپورٹیں میں نے دیکھی ہیں ۔ ان کے چند اقتباسات ہیں ۔ جسٹس شیخ عبدالحمید کی رپورٹ بالخصوص کوئٹہ قلات اور بلوچستان کے متعلق تھی ۔ انہوں نے وہاں کے تمام فیکٹرز کو مد نظر رکھا اور اس کے بعد یہ رپورٹ مرتب کی ۔ جناب والا ۔ اس کے بعد مجھے یہ گزارش کرنی ہے کہ اس رپورٹ میں آگے چلکر پھر انہوں نے شریعت لاز کو ڈیفینڈ کیا ہے ۔

Mr. Deputy Speaker : No repetition.

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ شریعت لاز کے حق میں میں نے اپنے دلائل پیش کرنے ہیں ۔

مسٹر ڈپٹی سپیکر ۔ وہ آپ کہہ چکے ہیں ۔

ملک محمد اختر ۔ ابھی جناب والا ۔ کہنے باقی ہیں ۔ جناب والا وہ کہتے ہیں ۔

"In the territory of the four former Union States civil justice is administered through Qazis who are 13 in number. If it is decided to implement our recommendations they will have to be replaced by Civil Judges."

یعنی وہ وعدہ بھی کرتے ہیں کہ اگر آپ قاضی نہیں رکھتے تو سول جج ہی لگائیے ۔

"We recommend that the Qazis and two Ulema Members of Majlis-e-Shura who are in employment should be retained in service until their retirement or death. They should be employed on work for which, by reason of their education and qualifications, they may be suitable. They can be used for effecting compromises in civil cases. It would perhaps be necessary in the initial stages of the change to make frequent use of the machinery of compromise to save people from cost and worry of litigation. Qazis and Ulemas are most suitable for this purpose."

جناب والا ۔ اب آپ اندازہ فرمائیں کہ یہ رپورٹیں جرگہ کو یک لخت ختم کرنا چاہتے ہیں وہاں یہ سفارش کیجاتی ہے کہ شریعت کے قوانین ان علاقہ جات میں نافذ کئے جائیں ۔ اب جناب والا کیا کیا گیا ہے ۔ کیا یہ گیا ہے ۔ یہاں مجھے ایک نکتہ خواجہ صاحب کا دھرانا ہوگا ۔

Mr. Deputy Speaker : No repetition.

ملک محمد اختر ۔ مجھے یہ گزارش کرنا ہے کہ موجودہ حکومت اپنے سیاسی اثر و رسوخ کے ذریعے بلوچستان میں کام کرنے سے قاصر رہی ہے ۔ بلوچستان میں موجودہ حکومت کی شدید مخالفت ہے موجودہ حکومت نے اس قانون کو اس لئے نافذ کیا ہے کہ ٹرائیبل چیف جو حکومت کو مطلوب ہوں وہ جرگہ کے ممبر بنا دیئے جائیں اور یہ وہی ٹرائیبل چیف تھے جنہوں نے اس حق میں ووٹ دیئے اور اپنی آراء کو ظاہر کیا ۔ جب جسٹس رحمان وہاں پر تشریف لے گئے تو تمام لوگوں نے جرگہ سسٹم کی مخالفت کی اور بعض لوگ تو یہ چاہتے ہیں کہ صرف بیرونی معاملات یعنی ڈیفینس اور Communication حکومت کے ہاتھ رہے اور وہ چاہتے ہیں کہ سٹیٹ در سٹیٹ بنا دیں ۔

Mr. Deputy Speaker : The House is adjourned to meet again tomorrow morning at 8 a. m.

The Assembly then adjourned (at 1.30 p. m.) till 8.00 a. m. on Wednesday the 15th May, 1968.

———

APPENDICES

APPENDIX 'A'

(Ref: Starred Question No. 10051)

'STATEMENT FOR DISTRICT BAHAWALPUR'

Statement showing names of defaulters and the Cotton Fee arrears outstanding against each on 1-12-1967.

Tehsil	Sl. No.		Name of Factory.	Name of defaulter.	Arrears on 1-12-1967
Ahmadpur East.	1.	1.	Mubarak C. G. and P. F Mubarakpur	Malik Faiz Ahmad.	Rs. 106638.12
-do-	2.	(*a*)	Abdul Ghafoor C. G. F	Sheikh Muhammad Ashiq.	23061.75
		(*b*)	-do-	Sh. Muhammad Din son of Haji Abdul Aziz.	10947.75
		(*c*)	-do-	Rehmatullah, Lyallpur	
		(*d*)	Abdul Ghafoor (Pak) Cotton Factory.	Ghulam Qadir Commission Agent, A. P. E.	1834.00
		(*e*)	Awami Pak. C. G. F.	Aslam Brothers A. P. E.	18731.25

Ahmadpur East.	3.	Khuda Bakhsh C. G. F	Ghulam Qasim Khan.	21181.74
	4.	Wasanda Ram C. G. F.	Seth Abdul Hamid.	18532.12
	5.	M. B. C. G. F. Chanigoth	Khawaja Muzaffar Mahmood and Sons.	79357.56
	6. (*a*)	Khushi Ram Behari Lal, Ginning and Pressing Factory.	-do-	5652.50
	(*b*)	Muhammad Din C. G. P. F. Chanigoth.	Lt. Col. Dr. Muhammad Din Bahawalpur.	2235.75 (Under Dispute)
	7.	Gillani C. G. F. Chanigoth.	Malik Din Muhammad Maich.	12264.00
	8.	Qureshi C. G. P. F. Chanigoth.	Abdul Karim.	24833.50
	9.	Kishan Chand, Fateh	Khawaja Ashiq Hussain.	25.00
	(*a*)	Chand, C. G. F. Uch.	Uchsharif.	
	(*b*)	-do-	Muhammad Ramzan son of Hussain, Caste, Pathan	2387.00

Tehsil	Sl. No.	Name of Factory.	Name of defaulter.	Arrears on 1-12-1967
Ahmadpur East.	10.	Gillani C. G. F. Uch		
			(*a*) Mayan Bi (Amkhas B. W. P.)	178.74
			(*b*) Hamid Mian -do-	166.60
			(*c*) Saleem Raza -do-	166.60
			(*d*) Noor Qamar -do-	166.60
			(*e*) Mohsin Mian -do-	166.60
	11.	Qadria C. G. P. F. Uch	Makhdum Shamsuddin Gilani.	1546.25
	12.	Rahim Bakhsh Basti Mehran.	Rahim Bakhsh Mahar, A. P. E.	287.50
	13.	Siddiqui C. G. F. A. P. E.	Ghulam Qadir Khan, A. P. E.	2120.50
			Total C. O.	332481.43

Bahawalpur.	14. Sultan C. G. P. F. Dera Bakha.	Sultan Ahmad s/o Hukam Din.	Rs.	81798.00
	15. Muhammadi C.F. Kalanchwala.	Khawaja Manzoor Hussain and sons.		20119.50
	16. Abdul Wahid C. F.	Abdul Wahid and Bros Bahawalpur.		4588.75
	17. M/s Hafeez, C. G. P. Bahawalpur.	(*a*) Muhammad Ismail C. A. Bahawalpur.		943.00
		(*b*) Faiz Ahmad Model Town		3745.75
		(*c*) Haji Muhammad Sardar.		2896.36
	18. Haji Muhammad Ashraf, C. G. P. Bahawalpur.	Haji Muhammad Ashraf C. G. P. Bahawalpur.		12373.25
Hasilpur.	19. Gill, C. G. P. F. Hasilpur.	Jamal Din.		9556.75
	20. Jugal Kishore HSP	(*a*) Abdul Rasheed of Shirkate-Rashidia Hasilpur.		14458.00

Tehsil	Sl. No.	Name of Factory.	Name of defaulter.	Arrears on 1-12-1967
			(*b*) Sirajuddin s/o Ghulam Ghaus, HSP.	14745.75
Hasilpur.	21.	Muslim C. G. P. Hasilpur.	(*a*) Sh. Inayatullah, Qureshi, Chak/52 Bakshan Khan.	6772.00
			(*b*) M/s Pasha and sons, Hasilpur.	21522.00
			(*c*) Farzand Ali Shah, Muhammad and Co., Hasilpur.	324.00
			Grand Total	526324.54

Sd/-
Extra Assistant Director of
Agriculture, Bahawalpur.

'STATEMENT FOR DISTRICT BAHAWALPUR'

Statement showing names of defaulters and the Cotton Fee arrears outstanding against each on 1-12-1967.

Tehsil	Sl. No.	Name of Factory.	Name of defaulter.	Arrears on 1-12-1967
Ahmadpur East.	1.	I. Mubarak C. G. P. F. Mubarakpur.	Malik Faiz Ahmad.	Rs. 106638.12
-do-	2. (*a*)	Abdul Ghafoor C.G.F.	Sh. Muhammad Ashiq.	23061.75
	(*b*)	-do	Sh. Muhammad Din s/o Haji Abdul Aziz.	10947.75
	(*c*)	-do-	Rehmatullah, Lyallpur.	
	(*d*)	Abdul Ghafoor (Pak) C. G. F.	Ghulam Qadir C. A. APE	1834.00
	(*e*)	Awami Pak. C. G.F.	Aslam Brothers APE.	18731.25
	3.	Khuda Bakhsh C. G. F.	Ghulam Qasim Khan.	21181.74
	4.	Wasanda Ram C. G. P.	Seth Abdul Hamid.	18532.12
	5.	M. B. C. G. F. Chanigoth.	Khawaja Muzaffar Mahmood and Sons.	79457.56

Tehsil	Sl. No.	Name of Factory.	Name of defaulters.	Arrears on 1-12-1967
	6.	(*a*) Khushi Ram, Behari Lal, Ghinning and Pressing Factory.	-do-	5652.50
		(*b*) Muhammad Din. C. G. P. F. Chanigoth.	Lt. Col. Dr. Muhammad Din Bahawalpur.	2235.75 (Under Disput
	7.	Gillani C. G. F. Chanigoth.	Malik Din Muhammad Maich	12264.00
	8.	Qursebi C. G. P. F. Chanigoth.	Abdul Karim.	24833.60
	9.	(*a*) Kishan Chand, Fateh Chand, C. G. F. Uch.	Khawaja Ashiq Hussian Uchsharif.	25.00
		(*b*) -do-	Muhammad Ramzan s/o Hussain Caste, Pathan.	2387.00
	10.	Gillani C. G. F. Uch	(*a*) Mayan Bi (Amkhas BWP)	178.74
			(*b*) Hamid Mian -do-	166.60
			(*c*) Saleem Raza -do-	166.60

		(*d*) Noor Qamar -do-	166.60
		(*e*) Mohsin Mian	166.60
	11. Qadria C. G. P. F. Uch.	Makhdum Shamsuddin Gilani	1546.25
	12. Rahim Bakhsh Basti Mehran	Rahim Bakhsh Mahar APE.	287.50
	13. Siddiqui C. G. F. APE	Ghulam Qadir Khan, APE	2120.50
		Total C. O.	332481.43
Bahawalpur.	14. Sultan C. G. P. F. Dera Bakha.	Sultan Ahmad, s/o Hukam Din.	81798.00
	15. Muhammadi C.F. Kalanchwala	Khawaja Manzoor Hussain and sons	20119.50
	16. Abdul Wahid C.F.	Abdul Wahid and Bros Bahawalpur.	4588.75
	17. M/s Hafeez C. G. P. Bahawalpur	(*a*) Muhammad Ismail C. A. Bahawalpur.	943.00
		(*b*) Faiz Ahmad, Model Town, Bahawalpur.	3745.75
		(*c*) Haji Muhammad Sardar	2896.36

Tehsil	Sl. No.	Name of Factory.	Name of defaulter	Arrears on 1-12-1967
	18.	Haji Muhammad Ashraf, C. G. P. Bahawalpur.	Haji Muhammad Ashraf C. G. P. Bahawalpur.	12373.25
Hasilpur	19.	Gill, C. G. P. F. Hasilpur.	Jamal Din.	9556.75
-do-	20.	Jugal Kishore HSP	(a) Abdul Rasheed of Shirkate-Rashidia Hasilpur.	14458.00
			(b) Sirajuddin s/o Ghulam Ghaus Hasilpur.	14745.75
-do-	21.	Muslim C. G. P. Hasilpur.	(a) Sh. Inayatullah, Qureshi Chak/52 Bakshan Khan.	6772.00
			(b) M/s Pasha and sons, Hasilpur.	21522.00
			(c) Farzand Ali Shah Muhammad and Co., Hasilpur.	324.00
			G. Total Rs.	526324.54

Sd/-
Extra Assistant Director of
Agriculture, Bahawalpur.

APPENDIX—A

Serial No.	Name of the Defaulter	Amount outstanding ending 30-11-1967	Remarks
1	Malik Muhammad Ashiq of Bahawalnagar.	3625-75	
2	M. Moniuddin Shahdad ,,	93574-50	
3	Mirza Miraj Ahmad of ,,	58244-75	
4	-do-	13033-00	
5	M. Salahuddin of Bahawalnagar.	25559-75	
6	Muhammad Sharif, Mithan Kot (Muzaffar Garh).	20746 00	
7	Mirza Miraj Ahmad of Bahawalnagar.	12732-25	
8	Ch. Suleman son of Khuda Bux of Burewala.	3024-00	
9	Maulvi Abdur Rehman of Burewala.	3911-87	
10	Haji Qamar Din General Store D. Bazar, BWN.	3199-75	
11	Hair of Sattar Khan Akuka (late) B. Nagar.	4664-25	
12	Ghulam Qadir Khan of Dunga Bunga.	11847-25	
13	-do-	3350-00	
14	Rao Muhammad Ismail of Dunga Bunga.	13521-12	
15	Fazal Din, Hafiz Nasrullah Khan of Q. Abad.	35271-25	
16	M. Abdur Rehman of Bahawalnagar.	1170-62	
17	Rao Muhammad Sharif of Bahawalnagar.	4550-75	
18	Ghulam Farid Muhammad Akram of Dunga Bunga.	856-75	
19	Abdul Latif, Muhammad Sharif, Dunga Bunga	1292-25	
20	Said Muhammad, Ata Muhammad of Bahawalnagar.	2575-50	
21	-do-	17029-25	

Sel. No.	Name of the Defaulter	Amount out-standing ending 30-11-1967	Remarks
22	M. Muhammad Shafi Muhammad Iqbal of Harunabad.	17208-03	
23	M/S Star Trading Co. Bahawalnagar.	7406-25	
24	-do-	488-75	
25	M. Abdur Rehman of Bahawalnagar.	1355-25	
26	Rashid Akbar of Bahawalanagar.	19227-35	
27	M/S Pak Cotton Factory, Bahawalnagar.	7144-25	
28	Shah Muhammad, Atta Muhammad of Harunabad.	37094-38	
29	M/S Haq Cotton Factory (Abdul Khaliq of (HND).	39578-00	
30	Fortabbas Cotton Ginner Fortabbas.	12459-25	
31	Ch. Sher Muhammad and Sons. Fortabbas.	29488-00	
32	Raja Brothers of Harunabad.	42206-00	
33	Khushi Muhammad Ghulam of Fortabbas.	4535-87	
34	Soofi Nur Muhammad of Harunabad.	21241-50	
35	Ch. Sultan Ahmad of Harunabad.	2540-25	
36	M. Muhammad Shafi of Harunabad.	35629-25	
37	Ch. Rehmatullah of Harunabad.	47290-00	
38	-do-	6050-00	
39	M. Fateh Muhammad and Shafi Gill of F. Abbas.	12581-87	
40	Ch. Muhammad Tufail of Faqirwali.	375-00	
41	Muhammad Shaffi Gill of Fortabbas.	3852-75	
42	Sh. Muhammad Hussain of Chishtain.	33433-0	
43	K. Muzaffar Ali Khan of Chishtain.	69130-50	

Sel. No.	Name of the Defaulter	Amount outstanding ending 30-11-1967	Remarks
44	Sarfaraz Khan of Chishtian.	2840-50	
45	Muhammad Hanif of Khanpur.	2105-50	
46	Ch. Muhammad Din Muhammad Sharif of Chishtian	71222-75	
47	Mistri Abdul Aziz of Chishtian.	4448-50	
48	Sh. Maula Bux Muhammad Waris Chishtian.	2161-00	
49	Sh. Muhammad Hussain of Chishtian	10409-75	
50	Muhammad Ashraf Muhammad Akram of Chishtian.	4504-75	
51	Haji Sher Muhammad and Brother of Chishtian	1,12732-00	
52	Mistri Ali Muhammad of Chistian.	8498-25	
53	Sh. Maula Bux Muhammad Waris of Chishtian.	241389-20	
54	Ch. Khushi Muhammad and Co. (M/s Zamandara Ithad Corporation of Chishtian).	21790-50	
55	Ch. Muhammad Suleman of Burewala.	14925-75	
56	Nazar Muhammad Sher Muhammad of Minchinabad.	20629-50	
57	Sh. Wali Muhammad Muhammad Saeed of Minchinabad	857-50	
58	Abdul Aziz Ghazanvi of Mandi Sadiq Ganj.	1385-25	
59	Abdul Khaliq Abdul Razzaq, 240 Dirqu Road Garden Rest Karachi.	210-00	
60	Alf Din of Bahawalnagar.	1985-75	
61	Haji Sher Muhammad and Nizam Din of Mandi Sadiq Ganj.	1124-50	
62	Akhtar Muhammad Ghaznavi of Mandi Sadiq Ganj.	712-00	
	Total :	1202416-01	

Sd./-
Extra Assistant Director of
Agriculture

Statement showing the recovery of cotton fee arrears upto 1965-66

S. No.	Name of defaulter with address.	Name of cotton factory.	Cotton outstanding arrears upto 1965-66
Tehsil Sadiqabad.			Rs.
1.	Rais Mohammad Ghazi of Bhong	Shabbir Cotton Factory Walhar.	2,71,586.19
2.	R. C. A. Limited, Khanewal	R. C. A. C/F, Sadiqabad.	4,98,830.50
3.	K. M. Danish, Sadiqabad	Cotton Allied and Products, Adamsohaba.	1,19,926.56
4.	-do-	Lal Chand, Piroo Mal Adamsohaba.	813.25
5.	-do-	Danish Model Cotton Factory, Sadiqabad.	1,76,132.25
6.	Syed Ghulam Miran Shah, of Jamaldinwali.	Pir Cotton Factory, SDI	4,50,696.00

7.	Sardar Mohammad Amin Khan, Leghari, Machhigoth.	Alyani C, Factory, Machhi Goth.	2,30,683.50
8.	Hamid Ali Thanvi, House No. 843, Ashraf Mughal Hyderabad.	United C/Factory, Sadiqabad.	67,829.41
9.	Agha Akram Hayat Western Hotel, The Mall, Lahore.	-do-	68,058 81
10.	Sheikh Muhammad Siddique of Tariq Saqib, Khanpur.	-do-	3,295.25
11.	K. M. Danish, Sadiqabad.	-do-	4,803.00
12.	Alyani Brothers, Sadiqabad.	-do-	1,149.00
13.	R. C. A. Limited, Khanewal	-do-	1,354.00
14.	Nawab Aziz Hassan, SDQ	-do-	8,869,76

S. No.	Name of defaulter with address.	Name of cotton factory.	Cotton outstanding arrears upto 1965-66
Tehsil Rahimyarkhan.			Rs.
15.	Ch. Ali Muhammad, Amir Mohd and others, Sons of Late Fateh Muhammad, Tarinda.	Chaudhri Cotton Factory, Tarinda.	51,796.87
16.	Sardar Ghazaffargullah Khan, Esa Khel Estate.	Jinnah Cotton Factory, Kot Samaba,	37,653.37
17.	Malik Muhammad Muslim and Hakim Mohd Siddique, Rahimyarkhan.	Muhammad Cotton Factory (now R. C. A.) Akramabad.	72,570.00
18.	R. C. A. Limited, Khanewal	-do-	12,876.25
19.	Abdul Ghafoor, Chak 46/P Kot Samaba.	Bin Amin Cotton Factory, Kot Samaba.	453.00
20.	Mohammad Siddique, Mukhtar Ahmad, Rahimyarkhan.	Bihari Lal (old) C, Factory, R.Y. Khan.	2,852.37
21.	Abdul Ghafoor, R.Y. Khan.	-do-	7,447.75

22.	Nazirullah Shah, R.Y. Khan.	Bihari Lal (old) C, Factory, R.Y. Khan	6,478.00
23.	Abdul Majeed, R.Y. Khan.	Bihari Lal (now) now Pakistan Industries. R.Y. Khan.	39,571.25
24.	Begum Mahmuda Tayyab Rahimyarkhan.	-do-	84,248.37
25.	Khawaja Manzoor Ellahi, of Inqalab Corporation, R.Y. Khan.	-do-	70,244.75
26.	Ilayni Brothers, Kachhi Goth.	-do-	3,671.50
27.	Ch. Inayat Khan, Walayat Khan of Shafqat and Co., R.Y.Khan.	-do-	7,910.00
